حاصل کر سکتے ہیں تو ظاہر ہے کہ ایسے مفلس لوگ تو تھوڑی سی گرانی اور خشک سالی ہی میں بھوکے مرنے لگینگے۔

حیرت تو اس پر ہے کہ [illegible] آنے والی تدبیریں [illegible] کرنے کی [illegible] اہل وطن کی مدد کرنی چاہیئے کیونکہ آج ہندوستان کی دنیا میں ایسا سخت قحط پھیلا ہوا ہے کہ جس کی نظیر موجود نہیں۔

دہلی کے تجارتی کارخانے دہلی نہ صرف پنجاب میں بلکہ ہندوستان بھر میں [illegible] کارخانوں کے لحاظ سے ایک ممتاز شہر ہوتا جاتا ہے اور شمالی ہند میں تو اگر اسے مانچسٹر کہیں تو بیجا نہیں ہوگا کیونکہ اس میں تمام حرفت کپڑا بننے [illegible] محدود نہیں دہلی کے کارخانے جاری کرنے والوں نے بڑی خوبی سے اس امر کو مدنظر رکھا ہے کہ مختلف ضروری چیزیں کارخانوں میں تیار کی جاویں۔ تاکہ منڈی ایک ہی قسم کے مال سے اٹ نہ جاوے۔ مثال کے طور پر میں بابو کشن چند صاحب وکیل کے کارخانوں کا ذکر کرنے سے باز نہیں رہ سکتا۔ اور یقین ہے کہ کوئی اور شخص بھی جو دہلی کے کارخانوں پر غور کرے [illegible]

بات کو نہایت شکر سے مانتے ہیں۔ دیکھا گیا کہ ایک ہندوستانی بھی ایسا طباع اور ذہین موجود ہے کہ باوجودیکہ قدرت نے اُس کو بینائی سے معذور کر دیا ہے۔ مگر ایک ہی وقت میں تین مالی کارخانوں کا سول انچارج ہے۔ اور تینوں کارخانوں کا کام گھڑی کی مشین کی طرح سے خوبی چل رہا ہے۔ یہ کارخانے (۱) گیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ (۲) مثل اینڈ آئل ورک کمپنی لمیٹڈ اور (۳) سکٹ مینوفیکچری اور جنرل سٹیم بیکری کمپنی لمیٹڈ ہیں۔ پہلے اور دوسرے کارخانے کے آنریری مینیجنگ ڈائرکٹر اور تیسرے کے مینجنگ ایجنٹ ہیں۔ بلکہ ایک اور چوتھے کارخانے امپیریل سٹیم لانڈری کمپنی کے مینیجنگ ڈائرکٹر بابو امراؤ سنگھ صاحب تھے بالکشن چند صاحب موصوف ہیں۔ اور انہیں کی ہدایت سے کام کرتے ہیں۔ گو بابو امراؤ سنگھ دوسرے کارخانوں میں انہیں مدد بھی دیتے ہیں۔ لانڈری کمپنی کا حال معلوم ہوا ہے کہ بابو ہرجی مل گپتا نے پیدا کیا ہے جو اس کے سکرٹری اور بڑے مستعد آدمی ہیں۔ جیسا کہ ان چاروں کارخانوں کے نام سے ظاہر ہے۔ پہلا مشین ہے آٹا اور میدہ پیسنے کا۔ دوسرا دھات اور لکڑی کی چیزیں بنانے کا۔ تیسرا بسکٹیں اور ڈبل روٹیاں پکانے کا۔ اور چوتھا کپڑے دھونے کا کارخانہ ہیں۔ گیش فلور ملز کے آٹے کے نمونوں کے بکس اس دفتر میں موصول ہوئے ہیں۔ ان میں سے تین میں تین قسم کا میدہ۔ ایک میں روا۔ اور ایک میں سوجی تھی میدہ اور سوجی ہم نے اس سے پہلے ایسا نفیس نہیں دیکھا۔ اور سوائے مشین کے ایسا عمدہ مال تیار بھی نہیں ہو سکتا۔ ان بکسوں کا مال اور ظاہری شکل و صورت سب ولائتی کام کے مشابہ تھے۔ ان حالات کو دیکھ کر یقین ہو جاتا ہے کہ ہندوستانی بھی اگر دل لگا کر کام کریں تو سب کچھ کر سکتے ہیں۔ اور ان میں ہر لیاقت اور قابلیت کے آدمی صنعت و حرفت کے کارخانوں کے انتظام کے لئے موجود ہیں۔ بشرطیکہ وہ کارخانے کھولیں۔

ڈاکٹر ہنٹر کی وفات

افسوس ہے کہ سر ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر سابق ڈائرکٹر جنرل محکمہ شمار و اعداد ہندوستان نے ۶ فروری کو انگلستان میں انتقال کیا۔ یہ ہندوستان کے نامور مورخ اور کثیر التعداد کتب کے مصنف تھے۔ ان کی تاریخ ہند معتبر سمجھی جاتی ہے۔ اور ہندوستان کا گیزیٹیر بارہ چودہ جلدوں میں بڑے کام کی کتاب ہے۔ مگر ان کی بعض تاریخی رائیں بگاڑ دیتیں۔ چنانچہ تعلیمی کمیشن کے میر مجلس کی حیثیت میں جو رائیں انہوں نے مسلمانوں کے متعلق دی تھیں۔ ان میں سے بعض کا سر سید مرحوم نے دندان شکن جواب دیا تھا۔ انگلستان نے جو چند نہایت لائق بیٹے ہندوستان کو بھیجے ہیں۔ یہ بھی اُن میں سے ایک تھے۔ پہلے پہل ۱۸۶۲ء میں اسسٹنٹ کمشنر ہو کر آئے ۱۸۷۱ء میں ڈائرکٹر جنرل اسٹاٹسٹکس ہوکر۔ پھر کونسل وائسرائے کے ممبر بھی مقرر ہوئے۔ لارڈ رپن نے انہیں ایجوکیشن کمیشن کا پریسیڈنٹ مقرر کیا۔ ۱۸۸۷ء میں پنشن لے کر ولایت چلے گئے جہاں اخبار ٹائمز کے ہندوستان کے معاملات کے ایڈیٹر کا کام کرتے رہے۔ ہندوستان کے متعلق آپ کی تصنیف وسیع اور معتبر خیال کی جاتی ہیں۔

انگریزی فوجی نظم

فرانسیسی اخبار "سیاکل" میں ایک نامہ نگار نے جنگ جنوبی افریقہ کے متعلق انگلستان پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ "شکست معمولی شکست ہی نہیں بلکہ قابل تسلیم ہوگی۔ دنیا پھر کسی عالی ضمیری کی گفتگو سے دھوکا نہیں کھائیگی۔ ساحل کینیڈا اور ساحل آسٹریلیا اپنے گھروں کو واپس جاتے ہوئے سمجھینگے کہ انگلستان سے حفاظت کی امید رکھنا ٹوٹے ہوئے سرکنڈے پر بھروسہ کرنے کی مثال تھا۔ روس جسے انگلستان کے بیڑے سے کوئی خطرہ نہیں ہے آہستہ آہستہ ایران چین یا کسی اور جگہ مقابلہ کرے یا ہندوستان کی فتح کی تیاری کرنے میں کوئی تامل نہ رہیگا۔ انگریزوں کو جلدی معلوم ہو جائیگا کہ ایسے بیہودہ اقوال کہ "خون سے پانی پتلا ہے"۔ شکست کے نتائج میں فرق نہیں پیدا کرینگے۔ اور کہ کمزور کے دوست بہت کم ہوتے ہیں۔ اور کہ دولتمند کمزور کے دشمن بہت زیادہ ہوتے ہیں"۔ اس کے بعد یہ مضمون نگار صلاح دیتا ہے کہ اگر انگلستان دنیا کی سلطنتوں میں اپنے لئے وہی اعلیٰ رتبہ قائم رکھنا چاہتا ہے۔ جو اُسے حاصل ہے۔ تو اُسے اپنی فوج میں بھاری تغیرات عمل میں لانے چاہئیں۔ انگلستان جو بعض کو لارڈ بنا دیتا ہے کیونکہ وہ بڑے جنرل تھے۔ اور بعض کو بڑے جنرل بنا دیتا ہے۔ کیونکہ وہ لارڈ تھے۔ یہ طریق اس عظیم الشان سلطنت کی فوج کے لئے موزون نہیں جسے اپنے مقبوضات کی حفاظت کل روئے زمین پر کرنی پڑے۔

وسط ایشیا سے تجارت کی کمی

۱۸۹۵ء کے کمیشن چرس و گانجہ کے نتائج کے مطابق گورنمنٹ برطانیہ نے ہندوستان میں وسط ایشیا سے چرس کی درآمد پر سو فی صدی محصول لگا دیا تھا۔ غرض یہ تھی کہ چرس اسقدر گراں ہو جائے کہ ہندوستان میں کم کھپ سکے۔ اس سے یہ فائدہ تو ضرور ہوا کہ آج ایک ٹٹو کا بوجھ چرس یارقند سے چل کر حساب میں ۴۰۰ روپے آٹھ آنے میں پہنچتا ہے۔ مگر بازار میں اس کے دام ۶۰۰ روپے سے ۸۰۰ روپے تک مل سکتے ہیں۔ مگر یارقند کے تاجروں کو فائدہ سا رہے۔ لیکن ساتھ ہی ایک اور دقت یہ پیدا ہوئی ہے کہ ہندوستان کی جو تجارت روسیا و چینی ترکستان اور تبت سے براہ لیہ جو ۱۸۹۵-۹۶ء میں ساٹھ لاکھ روپے سے زائد تھی ۱۸۹۸-۹۹ء میں چالیس لاکھ روپے کے قریب رہ گئی۔ وجہ یہ ہے کہ جو مال ہندوستان سے سوداگر یارقند اور سمرقند کو لیجاتے ہیں اُس کا معاوضہ وسط ایشیا کے سوداگر پہلے اور نہ کسی غلے کی قسم میں ادا کر سکتے ہیں کیونکہ اس ملک میں آمدنی بکثرت افراط سے پیدا نہیں ہوتی۔ مگر چرس ہے اس لئے سوداگر واپسی پر چرس ہندوستان کو لے آتے ہیں۔ لیکن چرس پر محصول بہت بڑھ جانے سے چرس کے بیوپار میں فائدہ نہیں رہا۔ اس لئے وسط ایشیا کی تجارت بھی ہندوستان سے کم ہوتی جاتی ہے۔ بمقابلہ اس کے روس کی تجارت سمرقند تک ریلوے کے کھلنے سے وسط ایشیا سے بہت بڑھ گئی ہے۔ اس سے پہلے بھی ایک من کا کرایہ سمرقند سے کاشغر تک کیا روپے سے زیادہ نہ پڑتا تھا۔ مگر اب تو اور بھی کم ہوگا۔ روسی کونسل جنرل

روس اور انگریزی حالت

جبکہ سوڈان میں درویشوں کے پچھلے جنگ اور جنرل گارڈن کے مارے جانے پر روس نے انگلستان کو مشغول دیکھ کر وسط ایشیا میں فائدہ اٹھالیا تھا تو اب وہ کب چوکنے والا ایسا موقعہ ہے۔ جبکہ انگلستان ہمیشہ سے زیادہ جنوبی افریقہ کی گتھیوں کو سلجھانے میں مصروف ہے۔ روس نے نہ صرف اپنی تیس ہزار فوج کوہ قاف سے سرحد افغانستان پر بھیجدی ہے۔ بلکہ ایران کو سات کروڑ روپیہ قرض بھی پانچ فی صدی سود پر اس شرط کے ساتھ دے دیا ہے کہ وہ اور کسی سلطنت سے قرضہ نہ لے۔ روس بخوبی جانتا ہے کہ اس وقت انگلستان ہمہ تن جنگ ٹرانسوال میں مصروف ہے۔ اور اس وقت روس ایسی باتیں انگریزی اغراض کو نقصان پہنچانے والی وسط ایشیا میں بےفکری سے کر سکتا ہے جو کسی دوسرے وقت جبکہ انگلستان فارغ ہو نہیں کر سکتا۔ معلوم ہوتا ہے روس کی انہیں حرکات نے ہوس آف لارڈز میں تو شک پیدا کیا ہے کہ روس کی روک تھام کے لئے ہم کافی مضبوط نہیں ہیں۔ مگر لارڈ سالسبری ہمارے مشفق وزیر اعظم نے اور لوگوں کو حوصلہ دلایا کہ ہمیں اپنے باپ دادوں کی طرح مضبوط دل اور بلند حوصلہ رکھنا چاہئے۔ بیشک ہو سکتا ہے کہ روس انگلستان کی مصروفیت سے فائدہ اٹھا کر سرحد افغانستان پر ایک قدم اور بھی آگے بڑھالے۔ لیکن اس صورت میں اُس کو صرف بری جنگ ہی نہیں بلکہ انگلستان اور جاپان ساتھ کم از کم چینی سمندروں میں ایک بحری جنگ بھی لڑنی پڑیگی۔ کیونکہ ولیڈی واسٹاک کا روسی بحری اسٹیشن جاپان کے پہلو میں ایک کانٹا ہے۔ اور جاپان فوراً لارڈ سالسبری کے کہنے پر روس سے گتھ جانے کو تیار ہے۔ اس صورت میں ظاہر ہے کہ روسی بیڑہ جاپان اور انگلستان کے بیڑوں سے سخت مار کھائیگا۔

جنگ کی چال

ہر چند کہ پچھلے دنوں جنگ ٹوگیلا کی انگریزی فوج پر چشم عنایت رہی ہے۔ اور بوئروں پر بلطف الطاف۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ اب اس دیوتا نے اپنی آنکھ دوسری طرف پھیر لی ہے اور اب اس کا مسکرانے والا منہ کچھ کچھ انگریزی افواج کی طرف پھر گیا ہے۔ چنانچہ اُس کا نتیجہ۔ لکھا ہے کہ تین بھیڑ قلعوں پر قبضہ کر لیا کو جنرل فرنچ کی افواج نے زیر ہدایت لارڈ رابرٹس امداد پہنچا دی ہے۔ بوئروں کا لشکر کیمبرلی سے بھاگ گیا ہے۔ فری سٹیٹ کی اس جانب جیکبس ڈال ہی ایک آخری مقام ہے جو کمبرلی سے ۲۵ کوس کے فاصلے پر ہے۔ انگریزی فوج بوئروں کے تعاقب میں ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ جنرل فرنچ دس ہزار فوج کے ساتھ فری سٹیٹ کے صدر مقام بلوم فانٹین کو روانہ ہو گیا ہے۔ مگر جنرل کرونجی کی فوج دشمن کا ایک

... باقاعدہ قائم رہی ہے۔ چنانچہ کمانڈنٹ گرینج ... بیسکٹ کے سامان سے لدے ہوئے پکڑے گئے ہیں۔

... ان میں سے دو میں بندوقیں اور بعض میں گولی بارود بھی تھا۔ البتہ دوسری طرف دریائے ریٹ کے نواح میں بوئروں نے بھی انگریزی افواج کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ ولتسا ... کی دو کمپنیاں دشمن نے گرفتار کر لیں۔ نیوسا ... رجمنٹ کی ایک تمام انفنٹری کی کمپنی بالکل قتل کر دی جس کے افسروں میں سے صرف ایک بچا۔ اور اس کے علاوہ انگریزی ... ایک رسد اور سامان کی جماعت کو مغلوب کر لیا۔ اور ... گرفتار کر لیا۔ علاوہ اس کے ریفنبرگ کو بوئروں نے انگریزی فوج سے خالی کرا لیا ہے اس میں بھی سامان جنگ کچھ باقی رہ گیا تھا جو دشمن کے ہاتھ آیا ہے۔ ٹوگیلا کی طرف جنرل بلر کی افواج جنگ میں مصروف ہیں جس کا نتیجہ ابھی نہیں معلوم ہوا۔ یہ بھی غنیمت ہے کہ اب انگریزی افواج کا کچھ حصہ غنیم کی سرزمین (فری سٹیٹ) میں لڑنے لگا ہے۔ امید ہے کہ بہت جلد سب طرف رنگ بدل جاویگا۔ انگریزی فوجیں بڑی کثرت سے جنوبی افریقہ کو جا رہی ہیں۔ صرف ۱۷ فروری کے لنڈن کے تار سے معلوم ہوتا تھا کہ ۱۸ بار برداری کے جہاز اس روز کیپ کالونی کو روانہ ہوئے ہیں۔ ... پہنچ گئے ہیں۔ ان میں سے صرف سات میں دو ہزار سات سو سپاہی ہیں۔

جناب سید بہادر شاہ صاحب گیلانی کا قطعہ درباب پیسہ اخبار کی تعریف میں بخدمت مولانا سید اولاد حسین صاحب ... ارسال کرتے ہیں جو بشکریہ درج کیجاتی ہیں۔

این نامہ نامی کہ گہر بار بود	اخبار نکو کہ بحر زخار بود
...	درخور د نثار ...
...	...
...	...

کمبخت بوئر معلوم ہوتا ہے مسخرے بھی غضب کے ہیں۔ امریکہ کے ایک اخبار سے معلوم ہوتا ہے کہ کرسمس (بڑے دن) کو انہوں نے ... گولوں پر یہ لفظ لکھوا کر "بڑا دن مبارک ہو" اور توپ میں ڈال کر لیڈی سمتھ کی طرف چلا دیے مگر تعجب ہے کہ ... صحیح ثابت ہو جائیگی ... مذاق ... ہو جایا کرتا ہے۔

حیدر آباد کے ڈاکٹر ... صاحب کی دختر کی شادی ... جنوبی افریقہ ... جنگ میں شریک ہونے کا حکم ملا۔ اور وہ ... روانہ ہو گیا ... ہیں جو کسی قوم کو بڑا بناتی ہیں۔

ایک ... نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ ...

معلوم ہوا کہ گرمیوں میں شملہ پر نہ جانے سے معقول رقم بچ رہتی ہے تو وہ موسم گرما کلکتہ ہی میں بسر کرینگے۔ اور لیڈی کرزن مصر میں اپنے والدین کے پاس جا ٹھہرینگی۔

کانسٹنٹ سینجر کے نام سے ایک چھوٹا سا نیا انگریزی زبان کا اخبار کائستھوں کی قومی اغراض کی نگرانی کے لیے بانکی پور پٹنہ سے جاری ہوا ہے۔

صاحب لفٹنٹ گورنر بنگالہ کا یہ کام نہایت تحسین کے قابل ہے جو انہوں نے ۲۵ سے ۲۷ دسمبر گزشتہ کے دنوں میں اعلان عام دے رکھا تھا کہ گورنمنٹ ہوس میں ۳ سے ۵ بجے شام کے اندر جو صاحب چاہیں آ کر سیر کر لیں۔ یہ کام ہندوستان کے دیگر صوبجات کے گورنروں کی تقلید کے قابل ہے۔

ریویو

طب حسینی: ڈاکٹر نور حسین صاحب ملٹری ہسپتال اسسٹنٹ جو آجکل افواج انگریزی کے ہمراہ لیڈی سمتھ میں محصور ہیں۔ اس کتاب کے مصنف ہیں۔ اور حافظ محمد الدین صاحب مالک مطبع مصطفائی لاہور نے اس کو چھاپا ہے کہ جن سے قیمت ... مل سکتی ہے۔ اس کتاب کے تجربہ کار مؤلف نے گو اس میں انگریزی ڈاکٹری کو اردو زبان میں سلیس اور عام فہم پیرائے میں قلمبند کیا ہے لیکن یونانی طبابت کو بھی مد نظر رکھا ہے۔ اور یونانی نسخے ... بھی جا بجا درج ہیں۔ جو شخص اس پاک کتاب کو بخوبی ضبط کرے وہ علاج ڈاکٹری سے بخوبی واقف ہو سکتا ہے۔ ۴۰۴ صفحہ۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ قابل اطمینان ہے۔

مفتاح العقل: یہ مدارس سرکاری کی عربی درسی کتاب منتخبات العربیہ کا با محاورہ اردو ترجمہ مرزا ستار حسین صاحب طالب العلم اینگلو عربک ہائی سکول دہلی نے کیا اور بعد نظر ثانی مولوی سید انصار حسین صاحب نے امیدواران مڈل و انٹرنس کے فائدہ کے لیے چھپوایا ہے۔ ایک ترجمہ منتخبات العربیہ کا حامل المتن سیالکوٹ میں بھی چھپا ہوا ہے۔ مگر یہ بھی بہت اچھا ترجمہ ہے۔ حجم ۸۰ صفحہ قیمت ۵

ہاتھ کی چھتری: عبد العزیز و کرم الٰہی چھتری ساز ان ناگی کوٹلی لوہاراں شرقی ضلع سیالکوٹ نے ایک ملکی چھتری نوٹس کے لیے بھیجی ہے۔ جس کے سر پر چاندی کا پھول بوٹہ دار خول چڑھا ہوا ہے۔ اور چھتری میں ملکی ندف ایک ... لگائی گئی ہے۔ میرے خیال میں یورپ کی کامیاب اور اس میں کوئی فرق سوائے اس کے معلوم نہیں ہوتا کہ اسکی قیمت مقابلتاً بہت کم یعنی صرف ۳ روپیہ ہے۔ جو شائقین ... خرچ کر سکتے ہیں وہ اس کو خرید کر خوش ہونگے۔

پاکٹ ڈائری: ہوا ... کی سنہ ۱۹۰۰ کی پاکٹ ڈائری کی ایک کاپی مسٹر جی۔ ... اینڈ سنز ۵ سٹرنگرس سٹریٹ مدراس نے بھیجی ہے۔ چھوٹی تقطیع۔ حجم ۲۰۴ صفحہ ... ہر صفحہ پر ایک تاریخ ہے یا پانچ زبانوں انگریزی۔ اردو۔ مرہٹی۔ تامل اور تلگو میں بہت سی ضروری معلومات مع جنتری انگریزی میں درج ہیں۔ کپڑے کی جلد مع پنسل قیمت ... بلا جلد ... بہت ارزاں اور بہت عمدہ ہے۔

مراسلات

کشمیر میں ایک ضروری تصفیہ

ناظرین سے مخفی نہیں کہ عرصہ دراز سے مسلمانان کشمیر میں آپس کا تفرقہ اس قسم کا تھا کہ باپ بیٹے سے جدا اور بیٹا باپ سے۔ کئی رشتے اس فساد سے ٹوٹ گئے۔ فساد کیا تھا کہ اکثر آدمی حضرت ابو سعید معمر حبشی کو صحابی کہتے تھے۔ اور بعض ان کو کافر مرتد وغیرہ کہتے تھے۔ اب اس فساد نے یہاں تک نوبت پہنچ گئی تھی کہ خویش کو رستہ چلنا مشکل ہو گیا تھا۔ چنانچہ اس کی تصدیق برادرم مولوی محمد نظام الدین صاحب رفیقی کے ایک خط کے اس فقرہ سے ہو سکتی ہے وہ لکھتے ہیں "چنانچہ احمد شاہ رفیقی مرحوم را ایشاں ... خود چند کس آمدہ گفتند۔ اگر ... سب و شتم در حضور ... گفتہ باشد ... بجواب گفت ... صاحب ... نصوص ... و شتم شیخ ... آن که ... دست گرفتہ ... شاہ ... احمد شاہ مرحوم ... بیمار شدہ بسبب اختلال ... مصدقان ... آن مرحوم ... شدہ ... مرض ... علاج کردہ شد ... ہجری ... تا ... آن عزیز

پانچ ہزار معزز اشخاص کا تصدیق کردہ نامردی کا بکس

کا داخلی و خارجی شرطیہ علاج

قیمت آٹھ روپے

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ و غیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی خارجی علاج کی ہونگی (۱) ... حیات دو بوتل (...)۔ (۲) روغن ... ایک شیشی (...)۔ مادرزاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی ... وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونے کے علاوہ عالم شباب کی بے اعتدالی پیرانہ سالی ... انسان کو گوشہ ... میں بٹھا دیتا ہے۔ یہ ... ادویات اپنی طلسم ... طاقتوں کو واپس لاتی ہیں ... قیمت ... آٹھ روپے (...) ... علاوہ ...

المشتہر حکیم محمد شریف آنریری ڈاکٹر و پراپرائٹر شفاخانہ عام۔ لاہور۔ چوک وزیر خاں

... آدھ آنہ کا ٹکٹ بھیجنے سے حصول ... انتخاب لاجواب کا نمونہ مفت ارسال ہوگا

سوختہ شد۔ الخ"

ایں اس سے ظاہر ہے کہ کشمیر میں فعل حد سے زیادہ تھا لیپ... امد رفتہ داروں سے ملنا بھی غرض کے لیے دشوار تھا۔ مگر الحمد للہ بارے بعد انتظار یہ امید آئی کہ اس فساد کا فیصلہ ہوا۔ چند رؤسا و حکام نے مستوره صاحب پریذیڈنٹ ... فیصلہ کر کے تمام شہر و دیہات میں مشتہر کر دیا۔ فیصلہ کی نقل یہ ہے :-

"چوں درمیان عوام اہل اسلام در گفتگوئے صحابیت شیخ ابوسعید حبشی رہ اختلاف واقع شدہ بود۔ و نوبت بفساد و جدال رسیدہ۔ لہذا امروز بزمانہ میر زا غلام محی الدین صاحب ... اعظم کشمیر بوجودگی رؤسا و سادات و علما باتفاق رائے ایں طور تجویز شدہ۔ کہ واعظ آخون رسول شاہ صاحب ہرگز ... تکذیب نسبت شیخ ابوسعید معمر حبشی صراحتاً یا کنایتاً ... کہ سامعان واعظ او تکذیب می کنند۔ آہا ! او واعظ تبلیغ جماعت کلی از حرکات نامناسب ... ماحقہ لعن و طعن کہ بعضی جہلا ... بود و جماعت تکلی نمائد ... لزام ابن مرید خود نمود۔

و علماء و صلحاء ... محمد ... لم الم ... کردند کہ من بعد ... و در خطبہ و تقاریر و وعظ ... صحابیت یاد نمی ... صاحب الزام این امر بر خود ... سامعان وعظ خود ...

ملا نیاز در محبت و اتباع مشائخ کرام و اولیائے عظام ... و نقصان خبر کہ فرض منصبی اوست ... رہنمائی و ہدایت نمودہ باشد نیز جہلائے عوام را بر ترک تعصب و فساد بوعظ خود رہنمائی خواہد نمود۔ ختم صیام ۱۳۲۵ ہجری مطابق ۱۱ ماگھ سمت ۱۹۶۴۔

مہتمم عبد السلام رفیقی از نور پور ضلع کانگڑہ

قابل توجہ جناب ڈائرکٹر صاحب تعلیم پنجاب و ممبران تعلیمی کانفرنس

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ مڈل کی تینوں جماعات کے فارسی کورس بہت طویل ہیں۔ اور دو کورس ورنیکلر مڈل سکول کے لئے ہیں دوسرے اینگلو ورنیکلر سکول کے لئے۔ حالانکہ فارسی کا وقت مدرسی سکولوں میں ورنیکلر سکولوں سے آدھا یا آدھے کے قریب ہے۔ ورنیکلر سکولوں میں فارسی کی طرف توجہ بھی زیادہ کرتے اور کر سکتے ہیں۔ کیونکہ وہاں انگریزی نہیں ہوتی طلبا فارسی زبان ہی کو مقصود بالذات سمجھتے۔ اور گھر میں بھی اس پر بہت سا وقت دیتے ہیں حالانکہ اینگلو ورنیکلر سکولوں میں صرف انگریزی۔ انگریزی میں گرامر، انگریزی میں حساب قسم قسم کی کتابیں وغیرہ۔ اس قدر مضامین کی بھرمار سے اردو اخباری مضامین کے یاد کرنے کے لئے گھر میں بہت کم وقت نکال سکتے ہیں۔ اور یہ بالکل ایک واقعی امر ہے کہ انگریزی کتابیں اور ان کی کاپیوں میں غلطیوں کی کثرت کے سبب اس عذر دیتے ہوئے ہر سکول ... عموماً فارسی کی کتابیں ان کو مدرسہ میں آ کر کھولنی پڑتی ہیں۔ فارسی انٹرنس کورس ابتدائی ۳۰۰ صفحہ ہے اور دو سال میں ختم ہوتا ہے۔ اور وقت بھی پانچ گھنٹے ہیں۔ گویا ہر سال ۱۵۰ صفحہ پڑھتے ہیں۔ مڈل سکول وقت کی نسبت ... صفحہ سال ... مڈل کی جماعات کے لئے ... دو سو صفحے کے کورس ہیں۔ اور صرف چار گھنٹے وقت۔

نہیں سال پیشتر فارسی کا وقت پانچ گھنٹے تھا۔ فارسی کی مقدار نو سی قدر ہی ہے مگر وقت ایک گھنٹہ اور بھی گھٹا دیا گیا۔ حالانکہ پانچ گھنٹے فی ہفتہ بھی سے لمبے کورسوں کے لئے بہت کم وقت تھا۔ جس میں فارسی سے اردو۔ اردو سے فارسی ترجمے۔ قواعد فارسی کورس۔ ترکیب نحوی سب کچھ کرانا پڑتا تھا۔ اور اب بھی ویسا ہی کرانا پڑتا ہے۔

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ یا وقت بڑھایا جاوے یعنی اسی قدر وقت انگریزی سکولوں میں بھی رکھا جاوے جس قدر ورنیکلر سکولوں میں ہو۔ یا کورس گھٹا دئے جائیں۔ یا اجازت دیجائے کہ ہر کورس وقت کی نسبت سے جتنے پڑھے جائیں۔ اسی قدر کافی سمجھے جائیں۔ اور کُل کا خیال نہ کیا جائے بلکہ صرف ... یہ واقعی قابل غور بات ہے کہ وقت تو انگریزی سکولوں میں آدھا ہو۔ اور کام جتنا ہے اتنا ہی کے بجائے لیا جائے اور امتحان میں ویسی سختی برتی جائے۔ مہتمم م۔ ت۔ س۔ از سیالکوٹ

انجمن اسلامیہ لنڈن

سنا کہ انگلستان کے ... مولوی ... عبد المجید احمد ... پر بغیر ... نا ... ہے ...

کا حال یہ ہے کہ یہ صاحبان انجمن کے کام میں باہمت مشغول ہو گئے لنڈن کے مسلمانوں کو اس سے بڑھ کر خوشی کا موقع حاصل نہیں ہو سکتا کہ تمام مل کر کام کریں اور بجائے تفرقہ پردازی اتفاق کے اکٹھے ہو کر ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے کام کریں۔ درحقیقت انجمن محض ... کوئی فائدہ کی غرض ... ہندوستان کے ان لوگوں کے لئے جو انجمن اسلامیہ لنڈن سے واقفیت نہیں رکھتے۔ یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ یہ انجمن ایک جماعت ہے جو قریب پندرہ سال سے انگلستان کے دار الخلافہ لنڈن میں کہ جیسا کہ یورپ کام کرنا نہایت موزون ہوگا۔ قائم ہے۔ اور یہ دوسرے لفظوں میں گویا ان تمام جماعتوں کی موجب ہے کہ جو کہ ... صاحب کے لو پول کلب یا مسلم ... وغیرہ ناموں سے مشہور ہوئی ہیں۔ اس وجہ سے کہ کسی شخص نے آج تک اس کی کارروائی اخبارات ہندوستان میں روانہ نہیں کی یہ بدقسمتی سے گمنام ہی رہی۔ دیگر کلب بحقیقت ہیں اس کی مختلف شاخیں ہیں جو انگلستان کے مختلف حصوں میں قائم کی گئی ہیں۔ تاکہ اس کارروائی کے پورا کرنے میں مدد کریں۔ نہایت افسوس ہے کہ اس تکلیف کے باعث انجمن کو بعض خودغرض لوگوں نے مردہ تصور کر لیا اور اس طرح اُن تمام مسلمانوں کی کارروائی پر پردہ ڈالنا چاہا کہ جو سالہا سال سے کرتی رہی ہے۔

ایسے نہایت عمدہ مضامین ہیں کہ جو بذریعہ پیسہ اخبار کی قدر میں روانہ کئے۔ نہایت ادب سے ظاہر کیا کہ اس انجمن کا وجود مسلمانان ہند کے لئے نہایت ہی ضروری ہے کیونکہ لنڈن میں اس قسم کی انجمن کا ہونا ایک نعمت غیر مترقبہ ہے کہ جس کی کارروائی انگریزوں کی نظر پر پھر رہی ہے۔ آج کل انگریزوں میں روز افزوں ترقی دیکھی جاتی ہے یہاں کے لوگ ہندوستان کے مسلمانوں کو نہیں سمجھتے اور متوجہ ہو کر مدد کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ مثلاً جس وقت پر جبکہ طاعون بمبئی کے اضلاع میں بدقسمتی سے شروع ہوا تھا یہ اس انجمن ہی کا کام تھا کہ حضرت سلطان روم کی خدمت میں عریضہ بھیجا کہ وہ خلیفۃ المسلمین ہونے کی حیثیت میں ... کے لئے اس قسم کے احکام جاری کریں جس سے حج کے موقع پر ملک ...

بجواب خطوط خریداران ادویہ لکھا جاتا ہے کہ

آخر فروری سنہ ۱۹۰۸ء تک
قیاضی شفاخانہ جموں کی تمام ادویات
نصف قیمت پر ملیں گی

حکیم ... ملازم ... جموں

Empress Pills
ایمپرس پلس

جو بذریعہ مشین جرمنی ... تیار کی جاتی ہیں

مفصلہ ذیل بیماریوں کے لئے بہا علاج۔ مصنفہ جناب سر ... ایم ڈی سابق ... گورنمنٹ پنجاب ... اسسٹنٹ سرجن ہاسپٹل اسسٹنٹ و طبیب یونانی ... صاحب نسخہ کی چیز ... پنجاب و مغربی شمالی کے کل بازاروں میں مل سکتی ہیں نام بیماریاں یہ ہیں۔ نقص ... ضعف ... دل ... دھڑکنا ... ضعف جگر ... ضعف معدہ ...

... والی ڈبیہ میں ۶۹ گولیاں (۴۸ والی میں ۲۴)

ایمپرس پلس کمپنی کا عرق ... نہایت مجرب انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی شیشی کے استعمال سے صحت ہو جاویگی۔ بہت کم لوگ ... قیمت فی شیشی ... ایمپرس پلس کمپنی ... قیمت فی ڈبیہ ۱۔ تولہ ...

مشتہر منیجر ایمپرس پلس کمپنی ... لاہور ...

انتخاب لاجواب ... کی سالانہ ... کے لئے ...

[illegible] اضلاع میں یہ مرض پھیلنے پائے [illegible] اس کام میں ہماری مدد کی اور [illegible] یہ صرف ایک کام نہیں بلکہ [illegible] اس ناچیز مگر دلسوز انجمن نے [illegible] قومی خدمت کی جس سے کچھ شک نہیں کہ ایسی [illegible] فائدہ حاصل ہوا جس قدر مختلف لوگوں نے ہندوستان [illegible] کسی صورت سے دھوکہ دے کر روپیہ وغیرہ وصول کرنا چاہا۔ [illegible] اس انجمن نے ان لوگوں کی خبر لی تاکہ اس غلطی سے لوگ [illegible] کیونکہ ہمارے ہندوستان والے جو انگلستان سے بہت ہی دور واقع ہیں اور نیز تعلیم یافتہ بھی بہت کم ہیں ان چالاکیوں سے باخبر نہیں اور جلدی اس دھوکا پڑ سے [illegible] ہیں۔ ایک بھاری خوبی جو اس انجمن سے علاقہ رکھتی ہے یہ ہے کہ یہ انجمن بالکل یورپین قواعد پر چل رہی ہے یہی وجہ ہے کہ چند سال سے ذرہ بھر شبہ بھی اس پر ثابت نہیں کیا گیا روپیہ لینے وغیرہ سے ہرگز اس کا کوئی تعلق نہیں۔ [illegible] ہاکروں کی چال نہیں ہی سے معلوم ہو جاتی ہے کہ کسی کام کے ہونے سے پہلے ہی مانگنا شروع کر دیتے ہیں مگر ہمیں کمال اطمینان حاصل ہے کہ اس انجمن نے کبھی کوئی چیز نہیں مانگی۔ ممبروں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے چندے سے اسے قائم رکھیں۔ لطف یہ کہ روپیہ کے حساب میں ایک پائی کا فرق کبھی نہیں پڑا۔ چندہ ہمیشہ چھپوا دیا جاتا ہے۔
[illegible] عبدالدین قریشی سیکرٹری انجمن اسلامیہ [illegible]

وزیرستان۔ سیکنڈ بنگال انفنٹری کی رجمنٹ جو ڈیرہ اسمٰعیل [illegible] سے یہاں آئی ہے اس کے ساتھ میں یہاں آیا ہوا ہوں۔ [illegible] جگہ میں یہ ہم لوگ [illegible] دسمبر کو یہاں پہنچے۔ [illegible] کی رجمنٹ کل ہی ہم کو پوسٹ کا چارج دے کر ڈیرہ اسمٰعیل خان چلی گئی ہے [illegible] بجے بعد قلعہ کا پھاٹک بند ہو جاتا ہے [illegible] نگاہ سے باہر جانیکا حکم نہیں [illegible] بعد قدرت باہر نہیں نکل سکتے۔ [illegible] بڑی ہوشیاری سے کام لیا گیا لیکن کسی [illegible] ایک سپاہی جو گزشتہ [illegible] کرنا بھول گیا [illegible] سپاہی [illegible] گیا [illegible] سمجھ کر [illegible] کو تیار ہو گیا [illegible]

[illegible]

اور ڈاکو چلتے بنے۔ تھانہ بھرانی میں اطلاع دی گئی۔ ڈپٹی انسپکٹر صاحب موقع پر پہنچ کر ڈاکوئیں کی سراغرسانی کو گئے ہیں۔ تحصیلدار صاحب بھی موقع واردات پر تشریف لے آئے ہیں اور تحقیقات ہو رہی ہے۔ گاؤں کے پانچ چھ آدمی گرفتار بھی کر لئے ہیں کہ ان کی سازش سے یہ ڈاکہ پڑا ہے۔ (محمد اسمٰعیل پٹواری)

شاہدرہ (ضلع لاہور) یہاں کسی بدمعاش نے صرف دو چار روپے کے زیور کے لالچ میں [illegible] دس سالہ لڑکے کو مار ڈالا تھا۔ مقدمہ بہت دیر تک زیر تحقیقات رہا۔ مگر کچھ سراغ نہ ملا۔ اب ۱۳ فروری کو دن کے [illegible] ایک [illegible] سالہ لڑکی کو اسی لالچ میں تمام زیور [illegible] دیا دو پہر [illegible] اور پولیس کو خبر دی گئی۔ مقدمہ زیر تحقیقات ہے۔ [illegible] ایک آفت نازل ہی ہے۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] دیکھئے کیا حال ہو۔ [illegible] مسلمانوں نے [illegible]

[illegible] سلطان محمد [illegible]

خبروں کے خطوط

ڈاکہ۔ [illegible] کو وقت شب چند مسلح ڈاکوؤں نے موضع [illegible] تحصیل [illegible] ریاست [illegible] ڈاکہ ڈالا۔ ہاتھوں میں مشعل روشن اور [illegible] گھر کے اندر داخل ہوئے۔ مستورات سے زیور چھین لیا اور مالک مکان کی ران پر پتھر مارا۔ کہ اپنا مال و متاع جو کچھ [illegible] نکال کر دے۔ [illegible] تمام اسباب [illegible] کو جلا دیا۔ اتنے میں گاؤں کے لوگ امداد کو آ پہنچے اور مکان کے باہر [illegible] [illegible] منتشر ہو گیا۔

لو اور سنو حضرت دل تازہ خبر اور
دہلی اودھ اینڈ جنرل سوپ بلڈرز کمپنی لمیٹڈ

دہلی [illegible] کمپنی [illegible] دہلی اودھ اینڈ جنرل [illegible] بلڈرز کمپنی [illegible] سب قسم کے صابون بنانے کی تمیز [illegible] جس [illegible] سابق سپرنٹنڈنٹ ضلع [illegible] بہت ہی جلد تیار ہوگی۔ تمام کلیں اور انجن [illegible] انگریزی صابون اور [illegible] آ گئے ہیں [illegible] حقیقت اعلیٰ درجہ کے صاف [illegible] خوشبودار [illegible] ہمارے حصہ داران [illegible] ۱۹۰۹ء میں شروع [illegible] فروخت کر لئے۔ اب صرف تھوڑے سے [illegible] حصے باقی ہیں۔ ہم کو یقین ہے کہ بہت جلد [illegible] بھی قریب قریب سب وصول کر لیا۔ [illegible] مشین بھی منگوا کر لگا دی۔ چونکہ یہ کمپنی رجسٹری شدہ کمپنی ہے۔ اس لئے نہایت باقاعدہ طور پر کام کر رہی ہے۔ [illegible] جن صاحب کو کمپنی میں حصہ لینے کا شوق ہو وہ بہت جلد خط و کتابت کریں۔ [illegible] اور جن صاحب کو [illegible] ارنڈی و السی و سرسوں و تلی وغیرہ [illegible] ہر قسم کا خوشبودار [illegible] روغنی یا [illegible] ہر قسم کا صابون [illegible] خرید [illegible] کمپنی ان اخبارات کی نہایت مشکور ہے جنہوں نے اپنے نہایت عمدہ [illegible] مضمون [illegible] مفصل [illegible] مضامین کوئی بات دریافت طلب ہو تو مفصلہ ذیل پتہ سے خط و کتابت کریں۔

"لالہ سورج نرائن سیکرٹری"

دہلی اودھ اینڈ جنرل سوپ بلڈرز کمپنی لمیٹڈ

خون کی قیمت

یونان کے مشہور حکیم سقراط کا قول ہے [illegible] جوانان کا [illegible] انسان [illegible]

[illegible] جنرل [illegible] جنرل بوتھ [illegible] شائع ہو چکے ہیں

سوداگر و منیجر کی جان و مال محفوظ رہے۔ یہاں بھی بارش کافی ہو گئی ہو جس سے امید کی جاتی ہے کہ مویشی کے لئے چارہ خاطر خواہ پیدا ہو جاویگا۔ اور صورت بہتری کی نظر آویگی۔ ۳ فروری کو ۱۲ بجے دن کے ایک مکان کو آگ لگ گئی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پانچ چھ سو روپے کا نقصان ہو گیا ہوگا۔ سالانہ کرکٹ میچ پر سودھرہ سکول ضلع [illegible] کے سکولوں سے اول رہا۔ اور تمام انعام شیلڈ کرکٹ [illegible] سودھرہ ہی نے حاصل [illegible] [illegible] سکول نمبر اول رہا [illegible] یہ سب کا بھائی [illegible] صاحب ہیڈ ماسٹر سکول [illegible] [illegible] ڈیڑھ [illegible] [illegible] مکان میں [illegible] [illegible] تحقیقات پر آیا [illegible] [illegible] کامیاب [illegible]

[illegible] پیدا ۱۸۹۱ء [illegible]

[illegible] سال تک یعنی ۱۸۹۴ء تک فہرست [illegible] احمد یار خاں [illegible] [illegible] ریاست میں [illegible] [illegible] تاریخ و سال [illegible] [illegible] محمد [illegible] صاحب [illegible] [illegible] مسجد میں [illegible]

ندوۃ العلماء کا ساتواں سالانہ جلسہ عظیم آباد پٹنہ

میں [illegible] جمیع حضرات اہل اسلام کی خدمت میں عموماً اور علماء [illegible] کی خدمت میں خصوصاً التماس ہے کہ ۱۴ و ۱۵ و ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۱۷ھ جمعہ، شنبہ، یکشنبہ مطابق ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ مارچ ۱۹۰۰ء کو عظیم آباد پٹنہ میں ندوۃ العلماء کا ساتواں سالانہ جلسہ قرار پایا ہے۔ لہذا آپ از راہ حمیت اس جلیل القدر اجلاس میں شریک ہو کر اپنی مفید تجویزوں اور نیک مشوروں سے اپنی قوم کی اعانت فرمائیں۔ جملہ مہمانوں کے آرام و آسائش کا رؤسائے پٹنہ نے عمدہ بندوبست کیا ہے۔ جو صاحب تشریف لانا چاہیں وہ تاریخ روانگی سے ایک ہفتہ پہلے مولوی حافظ نظار الرحمن صاحب نبیرہ شمس العلماء مولانا شاہ محمد سعید صاحب مرحوم کو محلہ [illegible] شہر پٹنہ کے پتہ سے مطلع فرمائیں۔ (راقم [illegible] فقیر محمد علی ناظم ندوۃ العلماء)

کائستھ لٹریری سوسائٹی پیپل منڈی آگرہ کا سالانہ جلسہ بخیر و خوبی ۲۸ جنوری کو روز اتوار ۲ بجے شام منعقد ہوا۔ قریب [illegible] [illegible] وزیر ان قوم یعنے بہادر منشی [illegible] صاحب [illegible] منشی [illegible] لال صاحب وکیل منشی [illegible] لال صاحب وکیل۔ منشی [illegible] صاحب رئیس منشی کنہیا لال صاحب وکیل [illegible] لال صاحب۔ بابو [illegible] لالہ [illegible] لال صاحب [illegible] اس جلسہ میں رونق افروز تھے۔ بعد [illegible] کے سکرٹری صاحب نے روداد سال گزشتہ کی بطور مختصر سنائی۔ ممبران و مہمان سوسائٹی [illegible] بابو

کشن لال صاحب [illegible] بابو [illegible] لال صاحب بی اے نے دلچسپ لکچر دیا جس کے بعد جناب منشی [illegible] لال صاحب وکیل پریسیڈنٹ جلسہ نے ایسی سپیچ اس طرح سے دی کہ جس سے ایک ولولہ ترقی علم کا کل سوسائٹی کے دل میں جوش مارنے لگا۔ اور بعد شکریہ کے جلسہ برخاست کیا گیا۔ (نمبر [illegible] سکرٹری لٹریری سوسائٹی۔ آگرہ)

قحط پنجاب کا خیراتی امدادی فنڈ (ستارہ لاہور)

ذیل میں اس فہرست رقوم چندہ زیر فنڈ مرتب کی جاتی ہے۔

(۱) رائے بہادر ڈاکٹر بیلی رام۔ لاہور	۱۰	روپیہ
(۲) ہنو کیو۔ جی کیو ایسکوائر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور	۵۰	"
(۳) مسٹر [illegible] کارٹون واکر۔ لاہور	۲۵	"
(۴) نواب علاؤ الدین محبوب سبحانی۔ لاہور	۱۰۰	"
(۵) مسٹر محبوب علی۔ رحمت اللہ ٹریزرر لاہور	۲۰	"
(۶) مسٹر [illegible] سردول سنگھ سوداگر شراب لاہور	۲۰	"
(۷) دیوان بہادر [illegible] ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ	۱۰۰	"
(۸) رائے بہادر سیٹھ کستور چند خزانچی امرتسر	۵۰	"
(۹) مسٹر [illegible] ایم اے وکیل لاہور	۵۰	"
(۱۰) [illegible] ایسکوائر بیرسٹر ایٹ لا۔ لاہور	۵	"
(۱۱) مسرز [illegible] اینڈ [illegible] آکشنرز۔ لاہور	۲۵	"
(۱۲) مسرز راما کرشنا اینڈ سنز بک سیلرز لاہور	۵	"
(۱۳) سی۔ ایچ [illegible] ایسکوائر ڈپٹی کمشنر لاہور	۱۰۰	"
(۱۴) لالہ [illegible] نرائن ہیڈ ٹریزری کلرک لاہور	۱۰	"
(۱۵) مسٹر [illegible] بہادر سردار [illegible] سنگھ لاہور	۵	"
(۱۶) لالہ [illegible] رام [illegible]۔ لاہور	۲۵	"
میزان کل	۱۳۷۰	"

دستخط۔ رام [illegible] داس۔ آنریری خزانچی لاہور ۱۰ فروری ۱۹۰۰ء

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— ولایتی خبروں کے اخبارات ہند میں چھپنے کے متعلق کاپی رائٹ کا جو مسودہ قانون وائسرائے ہند کی کونسل میں پیش تھا اسے جو [illegible] کمیٹی نے رائے دی ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ۲۴ گھنٹے تک دوسرے اخبارات کسی اخبار کی منگوائی ہوئی تار کی خبریں نقل نہ کر سکیں۔ اگر ایک ہی شہر میں چند اخبارات ہوں تو صرف ۸ گھنٹے کاپی رائٹ ہوگا۔ اور گو خبریں نہیں چھپ سکینگی مگر ان پر رائے زنی کی ممانعت نہ ہوگی۔

— گورنمنٹ انڈیا کے دفاتر ۲ مارچ کو کلکتہ میں بند ہونگے اور ۲ اپریل کو شملہ میں کھلینگے۔

— سول ملٹری گزٹ کا شملہ کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ وائسرائے لارڈ کرزن ماہ [illegible] شملہ پہنچینگے اور موسم گرما میں کلکتہ ہی میں قیام کرینگے۔ [illegible] دفاتر بھی وہیں رہینگے۔ [illegible] کے مصارف [illegible] [illegible] ہیں۔ سنا گیا ہے کہ لارڈ کرزن بعد [illegible] [illegible] [illegible] جائے سکے [illegible] ہو سکتا ہے تو نہ بدلینگے۔ لیڈی کرزن [illegible]

[illegible] امریکہ میں بسر کرینگی۔

— مسٹر گریشیا افسر جیل [illegible] اضلاع قحط زدہ ملک [illegible] بمبئی اور احمد آباد میں جائینگے۔ اور دریافت کرینگے کہ ان مقامات پر چاول تو ڈر کے کنویں بھی تیار ہو سکتے ہیں یا نہیں۔

— آجکل ڈپٹی کمشنر [illegible] ایک مقدمہ کی تحقیقات خفیہ کر رہے ہیں۔ [illegible] سب انسپکٹر [illegible] پولیس [illegible] پر نا جائز کا الزام ہے۔ ایک ہندو عورت [illegible] بھی۔ اسی کے ساتھ ایسی نا جائز کارروائی کی [illegible] جیل نے ترس کھا کر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible]

— قحط کے امدادی کاموں پر [illegible] آدمی کام کر رہے ہیں۔

— بیکانیر میں قحط زدوں کی امداد کے [illegible] [illegible] ہے۔ آسودہ حال [illegible] [illegible]

— [illegible] خوفناک [illegible]

— [illegible] استعمال [illegible]

[illegible] مسجد کھولی ہے کہ مسافروں کے لئے [illegible]

(لاہور۔ پنجاب و سرحد)

— [illegible] [illegible] کی سکہ اگر [illegible] زندگی [illegible] [illegible] [illegible] یہ احتیاط صرف اول درجے کے مجسٹریٹوں [illegible] وہ لوگ [illegible] [illegible] گروہ در گروہ پھر رہے ہیں۔

— خان بہادر خواجہ محمد خاں [illegible] ہوتی مردان ضلع پشاور سے علاوہ دو ہزار روپئے نقد کے دو عمدہ گھوڑے [illegible] کے لئے نذر دیے ہیں [illegible]

— افسوس کہ جنرل [illegible] کمانڈر انچیف افواج پٹیالہ جو ایک مشہور [illegible] لائق آدمی تھے۔ فوت ہو گئے۔ ان کی جگہ سردار [illegible] سنگھ مقرر ہوئے ہیں۔

عرق شفا — [illegible] ہر قسم کی [illegible] تپ [illegible] کو اس طرح یکلخت تھام دیتا ہے [illegible] [illegible] پیاس کو [illegible] [illegible] کے استعمال [illegible] [illegible] کا علاج [illegible] مریض بفضلہ تعالیٰ بالکل اچھے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] سرسبز کرتا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] حکیم محمد علی [illegible] شاہی ریاست [illegible]

—[illegible] لہار تر [illegible] نے موضع میر انشاہ پر حملہ کیا [illegible] لگائے گئے بورڈ پولیس تعاقب میں لگی ہوئی ہے [illegible] لے بھاگے ہیں ہی •

—پشاور لین کے ایک سٹیشن پر ۲۰ جنوری کی شب کو سٹیشن ماسٹر کے گھر پر ڈاکہ پڑا۔ اور سینہ زوری سے جو کچھ مل سکا۔ ڈاکو لے گئے۔ ان میں سے اب ایک آدمی کو پولیس نے گرفتار کیا ہے اور سٹیشن ماسٹر نے پہچان لیا ہے •

—مسٹر ریکلاک فرو سے واپس آکر لاہور کے کمشنر ہو گئے •

—بہاولپور کونسل نے جو جدید قواعد ملازمت کے متعلق مرتب کئے ہیں۔ اُن کے دوسرے استثنائے خاص صورتوں کے ریاست کی اسامیاں ولیسیوں کا حق ہونگی •

—مہاراجہ صاحب میسور حسٹ ہو میں تشریف فرما تھے تو ڈمی کالج کو ایک سو روپئے دے گئے •

—دربار جموں سابق پرائیویٹ سکرٹری مہاراجہ صاحب کشمیر کو بجرم ... ان لگی نسبتی کر ۴ ماہ قید اور ۳ سو روپئے جرمانہ کی سزا ہوئی۔ ابھی دوسرا مقدمہ چل رہا ہے۔ اور سنا گیا ہے کہ ملزم کی طرف سے سر ریلم رٹیکن پیروکار ہیں •

—پنجاب گورنمنٹ نے حکم دیا ہے کہ مفید طاعون و غیر امراض متعدی پر ایک مختصر رسالہ لکھا جاوے اور رعایا میں مفت تقسیم ہو •

ممالک غیر

—جرمن جہاز بر ساحل شمال پر انگریزوں نے گرفتار کیا تھا اُس کا تاوان ۲ لاکھ ۵۳ ہزار پونڈ جرمن کو دینا پڑا ہے •

—اٹلی کے ایک ڈاکٹر نے طاعون کا علاج نکالا ہے کہ پارہ کے اثرات ہوئے جو ہر بکٹ کے ذریعہ اگر شریانوں کے اندر داخل کئے جاویں تو طاعون کو روک سکتے ہیں جانوروں پر تجربہ کیا گیا تو مفید ثابت ہوا۔ آدمیوں پر آزمانا باقی ہے •

—جرمنی کے اخبارات نے اب طرز تحریر جو پہلے انگلستان کے مخالف تھا قدر بدل لیا ہے۔ ایک اخبار لکھتا ہے کہ جرمنی کا منشا نہیں کہ انگریزوں کو مصر سے نکال دیا جاوے اور فرانس کو دست اندازی کا موقع ملے •

مرض صاحب صحت [illegible] ... [illegible]

—سر ایڈمنڈ برٹش سفیر جو کسی بات پر ناراض ہو کر پیرس سے چلے گئے تھے۔ اب پھر واپس آگئے ہیں •

—مینشن ہوس فنڈ کا چندہ ۵۳ ہزار پونڈ تک پہنچ گیا ہے •

—لارڈ جارج ہملٹن نے ہوس آف کامنز میں ایک سوال کے جواب میں کہا کہ روسی افواج کی پیشقدمی سنٹرل ایشیا کی جانب جاری رہی ہے لیکن برٹش گورنمنٹ اور امیر کابل کی دوستی میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوا۔ اور ہم کو اپنے عہد پر ہمیشہ قائم رہنا چاہئے •

—مسٹر برو ڈرک نے ہوس آف کامنز میں کہا کہ اگر روس اپنا ایجنٹ کابل میں رکھیگا تو ہم ۱۸۷۳ء کے عہد نامہ کے مطابق اپنا ایجنٹ افغانستان میں رکھینگے •

—سینٹ سمتھ میں کمبرلی کی فتح پر بڑی خوشیاں منائی جا رہی ہیں •

—جنرل گیٹیکر نے سلوگو اور سٹیفورٹس کی پہاڑیوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ پہاڑیاں ہیلکوان سے ملحق ہیں۔ انگریزی فوج کے تین افسر اور ۱۰ آدمی ضائع ہوئے •

—ایک خط جو ۲۰ دسمبر کو پریٹوریا سے روانہ ہوا تھا اخبار لیبڈر میں چھپا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی فوج کے ۳ ہزار آدمی میگرس فونٹین اور ۵ ہزار کولنسو کے معرکوں میں ضائع ہوئے۔ اور ۲۱ لانسرز کے تو تمام آدمی ضائع ہو گئے۔ بوئروں نے ... شکست ایلنڈ سلاگیٹ پر کھائی ہے جو ... بھی فوج کی ... کے باعث تھی۔ ورنہ صرف ۵۰۰ بوئر تھے اور مقابلے پر ۶ ہزار انگریزی جوان تھے۔ (ارسنوتھا اور یقین)

—ایک سپاہی کا بیان ہے جو ڈکلاس کا باشندہ ہے بوئروں سے جا ملے ہیں۔ اور برٹش کے خلاف جنگ پر آمادہ ہیں (رومر)

—مجموعی تفصیل ۱۹ فروری ۱۹۰۰ء تک ہمارے ۹۸۷۹ آدمی ضائع ہوئے ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔ افسران مقتول ۱۰۷۔ افسران مجروح ۲۹۶۔ افسران مفقود الخبر ۱۰۴۔ سپاہیان مقتول ۹۷۹۔ سپاہیان مجروح ۴۴۳۳۔ سپاہیان مفقود الخبر ۲۴۱۳۔ بیماریوں سے فوت ہوئے ۴۴ ... ضائع ہوئے ۹۸۷۹۔ (رومر)

—... رمی نے تار دیا کہ بوئروں نے رینسبرگ پر قبضہ کر لیا •

—ڈیلی میل کے نامہ نگار نے نا دوپورٹ سے تار دیا کہ انگریزی فوج سرعت کی ... رینسبرگ میں کچھ ذخیرہ چھوڑ آئی جو دشمن کے ہاتھ لگ گیا •

—دو کمپنیاں ویلٹ شائر کی جو کلوف کب سے واپس آتی تھیں۔ راستہ بھول گئیں۔ اور اب تک مفقود الخبر ہیں •

—ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار نا دوپورٹ سے تار دیتا ہے کہ رینسبرگ کے محاصرہ میں ایک دستہ انگریزی فوج کا بالکل گھر گیا تھا۔ مگر بخیر و عافیت نکل گیا •

—نیو ساؤتھ ویلز کی ایک کمپنی بالکل تباہ ہو گئی۔ پانچ افسروں میں سے صرف ایک سارجنٹ کیمپ کو واپس آیا •

—مسٹر چیمبرلین نے ۸ فروری کو تار دیا ہے کہ جنرل فرنچ بخیر و خوشی سے کمبرلی میں بخیر مقدم ہوا •

—دشمن کی بھاری تعداد کے قریب سے مع دس توپوں کے آکر انگریزی مدد پر جو رینسبرگ کے قریب تھی حملہ کیا اور تھوڑے فاصلہ پر آگ برسا کر فتحیاب ہوا۔ انگریزی فوج کے کرنل ... سے ... مارا گیا۔ جنرل فرنچ مع دس ہزار آدمیوں کے بلوم فونٹین کو

... پسپا ہو رہا ہے جنرل کرونی اُس کے تعاقب میں گئی ملازمت کو پریشان کر رہا ہے •

—لارڈ رابرٹس نے ۱۷ فروری کو جیکبسڈال سے تار دیا کہ جنرل کیلی کے علاوہ بہت سامان جنگ کے دشمن کی ۷۸ گاڑیاں سامان کی جن میں بہت سی رسد اور تھیلیں بھری ہوئی تھیں گرفتار کر لی ہیں۔ جس وقت یہ تار روانہ کیا گیا اُس وقت تک گولہ باری جاری تھی۔ بعد میں رویٹر کا تار آیا کہ جنرل کرونجے بہت تھک گیا ہے اور اُس نے مجبوراً باقیماندہ گاڑیوں کا موریچا لیا ہے۔ جنرل کیلی بڑی مستعدی سے اُس پر لگاتار گولہ باری کر رہا ہے •

—رویٹر نے ۱۷ فروری کو ڈربن سے تار دیا کہ آج جنرل بلر کے دست راست لڑائی ہو رہی ہے •

—بریگیڈیر جنرل فرنچ کو میجر جنرل بنایا گیا اور لفٹنٹ کرنل کیکلبیچ کو کرنیل۔ یہ کمبرلی کی نمایاں فتح کا صلہ ہے •

—جیکبسڈال کے معرکہ میں ہمارے ۲ مقتول اور ۸۰ مجروح •

—لنڈن اور تمام انگلستان میں کمبرلی کی فتح پر بڑا اظہار خوشی ہو رہی ہے۔ اور یہ ... ہاؤس اور اڈن برا میں بھی یہی حالت ہے •

—چند جرمن ڈاکٹروں کو دیکھا گیا کہ تحفظ جان و مال کی ملاحظہ ... پر وہ بوئروں کا علاج کرتے تھے •

—سٹی امپیریل والنٹرز بڑی جلدی سے آگے کا معاملہ کر رہے ہیں۔ تین مجروح ہیں •

—ٹرنسوال بوئر عظیم تعداد فوج اور مشہور کمانڈر رولن سے منڈن خان کے لئے فری سٹیٹ میں بھیج رہے ہیں •

—انگلستان کا خاص نامہ نگار لکھتا ہے کہ جنرل ... تمنا کرتے ہیں کہ انہوں نے بوئروں کو جلد پائے گو کیلا کے جنوب میں پیچھے مار کر بھگا دیا ہے •

—جنرل ہلڈیارڈ نے مونٹی کرسٹو کے جنوبی سرے پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور پیادہ سپاہ نے دونوں طرف سے بوئروں کے مقام پر حملہ کیا۔ توپخانہ نے اُن کے بازوؤں اور عقب میں آگ برسانی شروع کر دی۔ جس پر وہ مقام چھوڑنے پر مجبور ہو گئے اور دریا کے پار بھاگ گئے۔ کئی گاڑیاں جن میں سامان جنگ تھا۔ اور کئی کھانے کا سامان تھا پیچھے چھوڑ آئے۔ جس پر انگریزی قبضہ ہو گیا •

—ڈیلی نیوز کا نامہ نگار کمبرلی سے لکھتا ہے کہ بوئر جنرل کرونجے اس سراسیمگی سے بھاگا کہ ایک بڑی توپ کو بھی چھوڑ آیا •

—کمبرلی میں جو شخص ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ جنرل فرنچ بوئروں کی صف میں دو مرتبہ جا گھسا تھا۔ اور اُس کا بہت نقصان ہوا ہے •

—پھر معلوم ہوا کہ کرونجے کی فوج ہزار چھکڑوں سمیت بھاگی جا رہی ہے۔ بوئر اب اس طرح لڑائی کرتے ہیں کہ ایک پہاڑی پر لڑائی کی اور پیچھے ہٹ گئے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اب وہ بلوم فونٹین پر جا کر رہینگے۔ انگریزی سپاہ کے لئے کمبرلی کو راشن لگاتار جا رہا ہے •

—لارڈ سالسبری نے اعلان کیا ہے کہ انگریزی گورنمنٹ کو فری سٹیٹ والوں سے کوئی عداوت نہیں۔ اگر وہ لڑائی سے باز آجاویں تو گورنمنٹ انگریزی اُن کو امان دیگی۔ علاوہ بریں اُن کو نصیحت کی گئی ہے کہ وہ لڑائی چھوڑ دیں تو بہتر ہے •

—جنرل ... فرنسی کا امیدوار ہے کہ جنرل ... شکل

سپاہ دریائے ٹوگیلا کو عبور کر رہی ہے۔ دشمن پسپا ہو رہا ہے
بوئروں کے پاس اب ریلوے کے پار ایک مقام ہے۔ جیسر
ایک کمزور سی گارڈ ہے۔ یہ تصدیق ہو گیا کہ بوئروں نے
ہیلنگیان کو خالی کر دیا ہے۔ جنرل بلر کا نقصان بہت خفیف
ہوا کیونکہ ہماری فوج کے لئے آڑ کافی تھی۔

— انجنیروں نے دریائے موڈر سے کمبرلی تک ریلوے کو
مرمت کر لیا ہے۔ اور ۱۹ فروری کی شب کو پہلی ٹرین کوئلوں سے
بھری ہوئی چلی۔ اس کے بعد فوجی سامان جا دیگا۔ اور بعد
ازاں سامان رسد وغیرہ۔

— لارڈ رابرٹس بارڈ بیرگ سے جو جیکب ڈال سے بیس میل
جانب شرق ہے۔ تار دیتے ہیں کہ لارڈ میتھون مع سامان اور
کمک کے کمبرلی کو بذریعہ ریل جا رہا ہے۔

— ارنڈال کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ رینسبرگ پر
اب دشمن کی فوج بہت کمزور ہو گئی ہے اور خیال کیا گیا ہے کہ
اس میں سے دس ہزار آدمی جنرل کرونج کی مدد کو گئے ہیں۔

— ایک رائٹر ڈسپیچ سے معلوم ہوا کہ دشمن کے ۴۴ آدمی
ولشتار تمنٹ کے گرفتار کئے گئے تھے۔ جن میں ۴ زخمی ہیں۔

— لارڈ رابرٹس نے دوسرا اعلان شائع کیا ہے۔ اس میں
فری سٹیٹ والوں کو یقین دلایا ہے کہ انگریزی گورنمنٹ جانتی ہے
کہ فری سٹیٹ والے اپنی مرضی سے جنگ میں نہیں شامل ہوئے
اور فری سٹیٹ گورنمنٹ کو الزام لگایا ہے کہ وہ ساتھ پر آمادہ
ہوئی۔ حالانکہ اس سے پرانی رفاقت تھی۔ اور اس سے متعلق
الفاظ کا وعدہ کیا گیا تھا۔ بعدہٗ ان لوگوں کو جو لڑائی کی
حالت چاہتے ہیں۔ نصیحت کی گئی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں
بیٹھے رہیں۔ اور کہا ہے کہ برٹش گورنمنٹ تمہاری بدخواہ نہیں
اور نہ اس کا یہ ارادہ ہے کہ کسی کی جائداد ضبط کرے۔ جو لوگ
امن پسند ہیں وہ دشمن کو کسی قسم کی مدد نہ دیں۔ اور اپنی فوج کے
سپاہیوں کو متنبہ کیا ہے کہ کسی شخص کے گھر میں نہ گھسیں
اور اگر کسی سے سودا خریدیں تو اس کی قیمت فوراً ادا کریں
یا کوئی ذمہ وار افسر ہنڈی کر دے۔

— جنرل بلر نے ۱۲ تاریخ کو شویلی سے بذریعہ تار اطلاع
دی کہ دشمن کو ٹوگیلا کے پار دھکا رہا ہے اور اس کے بہت
سے کمپ اور سامان رسد کی گاڑیاں لے لی ہیں۔ اور کچھ آدمی
بھی مقید کر لئے ہیں۔ دھوپ بہت سخت پڑتی ہے اور دشمن
سخت ہے۔ تاہم ہماری سپاہ مستعدی اور ملتان میں بیٹھنے کے تیار ہے۔

— شہر کمبرلی کے لوگوں سے افواہ اڑ رہی ہے کہ بوئر اب سنیپ ٹیکر
کو چھوڑ کر جا رہے ہیں۔

— فوج نے ولشائر رجمنٹ بھول گئی تھی۔ اس میں سے
کچھ آدمی واپس آ گئے ہیں۔ یہ معلوم ہوا کہ اس کمپنی کے
اسی آدمیوں کو دشمن قید کر کے لے گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ
دشمن نے برابر فوج کی تھوڑی سی تعداد کو دریائے ریٹ پر
گرفتار کر لیا ہے۔

— جرمنی کا ارادہ ہے کہ ایک کروڑ ۷۰ لاکھ پونڈ کے خرچ
سے اپنی بحری طاقت دگنی کر لے۔

— جزیرہ بورنیو کی خبر ہے کہ وہاں کے راجہ اور سرکار انگریزی
میں کسی وجہ سے کشت و خون تک نوبت پہنچی۔ فوج کے افسر
اعلیٰ مسٹر ہرنگٹن نے اطلاع دی ہے کہ ہم نے راجہ کے سب
قلعوں کو توڑ پھوڑ ڈالا۔ لیکن راجہ ابھی تک ہمارے ہاتھ
نہیں آیا۔

— ۱۲ فروری کو انگلستان کے ہوس آف لارڈز میں لارڈ
لسڈون وزیر جنگ نے گورنمنٹ کی فوجی تجویز کی تصریح اس طرح
سے کی کہ گورنمنٹ کا اول فرض یہ ہوگا کہ ایک فیلڈ آرمی
ایک لاکھ تیس ہزار آدمیوں کی تیار کرے۔ جو جنوبی افریقہ کی کمک
کے لئے محفوظ رہے۔ اس فوج میں پندرہ بٹالین۔ تینتالیس
توپچی اور سات رسالے بڑھائے جائیں۔ مجوزہ صورت میں
تیس ہزار باقاعدہ اور پچاس ہزار ملکی فوج بڑھ جائیگی۔ اور
اس فوج کی کل تعداد چھ لاکھ ہو جائیگی۔

— حضور ملکہ معظمہ نے ایک خط لارڈ ولزلی کو لکھا ہے جس
میں فرمایا ہے کہ اپنے ملک کی عزت قائم رکھنے کے لئے بہادر
سپاہی اور افسر ایک سال کے لئے پھر خدمت کریں۔ اس
بٹالین کا نام رائل ریزرو بٹالین رکھا جائیگا۔

— ڈیلی نیوز کا نامہ نگار شویلی سے لکھتا ہے کہ جنرل بلر
تمام پہاڑیوں پر جو ٹوگیلا کے جنوب میں ہیں۔ قابض ہے۔ اور
ہیلنگوان پر بھی جس کو بوئر اتوار گزشتہ کو خالی کر گئے تھے اب
انگریزی قبضہ ہو گیا ہے۔

— سینٹ جنگ نے ایک جنگی حکم نکالا ہے کہ پنشن یافتہ افسر
اور سپاہی ایک سال کے لئے خدمت کے واسطے نام درج کرا دیں۔
اور اس خدمت کے صلہ میں ۲۲ پونڈ انعام ملیگا۔

The Economical Trading Agency

کفایت شعار تجارتی ایجنسی لاہور

کتب ہر فن۔ ہر قسم کپڑا۔ ہر قسم سامان آرائش۔ ہر قسم کے ہنر و حرفت کے
آلات۔ زیورات چاندی و سونا۔ کلاک گھڑیاں۔ مشین۔ ادویات دیسی و
انگریزی۔ مشاقی بہت دری قالین۔ عینک۔ سینگ کی۔ ہر آلہ
نقلی تصویر کا سامان وغیرہ مقابلہ بازار ارزاں نرخ پر مہیا کر دیگی۔ فرمائش
درخواستیں آویں۔ بنام نگینہ سنگھ کمپانی بی۔ اے
(بیرون موری دروازہ)

ہر ایک شہر گاؤں میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ جن کو
ایجنسی کی خدمت کے عوض میں معقول معاوضہ دیا جاویگا۔

اعلان

منشاء جمیعت ناظم التعلیم منعقدہ ۱۱ فروری ۱۹۰۰ء اعلان کیا جاتا ہے
کہ مدرسہ عربیہ حمیدیہ متعلقہ انجمن حمایت اسلام لاہور کی اعلیٰ مدرسی کے
لئے ایک فاضل معلم کی ضرورت ہے۔ جو کتب مروجہ درسیات کی تحویل رکھتا
ہے۔ دینیات اور علم ادب میں مہارت رکھنے کے علاوہ وعظ بھی کہہ سکے
اور لڑکوں کو اسلامی اخلاق کا نمونہ ہو۔ تنخواہ ۳۰ سے ۴۰ تک ہوگی۔
درخواستیں ۱۰ مارچ ۱۹۰۰ء سے پیشتر صاحب ناظم مدرسہ حمیدیہ کے
پاس بھیج دی جانی چاہئیں۔
دستخط قاضی ظفرالدین احمد ناظم مدرسہ حمیدیہ متعلقہ حمایت اسلام لاہور

ضرورت ہے

ہائی سکول اسلامیہ راولپنڈی کے لئے ماسٹران انگریزی ذیل
کی ضرورت ہے۔ امیدوار ان یکم مارچ ۱۹۰۰ء سے اول درخواست
مع سارٹیفکیٹ بھیجدیں۔

ماسٹر دوم	فی الحال تنخواہ ۶۰	سے ترقی ۷۵ تک
ماسٹر سوم	۵۰	[illegible]
ماسٹر سوم	۴۰	۵۰
ماسٹر چہارم	۳۰	۴۰

گریجویٹ پاس کردہ اور سیالکوٹی ان کو ترجیح دیجاویگی۔
انٹرمیڈیٹ پاس کردہ ۲۵ سے ۳۰ ماہواری
المشتہر محمد فضل الٰہی سکرٹری نائب میر مجلس انجمن اسلامیہ راولپنڈی

استہار
مفت راحت

(انجمن راحت فنڈ ہندوستان)

انجمن ہذا سالانہ یکم جنوری ۱۸۹۹ء سے کھولی گئی
ہر ممبر اپنے ممبران کو بعد ہر ماہ بموقع تقریب مدد دیگی۔ اس انجمن کا
مفصل قواعد اشتہار کا مضمون ہے۔ ایجنٹوں کے لئے بھی
درخواست ضروری ہے۔ جو صاحبوں کو انجمن کے قواعد ملاحظہ
فرمانے کا شوق ہو۔ ٹکٹ ارسال فرما کر طلب فرماویں۔
المشتہر خادم الملک رشید علی سکرٹری کیمپ پور ضلع کرنال

Chamberlain's Cough Remedy

چیمبرلینس کف ریمیڈی

(چیمبرلین صاحب کی کھانسی کی دوائی جو امریکہ میں بنائی گئی ہے)
جس قسم کی کھانسی نزلہ زکام بچوں کی کھانسی گھوڑ کھانسی پسلی
گلے کی خرخراہٹ اسی وقت کی تھوڑی تھوڑی کھانسی کو بالکل
دفع کر دیتی ہے۔ امریکہ میں تمام ڈاکٹر اسی کا استعمال کراتے ہیں
اکسیر ہے اس کو آزما لیجئے اور صحت پائیے۔
قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ بڑی بوتل ۲ روپے
لاہور میں شیخ نور الٰہی اینڈ سنز مالکان پنجاب میڈیکل ہال امرتسر میں
میاں غلام حیدر الدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار سے مل سکتی ہے

مفت راحت

ہم نے ایک مقامی ملازمت کی معیت فرمائی سے متصل انجمن بعض صلح سیالکوٹ کے
مفاد عام کے واسطے [illegible] جس کو تمام منافع ہی آسانی اور حفاظت
[illegible] میں [illegible] داخل کرے گا بجمعہ معقول له اور حاصل کر
اور ہر ماہ ۱۹۰۰ء کی [illegible] دیگا۔ منصرم جیبی خان
المشتہر الٰہ دین اسسٹنٹ سکرٹری پنچایتی امداد فنڈ گوجرانوالہ ضلع سیالکوٹ

ڈنٹسٹ

پنڈت گرمکھ سنگھ ڈاکٹر دندان ساز انارکلی لاہور
ابھی بھی کسی قسم کا دانت [illegible] اچھے مصنوعی دانت لگاتے ہیں

کمسریٹ سٹور کیپر جنرل
قلعہ لاہور

اشتہار

مورخہ ۵ فروری ۱۹۱۰ء

کچہری صاحب کمسریٹ سٹور کیپر جنرل قلعہ لاہور

۱۔ واضح ہو کہ درخواستیں لفافہ بند سر بمہر واسطے ٹھیکہ اجناس مفصلہ ذیل بابت ابتدائے یکم اپریل ۱۹۱۰ء لغایت ۳۱ مارچ ۱۹۱۱ء لوازمات مقامات کے لئے جن کے نام مع تعداد اجناس درج ہیں تا تاریخ ۷ مارچ ۱۹۱۰ء دوپہر تک دفتر کمسریٹ سٹور کیپر جنرل صاحب قلعہ لاہور کے دفتر میں لی جاوینگی۔ اور بوقت دوپہر اسی دن اور اسی جگہ بروبرو درخواست دہندگان کے جو اس وقت وہاں حاضر ہونگے کھولی جاوینگی۔

۲۔ درخواست کا فارم جس پر سب شرائط بخط انگریزی درج ہیں دفتر سٹور کیپر جنرل صاحب قلعہ لاہور سے [illegible] ۱۹۱۰ء تک ہر وقت [illegible] درخواست کرنے سے مل سکتا ہے۔ [illegible] دریافت قلب متعلقہ ٹھیکہ [illegible] دریافت کرنے سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ کوئی درخواست ٹھیکہ [illegible] عدم تجویزہ دفتر [illegible] درخواست دہندہ کو واپسی کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۳۔ جو درخواست دہندگان اپنا نام نہیں لکھ سکتے ان کی مہر منظور نہ ہوگی [illegible] تصدیق ہونا چاہیے۔

۴۔ لفافہ درخواست پر نام جنس اور مقام کا لکھنا چاہیئے۔ درخواست دہندہ کو معافی [illegible] نام لکھنا منع ہے [illegible] درخواستیں بذریعہ ڈاک بصیغہ بیرنگ بھیجی جاوینگی ان کے لینے سے انکار ہوگا۔

۵۔ درخواست دہندہ کو اختیار ہے کہ درخواست ٹھیکہ سب چیزوں کے لئے دے یا ایک چیز کے لئے لیکن یہ ضروری ہے کہ ہر ایک چیز کی پوری تعداد یا مقدار کے واسطے ہو۔ اور ٹھیکہ کی میعاد وہی ہوگی جو اوپر بیان ہوئی ہے۔ اور کل میعاد کے لئے نرخ ایک ہونا چاہیئے۔ کمسریٹ افسر صاحب کو اختیار ہے کہ وہ صرف کل اشیاء کے لئے منظور کریں یا چند اشیاء کے لئے۔ اور پوری تعداد لئے یا اس کے حصہ کے لئے۔ اور یہ بھی اختیار ہے کہ بلا ظاہر کرنے کسی سبب کے درخواست بالکل نامنظور کریں۔ لیکن اگر درخواست ایک حصہ کے لئے منظور ہوگی اور درخواست دہندہ ٹھیکہ نہ لیگا۔ تو اس کا کل بیعانہ اس ٹھیکہ کے لئے ضبط ہو جاویگا۔

۶۔ ہر ایک درخواست کے ساتھ علیحدہ علیحدہ زر بیعانہ ٹھیکہ [illegible] تفصیل ذیل [illegible] سرکاری یا بنگال بنک یا گورنمنٹ پرامیسری نوٹ داخل کرنا ہوگا۔ نقد روپیہ یا کرنسی نوٹ نہیں لیا جاویگا [illegible] نقد روپیہ کے واسطے ہو۔ خواہ کرنسی نوٹ کے۔ اگر درخواستوں کے ساتھ زر بیعانہ نہ ہوگا۔ تو وہ پیپر بالکل غور نہ کیا جاویگا۔

۷۔ اگر درخواست دہندہ اپنی درخواست پر قائم نہیں رہیگا۔ تو اس کا زر بیعانہ ضبط ہو جاویگا۔

۸۔ نمونے مختلف اشیاء کے جن کے واسطے ٹھیکہ کیا جاتا ہے دفتر کمسریٹ سٹور کیپر جنرل صاحب قلعہ لاہور میں کھلا ملاحظہ ہو سکیگا۔

نام جنس و مقام جہاں درکار ہیں	تخمینہ تعداد اجناس	تعداد زر بیعانہ	کیفیت
کپڑا الٹی ٹاٹ	۱۲۰۰۰۰ گز	[illegible] روپیہ	

ایجنٹوں کی ضرورت

ہر شہر و ہر مقام پر ایسے ایجنٹوں کی ضرورت ہے جو اس کمپنی کے حصے جن کی حصہ ایک سو روپے کا ہے بکوا سکیں کمیشن معقول ہوگی مگر مہربانی فرما کر کمیشن کی شرائط خود ہی پہلے اگر لکھ دیں۔ تو بہتر ہے۔ تاکہ جن کی درخواستیں ایسی ہونگی جو کمپنی منظور کر سکیگی تو فوراً جواب آخری دیدیا جاویگا۔

المشتہر بابو امراؤ سنگھ
منیجنگ ڈائرکٹر دی امپیریل سٹیم لونڈری کمپنی لمیٹڈ۔ دہلی

زنانہ و مردانہ منازل زندگی کی تصاویر

یہ دونوں نقشے جنہیں شیر خوارگی سے لیکر قبر تک یا عہد طفولیت [illegible] مردانہ اور زنانہ زندگی کی جدا جدا [illegible] منازل [illegible] [illegible]

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیں گی

استہار

ہماری مجرب دوا [illegible] سال [illegible] [illegible]

[illegible]

طبی دنیا میں بے نظیر ایجاد

روغن [illegible] — [illegible]

خاص [illegible] معاون [illegible]

[illegible]

تذکرہ امیر

یعنی

ضیاء الملت والدین امیر عبدالرحمن خان [illegible] افغانستان کی زندگی کے سنین [illegible]

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور [illegible]

کلیمنٹس ٹانک

طاقت کی عجیب و غریب بے نظیر دوائی

قیمت فی بوتل ڈھائی روپیہ تین بوتل چھ روپیہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے منگاؤ

بال امریکا پوڈر

[illegible]

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے [illegible]

بسکٹ مینوفیکٹری اینڈ جنرل اسٹیم بیکری کمپنی لمیٹڈ دہلی

مبلغ ایک لاکھ پچیس ہزار روپے زیر انتظام گنیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی معرفت بابو کشن چند صاحب منیجنگ ڈائرکٹر کمپنی مذکور یہ اول ہی کارخانہ اس قسم کا ہندوستان میں ہے۔ اور کام اس کا زیر نگرانی ایک لائق انگریزی بیکر کے ہوتا ہے۔ عمارت تمام کارخانے کے نہایت ہی صاف ستھرے رکھے جاتے ہیں۔ تمام میدہ جو موصوف گنیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی کا کام میں لایا جاتا ہے۔ جو مشہور اور بہت عمدہ ہے۔ تمام اشیاء اعلیٰ درجے کی استعمال کیجاتی ہیں۔ کوئی دقیقہ محنت و صرف کا اس کارخانے کو اول درجے کا رکھنے میں اٹھا نہیں رکھا ہے۔ تمام کلیں ولایت سے منگائی گئی ہیں اور بہترین حال کے طریقے سے اور عمدہ صنعت میں ڈھالی جاتی ہیں۔ یہ کارخانہ ہندوستان میں سب سے بڑا ہے۔ ۲ ٹن یعنی ۵۶ من مال ہر روز تیار ہو سکتا ہے۔ بسکٹ نہایت لذیذ تازہ ہوتے ہیں۔ دوکان و ایجنسی تمام ہندوستان میں ہیں۔ جن مقامات پر ایجنسیاں نہیں ہیں وہاں کے لئے لائق معتبر ایجنٹ مقرر کئے جا سکتے ہیں۔ ہمارے بسکٹ تمام مذاہب کے آدمی خواہ انگریز، اہل ہنود یا اہل اسلام عورتیں، بچے اور بیمار بلا خیال مذہب و اسکے قائم رکھنے صحت استعمال کر سکتے ہیں۔ دیگر امور کی بابت خط و کتابت کیجئے۔

المشتہر

گنیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ۔ ایجنٹ بسکٹ مینوفیکٹری اینڈ جنرل اسٹیم بیکری کمپنی لمیٹڈ۔ دہلی

نئے قطعہ عینی مشرم حمائل شریف خاشہ

چھپکے صحیح ہونیکے تصدیق بہت سے حافظوں نے کی ہے ... بہت فرمائی ہیں۔

[illegible] ... خریداروں کو ایک جلد مفت دیجاتی ہے

درخواست بنام دوارکاناتھ اینڈ کمپنی سوداگران ...

گھڑیوں کے خریدار ... موقعہ

... اگر یہ مال ... تو بہتر ... ورنہ ... کا ہو سو کچھ پرواہ نہیں۔

رسٹ واچ یعنے کلائی پر باندھنے والی گھڑیاں



[illegible]

ریگولیٹر گھڑیاں

[illegible]

المشتہر

دوارکاناتھ کمپنی لاہور

کلکتہ کے مشہور ڈاکٹر برمن صاحب

کی بنائی ہوئی گولیاں

جو ایک سے تمام ہندوستان میں مشہور ہو رہی ہیں

دمہ کی دوا

دمہ کو دبا دیتی ہے اور آرام کرتی ہے ... ایک خوراک ہی میں اثر دکھلاتی ہے قیمت ... فی شیشی

طاقت دینے والی گولیاں

کمزوری نامردی کی دوا استعمال کرنے کے ساتھ ہی فائدہ دکھلاتی ہے۔ قیمت ... گولیوں کی شیشی ...

رام بہت ... لکھتے ہیں ... دمہ ایک شیشی سے آرام ہو گیا۔

... لکھتے ہیں ... آپ کی دوا سے اچھا ہوں۔

... لکھتے ہیں کہ مجھے بہت دنوں سے بیماری تھی ... آپ کی دوا سے بالکل اچھا ...

... کی فہرست مفت ملتی ہے منگا لیجئے

المشتہر

ڈاکٹر ایس۔ کے۔ برمن نمبر ۵ تارا چند دت سٹریٹ کلکتہ

اشتہار چھڑیاں بینت



چھڑیاں بینت ... نقشی ... چاندی ... قیمت ... المشتہر عبدالعزیز ... ضلع سیالکوٹ۔

... انجنیر صاحب کی پیٹنٹ دوا جو ... استعمال کی جاتی ہے

انجنیر صاحب کا پیٹنٹ ولیم املشن

مرکب

ہائپو فاسفائٹ

... اور تمام ... استعمال کرتے ہیں۔

... قیمت ...

... کمپنی ... لاہور

[illegible]ق کی بے نظیر کتابیں جن کی ولائت تک تعریف چھپی ہے

[illegible] کی دستی [illegible] ہی تحریریں نہ تھا۔ بلوچستان کے علاوہ ہیں معنک پھیل گئیں۔ اشتہار کے موافق نہ نکلیں تو دام واپس ہونگے۔ ایک کتاب ۸ روپیے کو بھی سستی مفید ہو جا[illegible]

ملک مصر

[illegible]

ہندوستان قدیم

ہندوستان قدیم کی عجیب تاریخی تحقیقات [illegible] سال قدیم [illegible] طوفان نوح کی [illegible] اور کس زمانہ سلطنت بابل [illegible] قوم۔ پارسی کی [illegible] موافق۔ مصر [illegible] کی اولاد اور یونانی ویدی لوگ ہندو [illegible] دجنسی [illegible] عیسائی ہونے سے پہلے مذہب [illegible] اور کیا [illegible] کو ملکوں پر [illegible] معلوم تھا۔ اور [illegible] تھا۔ جاوا اور لنکا میں ہندو [illegible] یونانی و چینی سیاحوں کے سفرناموں [illegible] ہیں۔ [illegible] کی [illegible] قیمت صرف [illegible]

جوہر حکمت عملی

اس کتاب میں ادویات کے نام انگریزی فارسی اور سنسکرت زبان میں لکھے ہیں پھر اُن کے بازاری نام مع خواص اور تاثیر کا بھی بیان ہے۔ اسی طرح تمام بیماریوں کے نام بھی چار زبانوں میں دئے ہیں کہ حکیم و ڈاکٹر و وید لوگ ان کو کیا پکارتے ہیں۔ اور جسم کے تمام اعضا کے حالات مع تصاویر و نام چار زبانوں میں مندرج ہیں۔ تمام اصطلاحات طبی کی تشریح اُن کے مقابل ہم معنی الفاظ چار زبانوں کے لکھ کر کی ہے۔ تاثیر ادویات اور طریق استعمال ادویات کی اصطلاحات انگریزی فارسی اور سنسکرت میں لکھی ہیں۔ ہر مرض کی شناخت اسباب اقسام علاج اور پرہیز قاعدہ ڈاکٹری یونانی وید [illegible] فلاں مرض میں کیا ادویات و غذا ہیں کیا مضر اور کیا مفید ہیں حفظ صحت کے اصول بڑی باریکی کے ساتھ [illegible] اور ہر موسم کے کرنے کے کام۔ ایام حمل اور بچوں کی پرورش۔ ہڑوں اور کشتوں کا بیان۔ انگریزی پیٹنٹ ادویات وغیرہ سب مندرج ہیں جن کو پڑھتے پھرتے ہیں اور کوئی بتاتا نہیں۔ اس میں سب جمع ہیں۔ اس کو پڑھ کر اپنا علاج خود کر لو۔ یا حکیم کے علاج کی غلطیاں پکڑ لو۔

[illegible] عالم عصار

[illegible]

جوہر مشاہیر عصار

[illegible]

دنیا کی سیر عصار

آجکل ایجیٹیشن کا زمانہ ہے۔ خواہ کوئی امر کتنا ہی ضروری مصلحت وقت کے خلاف کیوں نہ ہو۔ اگر گورنمنٹ سے اس کے حاصل کرنے کے واسطے کسی قوم کے افراد بالاتفاق کوشش میں لگے رہیں اور ان کی سعی ترک و مدد کا سلسلہ منقطع نہ ہونے پائے۔ تو ممکن ہے کہ وہ آخرکار ایک نہ ایک دن اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاوینگے پچھلے دنوں جبکہ ممالک مغربی و شمالی اودھ میں ہز آنر سر انٹونی میکڈانل کی توسیع میعاد حکومت کی غرض سے گورنمنٹ ہند کو میموریل بھیجے جانے شروع ہوئے تھے تو مسلمان ابتدا میں اس وجہ سے اس تحریک سے کنارہ کش رہے کہ چونکہ سر انٹونی ناگری کی طرف خاص میلان رکھتے ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ ایں توسیع میعاد کا نتیجہ اردو کے حق میں سم قاتل ثابت ہو۔ مگر بد قسمتی سے جس بات کا انہیں کچھ عرصہ کے بعد وقوع میں آنے کا خطرہ تھا وہی امر دیکھتے ہی دیکھتے ظہور میں آ گیا۔ ممالک مذکورہ کے مسلمان جو پہلے ہی الہ آباد یونیورسٹی کے فیصلے کے بموجب بی۔ اے کورس سے فارسی کے اخراج پر شکستہ دل ہو رہے تھی۔ ابھی ایک اور ناقابل برداشت توہین منصبت یعنی زبان اردو کی قسمت برگشتہ ہوا چاہتی ہے

> ہر دم زمانہ داغ دگر گونہ در دہد
> یک داغ نیک ناشدہ داغ دگر دہد

اردو و ناگری کا جو مسئلہ دو سال سے ہز آنر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کے پیش نظر تھا۔ صوبہ کی دیگر اقوام کے خیالات کی پرواہ نہ کر کے اسپر فوراً احکام صادر کر دئے گئے۔ ہندو بھائیوں میں اتفاق و اتحاد کا مادہ بہت کچھ ہے یہی ان کی اس ملکی کامیابی کا راز ہے۔ سلطنت انگریزی کے عہد سے پہلے سنسکرت اور ناگری مردہ زبانوں کی حیثیت کی حالت میں پڑی ہوئی تھیں جن کا استعمال داخل ہنود مخصوص وقت دیکھ کر سنسکرت و ناگری کے بجائے عربی فارسی زبان کی تحصیل ضروری خیال کی تھی۔ مسلمانوں سے قطع نظر [illegible]

اگر آپ کو دولتمند بننے کا شوق ہے تو انتخاب لاجواب کا کالم جو اس مطلب کے لئے مخصوص ہے ملاحظہ کیجئے

ضروری خیال کیا گیا کہ اگر ان میں سے کسی زبان کا سرکاری عدالتوں میں رواج ہو جائے تو یہ امر افرادِ قوم کی فرمایشی تحریص و ترغیب کا باعث ہوگا۔ اور وہ اسے ذریعہ معاش کا ایک ضروری جزو تصور کرکے اس کی تحصیل ازبس کریں گے۔ سنسکرت جو ایک نہایت قدیمی زبان ہے۔ اس میں بے تکلف و فصیح و بلیغ تقریر و تحریر کرنے والے فضلا کا نام و نشان ایک عرصہ دراز سے ہندوستان سے مٹ چکا ہے۔ زبان مذکور میں اگر کچھ قابل اشخاص ہندوستان میں موجود بھی ہوں تو اُن کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے۔ باوجود اس کے بھی سنسکرت کی اشاعت میں سعی و کوشش کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جاتا۔ ان زبانوں کی درس و تدریس سے قطع نظر آریہ سماجیک اور مذہبی سوسائیٹیوں وغیرہ کی طرف سے جو اخبارات اُردو زبان میں شائع ہوتے ہیں۔ اُن میں زبردستی نصف سے زیادہ بھاشا و سنسکرت کے الفاظ بھر دیئے جاتے ہیں۔ خواہ اس سے عبارت کیسی ہی مسخ ہو جائے۔ مانا کہ نیم اُردو

آدھی تیتر آدھی بٹیر

کیوں نہ ہو جائے۔ ان کی بلا سے۔ اس طرح اُردو کا خون کرنے سے ان کی یہ غرض ہے کہ اُردو کی اہانت سے جو ملکی زبان ہونے کا منصب رکھتی ہے بھاشا و سنسکرت سے قوم کو مانوس کیا جائے۔ چونکہ ہندی بہ نسبت سنسکرت کے زیادہ مروج ہے۔ اس لئے ۱۸۶۸ء سے ممالک مغربی و شمالی و اودھ میں اس کو عدالتی زبان قرار دینے کے متعلق کوشش شروع کی گئی۔ اور اس کوشش کی کامیابی کا سہرا اُس ڈیپوٹیشن کے سر بندھا جو ۱۸۹۸ء میں ہز آنر لفٹننٹ گورنر ممالک مذکور کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔

ہندی کو عدالتی زبان قرار دینے میں ہز آنر نے اہل اسلام کے مقابلے میں گورنمنٹ یا ملک کے دیگر طبقوں اور فرقوں کے فوائد کو قطعاً نظر انداز کر دیا ہے۔ اس عجیب ریزولیوشن کی تائید میں جن اعداد و شمار کا حوالہ دیا گیا ہے پیسہ اخبار کے گذشتہ نمبروں میں اُن کی کافی تردید کی جا چکی ہے۔ ممالک مذکور کی مطبوعہ کتابوں۔ موقت الشیوع اخبارات اور رسالوں پر اگر غور کیا جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ ناگری کی معدودے چند کتابیں جو گذشتہ چند سال سے موجود ہیں۔ اور اس زبان کے دو چار اخبار۔ غرضکہ کیا کتابیں اور کیا اخبارات تعداد کے لحاظ سے

اُردو تصانیف و اخبارات

کا عشر عشیر بھی نہیں ہیں۔ جس قدر خطوط کے سرنامے اُردو زبان میں لکھے جاتے ہیں۔ ناگری زبان میں ہرگز نہیں لکھے جاتے۔ یہ کثرت صاف طور پر بتا رہی ہے کہ ممالک مغربی و شمالی و اودھ کی ملکی زبان اُردو ہے نہ کہ ہندی۔ وہاں کے تعلیم یافتہ ہندوؤں میں کم از کم فی صدی [illegible] زبان نہیں جانتے۔ بخلاف اس کے اُردو زبان جاننے والوں کی تعداد [illegible] فی صدی سے کم نہ ہوگی۔ کائستھوں اور مسلمانوں سے قطع نظر وہاں کے اکثر ہندو خاندان ایسے ہیں جن کی ملکی زبان اُردو ہے۔ انہیں وجوہات سے

ہندوستان میں لکھنؤ

اُردو زبان کا مرکز

تصور کیا جاتا ہے۔

۱۸۸۱ء کی مردم شماری میں جس قدر آبادی کی زبان ہندی بتائی گئی ہے۔ اُن میں زیادہ تر ایسے اشخاص ہیں۔ جو صرف اپنا دستخط ہندی میں کر سکتے ہیں۔ یا زیادہ سے زیادہ اپنا حساب اس زبان میں رکھ سکتے ہیں۔ ایسے آدمی محض نام کے ہندی دان ہیں۔ مقدمات میں لازمی طور پر بیرسٹرز۔ وکلا اور قانون دان اشخاص پیروی کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں۔ اس لئے ہندی دانوں کے لئے یہ جاننا ضروری نہیں کہ ان کا وکیل کس زبان میں عرضی دعویٰ یا اُس کا جواب پیش کرے گا۔ ممالک مغربی و شمالی و اودھ میں مسلمان و ہندو عہدہ داروں اور اُن کے سررشتہ داروں وغیرہ پر جو ناگری نہیں جانتے اور جن کی تعداد ہزاروں سے کم نہیں۔ گورنمنٹ کے اس ریزولیوشن سے کوہ الم ٹوٹ پڑے گا۔ مسلمان جو پہلے ہی ہندوؤں کے مقابلہ کی وجہ سے ڈپٹی کلکٹری و دیگر اعلیٰ عہدوں سے محروم ہیں۔ اُن کے لئے حصول ملازمت کا دروازہ بالکل مسدود ہو جائے گا۔ تاوقتیکہ اُن کی نئی نسل پیدا ہو کر طفولیت سے ناگری زبان کی تحصیل نہ کرے۔ مگر اس امر کی ذمہ داری نہیں کی جا سکتی کہ اس وقت تک ہندی کے ساتھ

کیتھی زبان

کا بھی عدالتوں پر قبضہ ہو جائے گا۔ بالفعل جو طلبا انٹرنس یا کالجوں کے امتحانات پاس کر چکے ہیں یا کرنے والے ہیں۔ وہ ناگری نہ جاننے کی وجہ سے ریزولیوشن کے بموجب عدالتوں میں ملازمت حاصل نہیں کر سکتے۔ اب تک عدالتوں کے جو کاغذات صرف اُردو میں چھپوائے یا لکھے جاتے تھے آئندہ ناگری میں بھی تحریر یا طبع ہوا کریں گے۔ جس کی وجہ سے گورنمنٹ کا خرچ اور عملہ کا کام غیر معمولی حد تک بڑھ جائے گا۔ ریزولیوشن مذکور میں ہندی زبان کو پانچ ڈویژنوں میں زیادہ مروج بتایا گیا ہے۔ بالفرض محال اگر اسے تسلیم بھی کیا جائے تو معلوم نہیں کہ معدودے چند ڈویژنوں کے لئے ممالک مغربی و شمالی و اودھ کے تمام صوبوں کو مشکلات میں مبتلا کر دینا کس مصلحت پر مبنی ہے۔ ریزولیوشن میں جن ڈویژنوں کا نام لیا گیا ہے اب اُن میں کوشش کی جا رہی ہے کہ عدالتوں میں ناگری زبان میں کثرت سے عرضیاں داخل کی جائیں۔ تاکہ گورنمنٹ کا ریزولیوشن غلط ثابت نہ ہو۔

۱۶ مئی کے اخبار پنجاب آبزرور لاہور میں لکھا ہے کہ کسی اہل قلم نے اب تک اس بات پر زور نہیں دیا کہ گورنمنٹ صوبجات مغربی و شمالی کا یہ ریزولیوشن پولیٹیکل ایجیٹیشن کا نتیجہ ہے۔ شاید معاصر نے اس مضمون پر پیسہ اخبار کے گذشتہ نمبر نہیں دیکھے۔ جن میں ناگری کی حمایت کو صرف ہندی ایجیٹیشن سے منسوب کیا گیا ہے۔

عشرۂ محرم پر فساد — افسوس ہے کہ اس سال عشرۂ محرم دو مقامات پر فساد انگیزی و کشت و خون کے بغیر نہ گزر سکا۔ ضلع

گورکھ پور میں عاشورہ کے روز ایک باولی میں حسب دستور قدیم تعزیئے ٹھنڈے کرنے پر پولیس اور تعزیہ داروں میں تکرار ہو پڑی۔ ایک زمیندار جس نے اس تالاب کی مرمت کروا دی تھی۔ پولیس کی حمایت سے اس جگہ تعزیئے ٹھنڈے کرنے کا مزاحم ہوا۔ پولیس نے مجمع پر فائر کئے اور سنگینوں سے اُس پر حملہ کیا۔ اس جابرانہ طریق سے فساد تو رُک گیا۔ مگر فائروں اور سنگینوں پر ایک آدمی بھینٹ چڑھا اور چار مجروح ہوئے۔ جودھپور میں اسی تقریب پر ہندوؤں اور مسلمانوں میں سخت کشت و خون۔ آتش زدگی اور مقدس مذہبی عمارات و کتابوں کی اہانت ہوئی۔ راجپوتانہ کے اخبارات میں اس کی کیفیت پڑھنے سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ راجپوتانہ گزٹ و معین الہند جو اجمیر سے شائع ہوتے ہیں فساد مذکور کے متعلق اُن کے مضامین کا خلاصہ یہ ہے کہ جودھپور میں جس راستہ سے تعزیئے گزرتے ہیں۔ اُس میں ایک بہت بڑا پیپل کا درخت ہے۔ جس کی شاخیں تعزیوں کو راستہ دینے کے لئے آٹھ نو سال سے باندھ دی جایا کرتی تھیں۔ اور پولیس بھی حسب انتظام موجود رہا کرتی تھی۔ اب کے نہ تو شاخیں باندھی گئیں اور نہ پولیس ہی وہاں متعین کی گئی۔ جب تعزیہ اس درخت کے قریب پہنچا تو بیشتر برہمنوں نے اس پر کوٹھوں سے پتھر برسائے جس سے متعدد مسلمان زخمی ہوئے۔ اور تعزیہ ٹوٹ کر گر پڑا۔ مسلمانوں نے ٹوٹے ہوئے تعزیئے کو اٹھا لیجانے کی کوشش کی۔ سنگباری کے ساتھ ہی انہوں نے مسلمانوں کے چند پوش گھروں کو آگ لگا دی۔ جس پر مسلمانوں نے پیپل کے درخت کو کاٹ ڈالا۔ اس درخت کے گرنے سے ایک چھوٹا سا مندر جو اس کے نیچے تھا ٹوٹ گیا۔ مسلمان تعزیئے کا ڈھانچہ لے کر چلے گئے۔ لیکن برہمنوں نے اسی پر بھی اکتفا نہ کرکے ایک متصلہ مسجد منہدم کر دی۔ اُس کی چھت دو کانوں میں آگ لگا دی جن میں دو مسلمان لڑکے جل کر مر گئے۔ علاوہ ازیں مسجد کے منبر۔ محراب۔ کواڑ۔ فرنیچر۔ حجرہ وغیرہ بھی منہدم یا آگ کے حوالے کئے گئے۔ نیز مذہبی مقدس کتابوں اور کلام مجید کی بھی سخت توہین کی گئی۔ اور آس پاس کے مسلمانوں کے گھروں میں بھی آگ لگا دی۔ غرضکہ پانچ بجے شام تک ایک خوفناک طوفان محشر بپا رہا۔ ریاست کے اعلیٰ حکام اب مظلوم مسلمانوں کو ڈرا دھمکا کر اور ضبطی کا خوف دلا کر اس معاملہ کو رفت و گذشت کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے پہلے بھی مسلمانوں پر ریاست مذکور کے تشدد کے حالات اور افسروں کی متعصبانہ کارروائی کی کیفیت اخبارات میں شائع ہو چکی ہے۔ مگر اس فساد کے متعلق راجپوتانہ کے مندرجہ بالا اخبار کے بیان کردہ واقعات صحیح ہیں تو اُن سے صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کے حکام نے محکوم مسلمانوں کو ہر طرح تکالیف پہنچا کر مخرج ریاست کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ اور یہ بھی عجیب بات ہے کہ باوجودیکہ پولیس فساد کی خبر سن کر ہنگامہ کے ابتدا میں پہنچ گئی تھی لیکن امن و امان قائم کرنے کے بجائے وہ مسلمانوں کے گھروں کو آگ لگانے والے [illegible]

تمام باذوق اور علم دوست اصحاب نے تسلیم کر لیا ہے کہ "انتخاب لاجواب" لاجواب انتخاب ہے۔

اعدام اور شاہ کی مقدس کتابوں کی توہین کا تماشا دیکھتی ہی۔

سنہ ۱۸۴۰ء کا روپیہ

پیسہ اخبار کے کالموں میں بارہا گورنمنٹ کو پبلک اور عام ہندوستانی مسافروں کی اس سخت ناقابل برداشت تکلیف کی طرف توجہ دلائی گئی ہے جو ملازمین ریلوے سٹیشن کے سنہ ۱۸۴۰ء کے روپے کو مسترد کرنے سے اُن کو پہنچتی ہے۔ دراصل بات صرف اسی قدر تھی کہ بعض ریلوں کے اعلیٰ افسروں نے سٹیشن سٹاف کے نام اس مضمون کا حکم صادر کیا تھا کہ جب مسافر سودا اگر سنہ مذکور کا روپیہ دیں تو وہ غور سے دیکھ لیا کریں کہ آیا وہ روپیہ جعلی تو نہیں ہے۔ لیکن سٹیشن محض اپنی سہولیت اور جانچ پڑتال کی سردردی اور ذمہ داری سے بچنے کے لئے سنہ مذکور کا روپیہ لینا ہی قطعاً ترک کر دیا۔ جونکہ سنہ ۱۸۴۰ء سے سنہ ۱۸۶۱ء تک ٹکسال میں جس قدر روپے مضروب ہوئے اُن سب پر یہی سنہ مرقوم ہے۔ اس لئے ان روپیوں کی مقدار کچھ کم نہیں۔ چنانچہ تخمینہ کیا گیا ہے کہ جس قدر روپیہ آجکل ہندوستان میں گردش کر رہا ہے اُس میں ایک تہائی ایسے روپے ہیں جن پر سنہ ۱۸۴۰ء لکھا ہوا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس قدر کثیر التعداد رائج الوقت روپے کے لینے سے سٹیشن سٹاف کا انکار کر دینا پبلک کی کس قدر تکلیف اور اشکال کا باعث ہو سکتا ہے۔ خوشی کی بات ہے کہ گورنمنٹ ہند کے پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ نے حال میں ایک جدید سرکلر رو سے اس شکایت کو جو حضور قیصرۂ ہند کے سکہ کی بے اعتباری کا موجب تھا بوجہ احسن رفع کر دیا ہے۔ آئندہ صرف ایسے روپیے لینے کی ممانعت کی گئی ہے جو ناقص جعلی یا جائز استعمال کے سوا کسی اور طرح وزن میں کم ہو گئے ہوں۔"

رنگون کے شرمناک مقدمہ کا خاتمہ

رنگون میں جو فوجی گوروں نے ایک بوڑھی عورت مسماۃ مہگون سے زنا بالجبر کا ارتکاب کیا تھا۔ اور افسروں کی پردہ پوشی سے عدالت سے انصاف نہ ہو سکا تھا اب اس بارے میں سررشتہ کے آخری احکام صادر ہو جانے سے یہ شرمناک واقعہ بالکل سینچ پر ریویو شدہ ہو گیا ہے۔ اول بلیک وسٹ کنٹ رجمنٹ کے کرنل اور سرجنٹ دونوں ملازمت سے کنارہ کش ہونے پر مجبور کئے گئے ہیں۔ ایڈجوٹنٹ کو بھی استعفا دینا پڑا۔ اور جو آفیسر گورے براہ راست اس مقدمہ میں ملوث و سرغنہ تھے ملازمت سے موقوف کر دئے گئے۔ ایسے شرمناک سکنڈل میں فوجی حکام کا اس قدر نوٹس لینا بھی تشکریہ کا مستحق ہے۔ لیکن جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بیس گوروں نے جو حضور ملکہ معظمہ کی فوجی وردی پہنے ہوئے تھے۔ ایک بوڑھی عورت سے زبردستی وہ قبیح حرکت کی جس کے تصور ہی سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اور جس کے صدمے سے مسماۃ مہگون کچھ عرصہ مجنوط الحواس دیوانہ رہ کر آخرکار تھوڑے ہی دن ہوئے کہ دنیا سے چل بسی۔ اور پھر جب اس کے ساتھ اس امر کا خیال آتا ہے کہ حال ہی میں پنجاب میں ایک دیسی کو ایک عیسائیہ لڑکی پر حملہ کرنے کے جرم میں نہایت سنگین اور عبرت انگیز سزا دی گئی ہے۔ تو اُس کے

مقابلے میں وسٹ کنٹ رجمنٹ کے ان بدچلن گوروں کی سزا نہایت ہی خفیف و برائے نام معلوم ہوتی ہے۔

طلبائے امریکہ کا خردسال سفیر

رچرڈ فرانسس سمتھ جس کی تصویر ذیل میں دی جاتی ہے ایک سولہ سال کی عمر کا لڑکا ہے جسے امریکہ کے طلبائے مدارس نے اپنی طرف سے سفارتاً اوم پال کروگر پریسیڈنٹ ٹرنسوال کے پاس روانہ کیا ہے۔ یہ ہر نوع اُسلوب تجویز کا عجیب نرالا سفیر متصور ہونے کے لائق ہے اس کی ہستی و حالات اور عام قابلیت کے بارہ میں صرف اس قدر کہنا کافی ہوگا۔ کہ باوجودیکہ اس سے زیادہ عمر کے طلبا موجود تھے مگر سب نے اسی کو ایسا وکیل و ڈیلیگیٹ بنانا پسند کیا۔ اُس عرضداشت پر جسے وسٹمنسٹر نیویارک کے طلبا وغیرہ کے ۲۱۸۴۵ طلبا کے دستخط



رچرڈ فرانسس سمتھ

ہیں۔ مسٹر کروگر سے ٹرنسوال کی آزادی برقرار رکھنے کے متعلق موجودہ جنگ میں ہمدردی ظاہر کی گئی ہے۔ جب یہ سینٹ لوئس میں سوار ہو کر سوتھمپٹن کو روانہ ہوا۔ تو کثیر التعداد باشندوں اور سٹر فلا ڈلفیا اور ہاں کے اخبار نے بھی اس کی شاعت کی۔ فرانسس سمتھ پیرس۔ مارسیلز۔ سویز۔ عدن۔ میڈیگاسکر اور بیرا ہوتا ہوا لورنکو مارکوس میں سٹیمر سے اتریگا۔ اور پھر وہاں سے بذریعہ ریل کے پریٹوریا جائیگا۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ اس کی واپس آ جانے کی توقع کی جاتی ہے۔ نیویارک پہنچنے سے پہلے یہ آمد و رفت میں ۲۰ ہزار میل راہ طے کرتی پڑیگی۔ لالہ ڈسٹرکٹ کے ایک اخبار نے تشہیر اشتہارات کے لئے اس کی خدمات حاصل کی ہیں۔ ایک رپورٹر بھی اس کے ہمراہ ہے۔

ہندوستانی چاء کی تجارت میں ترقی

تجارت چاء تازہ سرحد کے ممالک میں مستقل ہو رہی ہے۔ لیکن چینی چاء کی صورت میں اس کا ایک نہایت کسی قدر زوال پذیر دشمن بھی موجود ہے۔ سال ماسبق کے گذشتہ نو ماہ میں تقریباً ایک ملین پونڈ چاء برٹش انڈیا سے باہر بھیجی جا چکی ہے۔ اس کا ⅓ حصہ صرف کشمیر میں فروخت ہوا۔ باقی ⅔ کے خریدار افغانستان و بلوچستان ہیں مگر موخر الذکر ہر دو ممالک میں ہندوستانی چاء کا زیادہ صرف نہیں ہوا۔ تاہم امید ہے کہ یہاں بھی رفتہ رفتہ چین کی جگہ چاء ہندوستانی چاء کو ترجیح دیجائیگی۔ سکم میں ۱۲ ہزار پونڈ چاء بھیجی گئی۔ منی پور ناگا اور شمی پرگنہ ہی تطلق تجارت شدہ بالا علاقے میں عدم خریداری کی وجہ سے اس بازار سے خارج رہے جس قدر چینی چاء بمقابلہ دیسی کے تازہ سرحد میں استعمال کی گئی۔ بلحاظ قیمت وہ ہندوستانی چاء سے نصف اور بلحاظ وزن اُس کا ⅔ حصہ ہے۔ ⅔ چینی چاء کابل [illegible] میں صرف ہوئی۔ بقیہ باجوڑ کا حصہ ہے۔ لیکن علاوہ برسر ممالک میں بھی اب سال بسال چینی چاء کی مانگ دن بدن کم ہوتی جاتی ہے اور اُس کی جگہ ہندوستانی چاء لے رہی ہے چونکہ چینی چاء بمقابلہ ہندوستانی کے دگنی گراں ہے۔ اس لئے اہل افغانستان و بلوچستان جو کچھ زیادہ متمول نہیں ہیں رفتہ رفتہ گراں قیمت چینی چاء کا استعمال ترک کر دیں گے ہند میں باغیچہ جات چاء کے مالک عموماً یورپین ہیں۔ اور دیسی علاوہ قلیوں کے اُن کے باغیچوں میں کام کرتے ہیں۔ پس اگر ہندوستانی چاء کی ترقی تجارت سے اگر کسی طبقہ کو خصوصیت سے نفع پہنچ سکتا ہے تو وہ یورپین ہیں۔

رائل کمیشن کی رپورٹ اور محاصل ہند کا اختلاف

سنہ ۱۸۹۶ء میں جو رائل کمیشن لارڈ ویلبی کی صدارت میں اخراجات ہند پر غور کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھی۔ اس نے آخر کار پانچ سال کے بعد اپنی رپورٹ شائع کر دی ہے چونکہ سر ولیم ویڈربرن مسٹر کین دستور اور داداجی نوروجی ممبران کمیشن کو اس رپورٹ کے مضمون سے اتفاق نہ تھا اس لئے انہوں نے اپنی علیحدہ رپورٹ ہوم گورنمنٹ کے حضور میں پیش کی ہے۔ اردو دہلی گزٹ کہتا ہے کہ ہندوستان کا مالی سال ۳۱ دسمبر کو ختم ہو جانا چاہئے۔ اس طرح آمد و خرچ کی فہرستیں درجہ تکمیل کو پہنچ جائیگی۔ اور بجٹ پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت نہ رہیگی۔ ان کے خیال میں ہندوستان کا مالی انتظام نہایت عمدہ اور بیداغ ہے۔ البتہ کونسل میں غیر منصرفی [illegible] نگرانی حساب کا عنصر قسم [illegible] سر مستر [illegible] ہندوستان کا قرض ادا کرنے [illegible] [illegible] پر انگلستان میں ایک مستقل سرمایہ قائم [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] دوسرے الفاظ میں عام اتفاق سے تعبیر کیا جا سکتا ہے [illegible] غیر ممالک کے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] ہندوستان کی [illegible] ممالک میں جنگی فسادات کے [illegible] اس کے [illegible] کی [illegible] کے لئے ہیں ہندوستان و انگلستان [illegible] واجبی حصہ ادا کرنا چاہئے [illegible] اخراجات کی مقدار دونو [illegible] تقسیم ہونی چاہئے لیکن اس مشکل مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ممبران کمیشن نے [illegible] قرار دیا ہے کہ یورپ و افریقہ [illegible] کے ممالک پر [illegible] ہندوستان کا تعلق کوئی فائدہ نہیں اور نہ اسے کوئی دلچسپی ہو سکتی ہے۔ مسٹر دادا بھائی سر ولیم ویڈربرن اور مسٹر کین نے اپنی علیحدہ [illegible] سفارش کی ہے۔ ہندوستان کے مالی معاملات میں [illegible] ایک نام نہاد [illegible] کو اصلی اور واقعی نگرانی سے تبدیل کیا جائے۔ کلکتہ کونسل میں بجٹ [illegible] کے بعد ہر سال ہر آف کامنز کی طرف سے [illegible] بحث پر غور کرنے کے بعد رپورٹ کرنے کے لئے ایک سلیکٹ کمیٹی مقرر کیا کرے [illegible] کیا ہو کہ و اسرائگل کونسل کے غیر سرکاری ممبر [illegible] ہندگان ہند کے اصلی اور صحیح قائم مقام ہوں ان کو بجٹ پر ترمیمات پیش کرنے کا اختیار دیا جاوے [illegible] اور پروانشل لیجسلیٹو کونسلوں کے [illegible] ممبروں کی تعداد بڑھائی اور [illegible] ہندوستانیوں کو سکرٹری آف سٹیٹ کی کونسل میں جگہ دی جاوے [illegible] وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں بھی کم سے کم ایک ہندوستانی ممبر کا ہونا لازمی ہے [illegible] لارڈ لینسڈون کی [illegible] اخراجات بہت کچھ کم ہو سکتے ہیں۔ اعلیٰ عہدوں پر ہندوستانیوں کو مامور کرنے سے [illegible] انگریز افسروں [illegible] تنخواہ ہو کر ہندوستان محفوظ رہیگا [illegible] ہندوستان [illegible] رکھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے اور نہ وہ [illegible] اخراجات کثیر کا متحمل ہو سکتا ہے۔ ہندوستان و انگلستان [illegible] جب کبھی فوجی اخراجات کی ادائگی کے متعلق اختلاف پیدا ہو تو اس کا فیصلہ [illegible] کونسل کی جوڈیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ اور اس کمیٹی میں ایک ہندوستانی جج بھی شامل ہو۔ بنگال۔ مدراس بمبئی [illegible] پریزیڈنسی کی طرف سے ہاؤس آف کامنز میں [illegible] ممبر کا ہونا نہایت ضروری اور اہل ہند کے اطمینان کا باعث ہوگا۔

جیسور بنگال میں ایک [illegible] سالہ لڑکی ایک مرد کو قتل کرنے کے جرم میں گرفتار [illegible] لڑکی کے شوہر اور والدین کی عدم موجودگی میں مقتول اس کے گھر میں داخل ہوا اور اس نے [illegible] کا ارادہ کیا لڑکی نے [illegible] اور خود کو [illegible] ایک [illegible] نکال لائی [illegible] اس بدمعاش کا کام تمام کر دیا [illegible] مگر جج نے اس سے اتفاق نہ کر کے [illegible] سپرد کیا ہے۔

[illegible] کی کیفیت انجمن نے تمام رسالہ ماہ مارچ چھاپ کر شائع کر دی ہے۔ اس میں وہ تمام لکچر اور نظمیں جو جلسے کے موقع پر پڑھے گئے تھے درج ہیں۔ اس سے پیشتر مولوی نذیر احمد صاحب دہلوی اور بعض دیگر اصحاب کے لکچر علیحدہ چھاپ کر انجمن فروخت کر رہی تھی۔ مگر اس مرتبہ وہ سب اسی جلد میں موجود ہیں۔ اس لئے انجمن کے ۱۵ ویں سالانہ جلسہ کی روداد ریویو تین سو صفحہ حجم کی ہے۔ اس میں بالکل دلچسپ مطالعہ کا سامان بھرا ہوا ہے۔

مسٹر [illegible] کی رہائی اور ان کو ملک [illegible] جانے کی خوشی صرف بنگالستان میں محدود نہیں رہی۔ ملک کراچی۔ آگرہ۔ کلکتہ۔ لکھنؤ۔ شملہ میں بھی اس خوشخبری پر نہایت مسرت ظاہر کی گئی ہے۔ لاہور کی اسلامی انجمنوں نے انعقاد مجالس اور [illegible] سے اپنی فرحت و انبساط کا ثبوت دیا۔ ۲۲ کو بعض لوکل و [illegible] کی تقریب میں تعطیل رہی۔ اور انجمن حمایت اسلام کا لج بھی بند رہا۔ علاوہ بریں اسی روز انجمن موصوف کے کالج متعلق سٹاف اور طلبا کا ایک [illegible] جلسہ بغرض اظہار مسرت [illegible] کالج میں منعقد ہوا۔

ممالک مغربی و شمالی و اودھ کی عدالتوں میں دو حلال ناگری کے خلاف اضلاع لکھنؤ۔ بارہ بنکی [illegible] بادمین پوری۔ [illegible] وغیرہ میں جلسے ہوئے اور اس کی منسوخی کے لئے بالاتفاق رزولیوشن پاس کئے گئے۔ قدر دان زبان تو مدت سے سنتے آئے ہیں مگر گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی نے عدالت [illegible] زبان کبھی قائم کر دکھائی ہو

ریویو

اودھ ریویو ماہ مارچ ۱۹۰۸ء۔ اردو زبان کے ماہوار رسالوں میں اودھ ریویو [illegible] تصویریں نرالی ہیں۔ اول یہ اس کے ہر نمبر میں ایک قلمی تصویر کسی مشہور آدمی کی ہوتی ہے۔ دوم یہ کہ اس کی [illegible] جلد بھی بندھوائی جاتی ہے [illegible] نظر اس کے متنی رکھی واس [illegible] تاہم معلوم ہوتے ہیں۔ حوالہ رسالہ کو ہر طرح دلچسپ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مارچ کے رسالے میں [illegible] امیر علی صاحب رضوی جج ہائی کورٹ کلکتہ [illegible] اس کے علاوہ طفلی سے شباب تک [illegible] اور ان کی تربیت [illegible] اچھے پڑھنے کے قابل مضمون [illegible] ناول دربار اودھ کا تتمہ درج ہے۔ اودھ ریویو [illegible] دوسرے ماہوار رسالوں پر [illegible] ہے۔ افسوس ہے کہ اودھ ریویو کی قیمت [illegible] ہے۔

فسانۂ [illegible] بالکل سچ ہے کہ اردو زبان میں مستورات [illegible] کتابیں بہت کم لکھی گئی ہیں [illegible] پہلے عورات کی تعلیم یافتہ [illegible] ہندوستان کو ایسی تصنیفات کی بہت بڑی ضرورت [illegible] کیونکہ [illegible] دماغی تربیت کو [illegible] فسانہ [illegible] صاحب [illegible] عورتوں کے پڑھنے کے لئے لکھا ہے جس میں [illegible] اور [illegible] نہایت خوش اسلوبی میں بیان کئے گئے ہیں۔ اس کا مطالعہ [illegible] غرضکہ ہر [illegible] عورتوں کے لئے مفید ہے [illegible] داری اور حفظ صحت [illegible] طرز تحریر نہایت سادہ اور عام فہم اور دہلی کی بیگمات کی بول چال کا دلچسپ نمونہ ہے۔ [illegible] ایک روپیہ قیمت ادا کرنے پر مصنف صاحب [illegible] سے مل سکتا ہے۔

سفرنامہ بانڈا۔ امہات المومنین کے جواب میں نامہ نگار تحفہ محمدیہ کی خاطر [illegible] سید احمد شاہ شائق نے فحش سمجھ کر مالک اخبار و نامہ نگار پر [illegible] کیس دائر کر دیا تھا اور مستغیث نے پادری حسام الدین صاحب ایڈیٹر کشف الحقائق بمبئی کو بطور گواہ طلب کرایا تھا۔ پادری صاحب [illegible] بمبئی اور بانڈا کے سفر کا حال بڑی وضاحت سے لکھا ہے [illegible] ریل میں یا [illegible] شہروں میں [illegible] سیاحت کی حالت [illegible] ان کو بھی اس میں مفصلا درج کیا ہے جس سے بجائے سفرنامہ ہونے کے زیادہ تر [illegible] ہو گیا ہے۔ [illegible] کتاب کا بھی [illegible] سفرنامہ میں ایک [illegible] پیسہ اخبار کا بھی ذکر کیا ہے جہاں لکھتے ہیں [illegible] خاں صاحب بانڈا کے [illegible] ان کے پاس [illegible] پیسہ اخبار آتا ہے [illegible] لوگ فیضیاب ہوتے ہیں۔ ..... بعض [illegible] پیسہ اخبار [illegible] نہیں مانتے کہ [illegible] اصحاب لیجاتے ہیں۔

تازہ شہادت ونکا خلاصہ

[illegible] ما لو مال [illegible] تحریر فرماتے ہیں [illegible] مضبوط لیور [illegible] بادیگرے منگائی گئیں اس وقت [illegible] مہربانی فرما کر ایک عدد مضبوط لیور واچ نمبر (۱) قیمتی [illegible] عنایت فرمائے ہو [illegible] ۲۸ فروری [illegible] مالک محمد [illegible] لکھتے ہیں [illegible] لیور [illegible] کو [illegible] ایک گھڑی چین کے [illegible] قیمت [illegible] مشکور ہونگا۔

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک جواب
آؤ تو ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

مضبوط لیور واچ نمبر (۱)

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible]

منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار کا سفر یورپ

معزز ہمعصر وکیل نے "اردو اخبار نویسی کی ترقی" کے عنوان سے ایک مفصل و مشرح مضمون لکھا ہے جس کا پہلا حصہ کے بعض فقرات اور آخری حصہ بکمال شکر گزاری درج ذیل کیا جاتا ہے۔

"ہندوستان سے ہزاروں شخص بطریقہ مذہب کے عام طور یورپ و امریکہ کو جاتے ہیں اور ہر سال ایسے لوگ جاتے رہتے ہیں۔ مگر سوائے چند نادر مشغلیات کے جن میں سے ہم ایک بھی ایسا ہو کہ [illegible] ... ایک کا مقصد عالم ذاتی اغراض سے تعلق رکھتا ہو گا سیر و سیاحت و تفریح تھا ... انگریزی یا پولیٹیکل ایجیٹیشن پھیلانے سے ... ہندوستان میں انگلستان کرما رہتے ہیں ... ممالک متمدنہ کی حیثیات علمی و ذہنی سے آگاہی حاصل کر کے ... قوم میں ... اپنی واقفیت سے مستفید کرنے کی حتی الامکان کوشش کی ... فقط ذاتی اور ایسے مطالب ... [illegible]"

معزز ہمعصر آفتاب پنجاب رقمطراز ہے:-

"(ایک ملکی ایڈیٹر کا سفر ولایت بحیثیت ایک اخبار نویس کے) سفر رفتنت مبارک باد بسلامت روی و باز آئی۔ ۱۲ مئی کے پیسہ اخبار سے معلوم کر کے کہ منشی محبوب عالم صاحب مالک و ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور ولایت کا سفر اختیار کرنے والے ہیں۔ مجھ بحیثیت ایک اخبار نویس کے کمال فرحت حاصل ہوئی اور میری دلی دعا ہے کہ خداوند کریم انہیں اپنے ارادوں میں کامیاب کرے جہاں تک عزم اقتباس کیا جاتا ہے وہ دیسی اخبارات کے لئے ولایت سے کافی معلومات کا ذخیرہ لا سکیں گے۔ اور جیسا کہ وہ خود لکھ چکے ہیں کہ 'میں یورپ کے مختلف ممالک کے اخبارات کی حالت اور صنعت و حرفت و تجارت کے طریقوں کو مشاہدہ کرونگا۔ میں دیکھونگا کہ ان ممالک کے اخبارات اپنی اپنی قوم کی بہتری کے لئے کیا کیا صورتیں اختیار کرتے ہیں۔ اور ہندوستان میں ان طریقوں سے کس طرح فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ میں صرف اسی غرض سے یورپ کا سفر اختیار کرتا ہوں کہ پہلے کی نسبت ناظرین پیسہ اخبار کی خدمت زیادہ عمدگی سے کر سکوں اور یہ خدمت زیادہ مفید ثابت ہو سکے۔'

ان سے پہلے بھی ... اس وقت ولایت میں ہم میں گمان کی اصلی غرض (جہاں تک میرا خیال ہے) ایک آدھ ہی (صرف اپنی ذات کو ہی مفاد دینے کا) پہلو لئے ہوئے ہے۔ وہ ولایت میں ایک اخبار نویس کی حیثیت سے نہیں گئے۔ مگر ہمارا لوکل معزز ہمعصر حس خیال اور نیت سے ولایت کا مراد ہے جس کا فرد کامل سیر و سیاحت کے لئے ہی جا رہا بشرطیکہ وہ ایسا کرے اس کام سے دست بردار نہ ہو جائیں ملک کے واسطے بہت فائدہ بخش ہو سکتا ہے .... اس وقت ناقلگاہ کی نمائش انسٹریٹ فرانس میں ... چھوٹے پیمانے پر کل دنیا کا نمونہ بنا ہوا ہے۔ وحشی سے وحشی قوم سے لے کر شائستہ ترین قوم کے نمونے وہاں جمع ہیں۔ اور ہر ایک کی طرز معاشرت اور طریق بود و باش کا چند گھنٹوں میں معائنہ ہو سکتا ہے ... ہمارے ... صنعت بازیگاہ میں ... سمجھنے میں نہ آسکے ...... مگر اردو زبان کے اخبار نویسوں میں ایک بھی موجود نہیں جس کو ان میں سے کسی کے دیکھنے کا موقع ملا ہو۔ اور اسی سبب سے ان کی عملی آگاہی اور ماہری کی سخت حاجت ہے۔ ... ممالک متمدنہ میں ... کھا گیا ہے۔

لیکن خوشی کا مقام ہے کہ ملک میں ایک ایسا اخبار نویس موجود ہے جس کی عجیب ہمت نے گوارا نہ کیا کہ وہ اور زیادہ عرصہ تک اردو اخبار نویسی کو اسی ذلت میں مبتلا دیکھے۔ مولوی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور نے برسوں کی محنت شاقہ اور دماغ سوزی سے اس مردہ فن کو رونق اور جلا دی ہے۔ ... پیسہ اخبار کے پڑھنے والوں سے مخفی نہیں ... جس حد تک ممکن ہو سکتا تھا اس مستقل مزاج ... کوشش کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اردو اخبار نویسی کے دامن سے ... داغ ... کو مٹانے کا بیڑا بھی انہی نے ... اٹھایا ہے۔ وہ محض ... غرض سے کہ اخبار ... ملک کی زیادہ عمدگی سے خدمت کر سکیں اور پیسہ اخبار کو اپنے ملک و قوم کا سچا خادم بنا سکیں ممالک یورپ کی سیاحت کو روانہ ہو رہے ہیں۔ ... جہاز پر ... سوار ہونگے اور مصر و روم ہوتے ہوئے پیرس جائینگے اور وہاں سے انگلستان۔ اسکاٹلینڈ اور جرمنی وغیرہ ممالک یورپ کی سیر کرینگے۔ ... ملک ان کی تربیت کے ... دولت کو ... ملک کو اس سے مطلع کرینگے۔ مولوی صاحب موصوف ملک پر ... ایک بہت بڑا احسان کرنے والے ہیں۔ جس کی قدر ... ملک پر فرض ہے کہ وہ مولوی صاحب کی غیر حاضری ... کارخانہ کی رونق کو بڑھانے میں حتی الوسع ساعی ہو ... تشریف لا کر ... اور تجارت ... مستفید کریں۔"

ولائیتی خضاب

اگرچہ آپنے آج تک سینکڑوں قسم کے خضابوں کا استعمال کیا ہوگا مگر ایسے عادہ معزز خضاب کا شاید ابھی تک استعمال نہ کیا ہو یہ خضاب مثل عرق کے ہے برش سے لگایا جاتا ہے اور صرف دو منٹ میں بالوں کو سیاہ کر دیتا ہے۔ یہ خضاب ... مشہور شئے ... ایک بکس ۲ ماہ کے لئے کافی ہے۔ ایک بکس منگا کر امتحان کریں۔ اگر تعریف کے برخلاف ہو تو آپ بلا تامل واپس کردیں۔ قیمت فی بکس ... امریکا بمثل روغن۔ اگر آپ کسی جگہ کے بال پیدا کرنے چاہیں تو یہ روغن منگا کر ... اس جگہ پر لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ دو ہفتہ میں بالوں کا آغاز شروع ہو جاویگا قیمت فی ...

معجون اکسیر اعظم۔ اگر آپ کو مقوی دوا کی تلاش ہو ... معجون منگائیں ... [illegible]

اپنے فن میں سب سے نرالی کتابیں

مجربات عجائب یہ نادر ... کتاب ہے جو ... اور جوانوں کو نوجوان بنا دیتی ہے ... حکمت میں اکمل بنانے والی یہی کتاب ہے ... تمام مجربات پر ... [illegible]

گورنمنٹ فرانس نے اس اعلان کی ... پیرس کا ... [illegible]

[illegible]

سفر کرنا ہوگا ہے۔ [illegible] ملک اور دیسی اخبارات کے لئے فائدہ بخش ہوگا۔

[illegible] بات حالی چلی ہے کہ ہم ہمیشہ باہم پیسہ [illegible] مگر یہ وقتی تحت نا اطمینانی ہوگی۔ اگر منشی محبوب عالم صاحب کی ان بیش بہا خدمات کا جو انہوں نے ملک اور قوم کی بہتری کے لئے کی ہیں اشارتاً بھی تذکرہ کیا جائے ... [illegible] کی مقبولیت عام لے [illegible] اشاعت ہزاروں [illegible] ہے اور اس وقت ہندوستان بھر میں کوئی دیسی اخبار کثیر الاشاعت کے ساتھ شائع نہیں ہوتا۔

مراسلات

حالات ملک مال

(پیسہ اخبار کے خاص نامہ نگار سے)

۱۲۔ اکتوبر ۱۸۹۹ء کو پانچ بجے ۳ بج کر دس منٹ گزرے تھے کہ ہم کو سمندر میں ۲۰ میل کے فاصلے سے [illegible] کا بندرگاہ نظر آنے لگا۔ اس وقت کی خوشی جو ہر ایک بشر کو ہوئی تحریر سے باہر ہے کیونکہ شب و روز پانی میں سفر کرنے سے [illegible] گئے تھے۔ اور بہت سے لوگ جہاز میں بیمار ہو گئے تھے سوائے اس حدود ملک کے مکان تھے۔ جو پانی میں جھکولے کھاتا اور جاتا تھا۔ اور کوئی چیز طبیعت کے بہلانے کی خاطر نہ تھی۔ ایک میل کے فاصلے پر ہمارے جہاز نے لنگر ڈالا۔ اور جہاز کا [illegible] ہوا۔ اس وقت کی سینری قابل دید تھی۔ کئی جہاز آتے جاتے نظر آتے تھے۔ سینکڑوں کشتیاں کنارے [illegible] تھیں۔ اور ماہی گیر مچھلیاں پکڑ رہے تھے۔ سامنے پہاڑ [illegible] ریت [illegible] عمدہ مکان بنے ہوئے تھے۔ [illegible] آدمی بندرگاہ پر نظر آتے تھے۔ غرض ۵ بجے ہمارا جہاز کنارے لگا۔ [illegible] کے بعد ہم سب [illegible] اور ٹکٹ بیاں [illegible] جہاز [illegible] آنا ہو گئے۔ اس وقت افریقہ کے سینکڑوں حبشی قلی آ موجود ہوئے۔ جو [illegible] اور [illegible] لوگوں کے کپڑوں [illegible] اور [illegible] [illegible] ہو گئے تھے۔ [illegible]

اشتہار

مفت راجہ گفت

[illegible] راحت [illegible] ہندوستان کی [illegible]

[illegible]

بڑے بڑے شہروں کے پر لگے تھے گو یاد پوزا معلوم ہوتے تھے۔ ہمارا اسپتال ایک مکین کی بارک میں اترا گیا۔ چونکہ ہم [illegible] کو جانے کے واسطے ابھی دیر تھی۔ اس واسطے ہم لوگ شہر [illegible] کو واسطے خرید و فروخت کے چلے گئے۔ شہر کی صفائی سے عقل حیران ہو گئی۔ سر بلند مکان بنگلے کے طور پر بنے ہوئے تھے۔ کوٹھی۔ ہوٹل اور انگریزی دوکانوں میں ہر قسم کی اشیا بڑے بڑے شیشوں میں سجائی ہوئی تھیں۔ اور تمام یورپین انگریز۔ میم اور [illegible] بازار میں نظر آتے۔ حبشیوں کی پولیس اور چند ایک ہندوستانی بھی نظر آئے۔ سارے شہر میں گیس کی روشنی ہوتی ہے۔ اور سکہ عام انگریزی پونڈ اور شلنگ کا چلتا ہے۔ [illegible] اوّل اس جگہ [illegible] کا سکہ چلتا تھا۔ مگر بعدہٗ بند ہو گیا۔ اس [illegible] انگریزی بولتے ہیں ہمارے ہندوستانی قلی اس [illegible] سے انگریزی بولتے ہیں کہ ہندوستان [illegible] (M. A.) اس سے بھی مقابلہ نہ کر سکے۔ یہاں ہر ایک چیز مہنگی ملتی ہے۔ ہندوستانی سکنوں بالکل قدر نہیں [illegible] [illegible] اور یہاں [illegible] کا اچھا ناگرا قیمت پر ملتا ہے۔ [illegible] بازاروں میں لٹکا رہتا ہے۔ کوئی کالا گورا [illegible] جو انگریزی فیشن کا آدمی ہو اس کا خوب گزارہ ہو رہا ہے۔ اور وہ یہاں خوش بھی رہیگا کیونکہ ہر ایک قسم کی انگریزی [illegible] ہے۔ یہ ایک دوسری ولایت ہے۔ ہمارے بمبئی کے سوداگر بھی یہاں دوکان کرتے ہیں مگر [illegible] ہندوستانی قلی خواہ مسلمان ہو یا ہندو سب انگریزی قمیض پہنتے ہیں۔ کوٹ۔ پتلون اور ٹوپی پہنے پھرتے ہیں۔ حرام حلال سب مل کر کھاتے پیتے ہیں۔ غرض [illegible] دین [illegible] یہاں [illegible] ہے۔ [illegible] لوگوں کو ملتی ہے۔ [illegible] خوشی سے کرتے ہیں [illegible]

(۱) [illegible] سردار صاحب [illegible] پارسل [illegible] بھیج گیا۔ از حد مشکور ہوں۔ اگرچہ آپ کا شربت [illegible] کا اصل [illegible] ہے مگر [illegible] خود اس سے فائدہ بھی ہے۔ بعد التعریف [illegible] دل ہیں نا اتنا سو ماضی ہے۔ [illegible] آنکھوں میں [illegible] ہو گئے تھے۔ آنکھوں میں سرخی رہتی تھی۔ میرے [illegible] اس مرض کا علاج سرکاری اسپتال [illegible] سول سرجن صاحب بہادر سے شروع کیا۔ چنانچہ چھ مہینے تک علاج ہوتا رہا۔ اس عرصہ کے بعد آنکھوں کو ذرا آرام معلوم ہوا۔ اور اس وجہ سے [illegible] اسپتال کا علاج جلد کر دیا کہ اب تو آرام ہے۔ مگر [illegible] دن کے بعد پھر تکلیف نظر آنے لگے اور آنکھیں سرخ ہو گئیں۔ پھر اسپتال کا علاج شروع کیا معلوم ہوا کہ جب تک دوائی آنکھ میں [illegible] تب تک آرام معلوم ہوا پھر دو چار روز دوائی ڈالنا بند کیا آنکھیں پھر ویسی ہی سرخ ہو گئیں پھر ایک دن خیال ہوا کہ آپ کا سرمہ آزماؤں میں نے ایسا ہی کیا۔ ایک ہفتہ سرمہ لگانے کے بعد [illegible] اور سرخی نابود ہو گئی۔ اور اس کے بعد آج تک کبھی نہیں ہوئی۔

راقم [illegible] ڈویژنل آفیسر اسسٹنٹ انجینئر مقام [illegible] ۱۸۹۸ء

میرے [illegible] کا اشتہار پیسہ اخبار کے صفحہ ۲۴ پر ملاحظہ کرو

ہیں ہر ایک بڑے آدمی کے ہندو قوم ہیں۔ وہ خود جا کر چیزیں لے آتے ہیں۔ ہندوستان کی طرح جھوٹی مہمانی کا ہرگز دستور نہیں ہے۔

[illegible] پہاڑی ہے۔ جہاں جہاں میدان ملا وہاں آبادی بنائی گئی ہے۔ اور ریل کے کنارے پر انگریزی بستیاں ہیں۔ ریل سے [illegible] افریقہ کے اصلی باشندوں کا گھر ہیں جن کا کوئی مذہب نہیں ہے۔ اس ملک میں دریا بھی ہیں اور چشمے بھی [illegible] دریا [illegible] ہے جہاں [illegible] لڑائی ہوئی ہے۔ ملک سرد و معتدل ہے۔ چونکہ [illegible] کے نزدیک ہے۔ گو گرمی [illegible] مگر ہندوستان سے کم نہیں۔ یہاں موسم برسات [illegible] بجلی زور سے کڑکتی ہے [illegible] [illegible] ہیں۔ [illegible] کئی۔ گنا۔ چاہ۔ کافی اور میوجات بہت [illegible] [illegible] ہوتا ہے

اس ملک میں زیادہ تر اصلی باشندے کافر رہتے ہیں جن [illegible] اور انگریز جن میں [illegible] لوگ [illegible] اور جرمن [illegible] ۲۵۰۰۰ اور ہندوستانی [illegible] ان کی تعداد ۵۵۰۰۰ ہے کل [illegible] (۴۴۲۰۰)

[illegible] کے مشہور شہر [illegible] اور [illegible] ہیں جو [illegible] کے بعد [illegible] زیادہ مشہور ہے یہاں [illegible] سوداگری [illegible] فروش [illegible] کا کام سب انگریز کرتے ہیں۔ جو لوگ [illegible] ہیں یہاں [illegible] جن کو [illegible] جوڑی بیل یا پانچ جوڑی [illegible] ہیں [illegible] کے واسطے دو کا فر درکار رہتے ہیں۔ ایک [illegible] (Driver) اور دوسرا لیڈر Leader [illegible] ملک ولایت [illegible] ہے۔ انگریزی قوانین و طرز [illegible] [illegible] نہیں بنتا۔ یعنی چپاتی وغیرہ [illegible] ہندوستانی [illegible] یہاں [illegible]۔ اور یہاں کے لوگ [illegible] عجوبہ خیال کرنے لگے۔

[illegible] یہاں کے اصلی باشندگان یعنی کافروں کے حالات لکھوں گا۔

راقم [illegible] نور حسین صابر

مفصل شکایات

جناب من۔ السلام علیکم۔ چونکہ میں پہلے آپ کو ایک کسی مالک اخبار "دو مینس ورلڈ" کی شکایت کی بابت لکھا تھا۔ سو بندہ جناب کا از حد متشکر ہے۔ کیونکہ جناب نے اس مضمون کو اپنے اخبار گوہر بار میں درج فرما کر ممنون و مشکور فرمایا۔ اب

ضرورت ہے

مجھ کو ایک معلم کی ضرورت ہے جو نستعلیق و انگریزی دونوں جانتا ہو اور پڑھا سکتا ہو جن صاحبوں کو ملازمت طلب کو دونوں زبانوں میں [illegible] حاصل ہو وہ خط مع نقول اسناد بھیج کر راقم سے تنخواہ وغیرہ کا تصفیہ کر لیں۔ [illegible]

المشتہر محمد [illegible] ضلع مظفر [illegible]

[illegible] ہے تو انتخاب لاجواب کا کالم جو اس مطلب کے لئے مخصوص ہے ملاحظہ کیجئے

میں حسب ہدایت اخبار اپنی پوری پوری شکایت لکھتا ہوں کہ اخبار پنجاب ۳ جمادی الاول سنہ ۹ ہجری کے صفحہ ... پر اخبار وومنیس ورلڈ کا اشتہار چھپا جس میں کمپنی مذکور نے حروف انگریزی سے ... لکھا ہوا تھا کہ جو شخص ان حروف سے پچیس یا زیادہ جانوروں کے نام بنا دیگا اس کو کمپنی مذکور دو سو پونڈ یا کم انعام دیگی - بشرطیکہ شخص مذکور اخبار وومنیس ورلڈ کا خریدار بھی ہونا منظور کرے اور انعام سب دیا جاویگا - جبکہ خریداری قیمت اخبار ایک سال اور نیز محصول ڈاک انعام کی بھیجی جاسے ... نو بجا سات ... پرندوں کے نام بنا کر کمپنی مذکور کے پتہ پر بھیج دیئے - اب ... مجھ کو دسمبر سنہ ۱۹۰۹ء کو کمپنی مذکور نے جواب لکھا کہ آپ کے پرندوں کے ناموں کی فہرست قابل انعام سمجھی گئی ہے سو آپ کو ہم ایک کلاک دکھنے کا انعام دیتے ہیں مگر پہلے آپ اخبار کی سال بھر کی قیمت اور محصول ڈاک انعام کا ... شلنگ اور دس پنس جو کہ قریباً چار روپے اور چھ آنے کے ہوتے ہیں بھیجدیں چنانچہ میں نے روپے بھیجدیئے اور ساتھ ہی ایک چٹھی لکھی - مگر تا حال کوئی جواب نہیں آیا - حالانکہ اس کے بعد کئی چٹھیاں لکھی ہیں مگر جواب ندارد - ... میری عرض ہے کہ مہربانی کر کے میری یہ شکایت کو اخبار گوہر بار میں درج فرما کر ... کو ... سے مطلع فرماویں *

مرسلہ ... کا خیرخواہ چودھری فضل احمد

انجمن معین المسلمین لاہور

اڈیٹر صاحب - انجمن معین المسلمین لاہور پر متعدد مضمون شائع ہوئے - مگر افسوس ہے مستقل مزاجی اراکین انجمن کو کسی نے جواب دینے کی پرواہ نہیں - افسوس ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ ان مضامین میں جو شائع ہوئے چند غلط اطلاع بھی لکھیں - مثلاً یہ خبر کہ فلاں فلاں نے نالش دائر کردی ہے اور سمن جاری ہوگئے ہیں معلوم ہوا ہے کہ یہ غلط ہے - دیکھئے کہ ہنوز انجمن کی کیفیت بدستور ہے ... اور روپیہ لیتے اور ووٹ برابر جاری رکھنے میں بدستور سرگرم - اس غلط اطلاع کا ایک خراب نتیجہ یہ ہوا کہ میں انجمن کو سبق وغیرہ پورا ... کرچکا تھا - مگر جب مجھ کو اطلاع ملی کہ چند نالشیں دائر ہوچکی ہیں میں نے مزید نالش فضول سمجھی اور یہ خیال کیا کہ ... ہی میں پورا قلع قمع انجمن کا ہوجاویگا اور سب طلسم ٹوٹ جاویگا - اور جب پردہ اٹھیگا تو بالکل صفا چٹ میدان نظر آویگا میں اس کا چندہ اب تک اٹھا سکتا ہوں مگر افسوس کہ اس اطلاع نے بازرکھا خیر جو ہونا تھا ... [illegible]

[illegible]

ہو تو پتہ چلے - پھر سکوت - آخر جب میں نے نالش کا نوٹس دیا تب مختصر جواب آیا کہ فقط چھ روپے وصول ہوئے ہیں - ... الحمد اکبر - اس انجمن کا کہاں ٹھکانا ہے - غرض میں نے بموجب رسیدات انجمن سے کی وصولیابی دکھلائی اور بقیہ رقم کی بابت لکھا کہ یہ روپیہ کہ بطور ہدیہ کلام مجید وصول کیا گیا ہے اور جو کتاب شائع نہ ہوگا - اور جس کا وعدہ واپسی کیا گیا ہے اور جو ہنوز واپس نہیں ہوا اس میں مجرا لیا جاوے - اس مسئلہ کا تو کچھ جواب نہیں آیا البتہ ایسی تردید پر سخت الفاظ غیظ و غضب کیا گیا اور کہا گیا کہ انجمن اس روپیہ کی ذمہ وار نہیں ہے نہ اس نے وصول کیا - دوبارہ عرض کیا گیا کہ ذرا ہوش درست کیجئے میں نے انجمن کا ایک ایک پرچہ باحتیاط رکھ چھوڑا ہے - ہمراہ چندہ ماہوار ہدیہ کلام مجید کی وصولی درج ہے - اس کا جواب ... تا کہ وہ ہدیہ واپس ہوگا - گو بفضلہ تعالیٰ چھ ماہ گزر چکے ہیں اس کا کچھ پتہ نہیں *

حیدر آباد کا ایک معتبر صاحب سے ... وصولی کی نقل رسید بھیجی - سکوت ... بلکہ شاید یہ خبر ... کہ میں بالکل آمادہ نالش ہوں - حسب ذیل صحیفہ آیا نقل مختصر مضمون یہ ہے - خط نمبر ۲۲۵۹ - مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۰ء - الحمد ... ہر آں چیز کہ خاطر ... آخر آمد نیس پردہ تقدیر پدید *

"اگر آپ پہلے ہی سے اعتراض نہ کرکے اصل رسیدات بھیجدیتے تو ہرگز یہ دقت واقع نہ ہوتی - لیکن اس میں ... اندراج غلط کے بھی آپ ... (ذرا اس تحریرات کو دیکھئے) بہرصورت اب صحت کردی گئی ہے - اب فقط یہ ... کہ آپ کا نام رسالہ میں شائع کرکے امداد دیجاوے" - اس کے بعد ایک نقشہ سرکاری رسیدات کے مطابق ... غلط ہے اور کچھ رقم معلوم ہے - مگر اب جرات ... ایک خفیف رقم کی بابت متعدد خط و کتابت کی نہیں ... نہ اتنا وقت نہ مہمل جوابات کا تحمل جس کا نتیجہ ہوتا ہے نہ ... منتظر ... رقم مطلوب بھیج دوں - لیکن کمیٹی ... جاویں ... تا کہ اس کی بابت ... قائم نہیں ہوئی *

ایک بات اور ہے ... [illegible] ... اور کر دیا تھا - لیکن ... [illegible] ... سالانہ ... نمبری ۳۰۴۰۱ ... چار ... بھیجا گیا ... کی بابت متعدد خطوط ... جواب نہیں ملا *

کبھی کبھی میری ... اقرار ... کے ... کرنا ہی ... عدالت ... ہے کہ اس امر سے مجھ کو صحیح اطلاع دیجائیگی یا کسی ... نالش کی ... ابتدا کروں *

مرقوم ... نعمانی ... ضلع ...

ایک ... صاحب ... سے لکھتے ہیں کہ -

انجمن ... کی بدسلوکی یہاں تک پہنچ گئی کہ ... اگر اصل روپیہ طلب کیا گیا تو اس کا بھی جواب تک نہ ملا - باوجودیکہ ۱۰ اپریل سے ... لکھ چکا ہوں ... سنہ ۱۹۱۰ء کو بذریعہ رجسٹری ... رسید ... لیکن انجمن سے کوئی جواب ... اماں ... اصل روپیہ کچھ نہیں ملتا اور نہ اس ... کا جواب ... [illegible]

[illegible]

	# یہ اولاد ... مجرب ... صحت ... اور ... قوت ...	
...	فوائد	نام دوا
[illegible]	اکسیر ... اولاد ... [illegible]	...
[illegible]	[illegible]	...

ہفتہ ئے زمین کی خبریں

ہندوستان

—— شملہ ۲۰ مئی کو ڈاکٹر کلوکسی کا ایک تار ملا ہے کہ جمہوری انجمن امریکہ نے گذشتہ ہفتہ پنجاب میں قحط زدگان ہند کی امداد کے لئے [illegible] روپیہ مزید امدادی کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔

—— نیز بمبئی سے تار ملا ہے کہ انجمن امداد کی طرف سے سیکرٹری کمیٹی کو دیئے گئے۔ اس وقت کرسچین ہیرلڈ کے دفتر میں اس کا فراخدلانہ چندہ جمع ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر کلوپسچ امید کرتے ہیں کہ وہاں اس کی مقدار ایک ملین ڈالر تک پہنچ جائیگی۔

—— کراچی میں ۲ مئی کو ۹ اشخاص مبتلائے طاعون اور ۸ فوت ہوئے۔

—— بمبئی میں اسی تاریخ کو ۲۰ مبتلا اور ۲۳ ضائع ہوئے۔

—— حضور قیصرہ ہند کی سالگرہ کی تقریب پر ۲۴ مئی کو ہندوستان کے تمام مقامات میں توپ سلامی سر ہوگی۔

—— مسٹر سکاٹ جو برہما چین کی سرحدی کمیشن کے انگریزی کمشنر ہیں عنقریب بیمبو پہنچنے والے ہیں۔

—— [illegible] کی سالگرہ کی تقریب پر ۲۵ مئی کو ... شملہ وغیرہ شہروں میں بہت خوشی ظاہر کی گئی۔

[illegible]

(لوکل و پراونشل)

—— خوجہ کمپنی کے مسٹر محمد علی بمبئی پریسیڈنسی کے مجسٹریٹ مقرر ہوگئے ہیں۔

—— منشی محبوب عالم صاحب مالک و ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور کو ان کے ۲۰ مئی کو سفر یورپ پر تشریف لیجانے کی وجہ سے ان کے معزز مسلمان احباب لاہور نے ۵ مئی کو اسلامیہ کالج ہال میں ٹی پارٹی دی۔ مفصل کیفیت آئندہ چھاپی جائیگی۔

—— ۹ جون کو شمس میں گھوڑوں اور مویشیوں کی نمائش ہوگی۔

—— پچھلے دنوں قحط کمیٹی پنجاب کا پانچ لاکھ روپیہ بینک بنگال میں جمع تھا جس میں سے ایک لاکھ روپیہ قحط زدہ اضلاع میں تقسیم کیا گیا۔

—— گورنمنٹ سرحدی ریلوں کو وسعت دینے کی تجویز میں مصروف رہی ہے۔

—— ہز ہائینس مہاراجہ صاحب پٹیالہ و راجہ صاحب فریدکوٹ کسولی میں تشریف رکھتے ہیں۔

—— جھنگ میں عیسائی ملازمان ریلوے کے لئے ایک قبرستان بنے گا۔

—— لدھیانہ میں بھی مسٹر دادا برش بہادر کرالوداعی ایوننگ پارٹی دی گئی۔ مسٹر سٹنی سمتھ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کانگڑہ کے اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل ریلوے پولیس مقرر ہوگئے۔

—— ہز اکسیلنسی لارڈ کرزن نے خالصہ کالج امرتسر کا مربی ہونا منظور کر لیا ہے۔

—— نزاوری دیہاں زمین کے انتقال کے لئے اراضی اور مالی کی نسبت جو حقوق حاصل کئے گئے تھے گو وہ قیمت توڑ دیا گیا ہے مگر یہ حقوق بالفعل واپس نہیں دیئے جائینگے۔

—— برٹش ایجنٹ گلگت کے اسکورٹ میں بجائے دیسی سپاہیوں کے امپیریل سروس ٹروپس کشمیر کے سپاہی متعین کئے جائینگے۔

—— لفٹنٹ گورنر پنجاب چہارشنبہ کو دوپہر کے بعد شملہ پہنچے۔

—— گذشتہ چند روز سے شملہ کا موسم خوشگوار نہیں ہے۔ ہر روز دوپہر کو بارش ہوتی ہے۔ چہارشنبہ کو سخت بارش کے ساتھ برف بھی پڑی جس سے باغات کے اثمار کو نقصان پہنچا۔

—— آخرکار یہ افواہ غلط ثابت ہوئی کہ مارتھ ویسٹرن ریلوے کا وہ حصہ جو سہارنپور و انبالہ سٹیشن کے نام سے موسوم ہے اودھ روہیلکھنڈ ریلوے کے تفویض ہونے والا ہے۔

ممالک غیر — جنگ جنوبی افریقہ

—— لاہور میں ۱۸ مئی اور اس کے رات کو خفیف سی بارش ہوئی جس سے موسم کسی قدر خنک ہوگیا۔

—— سردار بوٹا سنگھ ٹھیکیدار اور لیفٹنٹ سے اہل جنوبی افریقہ کے لئے جو دو رونے پیش کئے تھے وہ روانہ کردیئے گئے ہیں۔

—— سردار ہری سنگھ سابق انسپکٹر مدارس پنجاب نے امرتسر میں وفات پائی۔

—— لارڈ لینس ڈون نے قانون والنٹیران کی ترمیم کا مسودہ ہوس آف لارڈز میں پیش کیا۔

—— رو میں ایک پیغام تار ہیلیگنگ میں لکک پہنچ جانے کی خبر کی تصدیق کرتا ہے۔

—— لکک میفکنگ کے حالات کا بے صبری سے انتظار کیا رہا ہے کیونکہ اس بارہ میں تمام اور بلند رانے کے میں سمیا ہے کہ سپہ سالار کا نام بھی معلوم نہیں۔ جنگ کی نسبت ہنوز کوئی خبر موصول نہیں ہوئی۔

—— لنڈن میں لکک میفکنگ کے مژدہ پر ۹ مئی کو بڑی خوشی منائی گئی۔ لوگوں نے مکانات آراستہ کئے۔ جھنڈیاں لہرا رہی تھیں۔ ہر طرف لوگ گروہ در گروہ جلسہ بپا کر رہے تھے۔ عام جوش مسرت و انبساط کی وجہ سے بازار میں تجارت کا انتظام دشوار تھا۔ سلطنت کے ہر حصے سے خوشی منانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔

—— ۹ مئی کو سینٹ پال کے گرجا میں ٹی ڈیوم گایا گیا۔ لارڈ میئر اور شیرف غیر معمولی ہجوم خلائق کی وجہ سے راستہ نہ ملنے سے گرجا میں نہ آسکے۔ لارڈ میئر نے میفکنگ کو اس مضمون کا تار بھیجا ہے کہ جس قدر امدادی روپے کی ضرورت ہو۔ ہم بھیجنے کو تیار ہیں۔

—— ۱۸ مئی کو اس مضمون کا تار دیتا ہے کہ جنرل ہنٹل کلوکولن میں خیمہ زن ہیں۔ ۱۰ ہزار بوئروں کی ایک بھاری فوج ان کی پیش قدمی کو روکنے کے لئے وارد ہوئی ہے۔

—— سبر تھا نامی بوئر جو انگریزی سپاہ کے ہاتھ میں گرفتار ہوا ہے۔ وہ بوئر افواج کا کمانڈر انچیف جنرل بوتھا نہیں ہے۔

—— جنرل بلر لکھتے ہیں کہ ہم ۱۸ مئی کو لیڈی سمتھ سے روانہ ہوئے اور اب اس سے ۸۰ میل کے فاصلے پر نکل آئے ہیں۔ ہم نے دشمنوں کے چند سپاہی اسیر کئے ہیں اور ان کی کچھ گاڑیاں بھی ہمارے قبضے میں آگئی ہیں۔

—— بوئروں نے لنکس نیک کی ریلوے کا ایک ٹکڑا اڑا دیا ہے۔

—— پریٹوریہ میں سرکاری طور پر ظاہر کیا گیا ہے کہ جنرل گوبڈ [illegible] ۹ مئی کو تمام روز میفکنگ کی فوج لکک کا مقابلہ کرتا رہا۔ مگر بعد جنرل مڈر کو لڈر کا ایک افسر اس کی افواج کے بغیر بندوق سمیت ... جب پورٹ سنگ کو میفکنگ میں داخل ہونے کا موقع مل گیا۔

—— مسٹر کروگر نے اعلان دیا ہے کہ اب جو جنگ کی حالت اور سپاہ کا انتظام کیا جاتا ضروری ہے۔ اور گورنمنٹ کسی کے مال و جان کے نقصان کی ذمہ دار نہیں۔

—— مسٹر کروگر نے تمام بیرونی سلطنتوں کی امداد کی التماس سے درخواست کی ہے۔

—— جنرل فیلڈ مارشل ... سٹر کروگر نے ... التماس سے [illegible]

پانچ ہزار شیشیاں ست حیوان ٹیلی کی قریب شرائط ذیل نصف قیمت پر دی جاویں گی

اوّل یہ کہ ... زیادہ ست حیوان ٹیلی کی شیشیاں ایک شخص کے نام روانہ ہونگی مگر جب ایک دفعہ کوئی ... چند احباب ... بابت ... درخواست کریں ... منگا سکتے ہیں۔

دوم ... [illegible] ... جاگیرداروں اور ... کو ... نصف قیمت پر دی جاویگی۔

... ست حیوان ٹیلی ... نصف قیمت پر دی جاویگی۔

مشتہر ... (۱۶) اخبار ...

[illegible]

جنگ کے ترک کرنے اور بوئروں بعد اہل و عیال کی جانوں کی ضمانت دیئے جانے کی درخواست کی ہے۔ مدد کا فوں کے اطلاع اور جوہانسبرگ کے تباہ کرنے کی دھمکی دی ہے۔

—— جنرل ہنٹر رپورٹ کرتے ہیں کہ انگریزی سپاہ نے ڈاسلرس ہلیٹ۔ ٹروملی اور کلوکرلن پر قبضہ کر لیا ہے۔ دشمن لنیکان اور فکسبرگ کی طرف پیچھے ہٹ گئے ہیں۔

—— فری سٹیٹ والوں نے ۵۰ رائفلیں اور ۳ ہزار کارتوس حوالے کر دیئے ہیں۔

—— پوشوف میں ایک خیلہ کا رونٹ اور ۸۹ بوئروں نے ہتھیار رکھ دیئے۔

—— ہوپسٹڈ میں لارڈ میتھوئن نے ۲۵۰ رائفلیں اور چار پانچ ہزار کارتوس ضبط کیے۔

—— مسٹر ہسٹ نے بوئر ڈیلیگیٹان مصالحت کو مطلع کیا ہے کہ پریسیڈنٹ امریکہ جنگ سے بے تعلق رہنے کی پالیسی کو پسند کرتے ہیں۔

—— سر ایف۔ ملنر مسٹر چیمبرلین کو تار دیتے ہیں کہ ۷ مئی کو منینگنگ دشمن سے چھڑا لیا گیا۔

—— ریلوے لائن اڑا دینے کی وجہ سے جنرل بلر کی پیشقدمی میں چند روز کا توقف واقع ہوگا۔

—— جنرل ہنٹر سپاہیان قلعہ کے لئے بذریعہ ریلوے سامان رسد لا رہے ہیں۔ سلطنت مذکورہ کے مجروح اور بیمار کمبرلی منتقل کیے جائیں گے۔

—— لارڈ میتھوئن۔ لارڈ رابرٹس کی سپاہ کے ساتھ شامل ہونے کے لئے ہوپسٹڈ روانہ ہو گئے ہیں۔

—— ملکہ معظمہ نے بیڈن پاول کو میجر جنرل کے عہدے پر ترقی دی۔ وائسرائے ہند نے بھی ان کو تار مبارکباد روانہ کیا ہے۔

—— ڈیلی نیوز میں اس مضمون کا ایک تار شائع ہوا ہے کہ ۷ مئی کو انگریزی سپاہ نے بوئروں کی تمام فوج کو جو میفکنگ کے گرد تھی مع اتواپ گرفتار کر لیا۔

—— لفٹنٹ انگریزی نے ۱۰ ماہ حال کو بلا مقابلہ کلرسڈارپ پر قبضہ کر لیا۔ کرنل بیڈن پاول لکھتے ہیں کہ ۱۲ مئی کی صبح کو بوئر افسر ایلوف نے ۲۵۰ سپاہیوں کے ساتھ انگریزی کیمپ میفکنگ پر یورش کی۔ ایلوف کا دستہ منقسم ہونے کی وجہ سے محصور ہو گیا۔ تمام دن لڑنے کے بعد رات کو انہوں نے ہتھیار رکھ دیئے۔ بقیہ دشمن آتش فشانی سے پسپا کیے گئے جو دس مقتول اور ۱۹ زخمی چھوڑ گئے۔ علاوہ بریں ۸۰ قیدی جن میں ایلوف اور بوافسر اور متعدد جرمن ہیں ہاتھ لگے۔ انگریزی سپاہ کے چھ مقتول اور ۱۱ مجروح ہوئے۔

—— ہوس آف کامنز میں مسٹر براڈرک نے کہا کہ دیش کو رپا کے معاہدہ سے سلطنت انگریزی کے حقوق محدود نہیں ہیں۔

—— انگریزی سپاہ دریائے ... پہنچ گئی ہے ... ٹرانسوال کے ۲۷ ... برٹش لشکر کے قبضہ میں آ گئے۔

—— کرنل میتھوئن کا کالم ... میفکنگ میں داخل ہوا ... دشمن ... کا تھا۔

بعد بوئر پسپا ہوئے۔ کرنل کی سپاہ کے تیس آدمیوں کا نقصان ہوا۔ دشمن کا نقصان بہت زیادہ ہوا ہے۔

—— کرنل میتھوئن نے رپورٹ کی ہے کہ معتمد افسر کی ایک سکوڈرن پر جو نیوکیسل کی طرف مارچ کر رہا تھا بوئروں نے دفعتاً کمینگا سے نکل کر حملہ کیا۔ انگلش سکوڈرن کے بہت کم سپاہی بچ سکے۔ نقصان کی تعداد ۶۶ تخمینہ کی جاتی ہے۔ دو لفٹنٹ مفقود الخبر ہیں اور ایک ڈولا زخمی ہوئے ہیں۔

—— جنرل بلر نے ۵ سو سپاہی کرنل میتھوئن کو بھیجے ہیں تاکہ وہ نقو... جیسے دشمن خالی کر گئے ہیں۔ قبضہ کر لے۔

—— رپورٹ کی گئی ہے کہ بوئر دریائے ریلوسٹر پر اتواپ مورچہ بندی کر رہے ہیں۔ سیاق ٹریوں ... بعض سو بوٹھ... بھی نظر آتی ہیں۔

—— جنرل بلر اطلاع دیتے ہیں کہ لنیکس نیک پر کارپر بوئروں نے قبضہ کر لیا ہے۔

—— سٹالمس کی مخلصی کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ کرنل مہون دھیو کا کالم ۴ مئی کو بارکلی مغربی سے روانہ ہوا۔ اسے اطلاع مل گئی تھی کہ جنرل اکروجی کا بھتیجا جو ۳ ہزار سپاہ کے ساتھ اس کا راستہ روکنے کے لئے بھیجا گیا تھا وہ پیدیکیو کی جانب مراجعت کر رہا ہے۔

—— لیکن اس کا ۱۵ مئی کو ایک مخالف لشکر سے مقابلہ کرنا پڑا اس وقت تک آور کمکی دستے بھی کرنل مہون سے آ ملے تھے۔ یہ لڑائی سخت خونریز و ہولناک تھی سلاٹ ہارس نے ان کو مورچوں سے نکال دیا۔ اس کے بعد بوئروں نے ایک کار رسوا کی طرف رخ کیا جیسے میمیں ... نہ ... اس ارادہ سے باز رکھا اور انہیں مراجعت پر مجبور کر دیا۔

—— اس لڑائی میں انگریزی لشکر کے ۴ نفر مقتول اور ۲۰ مجروح ہوئے بوئروں کا نقصان اس سے بھی زیادہ تھا۔ ڈیلی میل کے نامہ نگار کے ... کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

—— کرنل پلمر ایلوف کی شکست کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ لڑائی ۱۶ گھنٹے تک ہوتی رہی۔ اس جنگ کا زیادہ تر حصہ

مرجا سود ... بہت پسند ... ہم اس ... میں منتخب ...

مسرز ایچ فیبرز اینڈ کمپنی صدر بازار انبالہ

ہندوستان بھر میں ... کے ... سے ...

... انبالہ چھاؤنی ...

...

... جس کے ... انگریزوں ... ہیں ... اور ان کے ... پیچھے ... فتح ... اور ... کی تعداد ... بھی گرفتار ہو گئے ہیں۔ ... افسر بھی گرفتار ہو گئے ہیں۔

—— اسی اثنا میں کرال سکیشن کے بوئروں نے ہتھیار رکھ دیئے لیکن بعض بچ کر نکل گئے۔ ۱۵ میل میں ... گئے۔ قیدیوں کی میزان ۱۳ ہے۔

—— المہا ... یا رگوبارس کی طرف ... جس طرح انہوں نے میفکنگ سے ... کا ارادہ کیا تھا۔ اسی طرح سے ... کر دکھایا۔

خطابات سالگرہ

۲۴ مئی ۱۹۰۰ء کو حضور قیصرہ ہند کی سالگرہ کی تقریب پر ہندوستان بھر میں یورپین حکام اور دیسی عہدہ داروں اور رؤسا و والیان ریاست کو خطابات عطا ہوئے ہیں۔ جن میں سے دیسی خطاب یافتگان کی فہرست ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ قیصر ہند کا جدید تمغہ پہلی مرتبہ اس تقریب پر یورپین پادریوں مشنری مسوں اور لیڈیوں کو مرحمت ہوا ہے جن کی فہرست طول ہے۔ اس طبقے کے بھی دیسی عزیزوں کے نام اقتباس کیے جاتے ہیں۔

(کے سی ایس آئی) مہاراجہ صاحب کرم ... ؛

(جی سی آئی ای) مہاراجہ صاحب ... ؛

(کے سی آئی ای) محمد حبیب اللہ خاں صاحب وزیر ... ؛

(سی آئی ای) دیوان بہادر ... راجہ رتنا ... جنرل مدراس۔ رائے بہادر کیلاش چندر ... پریسیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ۔

(خطاب مہاراجہ موروثی) مہاراجہ صاحب ...

(خطاب مہاراجہ ذاتی) راجہ صاحب ...

(خان بہادر) ... سردار خاں صاحب ... سابق اسسٹنٹ ... سپرنٹنڈنٹ پولیس پنجاب۔

(رائے بہادر) لالہ ... سری کرشن داس ... سہارنپور ... صاحب ... اسسٹنٹ ... پنجاب۔

(سردار بہادر) ... صاحب ...

(خان صاحب) ... خاں ... جمعدار ... پشاور۔

...

موجودہ زمانہ میں جو ترقی اس وقت تک ہو چکی ہے اس کا ...

[illegible]

نواب [illegible] مرزا [illegible]

[illegible] ڈپٹی کمشنر [illegible] ۔ بابو [illegible] منشی [illegible] تحصیلدار [illegible] (پنجاب)

[illegible] راجہ [illegible] ریاست [illegible] ۔ بابو [illegible] پنڈت [illegible] اسسٹنٹ [illegible] احمد آباد ۔ [illegible] اسسٹنٹ سرجن [illegible] صاحب [illegible] کلکتہ [illegible] منشی [illegible] الدین [illegible] تحصیلدار [illegible] مبارک [illegible] بابو [illegible] پرشاد [illegible] بنگال [illegible] کلکتہ [illegible] اسسٹنٹ [illegible] ریاست [illegible] سورت [illegible] الہ آباد [illegible]

[illegible]

Chamberlain's Colic, Cholera & Diarrhoea Remedy

چیمبرلین کالک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی

[illegible]

کتاب خزانہ لغت

یہ مجموعہ ہے تمام لغات عربی و فارسی و ترکی وغیرہ کا ہر ایک دنیوی شکایا [illegible] جو فوائد چند لغت کی کتابوں سے حاصل ہو سکتے ہیں وہ سب اس میں شامل ہیں مثلاً تلفظ کی صحت۔ لفظ کی اصلیت و تحقیق حقیقی و مجازی معنی۔ لغوی و اصطلاحی معنوں میں وجہ مناسبت ناموں کی وجہ تسمیہ۔ عربی لفظوں کا وزن و مادہ۔ مشتق لفظوں کا مصدر۔ دو قسم مرکب لفظوں کی تحلیل اجزا۔ مفرد و جمع۔ مصغر و [illegible] الفاظ متقابل و مرادف۔ مذکر و مونث۔ معرب و مفرس۔ مخففات و مبدلات۔ اصطلاحات و کنایات۔ امثال و محاورات۔ طریق استعمال الفاظ۔ فوائد حروف الحاقیہ۔ اغلاط مشہورہ وغیرہ۔ تخمیناً تیس ہزار لفظ۔ ضخامت آٹھ سو بیس صفحہ۔ مجلد تیار ہے۔ قیمت ۵ روپے علاوہ محصول ڈاک۔

درخواست بنام ذیل آنا چاہئے:

مولوی محمد [illegible] الدین قریشی پروفیسر گورنمنٹ کالج اجمیر شریف

سمن بغرض قرار داد امور تنقیح طلب

(دفعات ۶۴ و ۶۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی)

بعدالت صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر مقام لاہور

نالش دیوانی ۱۱۲ بابت ۱۸۹۸ء

ہر جہان مل ولد [illegible] لال [illegible] ولد رام رتن ساکن لاہور ۔ مدعی

بنام [illegible] ولد امیر بخش [illegible] امیر بخش [illegible] ساکن [illegible] ساکن اسٹریلیا

ہرگاہ مدعی نے تمہارے نام ایک نالش بابت [illegible] روپے جو بعد حساب آمد خرچ کی دائر کی ہے۔ لہذا تم کو حکم ہوتا ہے کہ بتاریخ ۳ ماہ اگست ۱۸۹۹ء وقت دس بجے دن کے اصالتاً یا معرفت وکیل عدالت مجاز حسب ضابطہ کے جو مقدمہ کے حال سے قرار واقعی واقف کیا گیا ہو اور جو کل امور اہم متعلقہ نالش کا جواب دے سکے یا جس کے ساتھ کوئی اور شخص ہو جو جواب کل ایسے سوالات کا دے سکے عدالت ہذا میں حاضر ہو اور جواب دعویٰ مذکور کا دو اور چونکہ وہی تاریخ جو تمہارے حاضر ہونے کے واسطے مقرر ہے انفصال قطعی نالش کے لئے مقرر ہوئی ہے پس تم کو لازم ہے کہ اسی روز اپنے جملہ گواہان کو حاضر کرو اور تم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور تم حاضر نہ ہو گے تو نالش بغیر حاضری تمہاری مسموع اور فیصل ہوگی [illegible] اپنے ساتھ دستاویز [illegible] [illegible] دوسری دستاویز [illegible] پیش کرنے کا [illegible]

[illegible] ۵ ماہ [illegible]

زر نقد سے اہل ہند کو امداد

ہم نے بغرض ہمدردی پبلک ایک کمیٹی بنام انجمن معاون ہند ۔ [illegible] ضلع کرنال میں قائم کی ہے جس کی امداد معقول اور بہت کم ہے ۔ [illegible] ایسے [illegible] کو ۳ [illegible] سال [illegible] ۔ [illegible] ادائے قرض [illegible] امداد [illegible] بھی [illegible] [illegible]

المشتہر نواب [illegible] سکریٹری انجمن معاون ہند [illegible] ضلع کرنال

برانڈی صاحب کا بنایا ہوا عرق گوشت کھیٹر

یہ صاحب [illegible] گوشت کا عرق ہے جس کی قسم آج تک [illegible] آمیزش یا کسی اور [illegible] کے بالکل [illegible] طریقہ کی کلوں کے ذریعہ سے نکالا گیا ہے ۔ اور [illegible] میں نکالا گیا۔

موسم گرما میں تو [illegible] بالکل [illegible] چلا ہوتا ہے لیکن موسم سرما [illegible] جیلی کی طرح جم جاتا ہے ۔ [illegible] لذیذ معلوم ہوتا ہے [illegible] دکھائی ہے [illegible] آئے [illegible] سکتی ہے ۔

المشتہر [illegible] اینڈ کمپنی [illegible] لاہور

ضرورت اُستاد یا اتالیق اور اُستانی

مجھ کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کے واسطے ایک استاد یا ایک اتالیق اور ایک استانی کی ضرورت ہے ۔ استاد فارسی و عربی کے کامل التحصیل خوش خط ۔ متشرع ۔ [illegible] متالیق [illegible] ۔ [illegible] شریف خاندان ہونا چاہئے ۔ استانی [illegible] فارسی پڑھا سکیں اور کلام مجید بھی پڑھا سکتی ہوں ۔ سلائی ۔ کشیدہ ۔ [illegible] کی تعلیم دے سکیں ۔ اور اگر کسی سرکاری مدرسہ کی سند یافتہ ہوں تو اولیٰ ہے ۔ [illegible] تنخواہ [illegible] دی جائے گی ۔ اور [illegible] قرار پاوے گی ۔ درخواست [illegible] آنا چاہئے ۔ اور درخواست کے ساتھ اسناد و [illegible] [illegible]

المشتہر محمد [illegible] ضلع علی گڑھ

[illegible] پنجاب [illegible]

[illegible]

المشتہر منشی امام الدین سوداگر ایک نظر ادھر بھی کیجئے دواخانہ انگریزی شہر متھرا

[illegible]	[illegible]	یعنی اردو زبان کے آخر [illegible] حصوں کا مجموعہ ہے	[illegible]
[illegible]	[illegible]	بندوں کے حقوق جو بندوں پر ہیں۔ ماں باپ بہن بھائی۔ بیوی اور دوست وغیرہ کے متعلق	[illegible]
[illegible]	اوراد [illegible]	اوراد کا بہت عمدہ مجموعہ ہے جو ایک مسلمان کے پاس ہونا ضروری ہے	[illegible]

بفضلہ تعالیٰ یہ کارخانہ ۱۲۷۰ء سے جاری ہے

جوب چینی

روغن

خیر الدین

شاہدین

سوداگران ادویات

حب قبض

عرق طحال

مرہم خارش

محصول ڈاک

ہر ایک دوا کا مع غذا

فرمایش کنندہ پتہ صاف اور خوشخط لکھا کریں

شاپٹو صاحب کا ماریول

یعنی

مچھلی کے تیل کا جوہر مفید جو شاپٹو صاحب کے نسخے کے مطابق کارخانہ گریالٹ اینڈ کمپنی واقع شہر پارس ملک فرانس مین تیار کیا جاتا ہے

[illegible]

[illegible]

فرانس کی اکاڈمی آف میڈیسن مین یہ بات متواتر تجربے کے بعد ثابت کی گئی ہے کہ ماریول کاڈلیور آئل سے بدرجہا بہتر ہے اور جتنے مرکبات اسکے قایم مقام ہونیکے لیے تجویز کیے گئے ان سب مین ناکامیابی ہوئی۔ کاڈلیور آئل کسی ایسی صورت مین بہتر نہین پایا گیا جیسا کہ شاپٹو صاحب نے ماریول کی ایجاد سے دکھلایا ہے۔ ماریول مین مچھلی کے تیل کا صرف جوہر مفید ہوتا ہے جو معدے مین نقصان کرتا ہے تیلی اور بدمزگی پیدا کرتا ہے وہ اسمین بالکل نہین ہے چھوٹی سی گول آسانی سے نگلی جاسکتی ہے نہ بدمزگی نہ بدہضمی ایک گولی ایک بڑے چمچے تیل کے برابر فایدہ دیتی ہے ماریول کے استعمال سے امراض صدر ہر قسم کی کھانسی، وہ رات کو پسینہ آنا۔ سینے مین درد ابتدائی دق رفع ہوتی ہے پہلی چند خوراک کے بعد نیند بخوبی آنے لگتی ہے اور اشتہا از سر نو عود کرآتی ہے

وہ بچے جنکو بھوک نہین لگتی ہے۔ جنکے رنگ زرد پڑجاتے ہین۔ جنکے داد پھوڑے پھنسیان بہت نکلتی ہین جنکے کان بہنے لگتے ہین یا جنکے اس قسم کے عارضے ناک اور گردن پر ہوتے ہین۔ جنکو نیند کم آتی ہے اور بے چینی زیادہ رہتی ہے انکو ماریول سے نفع بخش اور آرام وہ خواص جوان امراض کے رفع کرنیکے لیے ضروری ہین بہت جلد فایدہ ہوتا ہے۔ اور بھوک کے زیادہ ہوجانے اور تندرستی کے عود کرآنے سے اس دوا کے عجیب غریب خواص کا کامل ثبوت ملتا ہے۔

خوراک۔ پرہیز کچھ نہین صرف زود ہضم غذا نہ کھاؤ دن مین تین مرتبہ ایک یا دو گولیان کھانی چاہئین اثر کامل کیواسطے ایک زمانہ تک اس کا استعمال کرنا ہوگا امراض صدر کے مریضون کو معلوم رہے کہ اگر ماریول کے ساتھ گریالٹ صاحب کا لال شربت بھی پیا جائے تو دونون دوائین ملکر کیسی ہی پرانی بیماری ہو دور کرنیکے لیے کافی ہین ایک سے مرض دور ہوکر بدن مین فربہی آئے گی۔ اور دوسری سے سبب مرض یعنے بیماری کی جڑ جاتی رہے گی۔ ایک شیشی مین ستّو گولیان قیمت فی شیشی ۱؎ علاوہ محصول ڈاک۔

نصف قیمت ادویات میعاد اور شیشیوں کی تعداد ختم ہو گئی اب تمام ادویات پوری قیمت پر دی جاتی ہیں

روح جوانی بوٹی

روح طلا

روح جوانی بوٹی

روح جوانی بوٹی

اس کتاب [illegible] کی ہی

استعمال سے صرف ایک

ہفتہ میں سیر خون صاف

بدن انسان میں پیدا ہوجاتا ہے

بدن کو وزن کرو اور آزماؤ

روح جوانی والا طلا اکسیر

روح جوانی بوٹی

روح جوانی بوٹی

قیمت

المشتہر حکیم محمد علی پروپرائٹر فیاضی شفاخانہ مشہور صدر روح جوانی بوٹی [illegible]

ممیری کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں میڈیکل کالج کے پروفیسروں نیٹو ڈاکٹروں والیان ریاست اور لائق کی یونیورسٹی سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض چشم کے لئے اکسیر ہے ضعف بصارت تاریکی چشم دھند جالا پڑوال غبار سبل سرخی ابتدائی موتیا بند ناخنہ پانی جانا خارش وغیرہ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے ادویہ کے آنکھوں کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کراتے ہیں چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے اور عینک کی حاجت نہیں رہتی بچوں سے لیکر بوڑھوں تک یہ سرمہ یکساں مفید ہے قیمت اس لئے کم رکھی ہے کہ عام و خاص اس سرمہ سے فائدہ اٹھائیں قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لئے کافی ہے مبلغ دو روپے (عہ) ممیرے کا سفید سرمہ اعلیٰ قسم فی تولہ مبلغ تین روپے (عہ) خالص ممیری فی ماشہ مبلغ بیس روپے (عہ) مصری سرمہ فی تولہ (۴) خرچ ڈاک بذمہ خریدار ◆ درخواست کے وقت اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔ نقلی و جعلی ممیرے کے سرمہ کے اشتہاروں سے بچنا چاہئے ◆

المشتہر پروفیسر مایا سنگھ آہلو والیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور (پنجاب)

تازہ سند	ان سے بڑھ کر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے	تازہ سند

(۱) میں نے ممیرے کا سرمہ جو کہ پروفیسر مایا سنگھ نے تیار کیا ہے ان مریضوں پر جن کی آنکھیں بہت کمزور اور بیمار تھیں استعمال کرایا [illegible] سرخی [illegible] فائدہ [illegible] کی آنکھوں [illegible] رہتا ہے اور دھند اور غبار [illegible] یہ سرمہ بہت ہی مفید ہے۔ [illegible] ایل ایم ایس اسسٹنٹ سرجن [illegible] میڈیکل کالج لاہور حال آنریری سرجن گوردوارہ [illegible]

(۲) جناب پروفیسر مایا سنگھ صاحب [illegible] آپ کے یہاں سے [illegible] استعمال کیا [illegible] فائدہ ہوا [illegible] سرخی چشم دھند [illegible] ابتدائی [illegible]

[illegible] استعمال کیا۔ ممیرے کے سرمہ کے فوائد معلوم ہوئے [illegible] سرمہ [illegible] ڈاکٹر [illegible] الدین [illegible]

(۳) جناب [illegible] ایک مریض پر استعمال کیا [illegible] فائدہ ہوا [illegible] ڈاکٹر نوازش علی [illegible] ضلع سہارنپور

(۴) جناب من۔ میری آنکھوں [illegible] کا علاج کیا اور ڈاکٹران لاہور [illegible] صاحب بہادر [illegible] صاحب بہادر سے کیا۔ کچھ فائدہ نہ ہوا۔ آپ کے سرمہ کو [illegible] قیمت [illegible]

(۵) [illegible] محمد خان [illegible] صاحب [illegible] محمد خان صاحب [illegible] ملک ترکستان ◆

پانچ ہزار روپئے انعام

اگر کوئی شخص ممیرے کے سرمہ کی سندات میں سے جو قریب بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) کے ہیں ایک کو بھی فرضی ثابت کر دے تو اس کو مبلغ پانچ ہزار روپئے انعام دیا جائیگا جو لاہور کے میشنل بنک میں اسی مطلب کے لئے مارچ ۱۹۰۰ء میں جمع کیا گیا ہے ◆

مطبع [illegible] لاہور میں [illegible] محمد [illegible] کے اہتمام سے چھپ کر شائع ہوا

اگر
بینا
ہے تو دیکھو
اور اگر
شنوا
ہے تو سنو کہ
نورانی سرمہ
سے بہتر سرمہ موجود نہیں ہے ہزارہا حضرات اسکو آزما چکے ہیں اور اسکی تعریف کر چکے ہیں

مرمی کا بکس

قیمت آٹھ روپے

ہر ایک موسم میں قابل استعمال ہے

مردنامردی جو بچپن کی خواہشوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مرمی کا بکس استعمال کریں۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی (۱) روح حیات دو بوتل پانچ روپے (صہ) (۲) روغن عافیہ مستی ایک شیشی (للعہ) مادرزاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے علاوہ عالم شباب کی کثرت یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوائے انسان کو گوشہ ممانعت میں بٹھا دیتا ہے یہ معجز صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقتوں کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں پٹھوں کی کمزوری وغیرہ حکما اشرطیہ دور ہو جاتی ہے۔

روح حیات

بچپن کے زمانہ یا جوانی کی بے پروائی حالت میں باعث بے اعتدالیوں وغیرہ کے امراض کمزوری اعصاب پیدا ہو کر جو لوگ حظ زندگانی سے محروم ہو بیٹھے ہیں انکو چاہئے کہ اس مقوی باہ معجون کا استعمال کریں۔ دو یوم ہی میں قوت مردانگی کو بڑھانا شروع کر دیتا ہے۔

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے (عہ)

مشتہر اپی ڈاکٹر ... شفاخانہ عالم لاہور

PAISA AKHBAR
LAHORE

پیسہ اخبار

مرقع تصاویر حصہ اول

شہنشاہوں بادشاہوں نامور دن اور مشہور آدمیوں کی تصاویر کا سلسلہ

نمبر	نام تصویر
۱	حضور ملک معظم قیصر ہند و ملک انگلستان
۲	حضور پرنس آف ویلز ولیعہد انگلستان
۳	سلطان عبد الحمید خان ثانی شہنشاہ ٹرکی
۴	امیر عبد الرحمن خان والئی افغانستان
۵	شاہ مظفر الدین شہنشاہ ایران
۶	عباس حلمی پاشا خدیو مصر
۷	[illegible]
۸	[illegible]

حب خیری

حب خیری یا فیروز ز ذرایئن ٹانک پلز انسان کی صحت کی سپر اور محافظ دوائی ہے جسکو قریبا تمام ملک نے مفید مانا ہے ہر دوائی میڈیکل فسران اعلٰے سے اعلٰے ڈاکٹران وحکیمان سرکار انگلشیہ مشیران ریاست و راجگان و نوابان اور معالم پبلک جاگیرداران معززین نے بڑی بھاری تصدیق حاصل کی ہے جسمانی کمزوری کو دور کرنیوالے اور بدن کو مضبوط و طاقتور بنانے کے لیے بے نظیر دوائی ہے۔ ناطری ضعف باہ ضعف اعصاب۔ جریان۔ سرعت۔ رقت۔ کثرت احتلام۔ نقوہ۔ ضعف دماغ۔ ضعف معدہ۔ ضعف بصر وغیرہ کے لیے عجیب دوا ہے۔ حب خیری خصوصیت کے ساتھ بلا مبالغہ بےنظیر اثر کے ساتھ جوانی اور بچپن کی غلط کاریوں کے نقائص دور کر کے گم شدہ طاقت بحال کرنیوالی دوائی ہے اور ان لوگوں کو دوبارہ عالم شباب دکھاتی ہے جنکو کثرت مجامعت (یا ...) نے بالکل نکما کر دیا ہو۔ دماغی محنت کرنیوالے اصحاب کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ حب خیری تین ہفتہ کا مکمل کورس ہوتا ہے جو بالکل گم شدہ طاقت کو واپس لاتا ہے مگر معمولی کمزوری صرف دو تین روز میں دور ہونے لگتی ہے۔ قیمت فی بکس ۸۰ گولی عہ

عرق طحال

حب فیروزی

روغن

حب بواسیر

[illegible]

فیروز الدین سوداگر ادویات آنریری مجسٹریٹ [موجد حب خیری وغیرہ] ہال بازار امرتسر

کوپاک باش برادر مادر کس باک (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۲۸ | یوم شنبہ - ۲۱ جولائی سنہ ۱۹۰۹ء مطابق ۲۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۵ ہجری موافق ۷ ساون سمت ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱۷

واقفیت عامہ کیلئے شمار اور اعداد

موجودہ اور گزشتہ قحط - گزشتہ ۱۳۱ سال کے قحطوں پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا - کہ موجودہ قحط اُن سے کس درجہ بڑھا ہوا ہے ❖

سنہ	قحط زدہ علاقہ	قحط زدہ رقبہ
۱۷۷۰ء	بنگال	ایک لاکھ مربع میل
۱۷۹۱ء	مشرقی مدراس حیدرآباد دکن	
۱۸۰۳ء	گجرات - ماںواڑ - جنوبی مہاراشٹر دکن اور حیدرآباد	۲ لاکھ مربع میل ½ لاکھ "
۱۸۳۳ء	ممالک مغربی وشمالی وسط ہند راجپوتانہ	ایک لاکھ "
۱۸۲۳ء	شمالی مدراس	۸۰ ہزار "
۱۸۲۵ء	بمبئی گجرات - شمالی دکن -	
۱۸۳۹ء	ممالک مغربی وشمالی - مشرقی ریاستہائے راجپوتانہ - مشرقی حاں	
۱۸۳۸ء	دوآبہ - ممالک مغربی شمالی دہلی وحصار ڈویژن	۸۰ ہزار مربع میل
۱۸۵۳ء	گجرات - کچھ - کاٹھیاواڑ	۵۰ ہزار "
۱۸۶۱ء	دوآبہ - ممالک مغربی وشمالی دوویژن دہلی وحصار - ایک حصہ راجپوتانہ	
۱۸۶۵ء	ضلع گنجم - بلاری - اڑیسہ - بہار میسور - حیدرآباد - بمبئی وسط ہند - بنگال	۲ لاکھ مربع میل
۱۸۶۸ء	راجپوتانہ - پنجاب بین اُمین جمنا و سندھ - شمال مشرقی اضلاع - ممالک متوسط -	
۱۸۷۳ء	مغربی راجپوتانہ - ضلع الہ آباد - دہلی حصار - پنجاب - گجرات - کچھ چند اضلاع ممالک متوسط	
۱۸۷۴ء	بہار - ممالک مغربی وشمالی وبعض اضلاع اودھ -	۵۵ ہزار مربع میل
۱۸۷۶ء	مدراس - دکن - میسور - حیدرآباد	
۱۸۷۷ء	مدراس - میسور - بمبئی - حیدرآباد	½ لاکھ سو ۳ لاکھ "
۱۸۷۸ء	ممالک مغربی وشمالی - کشمیر - پنجاب	½ لاکھ مربع میل
۱۸۹۶ء	ممالک مغربی وشمالی - ممالک متوسط وسط ہند - راجپوتانہ -	
۱۸۹۷ء	ممالک مغربی وشمالی - ممالک متوسط وسط ہند - راجپوتانہ	۳ لاکھ سو ۳ لاکھ "

مذاق

ایک عورت کا دولتمند شوہر وصیت کرنے سے پہلے مر گیا بیوہ چاہتی تھی کہ کل جائداد پر خود قابض ہو جائے - چنانچہ اُس نے اپنے شوہر کی وفات کا حال کسی سے نہ کہا - اور ایک موچی کو ترغیب دی کہ اُس کی جگہ لیٹ کے ایک وصیت میرے نام کل جائداد لکھوا دے - پس وہ سر سے پاؤں تک ایک چادر اوڑھ کر لیٹ گیا - اور ایک وکیل وصیت لکھنے کو طلب کیا گیا - موچی نے ایک دھیمی آواز میں وصیت کی - کہ میں نصف جائداد اپنی بیوی کے لئے چھوڑتا ہوں وکیل نے پوچھا اور باقی نصف؟ - موچی بولا "باقی نصف اُس غریب اور محنتی موچی کے لئے جو میرے پڑوس میں رہتا ہے" - بیوہ یہ سنتے ہی انگاروں پر لوٹنے لگی - مگر کیا کرتی تیر کمان سے نکل چکا تھا - (میرزا محمد مسیح از کھبری)

ایک مرتبہ جاڑے کے موسم میں طوطی کا پنجرا سامنے رکھا تھا - اور بوجہ سردی کے طوطا پروں میں سر چھپائے بیٹھا تھا - میرزا غالب نے دیکھ کر کہا "میاں مٹھو! - تمہاری نہ جورو نہ بچے - پھر تم کس فکر میں سر جھکائے بیٹھے ہو" (کوثر بلگرامی)

ایک پٹواری عید الضحیٰ کو تحصیلدار صاحب کے سلام کو گئے - تحصیلدار صاحب نے کہا - آج ہم آپ کے ہاں گوشت بھیجنا بھول گیا - پٹواری نے ظرافت سے کہا " میں تو روز حضور ہی کا گوشت کھاتا ہوں " - (د ۔ ر) ❖

ایک شخص کے گھر فنکر ایلا تھا - اتفاقاً فنکر اپنجرے سے نیچے اتر آیا - صاحب خانہ ایک صاحب سے کہنے لگے - کہ شکرے کو پنجرے میں ڈال دیجئے - ورنہ اُٹھ جائیگا - وہ صاحب کہنے لگے وہ کیا شیر ہے جو اُڑ جائیگا " (د ۔ ر)

ایک دفعہ میرزا غالب میر تقی کی تعریف کرتے تھے - وہاں شیخ ابراہیم ذوق بھی موجود تھے - انہوں نے سودا کو میر پر ترجیح دی - میرزا غالب نے کہا - میں تو آپ کو میری سمجھتا تھا مگر معلوم ہوا کہ آپ "سودائی" ہیں - (د ۔ ر) ❖

مجسٹریٹ - میں تم جیسے بدمعاش کے لئے کیا کرتے ہو؟ بدمعاش - میں جیب جیسے ہوں آپ سے لیتا ہوں " ❖ مجسٹریٹ نے اپنے جیب سادہ دیکھی ❖

عجیب عجیب باتیں

صابون کے درخت - اگر کوئی درخت ایسا ہو کہ اُس کا عرق یا رس وہی کام دے سکے جو خالص صابون سے لیا جاتا ہے - تو اُسے صابون کا درخت کہا جائیگا - اس نوع کے درخت مجمع الجزائر (ایشیا) اور جنوبی امریکہ میں بکثرت پائے جاتے ہیں - اور ان کا رس ہی کپڑے دھونے اور صاف کرنے کے کام نہیں آتا - بلکہ اُن کی چھال اور پتوں سے بھی کام لیا جاتا ہے - جزیرہ ملایا اور پیرو سے ایک درخت کی چھال بہت سی مقدار میں ہر سال انگلستان کو روانہ کی جاتی ہے - اس درخت کا نام سوپ واٹ ہے - اور اس میں صابون کی خاصیت کا مادہ ایسی افراط سے پایا جاتا ہے - کہ اگر اس کے دو پتوں کو بھی باہم رگڑیں تو چکنے بلبلے نکلنے شروع ہو جاتے ہیں - صوبہ پنجاب میں بھی صابون کا ایک درخت پایا جاتا ہے جو "لاوٹھ" کے نام سے مشہور ہے - اور آج سے تیس برس پیشتر پنجابی اس کی چھال اور ٹہنیوں کو ملا کر کثیر مقدار میں صابون تیار کیا کرتے تھے مگر اب انگریزی خوشنما صابون کے سامنے اس کی رونق معدوم ہو گئی ہے - اور کیا عجب؟ جو چند سال کے بعد بنتن کو یہ کھنے والے گنوار لوگ بھی جو آجکل لاوٹھ کے درخت بوتے اور کاٹتے ہیں - انگریزی صابون کے دلدادہ ہو جائیں - اور یہ درخت بالکل معدوم ہو جائیں ❖

سب سے زیادہ پالتو پرندہ - شاید تم یہ نام کبوتر یا پالتو مرغ کو دو گے لیکن تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ چڑیا سب سے زیادہ پالتو پرندہ ہے - اور جس ملک اور ولایت میں انسان گیا ہے - چڑیا نے بھی اُس کی پیروی کی ہے - جانوروں میں پالتو ہونے کا فخر بلی اور کتے دو ہی کو ہے - مگر بعینہٖ چڑیا زیادہ پالتو ہے - اس کا کوئی اپنا گھر نہیں - اور جہاں کہیں انسان آباد ہوتا ہے یہ بھی وہاں جا بستی ہے - اسکینڈے نیویا اور جزائر ایسے ہیں جہاں چوہا نہیں پایا جاتا - اور بخلاف اس کے چڑیا بافراط ملتی ہے - روس کے باشندوں کا بیان ہے کہ جب ہم نے روس کے شمالی حصے میں ریل نہیں بنائی تھی تب اس سرزمین میں چڑیا دیکھنے میں نہیں آتی تھی لیکن جب سے ریل کی آمد کی وجہ سے وہ علاقہ آباد ہو گیا ہے - وہاں چڑیا بافراط پائی جاتی ہے [illegible]

دوشنبہ آئندہ ہیرس کے عجائبات باتصویر انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

صحت

استفسار

۴۷۔ تانت میں گرہ پڑجانا۔ عرصہ ڈھائی سال سے پیٹ میں ایک طرف تانت میں گرہ پڑگئی ہے۔ ہر چند علاج کئے۔ مگر فائدہ نہ ہوا۔ صحت ٹھیک نہیں رہتی ہے۔ اب تک انگریزی یونانی ہر دو علاج کر چکے ہیں جن سے فائدہ نہیں ہوا۔ غالباً کسی زود اثر تیل کی مالش سے فائدہ ہو جاوے۔ کوئی صاحب توجہ کریں مرض راسخ ہو چکا ہے۔ (ف۔ا۔ راولپنڈی)۔

۷۵۔ اسہال خونی۔ ایک مریضہ میرے عزیزوں میں سے ہے جس کی عمر قریب ۵۰۔۶۰ سال کے ہوگی جو ۹ ماہ سے بعارضہ اسہال خونی بیمار ہے۔ تھوڑا خون اور آنؤں باہم مل کر پاخانہ کے ساتھ علی الصباح آتا ہے اور کبھی کبھی درد شکم ہوتا ہے۔ دن میں دو بار اجابت ہوتی ہے یا تین بار۔ ڈاکٹری یونانی عطائی ادویوں کا علاج کیا گیا۔ مگر کچھ بھی فائدہ نہیں ہوا۔ (خریدار ۱۳۲۵۹)۔

۷۶۔ دانت پیسنا۔ میرا ایک دوست سوتے ہوئے دانت پیستے ہیں۔ ہر چند علاج معالجہ کیا گیا۔ مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ (خریدار ۱۹۳۵۳)۔

علاج

۴۹۔ گنٹھیا (بجواب استفسار ۱۸)۔ اس کا مجرب علاج یہ ہے۔ سونٹھ ۱۰ تولہ۔ ہلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ ایک تولہ۔ آملہ ایک تولہ تخم خطل ۴ تولہ۔ افتیمون ۴ تولہ۔ چھلکا نیم ۴ تولہ۔ سب کو باریک کرکے ۱۰ تولہ بادام روغن میں گوندھیں۔ پھر ۳ گنا شہد ملا کر تقریباً ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام اور ۶ ماشہ سوتے وقت ہمراہ دودھ گاؤ کھلاویں ۲۰ دن میں مرض کافور ہو جائیگا۔ (منتظم حکیم امت سر)۔

ایضاً۔ پوٹاسی آیوڈائیڈ ۵ گرین۔ امیکار بیٹ آف سوڈا ۵ گرین۔ ایکسٹریکٹ کلورا مائڈ ۲۰ بوند۔ ٹنکچر سینجر ۱ بوند۔ سپرٹ ایتھر ۳۰۔ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۱ بوند۔ پانی صاف تازہ ایک اونس ایسی دو خوراک صبح و شام استعمال کرایا کریں۔ مکسچر بالا دیر سے پہلے میگنیشیا سلفاس ایک اونس عرق بادیان میں حل کر کے ایک ہفتہ کے دو تین مرتبہ گرم پانی پلاویں ۵ یا ۶ اسہال با فراغت ہو جاوینگے پھر مکسچر مذکور شروع کرادیں۔ ٹنکچر تمنٹ گیمفر مینتھول تمیرہ پہلے کر کر روغن کد ایک چھٹانک میں ملا کر دو وقتی مالش جوڑوں پر کیا کریں اور ہر روز سے ہوا سے دور رکھیں۔ ایک ہفتہ میں خدا کے فضل سے آرام ہو جاتا ہے۔ (محمد اسمعیل پی۔ ایم۔ جنڈیالہ)۔

۵۵۔ ضعف جگر (بجواب استفسار ۲۴)۔ مولا کشتہ ۲ تولہ جس کا نسخہ بارہا اخبار میں چھپ چکا ہے۔ سرنف کے پانی میں ہموزن کھرل کرکے ہموزن الائچی خورد ملا لو۔ اور پھر ۲ یوم کھرل کر کے تقدر سیاہ مرچ ہمراہ شہد کے گولیاں بنا لو صبح دوپہر شام ایک گولی ہمراہ دودھ تازہ یا سرد کے دیا کرو ۲۰ یوم تک علالت کم ہوگی۔ اگر مرض قائم رہا۔ تو انعام ملاحظہ کے حاضر۔ (منتظم حکیم امت سر)۔

گمنام و نشان عزیز

۴۲۔ بیسے ایک آدمی کا پروردہ مسمی ست رام قوم برہمن ساکن موضع سکتوڑے تحصیل و ضلع سیالکوٹ حلیہ ذیل ہے: میانہ قد۔ گندم رنگ۔ عمر تخمیناً ۴۰ برس۔ کشادہ پیشانی۔ اول اول دفتر ریلوے میں بعہدہ دفتری ملازم تھا۔ مگر بوجہ عارضہ مالیخولیا ملازمت سے مستعفی ہو کر سادھو منش بن کر رام ۱۱ ہو گئے۔ ڈاکخانہ ماڑی میں ... سے ملتان آزردہ خاطر ہو کر بطرف کوئٹہ چلا گیا کہ ... اس کا پتہ لگ کر شائع کرنا ہی مقصود ہے۔ اس کی دو دفعہ سنت رام کی چٹھیاں بھی ... ملتان سے موصول ہوئی ہیں مگر عرصہ سے اس کی کوئی خبر نہیں ملی اور نہ کہیں سے اس کا پتہ ملا۔ پتہ: مدرس مدرسہ ... ضلع لاہور۔

۴۳۔ مسمی مدین خاں ولد سردار خاں قوم پٹھان ساکن میانوالی گوکھا۔ عمر تخمیناً ۲۰ سال۔ داڑھی ابھی شروع ہوئی ہے آنکھ موٹی۔ سیاہ رنگ گندمی۔ دانت کشادہ ... ۱۴ سال سے گم ہے۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ بیرا ہیچ میں بہا جانے کے لئے پولیس میں نوکر ہوا تھا۔ اس کے والد سخت رنج میں مبتلا ہیں۔ (خریدار مسلمان ۹۱)۔

عام

سوال

۴۸۔ سکاٹسٹیرمرکنٹائل لمیٹڈ۔ کوئی صاحب خریداران پیسہ اخبار سے تبلا سکتے ہیں کہ کاسٹیر مرکنٹائل کمپنی لمیٹڈ کا انجام کیا حشر ہوا؟ کیونکہ چند سال تک تو کمپنی مذکور کے تو ڑنے کے بارے میں اطلاعی نوٹس آتے رہے۔ اب وہ بھی بند ہیں۔ (ڈاکٹر ریاض الدین)۔

جواب

۸۴۔ نرسنگگڑھ و راجپین (بجواب سوال ۸۵)۔ نرسنگگڑھ و راجگڑھ دونوں نکجائی ہیں۔ یہ دونوں ریاستیں قریب قریب ہیں۔ مہتاب سنگھ والئی ریاست نرسنگگڑھ کا انتقال ہو چکا ہے۔ اب جانشین ریاست تعلیم پا رہے ہیں۔ ریاست پر جناب سرکار سپرنٹنڈنٹ ہے۔ یہ ریاست ایجنسی علاقہ بھوپال سنٹرل انڈیا سے متعلق ہے۔ مہاراجہ جودھ پور سردار ان سے قریب ہی قریبی رشتہ ہے اور ایک ہی قوم کے راجپوت ہیں۔ والئی ریاست راجگڑھ بلبہادر سنگھ بہادر ہیں اور یہ راجہ راوت کہلاتے ہیں۔ انہیں پر حکومت سری حضور مہاراجہ سندھیہ عالیجاہ بہادر فرمانروائے ریاست گوالیار کے ہے حضور ممدوح کی طرف سے ہی الحال کرنل جوزف صاحب بہادر سرصوبہ راجپین کا کام انجام دے رہے ہیں۔ راجپین ملک مالوہ کا صدر ہے۔ (سید منظور حسین خاں خریدار ۱۱۲۱۲)۔

جمال گوٹھ (بجواب سوال ۶۸)۔ جمال گوٹہ کے بیج دیسی جڑی بوٹی اسد میں ہوتے ہیں جو میں سے نئے کیمپ اینڈ کو دواساز مسٹی سے مل سکتے ہیں۔ وہاں سے طلب کیجئے۔ (ڈاکٹر محمد طریق سلیمان)۔

شعر و سخن

تجارت

(بقیہ ہفتہ گزشتہ)

ہوگی تجارت کی اگر گرم بازار — ہرگز نظر آئینگے ترقی کے نہ آثار
گر صنعت و صناعت رہے گی یونہیں بیکار — ملے گی تمہیں بھیک کا ہو جائیگا دستوار

تم جان چرالے ہو حرفی ہیشہ دری سے
بیٹھے ہو آلسی و ریوزہ گری سے

باکٹ میں اگر آپ کی دولت نہ رہیگی — غیروں میں تو کیا اپنوں میں عزت نہ رہیگی
یہ سان بہت لب یہ حلاوت نہ رہیگی — یہ جاہ یہ اقرار یہ صولت نہ رہیگی

ہوگی نہ تجارت کی اگر گرمی بازار
بھوکی کی وبہ سے نستر آئیگی نہ بہار

دولت کی یہی پریوں کبھی ہم نہ ہوگی — کاہل سے کبھی آمدو نش یگانہ ہوگی
مفقود کبھی کثرت آلام نہ ہوگی — یوں دور کبھی گردش ایام نہ ہوگی

ہو گئے دل جاں سے تجارت میں گرفتار
سر سے نہ ٹلیگی کبھی یہ گردش دوراں

دولت جو ہوگی تو حکومت بھی ہوگی — نہ ہوگا نہ یہ ذلت نہ فضیحت بھی ہوگی
دنیا میں مسرت نہیں راحت بھی نہ ہوگی — سودائی غلامی ہے تو عزت بھی ہوگی

کاہل جو رہوگے کبھی زردار رہوگے
کوشش جو کروگے تو کبھی خوار نہ ہوگے

سرچور ہوا دل ہے دکھی ہے تو یہ سارا — ہے صنعت و صنعت میں دل و جان ہمارا
اک تم ہو کہ سر میں نے وسیلہ ہی تمہارا — صنعت کا ذریعہ تجارت کا ہے سہارا

ہے شام و سحر تم کو تمنائے غلامی
سر میں ہے سمایا ہوا سودائے غلامی

سر میں ہی ہے تو نہیں جو ہ صنعت — دولت کی تمنا ہے تو ہے شرط تجارت
جب تک کہ ہو سلسلہ صنع و صناعت — ہوگا نہ کبھی سر یہ ناز افلاک

صنعت میں اگر کوشش مزد نہ ہوگی
اُجڑی ہوئی بستی کبھی معمور نہ ہوگی

گرمی کی گرماگرمی

الحمد کیا تھی لگا دیجئے کہ پھر گرم — فصل ہی ہو گیا سارا جہاں پھر گرم
پھر اٹھی تمنا میں ہیں سبز و نسرین — آتش کہتا ہے ترے سے پھر ہو گلزار گرم
وہ تمازت دھوپ کی وہ موج باد سموم — فصل نے بدلا ہے یا ہے مزاج یار گرم
الالاب ہر کو سرگرمی سر ہے سنبز — آب تاب شمس کی ہے دور کیسر و دار گرم
مرکب گرما ہے ابلق لیل و نہار — ترس ایام کی ہے آتش نغما گرم
زرق عالم پہ ہے گیر تکر و دلیر ہوا آتش — دہن حرص میں یہ صبح مشاعی ہار گرم
خط استوا ہو گیا گرم آفتاب — مرتی ہے نفس ہر نفساں جوش ملا گرم
گرم گرم ملتھا ہیں سب ابھی تو — ہر کسی کو ہو سکی یہ آہ آفتاب گرم
آنکھل سارہی ہے یہ ہر میں عموماً سبزہ زار — نیتا تجب بلبل مرجا ہے گلزار گرم
مختلف حصوں میں ہے دنیا مختل گرم و سرد — ماہ کی سرد ٹھنڈی تپ کا نوا گرم
گرم بھادوں سے ہوا کا لگتے ہیں سیاہ — کیوں نہ گرما گرمی معمول ہے خیال گرم
ہیں ہوئے فصل گرماں میں پیش تحریر ہیں — شعلۂ لگ ہے جس کی طبیعت ہو گرم
شعلہ حسن تباں ہے آب گوہر خشک — ہر حسینوں کے زمیں ہے تیر گرم

تپش تپال نے دھکا دیا رنگ صنم
ہو گئی سیلاب حسن سے آتش رخسار گرم

اگر آپ ایک ٹائم پیس بغیر کسی محنت کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ہم جولائی کا انتخاب لاجواب ملاحظہ کیجئے

توسیع اشاعت پیسہ اخبار

پیسہ اخبار کو حسن قسمتی سے بہت مہربان ناظرین ملے ہیں۔ ہندوستان کے اخبارات میں اس کی نظیر ہیں ملیگی جس محبت خاص اور توجہ سے پیسہ اخبار کے خریدار اسکی توسیع اشاعت کی کوشش کرتے ہیں اُس کے لئے کسی شہادت کی ضرورت نہیں چنانچہ ہفتہ وار اس کالم سے اس امر کی تصدیق ہوتی رہتی ہے۔ جناب منشی غلام قادر صاحب تحصیلدار پنشنر (خریدار نمبر ۹۲۲۲) شہر [illegible] تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار میرے [illegible] نمبر ۲۲۱ [illegible] شمس الدین صاحب پنساری ملازم تاجر اعظم [illegible] بمقام قصور ضلع لاہور جاری [illegible] پیشگی بذریعہ وی پی انعامی [illegible] جناب [illegible] صاحب سردار [illegible] (خریدار نمبر ۲۸۸۹) ارقام فرماتے ہیں کہ اخبار ہفتہ وار [illegible] (۳۴۲) [illegible] صاحب بالو [illegible] سیالکوٹ بھیج کر بذریعہ انعامی کتاب وی پی [illegible] پیشگی سالانہ قیمت طلب [illegible] جناب سید [illegible] علی صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار تحصیل [illegible] (خریدار نمبر ۱۲۸۸۴) رقمطراز ہیں کہ پیسہ اخبار [illegible] (۲۴) [illegible] حمید صاحب امین عدالت [illegible] ضلع [illegible] کے ذریعہ وی پی پیکٹ انعامی کتاب [illegible] سالانہ منگالیں۔ جناب منشی [illegible] حسین صاحب [illegible] پریس [illegible] (خریدار نمبر ۱۶۹۳) ارقام فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۲۵) مسمی محمد واجد [illegible] تحصیلدار [illegible] پورہ [illegible] حسب دستور سالانہ قیمت پیشگی انعامی کتاب [illegible] روانہ کرکے وصول کرلیں۔ جناب حفیظ الدین احمد صاحب (خریدار نمبر ۵۳۹۵) لکھتے ہیں کہ بنام (۲۶) [illegible] صاحب [illegible] سیکرٹری میونسپلٹی جاری کرکے [illegible] انعامی [illegible] قیمت سالانہ پیشگی طلب فرمالیں۔ جناب محمد [illegible] صاحب (خریدار نمبر ۱۵۱۰) تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۲۷) مولوی آفتاب الدین صاحب [illegible] سنگھ جاری کرکے انعامی کتاب آئینہ سکندری [illegible] روانہ فرماکر قیمت سالانہ پیشگی منگالیں۔ جناب حکیم سید [illegible] صاحب (خریدار نمبر ۸۱۳) ارقام فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۲۸) حافظ محمد فاضل صاحب [illegible] سیالکوٹ ضلع [illegible] روانہ فرماکر انعامی کتاب وی پی پیکٹ کے ذریعہ پیشگی قیمت طلب فرمالیں۔ جناب شیخ غلام محی الدین صاحب [illegible] شیر شاہ ضلع ملتان (۲۹) [illegible] صاحب (خریدار نمبر ۱۹۲۳) رقمطراز ہیں کہ پیسہ اخبار میرے نام مہرالنسا بذریعہ وی پی پیکٹ بھیج کر سالانہ قیمت مجھ سے وصول کرلیں۔ جناب مخدوم قائم شاہ صاحب (خریدار نمبر ۱۹۰۴) تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار میرے دوست (۳۰) قاضی محمد یعقوب صاحب [illegible] شہر [illegible] جاری فرماکر قیمت سالانہ پیشگی بذریعہ انعامی کتاب وی پی سے اُن سے منگالیں۔

پیسہ اخبار کلب

پیسہ اخبار میں حالات جنگ :- عبد الحمید صاحب خریدار نمبر ۹۱۹ (دانا پور سے رقمطراز ہیں "اس وقت جبکہ چین کا جھگڑا نہایت شدومد سے چھڑا ہوا ہے جہاں پر سات سلاطین جمع ہیں۔ میرے خیال میں اس سے بڑھکر کوئی خبر ضروری نہیں۔ آپ کا اخبار جس طرح جنگ افریقہ کے حالات اختصار سے لکھتا رہا ہے اُسی طرح اب چین کا حال بھی لکھ رہا ہے۔ اور ہم اس کی سوائے اس کے دوسری نہیں کہ اخبار میں گنجائش نہیں ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ اخبار کا کوئی کالم بیکار نہیں ہے جس کو ہم کم کرنے کو کہیں یا اخبار کا حجم بڑھانے کا مشورہ دیں۔ کیونکہ اتنی قیمت پر ایسا عمدہ اخبار ہر شخص سلامت کو نہیں مل سکتا۔ ان ایک ورق جو تصویر کا ہوتا ہے ہمیشہ کے لئے یا چیدہ ماہ کے لئے جب تک کہ لڑائی جاری ہے۔ بجائے تصویر کے وہ پورا ورق خبروں کے لئے رکھا جاوے۔ ہماری دانست میں تصویریں جو دی جاتی ہیں وہ بیکار ہیں۔ اگر تصویر کا جاری رکھنا ضروری ہے تو عمدہ ہونے کا بندوبست کیجئے۔" مگر ہم ہیں سمجھتے کہ اتنی کم قیمت پر ایک پرچہ اس سے عمدہ تصویر دے سکیگا۔ پیسہ اخبار کے ساتھ ہر ہفتہ جو تصویر علیحدہ کاغذ پر چھاپ کر ناظرین کو بھیجی جاتی ہے وہ پریس کی طرف سے تحفتہً دیجاتی ہے بلکہ ہر ایک ایسی تصویر کی قیمت ایک آنہ ہے۔ مگر خریداران پیسہ اخبار کو اخبار کے ساتھ مفت نذر کیجاتی ہے۔ گویا دو روپئے میں اخبار کے علاوہ تین روپئے سالانہ کی تصویریں انہیں ملتی ہیں۔ ان تصویروں کو اخبار کا خاص جز ولقصور نہیں کر دیا گیا ہے۔ موجودہ حالت میں تصویروں کو اس سے زیادہ عمدہ بنانا مشکل ہے۔ سوا اس کے قطع نظر جو تصویر پتھر پر دس گیارہ ہزار چھاپی جائیگی وہ کثرت طبع کے لحاظ سے پیسہ اخبار کی تصویر سے بہتر نہیں چھپ سکتی۔ مضامین اخبار کے اسطے زیادہ سے زیادہ جگہ نکالنے کے لئے کچھ عرصہ سے اس بات پر بھی عمل کیا جا رہا ہے کہ صیغہ مضامین کی جس قدر جگہ میں اشتہارات درج ہوتے ہیں۔ اس سے پوری جگہ آگے مضامین کو دیجاتی ہے گویا صیغہ مضامین میں جس قدر اشتہارات زیادہ طبع ہونگے اُسی نسبت سے مضامین کے لئے اور بھی زیادہ گنجائش نکل آئیگی۔

لاٹری :- میٹن ہوٹل کی لاٹری کے متعلق جو اشتہار چند بار پیسہ اخبار میں شائع ہوا تھا اور اکثر ناظرین پیسہ اخبار نے اس لاٹری کے ٹکٹ خرید لئے تھے لیکن حسب وعدہ ۱۵ جون سنہ ۱۹۰۱ء کو نتیجہ لاٹری شائع نہ ہونے پر شائقین نے جنہوں نے پیسہ اخبار میں اشتہار دیکھکر اس لاٹری میں شرکت کی تھی عدم اشاعت نتیجہ کی وجہ دریافت کی۔ جس پر دفتر پیسہ اخبار نے دہلی کے معزز کارخانہ دار "ایم برکت اینڈ کو" کو اس بارہ میں تحقیقات کے لئے لکھا چنانچہ اس کا جو جواب وصول ہوا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ لاٹری دھوکہ نہیں کیونکہ میٹن صاحب اس لاٹری کے التوا سے ایک معتبر شخص ہیں جو مکان کا کرایہ [illegible] ادا کرتے ہیں [illegible] جون کو نتیجہ شائع نہ ہونیکی یہ وجہ ہے کہ اس وقت تک سب لاٹری کے ٹکٹ نہیں بکے تھے۔

پیسہ اخبار

لاہور - یوم شنبہ - ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۰۱ء

قحط زدگان ہند اور ممالک غیر کی امداد

حقا کہ با عقوبت دوزخ برابر است
رفتن بپائمردی ہمسایہ در بہشت

معزز معاصر اینگلو انڈین معاصر نے کسی گزشتہ اشاعت میں ولبی کمیشن متعلقہ اخراجات ہند کی قلت رائے والی رپورٹ پر ایک زبردست لیڈر لکھ کر اس تمام رپورٹ کا مالی منشا یہ بنایا تھا کہ:-

"دو لوگ (مسٹر دادا بھائی - مسٹر کین اور سر ولیم ویڈربرن) یہ چاہتے ہیں کہ اخراجات کا بڑا حصہ جو ہندوستان پر حکومت کرنے میں اُٹھ جاتے ہیں۔ انگریزی ٹیکس دینے والوں پر ڈالنا چاہتے ہیں۔ اگر ہندوستان پر برطانیہ کلاں کے فوائد کی خاطر حکومت ہوتی ہو یا اس سے انگلستان کو خراج دلایا جاتا ہو تو یہ طریقہ (ایک معتدبہ حصہ اخراجات کا بار انگلینڈ پر ڈالنے کا) شاید مناسب و موزوں قرار دیا جاسکے۔ لیکن حکومت انگریزی ایسے اصول پر چلائی جاتی ہے جن کے ہوتے یہ نہایت ضروری اور نہایت منصفانہ ہے کہ اُس کے مقبوضات اعظم میں سے ہر ایک اپنے اخراجات خود ہی برداشت کرنے والی ہونی چاہیئے۔ سلطنت کا وجود اس غرض پر مبنی ہے کہ اُس کے تمام حصص کو مساوی فائدہ پہنچے۔ اور اس کی صداقت میں کہ جزائر انگریزی کی رعایا کو ملکہ معظمہ کی قیصری مذکورہ کی وادی گنگا میں بسنے والی رعیت کو فائدہ پہنچانے کے لئے محصول کی زیر بار ہو۔ کوئی مزید دلائل بمقابلہ اس کے نظر نہیں آتے کہ باشندگان کینیڈا سے آسٹریلیا کی حفاظت و استحکام کے لئے کیوں روپیہ دلایا جائے یا نیوزیلینڈ کے لوگوں پر ازبس جنوبی افریقہ کی خاطر بار ڈالا جائے۔"

مجھ اس وقت ولبی کمیشن کی رپورٹ قلت رائے اور اس کے متعلق مرقومہ معاصر کے "استدلال من الحد الا الفضا" سے بحث مقصود نہیں ہے۔ پیسہ اخبار میں ولبی کمیشن اور اس کے روبرو گزرنے والی شہادتوں پر وقت کے وقت بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور آئندہ شاید کسی اور موقع پر بالتفصیل لکھنے کی گنجائش نکل سکے۔ اتنا جتا دیا جائے کہ اگر یہ منصفانہ نہیں ہے کہ ہندوستان کے اخراجات سلطنت کا کوئی حصہ متمول انگلستان برداشت کرے تو یہ اس سے کہیں زیادہ غیر منصفانہ ہونا چاہیئے کہ مفلوک ہندوستان بغرض انگلستان کا بار اٹھائے۔

الغرض ہم اپنے معاصر کے مجوزہ قائم کردہ اصولوں کو قابل تسلیم مان کر نہیں اس طریق اعانت پر عائد کرنا چاہتا ہوں جو گرفت موجودہ قحط میں غیر ملکوں کی جانب سے ہوئی ہے۔ اس [illegible] کوئی خیال ظاہر کرنے سے قبل میں یہ عرض کرنا تھی کہ اخبار مذکور نے

اگر آپ پانچ ہزار نہیں بغیر کسی محنت کے حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ۱۹ جولائی کا اخبار ملاحظہ کیجئے

[illegible] کی نسبت [illegible] بھی لحاظ رکھتا امداد کنندگان [illegible] خیالات کا صحیح اندازہ کر کے [illegible] کہ وہی لوگ جنہیں غیر [illegible] بقول کسی اس اعانت کے [illegible] اس امداد کو کس نظر [illegible] نہیں کہ وہ ناشکرے ہیں اور امداد رسان [illegible] پر اظہار ممنونیت ذکر یں [illegible] احسان ہیں کیونکہ [illegible] کی طرح [illegible] فیاضی کو مرض کی [illegible] نہیں دیکھتے [illegible] مقدار [illegible] ایسی اعانت کی وجوہ و اسباب تلاش کرتے ہوئے کوئی خاص [illegible] اغراض اس کی تہ میں پوشیدہ پاتے ہیں۔ بلکہ ہندوستانی ایسی امداد کو خالص [illegible] خیرات سے تعبیر کر کے اس [illegible] زیادہ ممنون ہوتے ہیں جس کا پورا اندازہ [illegible] شائستہ اقوام کے لئے قریباً ناممکن ہے۔ اور افسوس [illegible] ناممکن ہے کیونکہ وہ منہ سے [illegible] دینے والوں کے رحم و فیاضی کی قدر [illegible] ہوتا ہے

رتبۂ شہید عشق کا کر جان جائیے
قرباں ہونے والے کے قربان جائیے

ہر معاملے کے دو پہلو ہوتے ہیں [illegible] ایک دوسرے سے [illegible] جاتے [illegible] حکماء کے نزدیک دونوں کی قوت میں [illegible] کبھی کمی بیشی متصور نہیں۔ اس بنا پر [illegible] ہے کہ ہندوستانیوں کا زیادہ احسان مند و شکر گزار ہونا اتنی ہی مقدار میں ان کی تمکنت و خودداری کو گھٹا دیتا ہے۔

احسان کا اثر اس کے مورد پر انفعال کی صورت میں پڑتا ہے اسی لئے غیور طبع اور متمکن [illegible] اصحاب کسی کا احسان اٹھانا [illegible] ننگ و عار سمجھتے ہیں کیونکہ اس سے دو [illegible] پیدا ہوتی ہیں [illegible] کہ وہ اس کا معاوضہ دینا لازم جانیں [illegible] هل جزاء الاحسان الا الاحسان۔ بلکہ معاوضہ اپنی [illegible] مقدار [illegible] اس احسان سے زیادہ ہونا چاہئے جو ان پر کیا گیا ہے۔ [illegible] معاوضہ کی قدرت و قابلیت نہیں [illegible] تو ہمیشہ [illegible] ممنون رہیں اور اس کے [illegible] تسلیم خم کریں۔ اب ہندوستان کی حالی حالت دیکھتے ہوئے یہ امر قریباً محال نظر آتا ہے کہ وہ ممالک غیر کی ایسی فیاضیوں کا [illegible] معاوضہ ہی ادا کر سکیں [illegible] انفعال [illegible] انفعال ایسی چیز نہیں جو [illegible] برداشت ہو سکے اگرچہ انقلاب [illegible] ہندوستانیوں کی تمکنت و خودداری میں بہت کچھ فرق ڈال دیا ہے تاہم ان کی غیرت بالکل [illegible] نہیں [illegible] جیسا کہ [illegible] احساس [illegible] نسبت [illegible] زیادہ [illegible] شرمندگی ناگوار [illegible] ہندوستانیوں [illegible] غیر [illegible]

ملنی ناگوار گزرتی۔ اینگلو انڈین اخبارات چاہے اس کو ذاتی منطق قرار دیں اور گو بعض ملکی معاصر بھی ایسے اصول موضوعہ کو اس طرح برملا و بے محابا شائع کرنے میں پس و پیش کریں مگر یہی بات اور جب تک مشرقی تہذیب ہم لوگوں میں باقی ہے یہی بات رہیگی۔ [illegible] اس زمانہ نکبت و ادبار میں

سیلف ریسپکٹ کی یہ مثال مغتنمات سے ہے

ہندوستانیوں کو ارمان نہ آتا اگر اس مصیبت کے وقت میں انگلستان اور صرف انگلستان ہی اس کا ہاتھ تھامتا۔ انگلستان سے جتنی کثیر المقدار و بیش قیمت امداد ملتی اتنا ہی اہل ہند کو مزید فخر و مباہات کا موقع تھا۔ کیونکہ ہم محکوم ہیں وہ حاکم۔ ہم مفتوح ہیں وہ فاتح۔ ہم رعایا ہیں وہ فرمانروا۔ اور ایک محکوم و [illegible] رعایا کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی امر موجب مسرت و ابتہاج نہیں کہ اس کا فرمانروا ضرورت و احتیاج کے وقت [illegible] امداد دے کر اپنی خوشنودی کا اظہار فرمائے۔ مصیبت کے وقت دوست و دشمن کا حال کھلتا ہے۔ اور یہی موقع کسی کو اپنے [illegible] البتہ کر لینے کا کہا جاتا ہے۔ انگلستان نے گذشتہ و موجودہ قحط میں پرائیوٹ چندوں سے ہماری دستگیری کی ہم کو بھی معلوم ہو گیا کہ وہاں کے لوگوں کو ہماری پروا ہے مگر [illegible] ہی خاص کر [illegible] اور پروا بھی واجبی۔ جیسا کہ چندہ جنگ ٹرانسوال چندہ آتشزدگی اوٹاوا اور چندہ قحط ہند کی نسبت مقدار سے پتہ لگ سکتا ہے۔ جن کے پانی سے [illegible] ہونے میں شک نہیں۔ مگر ضرورت و مصیبت کی مقدار اور وسائل و تعداد کے شمار کا بھی لحاظ ہونا چاہئے تھا۔ انگریزی اخبارات نے جرمنی و امریکہ کی اعانت کی رقعت کو اس کی تہ میں [illegible] اغراض و علت [illegible] ڈھونڈھ کر گھٹانا چاہا ہے۔ [illegible] کے میدانوں پر [illegible] لیکن کیا نصف کروڑ رقم دے کر انگلستان کی ذمہ داری ختم ہو گئی۔ [illegible] بطور حکومت اہلی امداد کرنے کا فرض ادا ہو گیا۔ [illegible] جنگ ٹرانسوال کے مصارف و معروفیت کا [illegible] پیش کیا جائے لیکن [illegible] دیکھیں تو یہ عذر [illegible] یورپین [illegible] کی طرح اہل ہند تو نہیں کہتے کہ ایک قوم کی آزادی سلب کرنے کی خاطر خونریزی کے لئے انگلستان دھڑا دھڑ لاکھوں کروڑوں [illegible] اور ہندوستان جیسے عظیم الشان [illegible] کی رعایا کو مرض گرسنگی سے بچانے میں پہلو تہی کرتا [illegible] لیکن بادب تمام اتنا ضرور عرض کریں گے کہ

انگلستان کو ان کی امید پوری کرنی چاہئے

ان کی امیدیں [illegible] اور بعد انگلستان ہی سے وابستہ [illegible] ان کی فراخی ہے کہ [illegible] اپنے مالک سے پائیں انگلستان انہیں غیروں کا شرمندۂ احسان نہ کرے۔ اگر جنگ ٹرانسوال نے [illegible] خزانہ سلطنت [illegible] کوئی عطیۂ خاص [illegible] پوری کرتی [illegible] سمجھی جائے خود اس رقم کو بھی [illegible] ٹرانسوال کا ایک [illegible] سمجھتی [illegible] انگلستان کی [illegible] حکومت جمہوری [illegible] بین بین ہے [illegible] رعایا [illegible] اس شاہی عطیہ کو

عام رعایا کی منظوری پر محمول کر لیں۔ ہندوستان کی نہ فقط عزت ہی رہتی بلکہ اسے [illegible] میں اپنی افراسی عزت پر فخر ہوتا۔ اب برخلاف اس کے غیروں کے [illegible] آنکھ نیچی کرنی پڑی [illegible] مثل مشہور ہے منہ کھائے آنکھ لجائے۔ [illegible] انفعال ہوا [illegible] مگر بڑا تاسف یہ ہے کہ امداد دینے والے ممالک کے بعض بعض لوگوں نے

انگلستان کی نیت پر حملہ کیا

جرمنی کے ایک رئیس نے وہاں کے ایک اخبار میں چٹھی چھپوائی کہ قحط زدگان ہند کی امداد میں شہنشاہ جو چندہ فراہم کر رہے ہیں [illegible] جرمن کو ہرگز انگلستان سے ہمدردی نہیں ہے۔ امریکہ [illegible] سے ہماری اعانت میں حصہ لے رہا ہے [illegible] اس کے ایک اخبار میں اس سے بھی زیادہ [illegible] خیالات ظاہر کئے گئے [illegible] اور عام طور [illegible] مہذب [illegible] ہے خصوصاً [illegible] کا احسان بھی [illegible] بڑے لوگوں میں ایسا ہی ہوا کرتا ہے [illegible] شخص کو [illegible]

خوب روکا [illegible] باتوں سے [illegible]

مقامی اینگلو انڈین [illegible] قائم کردہ [illegible] نظر [illegible] ایک حصۂ سلطنت یا حکومت ہند کی جانب سے [illegible] امداد نامناسب و غیر منصفانہ قرار دیتا ہے [illegible] ممالک غیر کی خیرات [illegible] کام آ گئے [illegible] ضرورت دستگیری [illegible] البتہ [illegible] مستحسن و مناسب سمجھ کر اینگلو انڈین اخبارات کی [illegible] قرار دیا جائے

آفریں باد برین ہمت مردانۂ شاں!

ہندوستانی بدنصیب [illegible] مصیبت و تکلیف کے وقت بھی ایثار و صبر کی تمیز نہیں چھوڑتے۔ [illegible] جہالت کہئے یا [illegible] سمجھئے۔ لیکن ان کے ہاں تین روز برابر فاقہ کرنے کے بعد جس طرح [illegible] جائز ہو جاتی ہے اسی طرح مُردار حلال ہو جاتا ہے [illegible] دونوں کو مساوی درجہ کا مکروہ و ناگوار قرار دیتے ہیں۔ اور محقق [illegible] کا مذکورۂ عنوان شعر اور مندرجہ ذیل [illegible] پڑھ کے مر جانے کو کسی غیر کے سامنے ہاتھ پھیلانے پر ترجیح دیتے ہیں کہ ع تنم افزود و آبروئم کاست

جنگ جنوبی افریقہ ٹرانسوال میں انگریزی فوجیں [illegible] رستے [illegible] مقامات اور پناہ گاہوں پر قبضہ کرتی جاتی ہیں [illegible] جنوبی افریقہ کے اس سٹیج پر عنقریب آخری پردہ گرنے والا ہے۔ لارڈ رابرٹس سے درخواست کی گئی ہے کہ [illegible] بیکار پڑی ہیں انہیں چین بھیج دیا جائے تاکہ

نمائش پیرس کے عجائبات بالتصویر انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

تاروں سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ جہاز توپیں لیکر پہنچ گئی ہیں۔ جہاں سے وہ بہت جلد چین کو روانہ کی جائیں گی۔ باوجودیکہ جنگ ٹرنسوال کا یہ آخری سین ہے۔ مگر اس کے ختم ہوتے ہوتے بھی بلحاظ انگریزی کو مزید لڑائیوں کا متحمل ہونا پڑیگا۔ کبھی کبھی بوئر بھی ایسا ہاتھ دکھلا جاتے ہیں کہ دنیا حیران رہ جاتی ہے۔ بوئر سپہ سالار ڈی ویٹ نے جنگ کے اس آخری حصے میں بہادری کے اچھے جوہر دکھلائے۔ لارڈ رابرٹس نے ۱۲ جولائی کو جو مراسلہ پریٹوریہ سے بھیجا ہے۔ اس سے مترشح ہوتا ہے کہ بوئروں نے سٹرالکراف کی سپاہ قلعہ کو معطل کر کے دو توپیں۔ سکاٹس گریز کے ایک سکواڈرن اور ۹۰ لنکنشائر سپاہیوں کو گرفتار کر لیا جس سے انگریزی لشکر کا بہت سخت نقصان ہوا۔ کمک عین وقت پہنچی۔ لفٹنٹ کرنل متعلق سکاٹس گریز مقتول اور لنکنشائر کے کرنل رابرٹس مجروح ہوئے۔ تقریباً ۴۰ سپاہی ہیں [illegible] کیمپ پہنچے ہیں۔ سٹرالکراف [illegible] انگریزی نے گزشتہ ہفتہ کو قبضہ کیا تھا۔ لیکن دوسرے دن [illegible] سپاہ مارگریٹ اپنے آپ کو دشمنوں سے گھرا ہوا پایا۔ اور کار دن بھر کی سخت لڑائی کے بعد جب گولہ بارود ختم ہو گیا تو بوئروں کے ہتھے چڑھ گئے۔ اگر اتنی لشکر کا متشکل کوئی ایسا سپاہی ہوگا جو اس جنگ میں مجروح نہ ہوا ہو۔ مقتولین کی تعداد بھی بہت ہے۔ [illegible] جنگ کروگرزڈارپ میں جو ۱۱ جولائی کو ہوئی تھی ۳۴ افسر اور ۷۴ سپاہی مجروح ہوئے۔ اور سٹرسٹین کے ہیڈ کوارٹر متعلقات میکیلم کے مسخر کرنے میں ۴ افسر مقتول اتنے ہی افسر مجروح اور ۲۴ سپاہی زخمی ہوئے۔ غرضکہ جب تک ٹرنسوال کامل طور پر فتح نہیں ہوتا۔ اسی طرح جان و مال کا نقصان ہوتا رہیگا۔

باکسروں کی سرگرمی — چین کی مسیر [illegible] خبروں ہیں ریاست والی بعض معلوم ہوتی ہے۔ وہ اجنبیوں کے خلاف فساد کا روز بروز ترقی کر رہا ہے۔ چنانچہ فساد کا شعلہ اُن اضلاع میں بھی بھڑکتا جاتا ہے۔ جو اب تک اس سے محفوظ تھے بلکہ [illegible] کے ممالک غیر کی متحدہ افواج سے ہنگامہ کے فرو ہونے اور پیش قدمی کے بجائے ترقی معکوس کی صورت اختیار کی ہے جس کی ناکامی سے مفسدوں کے حوصلے بڑھ گئے ہیں۔ اور قرب و جوار کے مفسد بھی اُن کے ساتھ شامل ہوتے جاتے ہیں۔ جاپان عنقریب ایک اور فوجی دستہ حرکت میں لانے والا ہے۔ ہندوستانی [illegible] کی تعداد میں بھی بہت کچھ اضافہ کیا جائیگا۔ دوسری طرف منچوریا اور جزیرہ نمائے لیاؤتنگ میں بھی اس فساد کے سرایت کر جانے سے۔ جہاں باکسر ریلوے لائنوں کو اکھاڑ رہے ہیں اور غارتگری میں مصروف ہیں۔ اور سر جنہوں نے نیوچنگ کا بندرگاہ بھی جلا دیا ہے۔ روس اس امر پر مجبور ہوگا کہ وہ اپنی توجہ اور کارروائیوں کو زیادہ تر منچوریا اور لیاؤتنگ میں محدود رکھے کیونکہ یہ ممالک اس کی سرحد کے قریب ہیں۔ فرانس اور جرمنی سپاہ کی بہت بڑی تعداد باقاعدہ چین میں بھیجنے کے قابل نہیں جس کی وجہ سے چین میں امن و امان قائم کرنے کا زیادہ تر جاپان اور انگلستان کو انجام

دینا پڑیگا۔ قیصر جرمنی مجید نے پہلے تو پیکن پر اپنا علم اڑانے کے خواہشمند تھے اب حال ہی میں وہ یہ کہنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ جرمنی چین کا حصہ بخرہ کرنا یا اس سے کوئی خاص فائدہ اٹھانا نہیں چاہتا۔ ۱۳ جولائی کا تار مظہر ہے کہ پیکن میں اجنبیوں کے قتل عام کی افواہیں پھر از سر نو تازہ ہو گئی ہیں۔ البتہ اس امر میں اختلاف ہے کہ کس تاریخ کو وہ قتل کئے گئے۔ یورپین اور امریکن گورنمنٹ نے پرائیویٹ طور پر اس شخص کو بیش قرار انعام دینے پر آمادگی جو سفیر کے نام... پیکن کا کوئی خط لاسکے۔ شنگھائی کا انگریزی سفیر تار دیتا ہے کہ جہاں سفیروں کے مقتول ہونے کی نسبت بہت کم شک کیا جاتا ہے۔ لندن کے سرکاری حلقوں کی بھی اب کی زیست کے متعلق تمام امیدیں منقطع ہو گئی ہیں۔ ۹ جولائی کا ٹائمز منظر ہے کہ طیلسین صاحبان پر ۱۲ امریکنوں نے چڑھائی کی ہے جس کی وجہ سے متحدہ افواج کو اپنے متعدد مورچے چھوڑ دینے پڑے ہیں۔ گزشتہ مقتل کی جنگ و صدل میں چینی آتش فشانی نے انگریزی نو بنجانے کے دھوئیں اڑا دئیے اور میٹن کے بعض حصص پر قبضہ کر لیا۔ لیکن جاپان انگلستان اور دیگر طاقتوں کی کافی افواج کے پہنچ جانے پر امید ہے کہ جنگ کا پانسہ پلٹ جائیگا۔ جاپان نے ۵۰ ہزار اور روس نے ۵ ہزار سپاہ بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ موخر الذکر کا پہلا دستہ ۱۸ جولائی کو چین روانہ ہوگا۔

گورنر بمبئی اور لگان — سر جو اور زمانہ قحط ۱۰ اپریل بمبئی میں زمینداروں سے لگان وصول کرنے کے باعث ہزایکسیلنسی لارڈ نارتھکوٹ گورنر و ریذیڈنسی مذکور نے جو پالیسی اختیار کی ہے۔ مسٹر گوکلے اور ریذیڈنسی بمبئی اور پریذیڈنسی ایسوسی ایشن سے بھی [illegible] ہر دی ہے۔ ہزایکسیلنسی نے فرمایا کہ گورنمنٹ کا ہرگز یہ منشا نہیں کہ قحط زدہ زمینداروں کو زر معاملہ کی ادائیگی کے لئے مجبور کیا جائے۔ درانحالیکہ وہ اس کے ادا کرنے کا کوئی ذریعہ نہ رکھتے ہوں۔ لیکن گورنمنٹ کے خیال میں یہ رعایت و معافی بلا لحاظ نہیں ہو سکتی کیونکہ بمبئی میں بہت سے ایسے متمول جاگیردار اور بڑے بڑے زمیندار بھی موجود ہیں جو بڑی آسانی سے معاملہ ادا کر سکتے ہیں۔ اس لئے وہ اس رعایت کے کسی طرح مستحق نہیں ہو سکتے۔ اس پریذیڈنسی کی عمدہ اور زرخیز زمین ایسے ہی خوشحال کے ہاتھوں میں ہے جن کو قطعی لگان کا ادا کرنا کسی طرح بار نہیں گزر سکتا۔ اس کے ساتھ ہی گورنمنٹ کی طرف سے اس مضمون کے احکام بھی صادر کر دئیے گئے ہیں کہ ان کاشتکاروں اور زمینداروں کو جو اپنے در اصل کا دو بارہ جاری رکھنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ [illegible] معاملہ مجبور نہ کیا جائے۔ علاوہ ازیں زمینداروں اور کاشتکاروں کو تخم ریزی اور دیگر اخراجات واسطے قائم رکھنے کے تقاوی بطور تقاوی بھی دیا گیا ہے۔ اور گورنمنٹ آمادہ ہے کہ اگر زمیندار پوری رقم ادا نہ کر سکیں تو اس کا نصف حصہ معاف کر دیا جائے۔

ہزایکسیلنسی لارڈ نارتھکوٹ نے متمول زمینداروں سے لگان وصول کرنا، غریب زمینداروں کی مالگزاری کے التوا اور عطیہ تقاوی سے امداد دینے اور ہر [illegible] اس کا

نصف تک معاف کر دینے کی نسبت [illegible] نہایت قابل قدر ہیں۔ اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پریذیڈنسی کے مفلوک الحال زمینداروں سے ہمدردی تامہ رکھتے ہیں۔ ان کی لیڈی صاحبہ بھی غریبوں کی دستگیری اور ہمدردی بنی نوع انسان کی گرانبہا صفت میں شوہر عالی قدر سے بھی بڑھی ہوئی ہیں۔ چنانچہ ایڈیٹر ٹائمز آف انڈیا لکھتا ہے کہ کچھ عرصے سے ایک لیڈی پونہ میں بھوکوں اور دیگر مساکین کو خیرات تقسیم کرتی ہوئی دیکھی جاتی تھی۔ ایک اخبار نامہ نگار جب لوگوں سے اس لیڈی کا نام و نشان معلوم نہ کر سکا تو ایک روز جبکہ وہ لیڈی خیرات تقسیم کر کے ایک کرایہ کی گاڑی میں شہر سے باہر جا رہی تھی۔ نامہ نگار نے اس کا پیچھا کیا۔ یہاں تک کہ وہ گاڑی جس میں لیڈی موصوفہ سوار تھی ساسون ہسپتال پہنچی جہاں ایک اور خوبصورت اور شاندار گاڑی لیڈی موصوفہ کا انتظار کر رہی تھی۔ یہاں لیڈی نے کرایہ کی گاڑی کا کرایہ دے کر رخصت کر دیا اور خود دوسری گاڑی میں سوار ہو کر گورنمنٹ ہوس کو روانہ ہوئی۔ جب نامہ نگار نے ملازمان ہسپتال سے پوچھا کہ یہ فیاض عورت کون ہے؟ تو جواب ملا "لیڈی نارتھکوٹ"۔

ہزہائینس نواب صاحب بہادر رامپور اور علیگڈھ کالج — بڑی خوشی سے لکھا جاتا ہے کہ سر سید میموریل فنڈ کے ڈیپوٹیشن کے رامپور جانے پر ہزہائینس نواب صاحب بہادر نے جو ۵۰ ہزار روپیہ چندہ عطا کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس کا نصف یعنی ۲۵ ہزار روپیہ ہزہائینس نے علیگڈھ کالج کو مرحمت فرما دیا ہے۔ اگر دہلی کے نامور رئیس اور ہزہائینس نواب صاحب رامپور کے شاہی طبیب حکیم اجمل خاں صاحب سے اختیار کرامی [illegible] اطلاع دی ہوتی تو ریاست رامپور کے گزشتہ حالات اور نواب رئیس کے فیصلوں پر نظر کرتے ہوئے جس پر اخبار بھی اعتماد کی مسند نشینی ہزہائینس نواب تک رکھتا [illegible] اس بات پر یقین آنا مشکل تھا۔ شمال مغرب [illegible] کے اخبارات میں آجکل ریاست رامپور کے خلاف جو چل رہی ہے کہ ہی اخبارات جو ہمیشہ اس ریاست کی تعریف [illegible] میں رطب اللسان رہتے تھے۔ حق ریاست کے [illegible] ہوگئے۔ گزشتہ موسم برسات میں جب نواب صاحب نے ساون کی سالگرہ منانے میں لاکھوں روپیہ بیجا طور پر فضول تکلفات اور دھوم دھام میں صرف کر دیا تو بعض مرادآبادی اخبارات نے صرف نواب صاحب کے اس جشن کا نہایت سخت الفاظ میں ذکر کیا تھا۔ اس وقت کا یا پلٹ جانے کی بنا ہرگز کوئی معلوم نہیں ہوتی۔ مرادآباد کے ایک اخبار نے جو پہلے ریاست کی مخالفت... [illegible] ہزہائینس نواب صاحب اس اخبار کے ایڈیٹر کو طلب کرنے کے لئے کوشش کر رہے ہیں [illegible]

[illegible] اکاری کو خبر یاد کر کر اب [illegible] ریاست میں حصہ لینا شروع [illegible] مودودہ کا نصف عطا [illegible] سے بھی اس بات کو تسلیم کر لی ہے کہ وہ ملکی اور [illegible] کو محسوس کرتے ہیں۔ مسیح کا بھولا اگر [illegible] سے بھولا نہیں سکتے بہر حال امید ہے کہ نواب صاحب بہادر اپنی حالت میں جو صلاح کی ہے وہ [illegible] نہ صرف اُن کی ذات بلکہ رعایا و ریاست [illegible] ہز ہائینس کے خطبہ مندرجہ بالا کی نسبت حکیم اجمل خاں صاحب کا جو خط موصول ہوا ہے وہ حسب ذیل ہے۔

تسلیم!

حضور پُر نور ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر والئی ریاست رام پور نے جس اولوالعزمی سے مسلمانوں کے ہر دلعزیز کالج علیگڈھ کے لئے ایک لاکھ کا وعدہ فرمایا تھا اسی [illegible] میں سے ۲ ہزار کی رقم عطا کر دی اور باقیماندہ حصہ بھی عنقریب عطا ہونے والا ہے۔ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں۔ اس وقت تک علی گڈھ کالج کو کسی جگہ سے یکمشت اس قدر بڑی رقم نہیں ملی جس طرح کہ محمڈن کالج کی فیاضانہ امداد مسلمانوں میں عام ہے اسی طرح نواب صاحب بہادر کی یہ اولوالعزمی بھی [illegible] قابل فخر ہے [illegible] کی اطلاع کی غرض سے یہ خبر لکھی گئی ہے۔ [illegible]

کیا آپ متاثرگان ہند کیساتھ ہمدردی رکھتے ہیں

نوٹ:۔ اس گھڑی کی قیمت [illegible] روپیہ [illegible] آ۔ صرف آخیر [illegible] تک [illegible] اور اس کے بعد چار روپیہ [illegible]

[illegible] کے مطابق متاثرگان ہند کی [illegible] کے لئے [illegible] جسکو [illegible] معزز خریداروں نے دل سے پسند کیا ہے اور امید ہے کہ [illegible] ہماری اس نیک تجویز سے اتفاق کر کے [illegible] گھڑی کی ایک بہت بڑی تعداد قیمت کی بہت [illegible] کر کے [illegible] کے ساتھ پیش کرنا [illegible] گھڑی قیمت سے ۲ [illegible] متاثرگان ہند کیلئے [illegible] ہم نے [illegible] کر دی [illegible] گھڑی کی تعریف کے متعلق ہم اور کچھ کہنا نہیں چاہتے صرف [illegible] دس ہزار [illegible] اس قسم [illegible]

[illegible]

اجمل خاں دہلوی - ۱۴ جولائی ۱۹۱۲ء

ریاست پٹیالہ کا مالی نظم و نسق

ریاست پٹیالہ کی مالی حالت کے درست کرنے کے لئے گورنمنٹ ریاست کے صیغہ مال کو ایک یورپین افسر کی نگرانی میں دینا چاہتی ہے۔ ایسا یورپین افسر اپنے کاروبار کی نسبت صرف گورنمنٹ پنجاب کو جوابدہ ہوگا۔ اور ہز ہائینس مہاراجہ صاحب اُس کی کارروائیوں میں کسی قسم کی مداخلت یا دست اندازی نہیں کر سکینگے گویا اس صورت میں ہز ہائینس کی حیثیت ریاست میں بطور ایک پنشنر کے رہ جائیگی۔ اگر اس تجویز پر عملدرآمد نہ ہوا۔ تو گورنمنٹ پنجاب پھر کسی اور پیرایہ میں ریاست کے مالی حسابات کو اپنے زیر نگرانی رکھیگی۔ گورنمنٹ کی اس مداخلت کی یہ وجہ ہے کہ ریاست کا خزانہ جس میں کونسل کے وقت کروڑ روپیہ نقد جمع تھا۔ نہ صرف تمام و کمال خالی ہو گیا ہے۔ بلکہ ریاست اُس پر قرضہ کے بوجھ کا بھی تحمل ہو گیا ہے۔ ہز ہائینس مہاراجہ صاحب کو [illegible] پولو گھوڑ دوڑ اور یورپین مذاق کی دلچسپیوں اور کھیلوں میں بیدریغ روپیہ صرف کرنے اور کسی امر کا خیال نہیں۔ ریاست کی مالی حالت جو آج اس قدر نازک ہو گئی ہے۔ دراصل اس کی جوابدہ اور ذمہ دار یورپین سوسائٹی ہے جس کی صحبت نے ہز ہائینس کو یورپین لہو و لعب کا ایسا شائق بنا دیا ہے کہ اُن کے وقت کا زیادہ تر حصہ انہی مشاغل لایعنی میں گزر رہا ہے۔ بہر حال ریاست کی بہتری و بہبودی کے لئے اس کے صیغہ مال کا کامل انتظام ہونا ضروری ہے۔"

سر ولیم وڈربرن ممبر پارلیمنٹ ہمیشہ ہندوستان کا مربیہ اہل ہند کی تکالیف اور شکایتوں کو پیش کیا کرتے تھے۔ افسوس کی بات ہے کہ اُنہوں نے آئندہ انتخاب پارلیمنٹ میں اُمیدوار ممبری بننے سے انکار کر دیا ہے جس چٹھی کے ذریعہ سے اس ارادہ کی اطلاع سر ولیم نے اپنے منتخب کنندگان کو دی ہے اُس میں وہ لکھتے ہیں کہ جنگی جوش و خروش جو آجکل ملک پر چھایا ہوا ہے۔ اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ انتخاب عام میں بھی موجودہ گورنمنٹ کامیاب ہو کر سات سال تک حکمران رہیگی۔ ایک ایسی گورنمنٹ ہے جو سر رشتجات میں مضر اور بیعتی [illegible] کو خود مول لیتی ہے۔ اور ملک کی روپیہ پولیٹیکل ہمدردوں پر تقسیم کر کے اس کا بُرے طور پر استعمال کرتی ہے۔ ان حالات میں پارلیمنٹ کی ممبری کچھ بھی مفید ثابت نہیں ہو سکتی۔

لارڈ ہارڈنگ گورنر بمبئی نے دکن سبھا کے ایڈریس کے جواب میں یہ بھی کہا کہ بعض ایسے اشخاص بھی ہیں جو جدید دور میں ہر طرح ان زمینداروں کو جو معاملہ سرکاری ادا کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں۔ ادائے ردگان سے روکتے ہیں۔ سنا گیا ہے کہ متمول اشخاص اپنے مال و اسباب و زیورات حتیٰ کہ غلہ کو بھی چھپا رہے ہیں۔ تاکہ گورنمنٹ اُن کو قرق نہ کر سکے۔ اور جو زمیندار معاملہ سرکاری ادا کرتے ہیں۔ اُن کو یہ بائیں سے طرح کر دیتے ہیں۔ [illegible] ہز ایکسیلنسی کے مندرجہ بالا الفاظ اُن مبالغہ آمیز [illegible] کا نتیجہ ہیں جو ماتحت حکام نے

حضور ممدوح کی خدمت میں بھیجی ہیں۔ تاوقتیکہ [illegible] میں پوری تحقیقات نہ کر لی جائے۔ ہز ایکسیلنسی کو ملک کے کسی خاص [illegible] و فرقہ سے بدظن نہیں ہونا چاہئے۔

ناگری رسم الخط کے لفظ "درخواست" کے معنوں کی نسبت ہائیکورٹ الہ آباد اور جوڈیشل کمشنر اودھ میں جو اختلاف تھا۔ پایونیر الاخبار سے معلوم ہوا کہ آنریبل لفٹنٹ گورنر صلاع مغربی و شمالی نے جوڈیشل کمشنر سے اتفاق رائے ظاہر کر کے اُس کا فیصلہ کر دیا ہے۔

۱۱ جولائی کو چینیوں نے ٹینٹسن کے ریلوے سٹیشن پر حملہ کیا۔ مگر پسپا ہوئے۔ اس لڑائی میں متحدہ افواج کا بھی بہت نقصان ہوا۔ مگر چینی لشکر کو ۶ و ۹ جولائی کی لڑائیوں میں شکست فاش ہو چکی تھی۔ اور وہ ابھی ۲ تو میں بھی چھوڑ گئے تھے۔ مگر اس پر بھی ۱۱ جولائی کو حملہ آور ہونے سے باز نہ رہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مفسدوں کے حوصلے بڑھے ہوئے ہیں اور یکے بعد دیگرے اضلاع میں عیسائیوں۔ دیسی عیسائیوں اور اجنبیوں کے قتل کا سلسلہ جاری ہے۔ اُن کی جنگی سرگرمی میں ہر لحظہ کچھ نہ کچھ ترقی ہوتی رہتی ہے۔

گزشتہ جمعہ کو لاہور میں دو چند گھنٹے بارش ہوئی تھی وہ صرف یہیں محدود نہیں رہی۔ بلکہ پنجاب کے جنوب مغربی حصہ کے سوا اس صوبے کے دیگر تمام مقامات میں بھی کم و بیش بارش ہوئی۔ جو اربعی مہینوں سے بے کاشت پڑی ہوئی تھی۔ اُس میں زمینداروں نے ہل چلانا اور بیج ڈالنا شروع کر دیا ہے۔ لاہور میں گزشتہ تین چار روز میں اور بھی ایک دو چھینٹے پڑ گئے ہیں۔ جس سے موسم کسی قدر ٹھنڈا ہو گیا ہے۔ چونکہ ہنوز مطلع صاف نہیں ہوا اس لئے اُمید ہے کہ ابھی اور بھی مینہ برسیگا۔ ان بارشوں سے مویشیوں کے لئے گھاس بھی کسی قدر پیدا ہو جائیگی۔ لیکن ابھی اس صوبہ میں مزید بارشوں کی اشد ضرورت ہے۔ لوگوں کی نگاہیں آسمان پر لگی ہوئی ہیں۔

اطلاع

چونکہ یہ نیازمند بباعث موسم گرما کے ہمراہ سری سرکار والا ابتمام سری نگر کشمیر مقیم ہے لہذا تا اطلاع ثانی سری نگر کے پتہ پر میرے نام خط و کتابت ہونی چاہئے

الملتمس حکیم محمد علی پروپرائٹر فیاضی شفاخانہ واصلاح خاندان شاہی ریاست متعلقہ کشمیر سری نگر

منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار کی سیاحت یورپ

چوتھی چٹھی از مقام ویانا (آسٹریا) ۲۸ جون ۱۹۰۰

(مرقومہ منشی محبوب عالم صاحب)

میں پچھلے خط میں بھی ویانا کے متعلق بہت سے حالات لکھ چکا ہوں۔ کچھ حالات آج لکھتا ہوں۔ اگر کوئی شخص کھلی ہوئی آنکھوں سے دیکھے۔ تو یہاں اس کے لئے بہت سے سبق موجود ہیں۔ بلکہ بقول ایک انگریزی مصنف کے پتھروں سے بھی وعظ و نصیحت حاصل ہو سکتی ہے۔ میں نے ویانا کے حالات ہر طرح معلوم کرنے کی کوشش کی۔ قابل دید مکانات دیکھے گائیڈ کو ہمراہ لیا۔ تنہا بھی گیا۔ بعض لوگوں سے ملاقات پیدا کر کے چند کارخانے بھی دیکھے۔ ٹکنیکل سکول۔ عجائب گاہ فنون و حرفت اور دیگر مقامات کی سیر کی۔ تاکہ یہاں کی ترقی کے اکثر حالات معلوم ہو جائیں۔ یہ تو ظاہر ہی ہے کہ اتنے تھوڑے عرصہ میں کوئی شخص کسی مقام اور قوم کی نسبت بہت کب معلوم کر سکتا ہے۔ تاہم میں نے تھوڑے وقت میں جو ضروری حالات معلوم کئے ہیں۔ ان میں سے بعض حسب ذیل ہیں۔

آجکل ہندوستان میں جرمنی کی طرح آسٹریا کا بھی بہت مال تجارت کھپتا ہے۔ مثلاً چھاپنے کا کاغذ۔ ترکی ٹوپیاں۔ اور اور بہت سی بساطی کی چیزیں آسٹریا کی ساختہ ہوتی ہیں۔ ان چیزوں کے کارخانے شہر کے قریب بہت کم ہیں۔ اکثر کارخانے مضافات میں ہیں۔ شہر میں صرف ان کے دفاتر ہیں۔ ان کی تجارت ہر سال ترقی کر رہی ہے۔ بعض کارخانے اجنبیوں کو دکھلانے میں تامل کیا جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی بعض خلیق لوگ سفارشی چٹھیاں دے دیتے ہیں۔ اور خود بھی ساتھ ہو لیتے ہیں۔ مکانات ویانا کے نہایت رفیع اور عظیم الشان ہیں۔ اکثر مکانات پر شبہ ہوتا ہے کہ یہ شہنشاہ آسٹریا کا قصر ہوگا یا کوئی پبلک عمارت۔ لیکن وہ کسی پرائیویٹ شخص کا مکان۔ یا تاجر کی دکان نکل آتی ہے۔ پانچ چھ منزلہ عمارتیں ہیں۔ پتھر سنگ مرمر اور شیشہ تعمیر میں بہت صرف کیا گیا ہے۔ قابل دید مکانات میں جو میں نے دیکھے ہیں۔ ان میں ٹریسٹ طبیعی عجائب گاہ۔ عجائب گاہ آرٹس وانڈسٹریز۔ ٹاؤن ہال۔ ہوس آف پارلیمنٹ شہنشاہ آسٹریا کا تھیئیٹر اور یونیورسٹی ہیں۔ عجائب گاہ میں چالیس کمرے تین منزلوں میں ہیں۔ اور ان میں نہایت

مکمل مجموعہ قدرتی اور مصنوعی اشیا کے موجود ہیں۔ پتھروں میں ایک شہاب (۱۸۸۰) سیر وزن کی چیز مقرر شکل کا موجود ہے جو ۱۸۸۵ء میں گرا تھا۔ خاص غور سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ٹکڑا یا متحجر دیکھیں۔ تین تین چار چار ہزار سال کے مردوں کی ہڈیاں دیکھیں۔ مردہ جانوروں میں تو نہ نہیں تھا۔ ایک جگہ ہندوستانی زمینداروں کے زندگی کے بت بنا کر دکھلائے گئے تھے۔ لیکن بنگال کی طرف کے۔ یہ لوگ بالکل برہنہ بنائے گئے ہیں۔ اور پاس ایک چھپر کا مکان بنا ہوا ہے۔ اس لئے اگر ویانا کے لوگ اہل ہندوستان کو ایسا ہی سمجھتے ہوں تو ذرہ تعجب نہیں۔ چنانچہ جب میں ہوس آف پارلیمنٹ دیکھنے گیا تو وہاں کے ایک دربان نے میرے گائڈ سے دریافت کیا کہ یہ کپڑے جو یہ اب پہنے ہوئے ہیں تو ہندوستان میں جا کر اس کے کسی کام کے نہیں رہیں گے۔ کیونکہ اس کے خیال میں ہر ایک ہندوستانی اپنے وطن میں ننگا رہتا ہے۔ لیکن جب اس کی غلط فہمی دور کی گئی۔ تو اسے تعجب ہوا۔ عجائب گاہ آرٹس و انڈسٹریز میں صرف آسٹریا کی دستکاری اور حرفت کے نمونے رکھے ہوئے ہیں۔ اس سے ملک کے کاریگروں کو کئی طرح کی مدد ملتی ہے۔ چینی اور شیشہ کا کام زیادہ ہے۔ ٹاؤن ہال کی عمارت نہایت اعلیٰ ہے۔ اس میں ۱۰ کمرے اور ۲۰۴ ڈیوڑھیاں ہیں۔ اس کے بڑے کمرے کا طول ۷۰ میٹر (۷۵ گز) عرض ۲۰ میٹر اور بلندی ۱۹ میٹر ہے۔ اتنا بڑا کمرہ میں نے پہلے نہیں دیکھا۔ اس میں ایک بہت بڑا جھاڑ (۲۱۷) بتی کی روشنی کا ہے۔ ویانا کے بہت سے نامور لوگوں کے بت اور تاریخی واقعات کی تصاویر اس میں موجود ہیں۔ چیف مجسٹریٹ اس میں کچہری کرتا ہے۔ اور انتظام شہر کی کمیٹی کا اجلاس بھی اس میں ہوتا ہے۔ ویانا کا اوپیرا ہوس اتنا بڑا ہے کہ جس کے ساتھ کا دنیا میں دوسرا اوپیرا موجود نہیں۔ یہ بھی شہنشاہ آسٹریا کی ذاتی ملکیت ہے۔ لیکن برگ تھیئیٹر بھی جو اندر سے تمام لوہے کا بنا ہوا ہے تاکہ آتشزدگی کا خطرہ نہ ہے۔ شہنشاہ آسٹریا کی ملکیت ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا شہنشاہ کو اس سے کچھ نفع بھی ہوتا ہے؟ معلوم ہوا کہ نہیں۔ بلکہ ہر سال کے اخیر پر نہیں کچھ اپنی گرہ سے دینا پڑتا ہے۔ یہ مکان بھی بڑے تکلف کا ہے۔ جس میں شہنشاہ اور شہزادوں کے بیٹھنے کے کمرے ہوتے ہیں۔ اور ڈراما کے متعلق دنیا کے

مشہور ڈراما [illegible] پیکر وغیرہ [illegible] تماشوں کی تصویریں [illegible] رہا کرنے والے [illegible] ویانا کی ترقی کی [illegible] یہاں کتابوں سے میں کچھ فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ کیونکہ سب جرمنی زبان میں ہیں۔

دستِ قسمت کی آدھی قیمت۔ سری نوشتہ قسمت جو سال گزشتہ میں سیم کی مع محصول ڈاک فروخت کی گئی تھی جو قدر دانوں کی قدردانی سے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی تھی ۲ سو سے زیادہ نسخوں میں مستقل کی بابت تسکین دہی۔ اپنی قسمت کا حال جو کچھ آپ کر دیکھنا ہو۔ آنا نامیں لکھئے۔ اس کتاب میں ۲ سو سوال ہیں۔ اور ۴ ہزار ۹ جواب ہیں اگر آپ کے سوال کا جواب غلط نکلے تو ایک سو روپیہ آپ کو انعام میں ملیگا۔ قیمت فی جلد مع محصول ڈاک ۱۱ ... (فہرست کتب مفت منگا کر ملاحظہ کیجئے)

ملنے کا پتہ منشی محمد بخش الہی بازار نگلہ۔ امرتسر

امراض آتشک سوزاک کی ماہیت اور علاج پر ایک نہایت عجیب کتاب صرف آٹھ آنہ قیمت پر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

ٹیکسا میٹر



ہوئے ہیں۔ یہاں سب کچھ پڑھے ہیں۔ جب فارغ ہوتے ہیں
تو اکثر کوچ بکسوں پر بیٹھے اخبارات پڑھتے ہیں۔ میں نے کئی دفعہ
لکھا ہوا دیکھا ہے کہ گاڑیوں کا ان کو دکھلاتا ہے۔ [illegible]
برلن میں جس کی آبادی ۲۰ لاکھ سے اوپر ہے اور جس کا رقبہ
مع مضافات ۵۰ میل سے کم نہیں۔ ٹھیک موقع پر مجھے
لے پہنچتے ہیں۔ یہ وردی پہنتے ہیں۔ اول درجہ کی گاڑی سیاہ
اور دوم کی سفید ہوتی ہے۔

برلن پیرس سے بڑا اور زیادہ صاف شہر ہے۔ یہاں کی سڑک
عمارات وہاں سے زیادہ ہیں۔ [illegible] کا یہاں
کچھ حساب نہیں۔ سب بازار اسفالٹ کے بنے ہوئے ہیں مگر گرد کا نام
نشان نہیں۔ دن بھر شہر گھوما پھرا۔ [illegible]
نہ ہوگی۔ یہاں صبح سے شام تک ہر وقت بازاروں میں
لوگوں کا ہجوم اور قہوہ خانوں میں میلہ لگا رہتا ہے۔ کسی ملک
عجائب خانہ یا تماشگاہ میں جاؤ تو ہزاروں آدمی ملتے ہیں
کہ گمان ہوتا ہے کہ سارا شہر وہیں امڈ آیا ہے۔ لیکن اگر
کسی دوسری جگہ جاؤ تو وہاں بھی یہی حال ہوگا۔
یہاں کے وسیع چڑیا خانہ کو دیکھا کہ جس کے دیکھنے کے لئے
ایک مارک (۱۲ آنہ) کا ٹکٹ لینا پڑتا ہے۔ تو اندر بلا مبالغہ بیس
پچیس ہزار زن و مرد کا مجمع دیکھا۔ جو کچھ تو جانوروں کے دیکھنے
اور زیادہ تر قہوہ پینے اور باجہ سننے میں مصروف ہیں۔ چڑیا
گھر برلن کا اتنا مشہور ہے کہ کہا جاتا ہے پیرس اور لندن میں
بھی اتنا بڑا نہیں۔ یہاں ہاتھی بھی عجائب خانہ میں عجیب چیز
سمجھا جاتا ہے۔ میں نے زرافہ یعنی شتر گاؤ پلنگ یہاں پہلی دفعہ
زندہ دیکھا۔ یہ نہایت ہی بلند جانور اور عجیب الخلقت ہوتا ہے
[illegible] بلند دیکھے جو ہم نے نہیں سنے
[illegible] نسل کے تھے ایک شیشے کے مکان میں رکھے ہوئے
[illegible] کئی قسم کا [illegible]
[illegible] ہماری زبانوں میں نہیں ہیں [illegible]
[illegible] گھر میں [illegible] عجیب جانوروں
[illegible] ایک [illegible]

سوداگر سے یہاں اسی ذریعے سے ملاقات ہو گئی کہ انہوں نے اجنبی
سمجھ کر مجھ سے انگریزی زبان میں بات چیت کرنا شروع کی۔
جو کچھ معلومات ہم پہنچائے ہیں سب کے کام آئے۔ لیکن سب
سے زیادہ مدد مجھے ایک تجارتی ایجنٹ نے دی جسے میں اب
ایک ذاتی دوست سے کم نہیں سمجھتا۔ اور جو اپنا حرج کر کے کئی روز
مجھ ساتھ لئے پھرا ہے۔ اور بہت سے باتیں تلاش ہیں
ورنہ زبان کے نہ سمجھنے سے مجھے یہاں کے بہت کم حالات معلوم
ہو سکتے۔ بجائے ٹیکنیکل اور عام تعلیم اور امور تجارت کی مفصل
کیفیت میں یہاں معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ مگر یہ کام مہینوں اور
برسوں کا ہے چند روز میں کہیں ایسی باتیں معلوم ہو سکتی
ہیں۔ تاہم "خیالی" علم شئے بہ از جہل" سمجھ کے میں اپنی ملک
میں اریس نہیں ہوا۔ بہت کئی مقامات یہاں کے دیکھے ہیں۔
اور کئی دیکھنے باقی ہیں۔ دو ایک کمالات اس خط میں لکھ
کر باقی آئندہ پر ملتوی کرتا ہوں۔

یہاں آجکل دو عارضی نمائشگاہ کھلی ہیں۔ ایک سیر
کا ہے جس میں جرمنی کی نو آبادیوں کی چیزوں کی نمائش
ہو۔ جو دو زمین سے زیادہ نہیں۔ تاہم جنوبی افریقہ کی وحشی جرمن
رعایا۔ جو برہ کیمپوں اور میں لے گئے ہیں۔ ملا دی کو جو کے باشندوں
کی معاشرتی زندگی کی ضروریات کو نمونے کے طور پر دکھلا رہا ہے۔
یہاں ایک گائڈ میری ہمراہ تھا۔ جب ہم آگے وحشیوں کے
جس پوش جھونپڑوں میں دیکھ گلی برتن اور چند حملے اور
کپڑے کی چیزیں نظر آئیں تو اس نے کہا کہ تمہارے ملک میں
بھی تو اسی طرح کے گھر ہوتے ہیں۔ گو اس بات کو جینے اس سے
ٹال دیا۔ لیکن مجھے قائل ہونا پڑا کہ ہندوستان میں
بعض کاشتکاروں کے جھونپڑوں میں اسی غربت دیکھی ہے
کہ جن میں اسی قدر معمولی سامان ہوتا ہے۔ گو وہ جسم پوش
نہیں ہوتے۔ یہاں بھی کس نصف مارک داخلہ اور دو آنہ چھاتہ
رکھنے کے لئے دینے گئے۔ واضح رہے کہ جہاں گائڈ ساتھ ہو اس کا
کرایہ اور داخلہ کا ٹکٹ بھی دینا پڑتا ہے۔ اس گائڈ کی شرح ۱۰
مارک روزانہ یعنی ساڑھے سات روپے تھی۔ اور یہ صرف ایک
روز اسے ہمراہ رکھا۔

دوسری نمائشگاہ جرمنی کی مصوری، سنگتراشی اور پرنگی
بت ڈھالنے کی ہے۔ یہ بہت بڑا عالیشان مکان ہے
جس کے سامنے پرنس بسمارک کا ریختہ بت نصب ہے۔ مکان کے
اندر اس کے پچاس کمروں میں بے حد و حساب تصاویر اور بت تھے
کہ میرے جیسا کوڑھ مغز آدمی بھی بعض تصاویر کو دیکھ کر دنگ
رہ گیا۔ یہاں دستور ہے کہ ہر تماشگاہ کے دروازہ پر اس کی
اشیا کی تفاصیل کی کتاب بکتی ہے۔ لیکن وہ جرمنی زبان میں
ہوتی ہے۔ اس لئے میرے کام کی نہیں تھی۔ یہاں جس قدر
تصاویر اور بت زیادہ تھے [illegible] عورتیں فرنگی اور
بتان جرمنی کثرت سے تھے۔ بلا مبالغہ دس بارہ ہزار زن و مرد
اس وقت ان کمروں میں پھر رہے تھے۔ اس لئے ہر قدم پر سنبھل کر
چلنا پڑتا تھا کہ کسی لیڈی کا دامن پاؤں تلے نہ دب جائے۔
یا کسی سے ٹھوکر نہ لگ جائے۔ بعض پہلے مصوروں نے ایسی
تصویریں بالکل ایسی کھینچ دی ہیں کہ نقش دیوار ہو جاتی

تھیں۔ یہاں بھی نصف مارک داخلہ اور دو آنہ چھاتہ رکھنے کی
فیس دینی پڑی۔ چھاتے یا لاٹھیاں اندر تو لے جانے نہیں
دیتے۔ اور باہر رکھوا لینے کی معقول اجرت لیتے ہیں۔ پیرس
ویانا کے بڑے عجائب گاہ اور برلن کے اسلحہ خانہ میں چھاتے
رکھنے کا کچھ دینا نہیں پڑا۔ ورنہ سب جگہ کچھ نہ کچھ دینا پڑتا ہے۔

برلن کا اسلحہ خانہ ایک ایسا مقام ہے کہ جس کا ثانی دنیا میں
کم ہوگا۔ اس میں یورپ کے اسلحہ جنگ کے قدیم سے لیکر آج تک
سب نمونے موجود ہیں۔ ہر ایک قسم کی ہزاروں تلواریں، پتھر کے
زمانہ کے [illegible] پانچ پانچ سو سال کی پرانی توپیں سینکڑوں
قسم کی چھوٹی بڑی موجود ہیں۔ لیکن غرض اس نمائش سے
جرمن کی جنگی تاریخ کے دکھلانے اور اہل جرمنی کے دلوں میں جنگی
جوش تازہ رکھنے کی ہے۔ کیونکہ جرمنی نے جو اسلحہ فرانس یا کسی
دوسری قوم سے کبھی جنگ میں حاصل کئے ہیں وہ سب اس میں
موجود ہیں۔ ہزاروں قسم کی تلواریں، نیزے، بندوقیں، توپیں،
زرہ بکتر، ترکوں کے گھوڑوں کے ساز، سپاہیوں کی وردیاں
جنگی علم، مفتوحہ قلعوں کی چابیاں اور آلات متعلقات جنگ
از قسم اصطرلاب و کیلسٹن وغیرہ کے نمونے موجود ہیں۔ ایک جگہ
قلعہ ایگمد یا نزل کی چابی رکھی ہے۔ جو جرمنی نے ۱۸۷۱ء
میں فتح کیا تھا۔ بہت سی ایسی اشیاء بھی ہیں جن کی تصویر یہاں نہیں رکھی
گئی ہوگی۔ جو سلطان المعظم نے قیصر ولیم دوم کو ان کی پہلی
ملاقات پر قسطنطنیہ میں دی تھی اور جو ان کے والد نے ترکوں سے
چھینی ہوئی تھی۔ [illegible] دکھلایا گیا ہے کہ نپولین نے برلن پر کیا حملہ کیا
ہوا تھا۔ اور کس طرح برلن کے [illegible] گھوڑے پیرس کو
ہمراہ لے گیا تھا جو جرمنی نے واپس لے کر برینڈن برگ کے دروازہ
پر نصب کئے ہوئے ہیں۔ اس اسلحہ خانہ میں بہت سے ایرانی اسلحہ بھی
ہیں جو غالباً سامریہ کر رکھے گئے ہوئے ہیں۔ ان میں سے اکثروں پر مرتبے
کھدے ہوئے ہیں۔ ایک زرہ کے سینہ پر "نصر من اللہ وفتح قریب"
اور ایک شمشیر کے پھل پر "لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار" لکھے
ہوئے ہیں اور سونے سے نقش [illegible]
ایک بار وہیں بڑی بڑی لمبی چوڑی تصویریں ہیں تمام جنگوں کے
حالات از روئے شہادت کھینچے گئے ہیں جن سے فن جنگ کے ماہر
بہت سے سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ ان میں جرمنی اور فرانس کی جنگ [illegible]

اطلاع

چونکہ یہ نیاز مند بباعث موسم گرما کے
ہمراہ سری سرکار والا اقتدار سری نگر (کشمیر)
تشریف لے گیا ہے لہذا تا اطلاع ثانی سری نگر
کے پتہ پر میرے نام خط و کتابت ہونی چاہئے

مہتمس حکیم محمد علی پرائیویٹ فزیشن
بمعیت خاندان شاہی ریاست جموں و کشمیر سری نگر

جنت تھے سپاہی مٹی یا لکڑی کے بنا کر دکھلائے گئے ہیں۔ ان سے بہتر مجسمہ کسی میدان جنگ کی اور کسی طرح نہیں سکتی لیکن سب سے دلچسپ بات اس اسلحہ خانہ میں مورتوں کا کمرہ ہے جس میں جرمنی کے تمام بادشاہوں اور اکثر بڑے بڑے امرا کی برنجی اور سنگ مرمر کی قد آدم بہم طرح نیم قد بتیں موجود ہیں۔ اور دیواروں پر جرمنی کے تمام جنگوں کے نظارے اعلیٰ درجہ کے مصوروں نے کھینچے ہوئے ہیں چھت پر جا تصاویر بادشاہوں کے عدل انصاف۔ بہادری اور تہذیب بصورت تمثیل دکھلائی ہیں۔ مگر تمثیلی تصویروں میں مجسمہ وہ عالیشان بت شہنشاہ ولیم اوّل کا بہت بیش قیمت تاج اس جنگ کے مقبرے کے سامنے سنہ ۱۸۷۱ء کی جنگ کے بعد نصب کیا گیا ہے۔ اور جس میں سامان جنگ وجدل کر فراموش کر کے صنعت وحرفت وزراعت وتجارت کی ترقی بڑھائی گئی ہے۔ پس ایک مضمون چند فنون کی صورت میں بڑی خوبی سے ادا کیا گیا ہے۔ اہل جرمنی نے تصویر اور بت کے کام میں بڑی ترقی کی ہے اور اس کے اچھی طرح سمجھنے کے لئے کسی معتبر آرٹسٹ کی نظر درکار ہے۔ اس اسلحہ خانہ کو دیکھ کر ممکن نہیں کہ کسی قوم کے مردہ جذبے جوش میں نہ آئیں اپنے باپ دادوں کے کارناموں کو دیکھ کر جنگی سرگرمی اور جوش نہ ہو۔ یہ اسلحہ خانہ اور عجائب خانہ کا مقصد ان کی جانبازیوں اور سرفروشیوں اور بہادروں کی ناموری سے عقلمندوں کو حاصل ہوا ہے لیکن جو لوگ یہ کام کر گئے ہیں اپنی آئندہ نسل کے لئے ایک ایسی میراث چھوڑ گئے ہیں کہ جس کی وجہ سے وہ عزت کی زندگی بسر کر سکیں اور باپ دادوں کے نام پر فخر کر سکیں۔ بیشک اس سے کسی قوم کی عظمت ثابت ہوتی ہے۔

بیسے یہاں بعض کارخانے دیکھے ہیں۔ جو اسی قسم کے اول درجہ کے ہیں۔ مثلاً رنگین تصویریں چھاپنے یا شیشہ اور برتن کے کام کے۔ ان میں ہر ایک کی وسعت اور عظمت کو دیکھ کر مجھے خیال ہوا ہے کہ اس سے بڑا کارخانہ کیا ہو سکتا ہے لیکن دوسری جگہ اس سے بھی بڑا دیکھ کر مجھے سخت حیرت ہوتی ہے ایک ہمارا ملک ہے کہ ہم سوئی دھاگے تک عدالت کا عدہ مثلاً ہر چیز کے لئے دوسروں کے محتاج ہیں۔ اور ایک یہ ملک ہے کہ دنیا کی ضروریات کی بیشتر یہیں سے جاتی ہے۔ آج مجھے ایک جرمن دوست نے بتلایا کہ ہماری ترقی کا راز صرف ہماری تعلیم اور محنت ہے تعلیم یہاں جبری ہے یعنی ہر چھ سال کا بچہ قانوناً مجبور ہے کہ ۱۴ سال تک مدرسہ میں پڑھے۔ اگر ہمارے لوگ اسی طرح محنت کرتے رہیں تو ایک روز دنیا میں ہم اوّل درجہ کی قوم ہو جائیں گے ابھی ملک فتح کرنے کی ضرورت نہیں۔ البتہ ہنر اور صنعت وحرفت سے ملک حاصل کرنے کو ہم ضرور ختم کرنا چاہتے ہیں۔ اور اس میں اب بھی ہم تمام دنیا کی قوموں سے آگے بڑھ گئے ہیں۔ میرے ناظرین آپ قیاس کر سکتے ہیں کہ کس قدر حسرت میری آنکھوں کے سامنے اپنے ملک اور اپنی قوم کی جہالت اور بے بسی کا نقشہ پھر گیا ہم بھی علم وہنر میں اسی طرح ترقی نہیں کر سکتے بیشک کر سکتے ہیں۔ لیکن اپنی نالائقی کی وجہ سے اوم موجودہ نہیں ہوتے جو قوم میں موجود ہیں ان کے افراد اپنی عمر سے کس قدر حصہ رکھتے ہیں۔ ایسے ہی ذلیل ترحم کے لوگ اپنی قوم کی ذلت میں شریک ہیں۔ اگر میری طرح سب بھائیوں کے دل

میں اس بات کے لئے ایسا ہی درد پیدا ہو تو اس کا ضرور کچھ نہ کچھ انتظام ہو جائے ۔

نالِ بلبل اگر بامن سرِ یاریست
کہ ما دو عاشق زاریم و کارِ ما زاریست

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

—— مہاراجہ صاحب میسور کی شادی پر ۳۰ لاکھ روپیہ خرچ ہوا ہے جس میں سے ۴ ہزار روپیہ طوائفوں کی نذر ہوا۔

—— ۴ مئی کو بمبئی میں ۱۲ ابتلائے طاعون اور اسی قدر ضائع ہوئے اسی روز ۵۹ کو ہیضہ ہوا جن میں سے ۳۰ جانبر نہ ہو سکے

—— گورنمنٹ نے ۲ سو دھوبی جنوبی افریقہ بھیجے جانے کی سکیم سے اتفاق کر لیا ہے۔

—— جنرل بیٹن ناگپور سے مسن تبدیل ہو گئے ہیں۔

—— سی آئی سٹر ایلیٹ رخصتی کے سٹر ڈلاس گورنمنٹ ہند کے قائم مقام سٹیٹسٹیکل رپورٹر مقرر ہوئے۔

—— ایک پیائش کرنیوالا گروہ بھی افواج کے ساتھ چین جائیگا

—— تراب مہاراجہ کے لئے ۱۰ اگست کو کلکتہ سے دو جہازوں میں بیل چین کو بھیجے جائینگے۔

—— شیخ حسن نامی ایک بمبئی اسٹری کو ابھی ۱۱ دسمبر کے قتل کے جرم میں حبس دوام کی سزا ہوئی

—— امدادی کیمپ احمد آباد کے مہاجی کو بجرم غبن ایک ماہ قید اور پانسو روپیہ جرمانہ کی سزا ملی۔

—— سرگنج میں ایک کشتی کے الٹ جانے سے تین یورپین غریق بحر فنا ہوئے۔

—— گجرات دکن۔ راجپوتانہ اور صوبہ پنجاب میں ہنوز بارشوں کی ضرورت ہے۔

—— لاٹ سی میں ساہ ... کے متعلق ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ

نوٹس

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے پاس سوڈا واٹر کی دو مشین ہے۔ واسطے فروخت کے جس کی تفصیل یہ ہے۔ ایک عدد مشین ہورڈ ٹیلر میکر کی ہے جس کے ڈیپ ہیں اور سلنڈر یعنی ہانڈی تین فٹ لمبی ہے پمپ دو ہانڈی کے اوپر چاندی کی کلٹ لگی ہوئی ہے۔ اور دو آدمی پانی نکال سکتے ہیں۔ ایک دن میں قریباً ایک ہزار درجن پانی نکل سکتا ہے۔ مشین بالکل نئی ہے۔ صرف ایک سال ہوا کراچی بلٹن بنگلہ میں چلی ہے۔ بلٹن ولایت چلی گئی ہے جس نے مشین خرید لی ہے۔ اور دوسری ایک چھوٹی ہے جو قریباً ڈیڑھ سو درجن نکالتی ہے سفر وغیرہ کے لئے بہت عمدہ ہے جس کو دو آدمی آسانی سے لیجا سکتے ہیں۔ یہ بھی بالکل نئی ہے پانی بہت عمدہ نکالتی ہے۔ زیادہ حالات وقیمت دریافت کرنی ہو تو پتہ ذیل سے دریافت کریں۔

سیٹھ لقمان جی ادم جی مرچنٹ
صدر بازار۔ راولپنڈی

منہ سے ۴ کمشنروں کے اندر بیل منٹ معائنہ کرکے ... سرحدی کی ولایت میں تعریف ہو رہی ہے۔

—— انگریزی پولیس نے شہر لاہور میں نظام پولیس کے متعلق سے ۴ ڈاکو گرفتار کئے۔

—— اس وقت قحط زدہ ہند کے امدادی کاموں پر ۶۲ لاکھ ۱۰ ہزار مرد وزن لگے ہوئے ہیں۔ برٹش علاقوں میں بمقابلہ ہفتہ گزشتہ یہ تعداد بقدر ایک لاکھ ۳ ہزار زیادہ ہے۔ لیکن بخلاف اس کے دیسی ریاستوں میں یہ نسبت ہفتہ سابق کے ۹ ہزار کی کمی ہوئی۔

—— سر ولیم کننگھم سکرٹری صیغہ خارجہ گورنمنٹ ہند کے ہفتہ سال عمال پر کنارہ کش ہو جانے پر غالباً مسٹر بارنس جیسے کمشنر بلوچستان اس عہدے پر مامور کئے جائینگے۔

—— ایک دولتمند سوداگر مسٹر دادا بھائی بجرم السنہ اپنے والد کی یادگار میں سورت میں آب پاشی کا ایک چشمہ قائم کیا ہے۔

—— ہز ہائینس آغا خان مقتدائے قوم خوجہ نے سنگیوں کے لئے ہسپتال بنانے کے واسطے دس ہزار روپیہ عطا کیا ہے۔

—— پچھلے سال ہندوستان سے ۸ کروڑ ۸۰ لاکھ روپیہ کی تجارتی اشیاء جرمنی بھیجی گئیں اور وہاں سے ۲ کروڑ ۴۰ لاکھ کا مال ہندوستان آیا۔

—— صاحب وزیر ہند نے حال میں کہا ہے کہ ہندوستان کے جدید گورنمنٹ کا تقرر عنقریب عمل میں آئیگا۔

—— سر سینیر رل فنڈ کمیٹی نے ۵۰ ہزار روپیہ چندہ عطا کیا ہے ۴ ہزار ہز ہائینس نواب صاحب بہادر رامپور اور حکیم محمد اعظم خان صاحب کا شکریہ ادا کیا

—— دلی جیل کی طرح سلم کمیٹی کی گئی ہے کہ ساہوکار کے بھی ہو چندہ دہندوں کی قیمت ۳ و ۵ روپیہ وغیرہ ہو۔ غرض سہولیت اہل ہند جاری کئے جاویں۔

—— رنگون کے چیف جیلر مسٹر بریان کا مقدمہ آج عدالت رنگون میں ختم ہوا۔ جیلر مذکور بعض جرائم کا ملزم گردانا گیا ہے۔ جوری متفق الرائے تھی مگر جج نے مختلف الرائے تھی۔ مسٹر جسٹس فاکس نے آئندہ سیشن پر مقدمہ از سر نو شروع کئے جانے کا حکم دیا۔ یہ مقدمہ ۱۳ روز سے شروع ہو رہا تھا

—— ۲ جولائی کو بمبئی میں ۱۲ مبتلائے طاعون اور ۱۰ فوت ہوئے

—— ڈاکٹر کلوس نے ایک لاکھ ڈالر کی رقم امداد قحط زدگان ہند کے لئے امریکہ سے بھیجی ہے۔

—— ممالک متوسط کے ... ضلع منڈل میں ابھی بارش آئی کی ترائی طغیانی پر آگئی۔ محمد میر نامی ایک سب اوورسیر اس ندی میں بہ کر ہلاک ہوئے۔ (زمانہ نگار)

—— گورنمنٹ نظام نے تک انسداد قحط کے کاموں پر ۷۰ لاکھ روپیہ صرف کر چکی ہے۔

—— جنرل اسٹریلیا سے میں ۵ سو روپیہ چندہ جمع کر کے قحط زدگان ہند کے بچوں کے لئے بھیجا ہے۔

—— لفٹننٹ کلارک نے پونہ میں ہیضہ سے وفات پائی۔ یہ دوسرے افسر ہیں جو اس ماہ میں تلف ہوئے ہیں۔ لفٹننٹ نظر قحط بند ہو گئے ہیں۔ لیکن ابھی اب تک خطرناک حالت میں پہچان کے سوار پر ۲ ... میں بیماری پھیل گئی ہے۔

(ایوگل وبہاد قتل)

—— نواب ... [illegible]

کا ایک جنرل ... [illegible]

امراض تناسل سوزاک کی بابت اور علاج پر ایک نہایت عجیب کتاب صرف ۴ آنہ قیمت پر کارخانہ ... سے مل سکتی ہے

[illegible] کی جھوٹی ہوائی رقم [illegible]
[illegible] کی ترقی کیجاتی ہے۔
——[illegible] ہوا۔ اب تک فوج میں آسکے [illegible] اسی قدر شہر میں بھی ہوئے ہو گئے۔
——[illegible] بارش اور دریائے ستلج اور گھگر کی طغیانی کی وجہ سے بند ٹوٹ گئے ہیں۔ رعایا کو آنے والی مصیبت سے بچانے کے لئے سرگرمی سے کوشش کیجا رہی ہے۔
——خان صاحب دین محمد صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر قصور نے ایک ماہ ۷ یوم کی رخصت لی۔ رسالدار برکت سنگھ صاحب نے ان کو سبکدوش کیا۔ موخر الذکر کی جگہ مصطفی علی صاحب تحصیلدار [illegible] قائم مقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر لاہور ہوئے۔
——ہفتہ گذشتہ میں پنجاب کے تقریباً تمام اضلاع میں کم و بیش بارش ہو گئی ہے۔ سا مسٹر (متصل دہلی) میں سیلاب کی وجہ سے حصہ بھی سڑک کا بھی بارشوں سے ٹوٹ گئی تھی۔
——راجہ محمد حیات خان صاحب ۲۰ جولائی کو شملہ سلکٹ کمیٹی متعلق انتقال اراضیات پنجاب میں شامل ہو کر مسودہ ہر دم ہماری تحقیق [illegible] سلکٹ کمیٹی ہوا۔ ساہوکاروں کی ہتھاب اور قانون میعاد کی ترمیمات کے مسودے بھی پیش ہوئے۔
——مسٹر گرانٹ ڈپٹی کمشنر مری جن کے ہیضہ میں مبتلا ہونے کی خبر گذشتہ پرچہ میں درج ہوئی تھی۔ افسوس ہے کہ فوت ہو گئے۔
——ہیضہ پشاور اور سرحد ڈیرہ اسمٰعیل خان تک پھیلا ہوا ہے۔
——دریائے سندھ نے ڈیرہ غازیخان کی حفاظت کا آخری بند توڑ ڈالا ہے۔ لوگ مضطرب ہیں۔
——امداد قحط زدگان اہل سندھ ۶ جولائی کو جو جلسہ رقص منعقد ہوا تھا۔ اُس سے ۹ سو روپے آمدنی ہوئی۔
——موسمی تعطیلات موسم گرما انجمن حمایت اسلام لاہور کا کالج ڈیپارٹمنٹ یکم اگست سے ۱۶ اکتوبر تک ہوگی اور مڈل یکم اگست سے یکم ستمبر اور پرائمری ڈیپارٹمنٹ یکم سے ۲۵ اگست تک بند رہیگا۔
——تجویز ہے کہ کشمیر ریلوے تیار ہو جانے کے بعد مہا بجلی کی طاقت سے چلائی جاوے۔

معذور دار مت کہ تو او را ندیدہ

انتخاب لاجواب لاہور

کی ادنیٰ تعریف یہ ہے کہ اُس کے پڑھنے والے اُسی پر قربان ہیں۔ چنانچہ جناب محمد نعمت الٰہی صاحب نعمانی خریدار انتخاب لاجواب ملک تحریر فرماتے ہیں کہ:۔
"انتخاب لاجواب کی تعریف کرنے کے قابل میرے قلم میں زور نہیں کم از کم یہ کافی ہے کہ وہ لوگ سخت بد قسمت ہیں جو انتخاب خرید کر گھر بیٹھے نمائش پیرس کی سیر کا لطف نہیں اُٹھاتے"۔
دو آنہ کے ٹکٹ بھیج کر ایک پرچہ نمونہ کا منگا کر آپ امتحان کر لیں کہ یہ کہاں تک سچ ہے۔ ایک نمبر پڑھ کر جھٹ پٹ آپ کے دو آنے ہی ضائع ہوئے یا چار روپیہ سال کا [illegible] ڈال دیں گے۔
خط و کتابت کا پتہ: منیجر پیسہ اخبار و انتخاب لاجواب لاہور

ممالک غیر

——چینی سفیر متعینہ لنڈن و واشنگٹن نے اس مضمون کا مراسلہ بھیجا ہے کہ ۹ جولائی تک پیکن میں سفرائے ممالک غیر صحیح و سلامت موجود تھے۔ اور یہ کہ طاقتیں ٹینٹسن کو تباہ نہ کریں۔ لیکن اس پیغام پر بمشکل اعتبار کیا جاسکتا ہے۔
——۱۴ ماہ حال کو ۸۴ ہزار چینیوں نے بلاگووشنک واقع منچوریا پر جو روسی علاقہ میں ہے۔ حملہ کیا۔ اِن کی یورش بالکل غیر متوقع تھی جو سنیٹ پیٹرس برگ میں سخت حیرت و اضطراب کا باعث ہوئی ہے۔
——چینیوں نے روسی سٹیمروں کو دریائے امور میں داخل ہونے سے روکنے کے علاوہ کنارہ دریا پر توپیں لگا دی ہیں۔
——برٹش گورمنٹ ہانگ کانگ اور شنگھائی کے بچاؤ کا انتظام کرنے میں ایک لحظہ کا توقف بھی جائز نہ رکھیگی۔
——چینی بندوقیں اور باستعمال سامان جنگ قلعجات ووسنگ میں پہنچا رہے ہیں۔
——متحدہ افواج کے بعد ٹینٹسن کی جنرل تصدیق ہو گئی ہے ۶۲ توپیں بھی ان کے تصرف میں آئیں۔
——چین میں بغاوت عام طور پر بھڑک اٹھی ہے۔ جس پر سلاطین یورپ کی بھی آنکھیں کھل گئی ہیں اور اس معاملہ کی اہمیت کو تسلیم کرنے لگے ہیں۔ ان کے سلطنتوں میں سخت اضطراب کا عالم رہا ہے اور سفیروں کے قتل نے انتقام لینے کا جوش برپا کر دیا ہے۔
——چین میں یورپینوں کے خلاف فساد کا ارتعاش محسوسات اور انتہائی مغرب میں مستانہ پہنچا جاتا ہے۔
——لی ہنگ چانگ کی دورخی کاروائی سخت پریشان کرنے والی ہے۔ اس نے سپاہ علم والی سپاہ کو جسکی تعداد ۸ ہزار ہے۔ آزاد کر رکھا ہے اور پیتی سے ہنکیسی کی جانب سے پیکن جانے کا حکم دیا ہے۔ تحریک کی گئی ہے کہ لی ہنگ چانگ کو۔ جو آجکل کانٹن میں ہے بطور یرغمال کے گرفتار کر لیا جائے۔
——جنرل رنڈل لکھتے ہیں کہ تمام دن فکسبرگ (جنوبی افریقہ) میں دشمن سے مصروف کارزار رہے۔
——لارڈ رابرٹس کی ایک مراسلت سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمن نے ۱۶ جولائی کو پولکرپوکی بائیں جانب سخت حملہ کیا۔ مگر پسپا ہوا دشمن کے ۶۹ ضائع ہوئے۔ لشکر انگریزی کے ۲ مقتول۔ ۲۹ مجروح ہونے کے علاوہ ۲۳ سپاہی مفقود الخبر ہیں۔
——۱۵ سو بوئرز اپنے ساتھ جنرل سٹراور رنڈل کی ناکہ بندی سے صحیح و سلامت نکل گئے اور اب لنڈلی کو جا رہے ہیں۔
——ہائی لینڈرز کی پہلی جماعت سیلون روانہ کر دی گئی ہے۔
——شاہ کجکلاہ ایران روس پہنچ گئے ہیں۔
——ہوس آف لارڈز میں لارڈ لینس ڈون سے پوچھا گیا کہ آیا گورمنٹ کوئی ایسی فوجی کمیشن مقرر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو جنگ ٹرانسوال کے نتائج کے متعلق رپورٹ میں اصلاح کی سفارش کرے لارڈ موصوف نے یقین دلایا کہ جنگ مذکور میں جو سبق ہم کو ملے ہیں۔ اُن سے پورا فائدہ اٹھایا جائیگا۔
——سکرٹری [illegible] چیمبرلین متعلق سنٹرل انڈیا ارس۔ جناب لارڈ سالزبری کے ساتھ ہیں۔ آنریبل کسٹبری کی [illegible] جنرل کا عہدہ منظور کر لیا ہے۔

——سابیریا کی روسی سپاہ اور انجنیئروں کی جن میں سے اکثر چارہن اور بلاگووشنسک میں معین ہیں سلامتی کے متعلق سنیٹ پیٹرس برگ میں سخت خوف پیدا ہو گیا ہے کیونکہ ان ہر دو مقامات کے گرد چینی سپاہ پھیلی ہوئی ہے مصوبہ مانگسی کے مدرگاہوں میں جس قدر یورپین بھی موجود ہیں۔ ان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہاں سے نکل جائیں۔
——سرکیانگ اور جیکسانگ میں بھی متعلقہ فساد شروع ہو گیا ہے۔
——بیان کیا جاتا ہے کہ طاقتوں نے اس بات کا فیصلہ کر لیا ہے کہ جنگ چین کے واسطے ہر ایک سلطنت ۴۰ ہزار سپاہ روانہ کرے۔
——سرکاری مراسلات سے تسیمن تسن کے یہ حالات معلوم ہوئے ہیں کہ ۲ ہزار اتحادی سپاہ ۱۳ جولائی کو صبح سے ۲ بجے شام تک مصروف جنگ رہی۔ دوسرے روز جاپانی فوج شہر کا دروازہ توڑ کر اندر داخل ہو گئی۔ اس کے پیچھے دیگر طاقتوں کی سپاہ بھی شہر میں در آئی۔ اور تمام شہر اور قلعوں پر قبضہ کر لیا۔
——روسی ذریعہ سے اطلاع ملی ہے کہ پرنس ٹوان ۹ ½ لاکھ سپاہ کو حرکت میں لایا ہے۔ سر اُس نے ایک فوج روسیوں کو منچوریا سے خارج کرنے کے لئے اور دوسرا دستہ ویہائی وی اور کیوچو کے خلاف بھیجی ہے۔
——ہندوستوری سٹیٹ والے ڈمل کوچ کرتے ہوئے ۱۷ جولائی کو لنڈلی سے نصف راستہ کی مسافت پر پہنچ گئے بھی لیکن رونڈوڈ اور ہوٹن کی کمسولری سرگرمی سے اُن کا تعاقب کر رہی ہے۔

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy
چیمبرلینس کولک کالرا اینڈ ڈائریا ریمیڈی
گذشتہ ماہ مئی میں ہمارے پڑوس کا ایک چھوٹا بچہ ہیضہ میں مبتلا ہو گیا۔ کئی عام ڈاکٹروں نے اُسے مایوس العلاج قرار دیا۔ چیمبرلین کی ہیضہ اور بدہضمی کی دوائی کی ایک بوتل مریض کے گھر میں لے آیا۔ اور دیکھ کر کہتا رہا کہ اگر وہ ہدایات کے مطابق عمل کرینگے تو بچے کو آرام ہو جائیگا۔ سو ہی ہوا اس میں بچہ بالکل اچھا ہو گیا۔ اور اب وہ مضبوط اور تندرست ہے۔ میں اِس دوائی کی بارہا سفارش کی ہے اور اُسے اچھا پایا ہے۔ (مسٹر کرٹس بیکر۔ بک والٹر۔ اوہایو)
قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپیہ
تیج نصیر لیبن بیڈمسن لکان دہلی بیٹیلیل اینڈ کو دہلی لاہور سے مل سکتی ہے

چار آنے میں مڈل پاس ہوتا ہے
لے اُمیدواران امتحان مڈل اگر امتحان میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہو تو خریداری میں دیر نہ کرو۔ اور ۴ آنہ کے ٹکٹ بھیج کر کتاب زینت طلبا منگا لو۔ اور سند امتحان لے لو۔
المشتہر بابو لال مالک مطبع قیصر ہند گوجرانوالہ۔ پنجاب

پنجاب آئل اینڈ فلور ملز اور کارخانہ صابن لاہور
اس کارخانہ کا نہایت عمدہ اور سفید صابن جو خالص تیل سے بنایا جاتا ہے بازار نرخ پر مل سکتا ہے۔
سرسوں کی کھل رعایت سے مل سکتی ہے۔ درخواست بنام صاحب مہتمم پنجاب آئل فلور ملز لاہور بھیجنی چاہئے۔

ہر قسم کا ریشمی سامان [illegible] ریشمی ازار بند سستی قیمت پر حمید برادران جنرل سپلائرز لاہور بھیجا کرتے ہیں

علوم کی عجیب اور نایاب کتابیں - انکا نہ دیکھنا دنیا کی بڑی قسمت سے محرومی ہے

جام جم - انسان کی کھوپڑی عجیب تماشا ہے جسم سے اس کا خواص وعادات ازلی موجود ہیں - علم کیا ہے سر کے ذریعے علم اور علم کا آدمی بھی ہر انسان کے دماغ اور عادات کھوپڑی کتاب کی طرح فر فر پڑھ سکتا ہے ...

المشتہر منیجر اعظم میکانش بک ...

کیا آپ نے اس لئے آج تک لاہور کا ریشمی سامان نہیں دیکھا کہ آپ کو لاہور میں آنے کا اتفاق نہیں ہوا ؟ اگر یہ وجہ ہے تو شاید اور کچھ مدت تک آپ دیکھ سکیں - مگر یہ کون سی مشکل ہے -

حمید برادران جنرل سپلائرس لاہور کا کام ہی صرف یہ ہے کہ لاہور کے ریشمی ازار بند کمر بند دوپٹیاں - جوڑیاں - گلبدن - مو ہائی - کنا وغیرہ ہر رنگ اور ہر قسم کی گھٹیا اور بڑھیا سستے سے سستے نرخ پر دنیا کے ہر مقام پر لوگوں کو گھر بیٹھے ہم پہنچایا کریں - صرف دو پیسے فی روپیہ کمیشن لیتے ہیں - خط وکتابت ... ہر چیز کی قیمتیں بتا سکتے ہیں ... کی تعمیل نہایت ایمانداری سے کرتے ہیں ... ایک دفعہ آزمائش سے معلوم ہو جائے گا

... صاحب کا بنایا ہوا عرق گوشت جگر

... ہستی ... کا عرق ... بنا ہے جس کو ...

... لیکن ...

... کمیشن مل سکتی ہے

المشتہر ای - ...

اشتہار جیلخانجات پنجاب

سر بمہر درخواست ہائے ... اگست سنہ ء ... بجے دو پہر تک واسطے مہیا کرنے ... اور دیگر اجناس کے جو کہ ... ضلع گجرات کے قیدیوں کے ... ماہ کے لئے ... دفتر انسپکٹر جنرل بہادر جیلخانجات پنجاب لاہور میں لی جاویں گی ... اور دیگر اجناس کی جن کی ضرورت ... دفتر مذکور واقع لاہور سے معلوم ہو سکتے ہیں -

---

... میں قسمت آزمائی

... قابل تعریف ... المشتہر ...

اگر آپ ہر کسی قسم کی ... اور ... کا ...

... ٹسٹ

...

صرف مسلمان پڑھیں

قرآن مجید اور حمائلیں مترجم اور معرّا

بے نظیر قسم کی چھپ چکی ہونگی۔ ایک

کو دوسری پر ترجیح دینا ہمارے نزدیک تو

مناسب نہیں۔ کیونکہ سب کلام مجید ہیں

مگر ہاں۔ اگر اس کی ترتیب ترجمہ۔ کاغذ

اور ظاہری [illegible] کی نسبت [illegible]

کو صحیح صحیح حالات [illegible] ہیں تو

ہرج نہیں۔

ہمارے [illegible] حمائلیں مترجم [illegible]

ہیں۔ تقطیع [illegible] [illegible]

ہے۔ کاغذ اعلیٰ درجہ کا چکنا اور خوبصورت۔

خوشخطی کی نسبت اس قدر لکھ دینا کافی ہے

کہ اس سے خوبصورت عربی خط لکھنے والا کاتب

شاید کوئی ہو۔ قلم نہایت [illegible] ۔ حجم مع جلد

سوا انچ۔ اور آسیر مترجم اور [illegible]

کی خوبیاں مستزاد ہیں۔ قیمت ایسی مناسب

ہے۔ کہ کسی [illegible] کے دل میں حسرت

باقی نہ رہ جائیگی۔ مجلد دو روپے۔ بے

جلد ڈیڑھ روپیہ۔

آخر جولائی ۱۹۰۸ء تک خرچ ڈاک معاف

المشتہر منیجر پیسہ اخبار لاہور

اشتہار

[illegible]

دی گنیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

سرمایہ کمپنی [illegible] روپیہ ہے منقسم چار ہزار حصص فی حصہ [illegible] روپیہ

[illegible]

ہمارا [illegible] [illegible]

[illegible]

ہمارے کارخانے کا [illegible] فروخت ہوتا ہے [illegible]

[illegible]

اور محنت کم اور [illegible] اس کی [illegible] ہوتی ہے۔

ہوشیار! ہوشیار!! ہوشیار!!!

[illegible]

المشتہر

کشن چند منیجنگ ڈائریکٹر گنیش فلور ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

خالص چاندی کی رسٹ واچ

یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑی

[illegible]

[illegible] گارنٹی پانچ سال۔

جرمن سونے کی [illegible] گھڑی قیمت

[illegible] گارنٹی ۳ سال۔ جرمن سونے کی [illegible]

[illegible] گھڑی قیمت [illegible] گارنٹی ۲ سال۔

المشتہر فرینڈ اینڈ کو۔ سوداگر [illegible]

پایولر میڈیسن

ہیضہ کی حکمی اور سریع التاثیر دوائی

اس سے مریض کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ اور اسہال

اور استفراغ چند منٹ میں بند ہو جاتے ہیں۔ عام

سوء ہضمی کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہے۔ قیمت

[illegible] فی شیشی۔

[illegible] میڈیسن۔ جملہ امراض جگر۔ امعا۔ گردہ۔

معدہ وغیرہ کے لئے نسخہ اکسیر ہے چاہے کیسی ہی کہنہ

اور دیرپا بیماری ہو۔ اس دوائی سے جاتی ہوئی معلوم

نہیں ہوتی [illegible] کہ خالص بوٹیوں سے

تیار کی گئی اور اس میں مطلق کوئی شے ایسی نہیں

ہے۔ جو مذہبی طور پر ممنوع ہو۔ یہ ہر ایک شخص کو

استعمال کرنی چاہئے۔ تاکہ تندرستی قائم رہے۔ قیمت

فی بوتل [illegible]

المشتہر [illegible] اینڈ کو

کمرشل بلڈنگ لاہور

جوہر عشبہ

یہ مرکب امراض ذیل کے لئے نہایت ہی مفید ہے:- آتشک (خواہ کیسا ہی سخت ہو) خنازیر - درد گنٹھیہ - پھوڑا پھنسی - سوراخ حلق - ضعف معدہ - درد اعضاء (جو کشتہ پارہ وغیرہ کے استعمال سے عارض ہو) فساد خون - بدھ - خارش چہرہ یا بدن کا سیاہ ہو جانا وغیرہ - اس میں ایسی اجزاء شامل ہیں جو صفراوی اور سوداوی طبیعت والوں کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے - اور لطف یہ کہ خوش ذائقہ ہے - ولائت کے تیار شدہ عرق عشبہ (سارسپریلا) کی نسبت جو عام سوداگروں کی دکانوں پر فروخت ہوتا ہے قیمت میں ارزاں اور فائدہ میں زیادہ اگر اسکے استعمال سے قبض کی شکایت ہو تو حب قبض کشا (جو فیبکس ۱۲ / ہے) کا استعمال اسکے دفعیہ ضروری ہے قیمت عشبہ شیشی خورد ایک روپیہ چار آنہ (عہ) شیشی کلاں دو روپے چار آنے (عہ)

نجم الدین شاہ دین

صندل مڈی

صندل مڈی

یعنے ڈاکٹر مڈی صاحب کے صندل کے جوہر کی گولیان

مردون اور عورتون کی تمام مثانہ کی بیماریون کے لیے فوراً اور یقینی آرام کرنے والی دوا

۴۸ گھنٹے مین نفع ہوتا ہے

کوپاریبا اور اور ادویہ جنکا استعمال سوزاک - قرحہ اور اور مثانے کی بیماریونمین عرصے ڈاکٹر کرتے ہین نقصے بڑی بڑی دقتین پیش آتی ہین گو اہل چین و اہل ہند عرصے صندل کے تیل سے واقف ہین مگر اس دوا کی قدر و قیمت پوری پوری اُسیوقت سے ہوئی ہے جب مسٹر مڈی نے لندن اور پیرس کے اسپتالون مین صندل کے خالص عطر کا رواج جاری کیا۔

مسٹر مڈی کا روغن صندل میسور کی زرد چوب صندل سے ایک خاص طریقے سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ تیز عنبری رنگ کا سیال ہوتا ہے اور اُس تیل سے جو بازارون مین بکتا ہے اور جو کبھی صاف و شفاف نہین۔ بہت مختلف ہوتا ہے

صندل مڈی ہمیشہ گولیون کی شکل مین فروخت کی جاتی ہے۔ جن سے مرد و عورت دونون کو ۴۸ گھنٹے مین فائدہ ہوتا ہے۔ خواہ سوزاک ہو یا قرحہ۔ جہان ہو یا ریگ آتا ہو یا پیشاب مین خون آتا ہو۔ اور پھر خوبی یہ ہے کہ گردہ اور مثانہ کو کوئی نقصان پہنچنے کا خطرہ نہین ہے۔ اسے پیٹ پھولنے سے نہ ستفراغ نہ ہاضمی اور نہ پھنسیان نکلتی ہین۔

فرانس کا مشہور ڈاکٹر پینس یہ ریمارک لکھتا ہے۔ "دھات اور پیشاب کی رنگت صندل مڈی کی گولیون سے چوبیس گھنٹے مین بدل جاتی ہے اور ۴۸ گھنٹے مین دھات آنی بالکل بند ہوجاتی ہے۔ خواہ کتنی ہی آتی ہو اور کسی رنگ کی آتی ہو

صندل مڈی کی گولیان مرض کی ابتدا مین کھانی چاہئین۔ اس طریقہ سے گھبراہٹ اور آثار کمزوری جو زیان دھات کے نکلنے سے معلوم ہوتے ہین موقوف ہوجاتے ہین اور وہ جلن جو پیشاب کرنے مین محسوس ہوتی ہے بالکل جاتی رہتی ہے۔

خوراک۔ دو دو گولیان ہر روز چھ یا سات مرتبہ آٹھ دن کھانی چاہئین کہ دھات آنی موقوف ہوجائے ہان جب جب اتنی کم ہوجائے کہ دو چار ہی قطرے آئین تو رفتہ رفتہ کم کرنی چاہئین مگر تاہم دس پندرہ دن تک آرام ہوجانیکے بعد بھی استعمال قائم رکھنا چاہیئے۔ اور گرم مسالون سے پرہیز لازم ہے ہان آرام کیلیے تک دودھ اور السی کی چاہ جتنی مرتبہ جی چاہے استعمال کرین۔

صندل مڈی

قیمت ادویات میعاد اور شیشیوں کی تعداد ختم ہو گئی اب تمام ادویا پوری قیمت پر دی جاویں گی

جوبن بوٹی

اس کی ایک شیشی ہی کے
استعمال سے صرف ایک
ہفتہ میں سرخ خون صالح
بدن انسان میں پیدا ہو جاتا ہے
بدن کو وزن کرو ا...

قیمت

حکیم محمد علی پروپرائٹر فیاضی شفاخانہ موجد روح جوبن

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں۔ میڈیکل کالج کے پروفیسروں نیٹو ڈاکٹروں والیان ریاست اور ولائت کی یونیورسٹی کے سندیافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لئے اکسیر ہے ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ جالا۔ پڑبال۔ غبار۔ سرخی۔ موتیابند۔ ناخنہ۔ پانی جانا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے آنکھوں کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کراتے ہیں چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے اور عینک کی حاجت نہیں رہتی۔ بچہ سے لیکر بوڑھے تک یہ سرمہ یکساں مفید ہے قیمت اس لئے کم رکھی ہے کہ عام و خاص اس سرمہ سے فائدہ اٹھائیں۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لئے کافی ہے مبلغ دو روپے (عہ) ممیرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپے (سے) خالص ممیرے کا ناشہ مبلغ بیس روپے (منے) مصری سرمہ فی تولہ (۴ر) خرچ ڈاک بذمہ خریدار + درخواست کے وقت اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔ نقلی و جعلی ممیرے کے سرمہ کے اشتہاروں سے بچنا چاہئے +

المشتہر پروفیسر میا سنگھ آہلووالیہ بمقام بٹالہ ضلع گورداسپور (پنجاب)

نادر سندات	ان سے بڑھ کر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے	نادر سندات

(۱) ممیرے کا سرمہ۔ جو کہ پروفیسر میا سنگھ نے تیار کیا ہے میں نے ان مریضوں پر جن کی آنکھیں سست کمزور یا بیمار تھیں استعمال کر کے دیکھا مفید پایا۔ سرمہ نے ان مریضوں کو جن کی آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے اور دھند یا دیگر کمزوری نظر ہو یہ سرمہ نہایت ہی مفید ہے۔ راقم ڈاکٹر بی جی ایل گھوش رائے بہادر ایل۔ ایم۔ ایس اسسٹنٹ سرجن و پروفیسر میڈیکل کالج لاہور حال آنریری سرجن گورنر جنرل کشور ہند +

(۲) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب نے اور نواز شکریہ۔ میں نے عرصہ سے آپکے یہاں سے ممیرے کا سرمہ منگا کر استعمال کیا ہے جو کہ مفید ہوا بلکہ صحت کلی ہو گئی۔ آپکا تیار کیا ہوا سرمہ علاوہ پانی سرخی چشم دھند جالا وغیرہ امراض چشم کی ابتدائی سٹیج میں بھی مفید ہے بصارت کو ترقی دیتا ہے۔ بہتے

مریضوں پر استعمال کیا میں نے ان حالات معلوم ہوا ابھی کسر کا حکم کرتا ہوں کہ ایک تولہ سرمہ سفید اور بھیجدیجئے۔ راقم ڈاکٹر سیاح الدین بمقام نکراٹک ضلع چمپارن سرحد ملک چین +

(۳) جناب پروفیسر صاحب تسلیم۔ آپکا سرمہ ایک مریض پر استعمال کیا جس کو عرصہ سے دھند۔ ناخونہ پھولا تھا۔ نیز کمزوری کا شکار تھا۔ سرمہ سے ایک ہفتہ کے استعمال سے کلی فائدہ ہوا + راقم ڈاکٹر نوازش علی پنشنر بمقام دیوبند ضلع سہارنپور +

(۴) جناب من۔ میری آنکھوں میں ایک مرض تھا جس کا علاج تنگ آمد ڈاکٹران لاہور و شملہ ڈاکٹر سری صاحب بہادر لیفٹیننٹ صاحب بہادر نے کیا۔ محمد للہ شفا ہوا آپکے سرمہ سے تحفیف ہوئی اب صحت ہے اس کی باقی شکایت ہماری چشم میں باقی ہے اور ایک تولہ سفید سرمہ بلا قیمت طلب بذریعہ ویلیو پارسل بھیجدیں +

دستخط سردار صلح محمد خاں درانی شہزادہ کابل ملت الرشید جناب امیر فیض محمد خاں صاحب مرحوم والی ملک ترکستان +

پانچ ہزار روپیہ انعام

اگر کوئی شخص ممیرے کے سرمہ کی سندات میں سے جو قریب بارہ ہزار کے ہیں ایک کو بھی غرضی ثابت کر دے تو اس کو مبلغ پانچ ہزار روپیہ انعام دیا جائیگا جو اسکے نیشنل بینک میں اسی مطلب کے لئے مارچ ۱۸۹۰ء میں جمع کیا گیا ہے +

مطبع خادم التعلیم پنجاب لاہور میں منشی محمد عبدالعزیز منیجر کے اہتمام سے چھپ کر شائع ہوا

بینا
ہے تو دیکھو
اور اگر
شنوا
ہے تو سنو کہ
نورانی سرمہ
سے بہتر سرمہ موجود نہیں ہے ہزارہا صاحبان اسکو آزما چکے ہیں۔ اور اسکی تعریف کر چکے ہیں
المشتہر

مفت رہنمائے صحت!

رسالہ گلشن صحت مفت ہر ایک بیماری کی
ہدایات جوانی کی غلط کاریوں کے برے اثر
صحت پر کا اثر قانون صحت اور مفصل
فہرست ادویات شفاخانہ عالم لاہور
ٹکٹ بھیج کر اور دستی
معلومات کا ذخیرہ ہے حصول کے لئے
آنہ کا ٹکٹ آنے پر مفت

مردمی کا بجس

قیمت آٹھ روپے

ہر ایک موسم میں قابل استعمال ہے

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بجس استعمال کریں۔ اس بجس میں حسب ذیل داخلی خارجی علاج کی ہوگی: نمبر (۱) رنج حیات دو بوتل پانچ روپیہ (صہ) (۲) روغن نافع سستی ایک شیشی (للعہ) علاوہ زاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی کمزوری پٹھوں کی کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے علاوہ عالم شباب کی کثرت یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوتے انسان کو گوشہ حقارت میں بٹھا دیتا ہے یہ صنعت ادویات ایسی طلسم اثر طاقت فی الفور زائل شدہ طاقت کو واپس لاتی ہیں۔ رگوں پٹھوں کی کمزوری وغیرہ سب کا نام و نشان دور ہو جاتا ہے

روح حیات

بچپن کی نادانی یا جوانی کی بے پروائی حالت میں بیاعث بے اعتدالیوں وغیرہ کے امراض کمزوری اعصاب پیدا ہو کر جو لوگ مردہ ہو بیٹھے ہیں انکو چاہئے کہ اس مقوی بہی سنح کا استعمال کریں۔ روح حیات قوت ..... کو پیدا کر دیتا ہے۔ دیگر امراض جو کثرت احتلام اور جریان کی بدکاریوں سے واقع ہو گئی ہوں ..... اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ ..... ضعف مثانہ۔ جریان ضعف دماغ ..... کے واسطے بے نظیر تریاق ہے۔ سارے جسم کی کمزوری ..... اس کا اثر اعصاب ..... قابل ..... ڈاکٹروں و دیگر معززین نے اس کی تصدیق ..... کر چکے ہیں

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ (عه) (عاہ)

محمد شریف ..... ڈاکٹر ..... شفاخانہ عالم لاہور

THE PAISA AKHBAR
LAHORE

پیسہ اخبار

مرقع تصاویر حصہ اول

[illegible]

المشتہر [illegible] لاہور

...زرین شہنشاہوں بادشاہوں نامور مردوں اور مشہور آدمیوں کی تصاویر کا سلسلہ

ان میں سے ہر ایک تصویر [illegible] کی ۲۰ انچ طول ۲۲ انچ کی تقطیع پر [illegible]

اور ہر ایک تصویر کے لئے [illegible] سب سے اعلیٰ [illegible]

لوگ مہمل اور بیہودہ تصاویر مکانوں کی آرائش کے لئے جمع کرتے ہیں ان میں [illegible]

نام تصویر	قیمت	قیمت	نمبر شمار	نام تصویر
[illegible] قیصر ہند و ملکہ انگلستان	[illegible]	دس آنے	9	[illegible]
[illegible] ویلز ولیعہد انگلستان	[illegible]	دس آنے	10	جنرل [illegible]
[illegible] عبد الحمید خان ثانی شہنشاہ ٹرکی	[illegible]	بارہ آنے	11	[illegible]
[illegible] خان والیٔ افغانستان	[illegible]	دس آنے	12	ڈاکٹر سر سید احمد خان مرحوم
[illegible] شہنشاہ ایران	[illegible]	دس آنے	13	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	14	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	15	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	16	[illegible]

حب جوہر خیری

حب جوہر خیری یا فیروز نروائن ٹانک برائے انسان کی صحت کی سیر اور محافظ دوائی ہے جسکو قریبا تمام ممالک کے مفید مانا ہے ہندوستان کے میڈیکل افسران اعلےٰ سے اعلےٰ ڈاکٹران و حکما ارکان سرکار انگلشیہ مشیران ریاست ہائے والیان اور معامع پبلک جاگیرداران معززت سے بڑی بھاری تصدیق حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری کو دور کرنے اور بدنکو مضبوط و طاقتور بنانے کے لیے بھی ایک بے نظیر دوائی ہے۔ نامردی ضعف باہ ضعف اعصاب جریان سرعت رقت کثرت احتلام لقوہ ضعف دماغ ضعف معدہ ضعف مثانہ وغیرہ کے لیے عجیب و غریب دوا ہے حب جوہر خیری خصوصیت کے ساتھ بلا مبالغہ بے نظیر اثر کے ساتھ جوانی اور بچپن کی غلط کاریوں کے نقائص دور کر کے گم شدہ طاقت بحال کرنیوالی دوائی ہے اور ان لوگوں کو دوبارہ عالم شباب دکھاتی ہے جنکو کثرت مجامعت (ریا ....) نے بالکل نکما کر دیا ہو۔ دماغی محنت سے کام لینے والے اصحاب کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے + حب جوہر خیری ایک بکس کا مکمل کورس ہوتا ہے جو بالکل گم شدہ طاقت کو واپس لاتا ہے مگر معمولی کمزوری صرف دو تین روز میں دور ہونے لگتی ہے۔ قیمت فی بکس ۵ ہ گولی عہ

فیروز الدین سوداگر ادویات انگریزی کیمسٹ ہال بازار امرتسر

پیسہ اخبار

یوم شنبہ ۴ اگست ۱۹۰۱ء مطابق ۱۸ ربیع الثانی ۱۳۱۹ ہجری موافق ۲۱ ساون سمبت ۱۹۵۸ بکرمی — جلد ۱۴

عجیب عجیب باتیں

تار کا مرکب [illegible] تار کے ساتھ چند دیگر چیزیں ملانے سے ایک عجیب میٹھا مرکب تیار ہوا ہے۔ اس کا مزہ [illegible] معمولی کھانڈ سے دو سو بیس گنا میٹھا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر لوگ کیوں اسے [illegible] اور دیگر شیریں [illegible] استعمال نہیں کرتے؟ لیکن بڑی خرابی یہ ہے کہ یہ مرکب کھانڈ کی طرح آسانی سے تحلیل نہیں ہو سکتا اور [illegible] کے لئے پر اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دوسرا [illegible] کہ اس کے کھانے سے انسانی جسم میں چربی پیدا نہیں ہوتی اور [illegible] مفید ہے یعنی کھانڈ کے کھانے سے بہت جلد [illegible] ہو جاتی ہے۔ [illegible] ڈاکٹر صاحبان منع کر دیتے ہیں کہ اگر کھانڈ کے بجائے [illegible] استعمال کر سکتے ہوں تو اس مرکب کو ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

عجیب الخلقت [illegible] جولائی سنہ رواں کو موضع [illegible] تحصیل [illegible] ضلع [illegible] میں [illegible] ایک عجیب الخلقت بچہ جنا ہے جس کی شکل [illegible] ہے۔ سر [illegible] چوڑا ہے [illegible] نصف [illegible] کان مثل [illegible] چھوٹے چھوٹے [illegible] کھولنے سے معلوم ہوا کہ زبان مڑی ہوئی ہے۔ اور دو دانت مثل سؤر کے دانتوں کے لمبے کھڑے ہوئے۔ گردن کی صورت مثل [illegible] کے [illegible] نکلا ہوا۔ [illegible] مثل سؤر کے نصف [illegible] بھورے بال باقی جسم [illegible] اور دم [illegible] طول [illegible] ناک [illegible] سوراخ نتھنوں کے بھی غیر موجود۔ پیشانی پر صرف ایک آنکھ کا نشان [illegible] آنکھ کا پتہ بھی نہیں۔ بجائے دونوں [illegible] کے درمیان [illegible] ایک چھوٹا سا سوراخ۔ علامت مادہ [illegible] بمشکل تمام [illegible] پیٹ سے نکالا گیا مگر مرا ہوا نکلا۔ [illegible] میں [illegible] سے [illegible] کے واسطے کئی شخص اس عجیب الخلقت بچہ کو لائے جس کے دیکھنے سے خدا کی قدرت نظر آتی ہے (راقم محمد یوسف اسسٹنٹ منیجر کورٹ آف وارڈس)۔

پہاڑ بھی ہماری طرح پاؤں رکھتے ہیں۔ اس عجیب دعوی سے ہماری مراد یہ ہے کہ پہاڑ بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ کو سرک سکتے ہیں۔ حال میں امریکہ کے چند عالم [illegible] ہے کہ [illegible] پہاڑوں کا ایک سلسلہ [illegible] آہستہ [illegible] کی طرف سرک [illegible] یہ سلسلہ [illegible] سطح سمندر سے [illegible] ہزار فٹ [illegible] مغربی جانب ایک [illegible]

مذاق

شوہر اور بیوی میں ناچاقی ہو گئی تھی۔

بیوی: "کیا تمہیں معلوم ہے کہ شادی کی درخواست [illegible] وقت تم نے مجھ سے کیا اقرار کیا تھا؟"

شوہر: "ہاں [illegible] ہے۔ مگر میں حیران ہوں کہ مجھے [illegible] وقت کیا ہو گیا تھا"۔

استاد: "بلوہ یا شورش کس کو کہتے ہیں؟"

شاگرد: [illegible] کسی یورپین گورنمنٹ [illegible] کریں۔ تو اسے بلوہ یا سورش کہتے ہیں"۔

استاد: [illegible] یورپین گورنمنٹ کسی وحشی [illegible] کرے؟"

شاگرد: [illegible] اس کا نام جنگ رکھا جاتا ہے"۔

[illegible] اپنی والدہ سے: "اماں کیا تمہارے دانت میں درد ہوتا ہے؟"

ماں: "نہیں [illegible] کیا بات ہے؟"

[illegible] ایک [illegible] کی دکان سے [illegible] لیکن [illegible] کہ تمہارے [illegible] نہیں [illegible] اور شخص کو تلاش کرو"۔

موکل: "افسوس ہے کہ اس مقدمہ میں میری تمام [illegible] ضائع ہو گئی"۔

وکیل: "ضائع مت کہو۔ یہ کہو کہ اس مقدمہ میں میری تمام دولت صرف ہو گئی"۔

باپ (رات کے گیارہ بجے مکان کی سب سے اونچی چھت پر): "جینی کیا تمہیں معلوم نہیں۔ کہ یہ سونے کا وقت ہے"۔

جینی: "بابا میں حیران ہوں۔ کہ تم اب تک چھت پر کیا کر رہے ہو؟"

چھوٹا لڑکا: "ابا کیا وجہ ہے کہ جب ہم گیند کو پھینکتے ہیں تو وہ زمین پر گر پڑتا ہے۔ اور جب ہم غبارہ کو چھوڑتے ہیں تو وہ آسمان کو چڑھ جاتا ہے"۔

ایک [illegible] فرانسیسی [illegible] کی [illegible] کرتی ہے کہ [illegible]

[illegible] اعداد

۱	[illegible]		
۱۲	۱۲		
۳۰۵	۱۶۵		
۱۰۵			
۱۳۳			
۱۱۱	۲۱		
۲۲۱	۱		
۱۱۸۰	۵۰۰		
۱۰	۱۱۸۵		
۹۹	۲		
۱۱۲۳	۶		
۸۹۰	۱۱		
۹۹۳	۶۶۸		
۳۵۲	۱۲۵۵		
۱۸۰			
۱۱۶			
۳۰۲			

[illegible] سفر [illegible] کرے۔ [illegible] لگیگا۔ ڈاک گاڑی [illegible] ۳۲ گھنٹہ میں [illegible] گھنٹہ [illegible] آبادی کی نسبت [illegible] فرانس کی آبادی نسبتاً کم ہے۔ فرانس کے بالاوسط ۳ [illegible] ہیں۔ نیدرلینڈس [illegible] اور بلجیم میں ۵ء۴۲۔ انگلستان میں ۸ء۴۴۔ [illegible] ہالینڈ میں ۲۲ء۴۔ سکاٹلینڈ میں ۶ء۴۴۔ سپانیہ میں ۶۵ء۴۔ روس میں ۲ء۸۴۔ [illegible] ۲۰ء۵

اگر آپ ایک ٹائم پیس بغیر کسی قیمت کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ہم جولائی کا انتخاب لاجواب ملاحظہ کیجئے

حفظ صحت

استفسار

۸۰- ناسور مقعد - حکیم نور محمد صاحب کا نسخہ استعمال کیا گیا آخر قبل ازاں کے ناسور ہو گیا - مریض بہت تکلیف میں ہے - مجرب نسخہ مطلوب ہے -

۸۱- مانع حمل - بعض عورتیں ایسی ضعیف البدن اور علیل ہوتی ہیں کہ وضع حمل سے بسا اوقات اُن کی جان تلف ہو جاتی ہے اور نیز بکثرت اولاد پیدا ہونے سے بہت مصائب کا سامنا پڑتا ہے - مگر سد حمل کے جدید علاج میں ... سے بچنے میں - مگر وہ ... اور قابل اطمینان نہیں ... بند ہو جائے - آئندہ حمل کا کوئی اندیشہ باقی نہیں رہے گا - اگر آپ ہیں اگر کوئی صاحب ... کی کوئی مجرب ... والی ہا ... جلد اس سے مطلع فرمائیں -

۸۲- تسہیل ولادت - تسہیل ولادت کے ... قابل اطمینان نسخہ تحریر کیا جائے کہ جس کے استعمال سے ...

علاج

۱۰۱- ہیضہ - آجکل ہندوستان میں ...

گمنام و نشان عزیز

۳۶- میرے دوست مسمی عابد علی ساکن قصبہ کشی ضلع سلطان پور عمر ۵۳ سال عرصہ ۳ ماہ سے مفقود الخبر ہیں - عائش میں بغرض علاج آئے تھے مگر یہاں سے بھاگ گئے - پتہ معلوم ہوا تھا کہ مہدی علی شاہ صاحب تحصیلدار کے بھائی کے یہاں ۳ روز تک مقیم رہے مگر وہاں سے پھر معلوم ہوا کہ کس سمت کو چلے گئے - عمر ۵۴ سال کھچڑی بال لباد گندمی رنگ ... ان کی ... سخت پریشان ہیں ... صلع رائے بریلی)

۳۷- میرا ایک عزیز ... قد درمیانہ عمر ۱۶ سال ... ناراض ہو کر چلا گیا ہے - اس کے ... سخت بے چین ہیں - کوئی صاحب ...

عام

سوال

۸۵- مزار ولی کامل ...

۸۶- اخراجات تعلیم ...

جواب

۳۵- روغن گندھک ...

شعر و سخن

باسی حنا

...

منکر ...

مولانا ... کے بہترین مقالات بالتصویر انتخاب لاجواب لاہور میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

توسیع اشاعت پیسہ اخبار

پیسہ اخبار کو خوش قسمتی سے جیسے مہربان ناظرین ملے ہیں ہندوستان کے اخبارات میں تو اس کی نظیر نہیں ملیگی جس خلوص اور توجہ سے پیسہ اخبار کے خریدار اس کی توسیع اشاعت کی فکر میں رہتے ہیں اس کے لئے کسی شہادت کی ضرورت نہیں چنانچہ ہر ہفتہ اس کالم سے اس امر کی تصدیق ہوتی رہتی ہے جناب سید مراتب علی شاہ صاحب از رڑکی تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار (۴۶ ے) سردار رنبیر سنگھ صاحب رئیس کھرڑ گڑھ کے نام جاری کر دیا جائے۔ جناب محمد عبدالعزیز صاحب (خریدار نمبر ۲۱۷۹) لکھتے ہیں کہ اخبار بنام (۴۷ ے) ناسی محمد عثمان عبداللطیف صاحب جنرل مرچنٹ سیتا پور ... کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وی پی وصول فرمائیں جناب عبدالسلام صاحب سیکرٹری انجمن حمایت اسلام لاہور ... سے لکھتے ہیں کہ اخبار بنام (۴۸ ے) عبدالغفور خان صاحب ... اخبار انعامی کتاب وی پی بھیج کر وصول کرلیں جناب محمد کریم اللہ صاحب کلرک (خریدار ...) ... ایک خریدار دے چکے ہیں۔ اب تحریر فرماتے ہیں کہ (۴۹ ے) بابو گنگوان داس صاحب ... کے نام اخبار جاری فرما کر وصولی قیمت سالانہ کے لئے انعامی کتاب وی پی بھیجیں۔ علاوہ بریں آپ مزید خریدار بہم پہنچانے کا بھی وعدہ کرتے ہیں۔ جناب عظیم بخش صاحب ... (خریدار نمبر ۱۲۲۵) مہربانی سے مندرجہ ذیل دو خریداروں کے نام پیسہ اخبار جاری کرا کر قیمت سالانہ بذریعہ انعامی کتاب وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ (۵۰ ے) ... لال صاحب پٹواری حلقہ ... (۵۱ ے) ... صاحب پٹواری حلقہ ... (ڈاکخانہ ...)۔ جناب نذیر احمد صاحب بریلوی ... قدردانی سے مندرجہ ذیل خریداروں کے نام پیسہ اخبار جاری کرا کر قیمت بذریعہ انعامی کتب وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ (۵۲ ے) بابو ... خان صاحب (۵۳ ے) سید ... حسین صاحب (۵۴ ے)۔ اور منشی عبدالکریم صاحب ... جناب منشی رشید النبی صاحب (خریدار نمبر ۱۳۴۱۵) لکھتے ہیں کہ پیسہ اخبار (۵۵ ے) پنڈت ... صاحب (شملہ) کے نام بھیج کر قیمت سالانہ کے لئے ناول ... بذریعہ وی پی روانہ کریں۔ جناب سراج الدین صاحب ... (خریدار نمبر ۱۵۵۲۶) تحریر فرماتے ہیں کہ اخبار میرے دوست (۵۶ ے) ... صاحب ... مظفر گڑھ کے نام جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کیجائے۔ جناب ... بخش خان صاحب خریدار (نمبر ۱۸۸۶) ارقام فرماتے ہیں کہ آپ اپنا اخبار (۵۷ ے) پنڈت گنیش لال صاحب ... جالندھر کے نام جاری فرمائیں وہ آپ کے اخبار کے خواہاں ہیں جناب سید محمد ابوالفتح صاحب سب رجسٹرار (خریدار نمبر ۱۴۸۲) رقمطراز ہیں کہ پیسہ اخبار ... (۵۸ ے) مولوی ... حبیب ... صاحب سب رجسٹرار ... کے نام بھیجکر قیمت سالانہ بذریعہ انعامی کتاب وصول کرلیں۔

پیسہ اخبار کلب

منشی محبوب عالم صاحب کی سیاحت یورپ

(ابوظفر جان دہلی):- آپ نے جناب منشی صاحب کے سفر یورپ اور اخراجات سیاحت کے متعلق ناظرین پیسہ اخبار کی مالی امداد کی نسبت جو خیالات ظاہر کئے ہیں۔ اُن کو باختصار درج ذیل کیا جاتا ہے۔ اس خط میں وہ الفاظ و سطور حذف کر دئے گئے ہیں جن میں منشی صاحب کا انتہا درجہ کے حسن خلق سے نہایت تعریفی الفاظ میں ذکر کیا گیا ہے۔ پیسہ اخبار کی ہمدردی کی نسبت مراسلہ نگار نے جو سچی ریزیشن کی ہیں۔ اُمید ہے کہ ناظرین نہ صرف اُن کو غور سے مطالعہ فرمائینگے بلکہ اُن پر عمل بھی کرینگے:-

"منشی صاحب موصوف کے سفر یورپ کی نسبت ناظرین اخبار نے اپنی اپنی ہمدردانہ رائیں ظاہر کی ہیں۔ وہ حق بجانب ہیں۔ بلکہ جس قدر آپ کی ہمدردی اور شکرگزاری کیجائے کم ہے۔ کیونکہ منشی صاحب نے جو اسی دور دراز کا سفر اور اُس کا خرچ محض اپنے ذمہ اختیار کیا ہے۔ اُن کے سفر سے جو کچھ فوائد حاصل ہونگے۔ وہ منشی محبوب عالم صاحب ہی کی ذات خاص کو نہ ہونگے بلکہ ناظرین پیسہ اخبار بھی اُن سے متمتع ہونگے۔ لیکن میں اس بات کا مخالف ہوں کہ ناظرین پیسہ اخبار میں سے جن صاحبوں نے اُن کے سفر کے خرچ کی نسبت چندہ دینے اور دلانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اگرچہ بظاہر یہ بہت بڑی ہمدردی معلوم ہوتی ہے کہ منشی صاحب نے ہمارے ہی فوائد اور معلومات کے واسطے یہ سفر اختیار کیا ہے اور اُن کی گرہ کا سب بھی خرچ نہ ہو۔ لیکن میں اس ہمدردی سے اتفاق نہیں کرتا کیونکہ منشی محبوب عالم صاحب خدا کے فضل سے ... محتاج نہیں ہیں۔ جس طرح اُن کا اخبار ہندوستان کے اُردو اخباروں میں ممتاز اور نامور ہے کہ اس کے برابر کسی اخبار کی اشاعت ہوا اور کسی اخبار میں اتنی زیادہ اور صحیح مضامین اور خبروں کا ذخیرہ ہو سکے اسی طرح بفضلہ تعالیٰ منشی محبوب عالم صاحب بھی تمام ہندوستان کے دیسی اخبار والوں میں صاحب استطاعت ہیں۔ اُن کو خدا نے اس قدر صاحب مقدور کر رکھا ہے کہ وہ اپنے ذاتی اخراجات سے اور بھی دو آدمیوں کو اپنے ہمراہ لیجا سکتے تھے۔ اگر اُن کے ہم وطن اور اُن کے ملاقاتی اس سفر میں اُن کے ہمراہ ہوتے۔ منشی صاحب اگر چندہ جمع کرنا چاہتے تو دس بیس یا سینکڑوں بلکہ سینکڑوں ہزاروں کے ہاں سے دوسرے اخبار والوں کی طرح کچھ نہ کچھ جمع کر کے لے آتے۔ خدا کے فضل سے منشی صاحب کو غیر کے اور دل کے غنی ہیں۔ اُن کو خرسا ... جیسی اخبار نویسی کی ہونی چاہئے اُس کو انہوں نے ادا کیا اور اسی پر ثابت قدم رہے اور ایسا ہی رہینگے اور اسی ثابت قدمی نے اُن کو سارے ہندوستان کے اُردو اخباروں میں ممتاز کر رکھا ہے۔ علاوہ بریں چندہ مصیبت اور آفت زدہ لوگوں کے واسطے کیا جاتا ہے نہ کہ ہر حالت میں۔ پیسہ اخبار کا اس وقت چندہ کا دستور ہو گیا ہے کہ بات بات میں چندہ کیا جاتا ہے۔ میں اس بات کو بہت معیوب سمجھتا ہوں پیسہ اخبار کے خریداروں کو اگر دلی ہمدردی ہے تو ... کرنا چاہئے ...

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۴ اگست ۱۹۰۷ء

ہندوستان کا قحط

ہرچند کہ میں اپنے وطن سے ہزار ہا میل کے فاصلہ پر بیٹھا ہوا ہوں۔ لیکن ہر وقت اُس کی تصویر میری آنکھوں کے سامنے پھرتی رہتی ہے۔

دل کے آئینہ میں ہے تصویر یار جب ذرہ گردن جھکائی دیکھ لی

اُمید ہے کہ میرے اہل وطن بھی مجھے اپنے سے دور نہیں سمجھتے ہونگے۔

چون میان من و تو قربت جانی باشد
چہ تفاوت کند ار بعد مکانی باشد

اِن ملکوں کی دولتمندی۔ آسودگی عیش و آرام کے سامان دیکھ کر ہر شخص کو بے ساختہ خیال ہوتا ہے کہ ہندوستانی کیوں ایسے مفلوک اور مفلس ہیں۔ کس قدر تاسف ہے دولتمند ملک میں آئے دن خوفناک قحط نمودار ہو جاتے ہیں۔ کیوں ہزاروں آفت رسیدہ بھوک کے پُر الم صدمات سے مر جاتے ہیں گو گورنمنٹ انگریزی نے وعدہ کیا ہوا ہے کہ وہ قحط کی مصیبت سے آئندہ ہندوستان میں کسی کو مرنے نہ دیگی۔ مگر پھر بھی یہ آگ ایسی شدت سے اور ایسے وسیع رقبہ پر لگی ہوتی ہے کہ گورنمنٹ کے ہاتھ بمشکل سب جگہ پہنچ سکتے ہیں اور بعض لوگ صرف ایسے وقت بذریعہ سرکاری مدد کے کنارے پر پہنچ سکتے ہیں کہ پھر ڈاکٹر بھی اُن کی رستہ رمق حیات کو قائم نہیں رکھ سکتے۔ جن کے نام ٹائمز آف انڈیا کے بعض پرچوں میں تصویریں قحط سے مرنے والوں کی چھپی ہیں کہ جن کو دیکھ کر پتھر کا کلیجہ بھی شق ہو جاتا ہے۔ ہمارا ملک اہل ہند نہایت کم شعار۔ محنتی اور جفاکش ہیں۔ مگر اُن کا ایک بڑا حصہ ہر زمانہ میں بھی دو وقت پیٹ بھر کے کو سادہ سے سادہ کھانا نہیں حاصل کر سکتا۔ قحط سالی کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ ہندوستان میں دو تین آنہ سے ایک شخص بخوبی دو وقت پیٹ بھر سکتا ہے۔ اور یہاں برلن میں تین آنہ کو ایک ... ملتا ہے جو لاہور میں ایک پیسہ کے دس پندرہ ملتے ہیں) یا دو تین ملتے ہیں ... اور پھر بھی یہ لوگ بھوکے نہیں مرتے بلکہ بہیر ایسی محنت کے کام بھی نہیں کرتے جیسے کہ ہندوستانی مزدور اور کاشتکار کرتے ہیں۔ تو پھر کیا ہندوستان میں اُن کے پیٹوں کے لئے غلہ کافی پیدا نہیں ہوتا مگر ... نہیں ہندوستان سے اس قحط سالی میں بھی غلہ ... عبر کر بھیجا جاتا ہے ہندوستان میں کسی ... مفقود ہے بعض ہندوستان ... انگلستان کی ... بابت خواہش ... کا ...

[illegible] اس قحط کی وجہ کہ اس میں غلہ تو ہے لیکن بالعموم غلہ نہ خرید سکنے کی وجہ سے بھوکے مر جاتے ہیں اور آجکل [illegible] لاکھ آدمی سرکاری خیراتی کاموں پر پڑے ہوئے ہیں۔ نیو یارک (امریکہ) میں جو سو آدمیوں کی معزز کمیٹی قحط ہند کی امداد کے لئے قائم ہوئی ہے اس نے فیصلہ کیا ہے کہ ہندوستان کو غلہ کی ضرورت نہیں ہے۔ غلہ وہاں بہت ہے۔ اس میں روپے کی کمی ہے۔ وہاں روپیہ بھیجو۔ [illegible] لیڈر کے خاص نامہ نگار نے جو خاص ہندوستان کے قحط کی تحقیقات کے لئے انگلستان سے گیا ہے اپنے خطوط میں ایک جگہ اس گتھی کو اس صورت سے سلجھانے کی صلاح دی ہے۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل سطور سے ظاہر ہے:۔

"اگر اس عرصہ میں (یعنی جس عرصہ میں کہ کاشتکار قحط کے بعد پھر اپنی ٹانگوں پر کھڑے ہو سکیں) ہندوستان اور انگلستان میں ثابت ہو جائے کہ مسئلہ اراضی مسئلہ قرض اور مسئلہ خراج جو سب ایک ہی بات ہیں زیادہ عرصہ تک انتظار نہیں کر سکتے۔ اور بلا مدد رعایا کے اور کسی خیال کے مدنظر رکھنے کے ان کے علاج کر لینے کا فیصلہ کر لیا جاوے۔ اور جہاں سے کسی [illegible] نہ ڈریں تو ہم قحط ہند کے واقعات کی جڑھ تک پہنچنے لگیں گے"۔

مندرجہ بالا اقتباس سے عیاں ہے کہ جو لوگ ذرہ بھی غور کرنے کی تکلیف اٹھاتے ہیں۔ اگر وہ حکام ہند کی عینک سے نہ دیکھیں تو وہ فوراً قائل ہو جاتے ہیں کہ ہندوستان کے اس سخت اور دائمی قحط کی وجوہات کیا ہیں۔ یہی نامہ نگار لکھتا ہے کہ سب سے پہلی بات جو کسی ایسے شخص کی نظر پڑتی ہے جو ہندوستان میں پھرتا ہے۔ یہ ہوتی ہے کہ ملک میں سہارنے کی طاقت نہیں۔ وہ لکھتا ہے:۔

"وہ دیکھتا ہے کہ کاشتکار یا دوسرے لفظوں میں ہندوستان تباہی کے کنارے پر ہے کہ جس کے پاس نقد یا جنس یا اعتبار کا ذرہ بھی ذخیرہ نہیں۔ اور وہ اپنے آپ سے سوال کرتا ہے کہ اس کا کیا موجب ہے کہ ایک پشت سے بلکہ ایک پشت سے زیادہ ممالک یورپ سے تجارت جاری ہے اور لوگوں کے پاس وقت ضرورت کے لئے ذرہ بھی جمع نہیں۔ [illegible] تجارت اور آمد و برآمد اور ملکی ترقی دکھلانے کے لئے موجود نہیں"۔

یہ بیشک صاف لفظ ہیں جو ہندوستان کی صحیح [illegible] حالت صفائی سے دکھلا سکتے ہیں۔ یورپ کی تجارت نے ملک کی [illegible] صنعت و حرفت کا ستیاناس کر دیا ہے۔ [illegible] سکہ نے لوگوں کے چاندی کے زیورات کی جو اہل ہندوستان کے لئے بمنزلہ سیونگ بینک کے ہیں۔ قیمت چوتھائی کم کر دی ہے۔ ہر دس پندرہ سال کے بعد [illegible] بندوبست کئے جاتے ہیں اور محاصل اراضی [illegible] بہت زیادہ بڑھائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ریلیں [illegible] قحط ہندوستان سے نابود ہو جائیگا۔ ۱۸۸۱ء میں [illegible] قحط نے لکھا تھا کہ [illegible] ہزار میل ریلوے لائنیں ہندوستان میں پھیل جائیں گی تو قحط نابود ہو جائیگا لیکن آخری قحط کی کمیشن نے جو سر جیمس لائل سابق لفٹنٹ گورنر پنجاب [illegible] قائم ہوئی تھی لکھا تھا کہ ۲۰ ہزار میل ریل اب تک جاری ہو چکی ہے۔ لارڈ کرزن بہادر کی انصاف پسند آزاد اور حسن طبیعت سے امید ہے کہ ہندوستان کی حکومت کو چھوڑنے سے پہلے یہاں کے افلاس کا کوئی بہتر علاج کر جائیں گے جو تخفیف اخراجات مسئلہ محاصل اراضی کی اصلاح اور نہروں کی ترسیع کے سوائے نہیں ہو سکتا۔ (مجوب عالم از برلن۔ ملک جرمنی)

کابل کا جدید طلائی سکہ

ضیاء الملت والدین امیر عبدالرحمن خاں والئی افغانستان کے حکم سے حال میں دو لاکھ نئے طلائی سکے مضروب ہوئے ہیں جن میں سے ہر ایک کا وزن ۴½ ماشہ ہے۔ اس سکے کے ایک طرف خانہ کعبہ کی تصویر بنی ہوئی ہے اور دوسری طرف امیر کا نام مع القاب اور [illegible] نقش ہے۔ کہتے ہیں امیر صاحب کی مسند نشینی کے بعد سے اب تک جو اعلیٰ امرا اور سوار کابل سے بھاگ گئے تھے ان کی منضبط جائداد کی [illegible] سے یہ جدید طلائی سکے [illegible] گئے ہیں۔ ہزہائینس نے سردار [illegible] خان [illegible] علی اور سید احمد شاہ کو کابل میں ہیضہ پھیل جانے کی وجہ سے پغمان میں رہنے کی اجازت دیدی ہے۔

گورنمنٹ کا جدید قرضہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں میڈیکل کالج کے پروفیسروں نیٹو ڈاکٹروں والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بھی اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لئے اکسیر ہے ضعف بصارت تاریکی چشم دھند جالا پڑوال غبار سبل سرخی ابتدائی موتیا بند ناخنہ پانی جانا خارش وغیرہ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے آنکھوں کے مریضوں کو اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہیں۔ اس کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے اور عینک کی حاجت نہیں رہتی بچے سے لیکر بڈھے تک کو یہ سرمہ یکساں مفید ہے قیمت اس لئے کم رکھی ہے کہ عام و خاص اس سرمہ سے فائدہ اٹھائیں قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لئے کافی ہے مبلغ دو روپے (عہ) ممیرہ کا سفید سرمہ اعلیٰ قسم فی تولہ مبلغ تین روپے (عہ) خالص ممیری فی ماشہ مبلغ بیس روپے (عہ) مصری سرمہ فی تولہ (عہ) خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔ منگواتے وقت اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔ نقلی و جعلی ممیرے کے سرمہ کے اشتہاروں سے بچنا چاہئے۔

المشتہر پروفیسر میتا سنگھ آہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور (پنجاب)

فہرست اسناد	ان سے بڑھ کر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہے	فہرست اسناد

پانچ سو روپے انعام

[illegible]

PAISA AKHBAR

LAHORE

پیسہ اخبار

مجمع تصاویر حصہ اول

حبوب خیری

حبوب خیری یا فیرو زنر دایمن ٹانک پلز انسان کی صحت
کی سپر اور محافظ دوائی ہے جسکو قریباً تمام ملک نے مفید
مانا ہے اس دوائی نے میڈیکل افسران اعلےٰ سے اعلےٰ ڈاکٹران
و حکیمان ملازم سرکار انگلشیہ شیلن ریاست کے سادہ زبان
او رعام پبلک جاگیرداران وغیرہ سے بڑی بھاری تصدیق
حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری کو دور کرنے اور بدنکو مضبوط
و طاقتور بنانے کے لئے یہی ایک بے نظیر دوائی ہے ۔
نامردی ضعف باہ ضعف اعصاب جریان سرعت
رقت کثرت احتلام لقوہ ضعف دماغ ضعف معدہ
ضعف مثانہ وغیرہ کے لئے معجب و عجیب دوا ہے حبوب خیری
خصوصیت کے ساتھ بلا مبالغہ بے نظیر اثر کے ساتھ جوانی اور
بچپن کی غلط کاریوں کے نقائص دور کر کے گمشدہ
طاقت بحال کرنیوالی دوائی ہے اور ان لوگوں کو دوبارہ
عالم شباب دکھاتی ہے جنکو کثرت مجامعت (یا ...)
نے بالکل نکما کر دیا ہو ۔ دماغی محنت سے کام لینے والے
اصحاب کے لئے ایک قیمتی تحفہ ہے * حبوب خیری
چمن بجس کا ایک گولی ہوتا ہی جو بالکل گمشدہ طاقت
کو واپس لاتا ہی مگر معمولی کمزوری صرف دو تین گولی
میں دور ہونے لگتی ہے ۔ قیمت فی بکس ۱۰ گولی عہ

عرق طحال

حبوب قبض کشا

معزالدین ... امرتسر

ڈاک باش برادر ما باد کس باک (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۳۲ | یوم شنبہ ۱۸ - اگست ۱۹۰۱ء مطابق ۲ ربیع الثانی ۱۳۱۸ ہجری موافق ۲ بھادوں ۱۹۵۸ سمت بکرمی | جلد ۱۲

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

جاپان میں آبادی کی ترقی۔ ایشیا کا انگلستان (جاپان) نہ صرف تجارتی اور علمی پہلو سے ہی دن بدن ترقی پر ہے۔ بلکہ اسکی آبادی میں بھی دن دگنی اور رات چوگنی ترقی ہے۔ جاپان کے دارالخلافہ ٹوکیو کی آبادی ۱۸۷۰ء میں ۵۰۰۰۰۰ تھی۔ اور اب ۱۳۰۰۰۰۰ تک پہنچ چکی ہے۔ ٹوکیو سے دوسرے درجہ پر اوساکا اور کوبے دو مشہور شہر ہیں جنکی آبادی ۹۰۰۰۰۸ اور ۸۰۰۰۰ سے ۸۰۰۰۱ اور ۱۸۵۰۰۰ تک پہنچ گئی اسی طرح جاپان کا ایک مشہور شہر اوساکا ہے جسکی آبادی ۳۰۰۰۰ کو ۵۱۰۰۰ تک پہنچ گئی ہے ۱۸۷۶ء میں جاپان میں ۱۱ شہر ایسے تھے جنکی آبادی ۳۰۰۰۰ سے زیادہ تھی۔ اور اب اس ملک میں ۲۰ شہر ایسے ہیں جنکی کل آبادی ۴۵۰۰۰۰ ہے۔

کلوں کی طاقت۔ اسمیں کچھ شک نہیں کہ کلوں کی بدولت دنیا نے بہت ترقی کی ہے اور اس وقت ایک معمولی مشین اتنا کام کرتی ہے جتنا کہ ۶۰۰۰ گھوڑے یا ۳۰۰۰۰ مزدور۔ چنانچہ ایک محقق نے تخمینہ کیا ہے کہ اس وقت ممالک متحدہ (امریکہ) میں کلوں کی بدولت اتنا بھاری کام سرانجام ہوتا ہے۔ کہ اگر تمام کلیں وغیرہ تباہ کر دی جائیں تو اتنا کام کرنے کے لئے اضلاع متحدہ امریکہ کی چوگنی آبادی اور ۳۵۰۰۰۰۰۰ مزدوروں کی ضرورت لاحق ہوگی اس وقت دنیا کی آبادی ۱۵۰۰۰۰۰۰۰ ہے اور چونکہ محققین کے خیال کے مطابق کلوں کی بدولت ایک آدمی ۱۰ آدمیوں کے برابر کام کر سکتا ہے اسلئے طاقت کے لحاظ سے سمجھنا چاہئے کہ اس وقت روئے زمین پر ۱۵۰۰۰۰۰۰۰ انسان آباد ہیں۔

اخبارات کی اشاعت۔ ایک محقق لکھتا ہے کہ جسقدر اخبارات شائع ہوتے ہیں انکی تعداد ۱۲۰۰۰۰۰۰ ہے اسبات کو یوں بھی بیان کر سکتے ہیں کہ تمام دنیا میں ایک ہفتہ میں جسقدر اخبارات شائع ہوتے ہیں اگر وہ ہر ایک شخص کے حصہ میں تقسیم کئے جائیں تو ہر ایک کے حصہ میں ایک اخبار آئیگا۔ انکی چھپائی پر ہر سال ۲۲ ہزار من کاغذ خرچ ہوتا ہے یعنی ۸۱۰۰۰۰۰ ۔ ایک اخبار میں بات کو مختصر طور پر اس طرح بیان کرتا ہے کہ زمانہ کا سب سے بڑا پریس ہے اور وہ ان اخبارات کو بالکل ۳۳ سال میں چھاپ سکتا ہے اگر ان اخبارات کو ایک دوسرے پر رکھ دیا جائے تو وہ تہ بہ تہ پچاس میل کے قریب ہوگا۔

مذاق

امیر آدمی "میرا خیال ہے۔ کہ اگر تمہارے جیسا مضبوط آدمی کام کرے تو وہ اچھی طرح اپنی روٹی کما سکتا ہے"
گداگر "یہ صرف آپکا خیال ہے۔ یا آپکو کلی یقین بھی ہے"
امیر "میرا خیال ایسا ہے"
گداگر "واہ پھر مجھے کیا ضرورت ہے کہ یقینی بات کو چھوڑ کر موہوم باتوں کے پیچھے پھرتا پھروں"

پہلا مصنف "کیا تمہارا دوست ولیم تالیف و تصنیف کے متعلق کچھ جانتا ہے"
دوسرا مصنف "ہاں۔ اسکا خیال ہے کہ اس صیغہ میں کچھ آمدنی نہیں ہو سکتی"

مجسٹریٹ نے دریافت کیا "کیا تمہارا کوئی گواہ بھی ہے"
مدعی علیہ نے بڑی تیزی سے جواب دیا "ہاں حضور میں خود موقعہ پر حاضر تھا"

حامد کی دادی حامد کو ہیموں کی شکست کا واقعہ سنا رہی تھی آخر جب اس نے بیان کیا کہ "بیرم خاں کے حکم سے ہیموں کا سر قلم کیا گیا" تو حامد متعجب ہو کر پوچھنے لگا "اماں جب ہیموں کا سر کاٹا گیا تو اس بیچارے کو بڑا رنج ہوا ہوگا"

اگر تم چاہتے ہو کہ زید تمکو دانا خیال کرے تو اسے خیال کرنیکا موقعہ دو۔ کہ تم اسے دانا خیال کرتے ہو۔

مرد "پیاری کیا تم اس ہیرے کی انگوٹھی کو پسند کرتی ہو؟"
عورت "بے شک کیونکہ جو انگوٹھیاں میرے پہلے خاوند نے میری نذر کی ہیں وہ ایسی خوشنما نہیں"

پہلا دوست "جو تمام دنیا کے گرد سفر کر کے واپس آیا ہے" میں چین بھی گیا اور وہاں کی بدوضع بدشکل لوگوں کو دیکھا جو نہایت مسکین اور جیسا ان کا خیال [illegible]
دوسرا دوست [illegible]

[illegible]

عجیب عجیب باتیں

دیوانے آدمیوں میں حواس خمسہ [illegible] میں جا کر دیوانے آدمیوں کی حرکات سکنات بغور دیکھی جائیں۔ تو معلوم ہوگا۔ کہ کئی ایسے آدمی بھی ہیں جنکی قوت سامعہ میں خلل آگیا ہے۔ وہ کئی ایسی آوازیں سنتے ہیں جو کبھی پیدا نہیں ہوتیں۔ اسی طرح جن آدمیوں کی قوت لامسہ میں فرق آگیا ہے۔ وہ کسی نازک اور نرم چیز کو چھونے سے جھجک جاتے ہیں۔ لیکن لطف یہ ہے کہ اگرچہ دیوانے آدمی کتنے ہی مجنون الحواس کیوں نہ ہوں۔ انکی قوت ذائقہ میں ہرگز فرق نہیں آتا۔ چنانچہ آجتک کبھی سننے میں نہیں آیا کہ کسی دیوانے کو جو کی بدلی کھانا دیا جائے۔ اور وہ کہے کہ مجھے گوشت کا سا لطف آتا ہے۔ یہ ایک عجیب بات ہے کہ دیوانے بھی اس حس کا ایک حصہ درست حالت میں رکھ سکتے ہیں۔ پس کوئی شخص [illegible] "مجنون الحواس" کہنا سائنس کے رو سے بالکل غلط الزام ہے۔

آندھی اور بگولے کی رفتار۔ تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ آندھی عموماً چالیس میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہے اور جب بہت زور پر ہو۔ تو اسکی رفتار ایک سو بیس میل فی گھنٹہ تک بھی پہنچ جاتی ہے۔ ممکن ہے کہ بعض لوگ آندھی کی تیز رفتاری کا ذکر سنکر خیال کریں۔ کہ بگولا ضرور اس حالت میں آندھی سے تیز چلتا ہے۔ ایک سو بیس میل فی گھنٹہ [illegible] ہوگا۔ لیکن یہ غلطی ہے۔ اسمیں ایک ساد [illegible] بگولا [illegible] چلنا بگولا کی [illegible] ہے۔ پس اسکی رفتار اگرچہ کتنی ہی تیز کیوں نہ ہو۔ وہ آندھی سے زیادہ جلد ایک جگہ سے دوسری جگہ تک نہیں پہنچا سکتی

آنکھ کا جھپکنا۔ ہم روزمرہ کی بول چال میں ایک لحظہ یا ایک ثانیہ یا آنکھ کے ایک جھپکنے کا وقت برابر سمجھتے ہیں۔ لیکن جن لوگوں نے اس بارہ میں غور کیا ہے۔ وہ اپنی ذاتی تحقیقات کی بنیاد پر کہتے ہیں کہ ایک ثانیہ اور آنکھ کے ایک دفعہ جھپکنے کے وقت میں بڑا نمایاں فرق ہے۔ تجربہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ آنکھ [illegible] ثانیہ میں بند ہوتی ہے [illegible] ثانیہ تک [illegible] اور پھر [illegible] میں کھل جاتی ہے [illegible] آنکھ کے ایک دفعہ [illegible] کا وقت [illegible] ثانیہ ہے [illegible]

حفظ صحت

۸۷ ـ [illegible] ایک [illegible] کے بائیں تہہ میں [illegible] کے بہ شکل [illegible] کے تہلکہ اب وہ [illegible] زخم وغیرہ نہیں [illegible] کرتا ہے اور اس [illegible] کام [illegible] میں [illegible] تکلیف ہوتی [illegible] لوگوں کا خیال ہے کہ یہ [illegible] کا ہے کہ جو [illegible] تمام جسم پر پھیل گیا اور بعد [illegible] سے معذور کر دیگا۔ [illegible] عمر تقریباً ۲۴ سال [illegible] (پیسہ اخبار ۲۲۶۴)

۸۸ ـ کانوں کا سرخ ہو جانا۔ اس استعمار کو پیسہ اخبار میں چھاپ کر ممنون فرمادیں [illegible] کانوں سمیت سرخ ہو [illegible] سے پانی نکلا کرتا ہے جس سے [illegible] نہایت [illegible] سے [illegible] فائدہ [illegible] معلق [illegible] صرف بیرونی حصہ [illegible] کی یہ حالت ہو (خریدار اخبار نمبر ۱۸۶۹۶)

علاج

۱۰۵ ـ سرخ داغ ـ یہ ایک قسم کا جذام ہے جو کثرت استعمال گوشت [illegible] پیدا ہوتا ہے [illegible] اور [illegible] مجرب [illegible] استعمال کریں۔ بالکل آرام ہوگا۔ [illegible] (محمد حکیم)

۱۰۶ ـ [illegible] قلب ـ [illegible] (اسرار نمبر ۴۳) [illegible] پیسہ اخبار میں [illegible] اگر [illegible] ہو تو وہ بھی [illegible] قلب [illegible] کیلئے [illegible] (۵۳)

۱۰۷ ـ [illegible] ـ [illegible] نمبر ۲۷ [illegible] صبح و شام [illegible]

۱۰۸ ـ [illegible] ـ [illegible] استعمال [illegible] علاج [illegible]

[illegible]

گمنام و نشان عزیز

۳۹ ـ سلیمہ بہا [illegible] حقیق حسن ولد عزیز حسن ساکن قصبہ [illegible] ضلع لکھنؤ قوم شیخ جو کہ عرصہ چھ سال سے ملازم ریاست [illegible] سے قصد [illegible] گیا تھا کہ وہ [illegible] ضلع [illegible] میں [illegible] سے لاپتہ ہیں۔ مگر اب عرصہ سے انکو کوئی خط [illegible] کسی [illegible] سے سوال ہی معلوم ہوتا ہے۔ انکے لڑکے ابھی بہت صغیر سن ہیں۔ از حد پریشان ہیں۔ حلیہ یہ ہے: پستہ قد۔ لاغر اندام رنگ سفید مائل بہ زردی سیاہ ڈاڑھی عمر تخمیناً ۴۰ سال۔ (راقم خریدار نمبر ۱۹۰۲۶)

۴۰ ـ نام فضل حسین ساکن [illegible] محلہ [illegible] رنگ گندمی سفید جسم اوسط درجہ کا۔ کوتاہ پیشانی۔ چہرہ [illegible] طویل القامت۔ لمبا چہرہ پتلے ہونٹ۔ سر کے بال انگریزی فیشن کے۔ عمر تقریباً ۲۰ سال انٹرنس تک پڑھا ہے اور اردو [illegible] ہے (خریدار نمبر ۱۰۰۸۹)

عام

سوال

۸۸ ـ رسالجات [illegible] ـ دچار معمولی کتابیں پڑھی ہیں۔ اب خاص ملک جرمنی کی کتب [illegible] اور ماہواری رسالجات کے مطالعہ سے استفادہ اٹھانا چاہتا ہوں۔ امید کہ [illegible] اس ملک کے ماہواری رسالجات میں سے چند مفید [illegible] تصویر دار [illegible] کا نام مع قیمت و پتہ کے مطلع فرما کر ممنون فرمائیں گے۔ جو مثل ریویو آف ریویوز، ”[illegible]“ [illegible] جیسے [illegible] ہوں ”[illegible]“ کی مانند [illegible] (ولی محمد از جے پور)

۸۹ ـ چھپکلیوں کا دفعیہ ـ چھوٹی بڑی [illegible] چھپکلیوں کی وجہ سے ناک میں دم آیا ہوا ہے۔ اسکے دفعیہ کی موثر ترکیب مطلوب ہے (منشی عبد الکریم از لاہور)

۹۰ ـ سفر بغداد ـ کیا براہ بمبئی و بصرہ بغداد [illegible] ہے؟ اگر نہیں تو کیا بوجہ طاعون رستہ میں قرنطینہ ہوتا ہے؟ (خریدار نمبر ۱۹۱۶۴)

جواب

۵۷ ـ مزار اولیائے کامل کا پتہ ـ (کیا سوال نمبر ۸) عرض ہے کہ ہر دو بزرگوں کی مزار شریف امام ربانی مجدد الف ثانی کے فرزند مبارک کے دوش بدوش سرہند میں ہیں۔ خواجہ سیف الدین صاحب حضرت خواجہ محمد معصوم کے پانچویں لڑکے اور حضرت خواجہ محمد معصوم امام صاحب کے تیسرے لڑکے تھے۔ خواجہ سیف الدین [illegible] میں پیدا ہوئے اور [illegible] ہجری بعمر ۴۳ سال رحلت فرمائی [illegible] (راحمد خان [illegible])

۵۸ ـ حشرات الارض کا دفعیہ ـ (کیا سوال نمبر [illegible]) موسم برسات [illegible] میں جب لیمپ [illegible] جمع [illegible] [illegible] تمام حشرات [illegible] (حفیظ الدین [illegible])

شعر و سخن

عبرت

اونچے اونچے مکان تھے جن کے بڑے
آج وہ تنگ گور میں ہیں پڑے

کل جہانگیر تھے وہ گل سے تھے
آج دیکھا تو خار [illegible] ہے

جس چمن میں تھا بلبلوں کا ہجوم
آج اس جا ہے آشیانۂ بوم

بات کل کی ہے نوجواں تھے جو
صاحب نوبت و نشان تھے جو

آج خود ہیں نہ ہیں مکاں باقی
نام کو بھی نہیں نشاں باقی

غیرت حور مہ جبیں نہ رہے
ہیں مکاں گر تو وہ مکیں نہ رہے

جو کہ تھے [illegible] ہفت اقلیم
ہوئے جا کے زیر خاک مقیم

کوئی لیتا ہی اب نہیں یہ نام
گو قسی گور میں گیا بہرام

اب نہ رستم نہ سام باقی ہے
ایک فقط نام ہی نام باقی ہے

کچھ جو رکھتے تھے اپنی فرق پہ تاج
آج ہیں فاتحہ کو وہ محتاج

تھے جو خود سر جہاں میں مشہور
خاک میں مل گیا سب انکا غرور

عطر مٹی کا جو نہ ملتے تھے
نہ کبھی دھوپ میں نکلتے تھے

گردش چرخ سے ہلاک ہوئے
استخواں تک بھی انکے خاک ہوئے

تھے جو مشہور قیصر و فغفور
باقی انکا نہیں نشان قبور

تاج میں جنکے تھے گوہر
ٹھوکریں کھاتے ہیں وہ [illegible]

رشک یوسف جو تھے جہاں میں حسین
کھا گئے انکو آسمان و زمین

ہے نہ شیریں نہ کوہکن کا پتہ
نہ کسی جا ہے نل دمن کا پتہ

یوسف الغت تمام پہیلی ہے
باقی اب قیس ہے نہ لیلیٰ ہے

ہر گھڑی منقلب زمانہ ہے
یہی دنیا کا کارخانہ ہے

صبح کو طائر ان خوش الحان
پڑھتے ہیں کل من علیہا فان

موت سے کس کو رستگاری ہے
آج وہ کل ہماری باری ہے

ذات معبود جاودانی ہے
باقی جو کچھ کہ ہے وہ فانی ہے

شکوۂ روزگار

اے ساکنان عالم ایجاد ہوشیار
دنیا نہیں ہے گرد [illegible]

[illegible] کبھی [illegible] نہ چاہیے
[illegible] خواب و خیال [illegible]

[illegible] رنگ دیکھے ہیں بارہا
[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پیسہ اخبار

لاہور شنبہ ۱۸ اگست ۱۹۰۱ء

توسیع اشاعت پیسہ اخبار

پیسہ اخبار کو خوش قسمتی سے جیسے مہربان ناظرین ملے ہیں ہندوستان کے اخبارات میں تو اس کی نظیر بس ملنی [illegible] خلوص اور توجہ سے پیسہ اخبار کے خریدار اس کی توسیع اشاعت کی فکر میں رہتے ہیں اس کے لئے کسی شہادت کی ضرورت نہیں چنانچہ ہر ہفتہ اس کالم سے اس امر کی تصدیق ہوتی رہتی ہے

جناب عمر خاں صاحب گرداور (ہوشیارپور) سے لکھتے ہیں کہ بھائی اوم سنگھ صاحب ہوشیارپور (۷۷۰) کے نام پیسہ اخبار جاری کر دیا جائے۔ اور قیمت کے لئے انعامی کتاب وی پی بھیج دیں۔ علاوہ بریں ایک مزید خریدار بہم پہنچانے کا بھی وعدہ فرماتے ہیں۔ جناب محمد سبحان اللہ صاحب خریدار پیسہ اخبار گورداسپور سے تحریر فرماتے ہیں کہ میرے دوست (۷۷۱) ساہ جلی صاحب شہر اعظم گڑھ کے نام پیسہ اخبار جاری کر دیجئے۔ اور قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول فرما لیجئے۔

جناب محمد لیاقت حسین خاں صاحب (خریدار نمبر ۱۵۱۲) نے بڑی مہربانی سے پیسہ اخبار کے لئے تین نئے خریدار بہم پہنچائے ہیں۔ اور ان کے نام انعامی کتاب بصیغہ وی پی قیمت سالانہ کے لئے بھیجنے کی اجازت دیتے ہیں چنانچہ ان کا نام یہ ہے (۷۷۲) جناب مہدی علی خاں صاحب رئیس (۷۷۳) جناب حاجی محمد عباس حسین خاں صاحب رئیس (۷۷۴) جناب ہادی علی خاں صاحب رئیس (فتح پور)۔ جناب دلمیر خاں صاحب ہیڈ کنسٹبل (خریدار نمبر ۲۲۵۵) قبل ازیں ایک خریدار دے چکے ہیں۔ آپ اعلیٰ درجہ کی قدردانی سے پیسہ اخبار کے مندرجہ ذیل دو خریدار اور قیمت سالانہ بصیغہ وی پی وصول کرنے کی اجازت مرحمت فرماتے ہیں (۷۷۵) منشی مرزا عبدالرزاق بیگ صاحب (۷۷۶) منشی سید آفتاب حسین صاحب (جونپور)

جناب منشی احمد الدین صاحب (خریدار نمبر ۲۲۴۴) لکھتے ہیں کہ ایک پرچہ اخبار بنام (۷۷۷) منشی جیون سنگھ صاحب (دھاریوال) بھیج کر حسب سالانہ انعامی کتاب وی پی روانہ کرکے وصول کر لیں۔ جناب سراج الدین صاحب (خریدار نمبر ۲۰۵۲۵) تحریر فرماتے ہیں کہ ایک اخبار میرے بھائی (۷۷۸) میاں کرم الہی صاحب رئیس فیروزپور کے نام جاری کر دیں اور قیمت کے لئے انعامی کتاب بصیغہ وی پی بھیجیں۔ علاوہ ازیں آپ کمال عنایت سے چار مزید خریدار بہم پہنچانے کا وعدہ فرماتے ہیں۔ جناب قاضی معین الحق صاحب (خریدار نمبر ۲۱۴۲۵) تحریر فرماتے ہیں کہ (۷۷۹) بابو کرپا جیت لعل صاحب انسپکٹر [illegible] کے نام پیسہ اخبار جاری کرکے قیمت سالانہ انعامی کتاب وی پی بھیجکر طلب فرما لیجئے۔ جناب سید علی حسین صاحب سوداگر (خریدار نمبر ۱۹۴۴۶) تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار میرے دوست (۷۸۰) محمد عبد الحکیم صاحب [illegible] کے نام ارسال کرکے قیمت [illegible] طلب [illegible] جناب [illegible] صاحب [illegible] تحریر فرماتے ہیں کہ میرے بھائی [illegible] صاحب [illegible] کے نام اخبار [illegible] کرکے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کر لیجئے۔

پیسہ اخبار کلب

عجیب سانحہ (خریدار نمبر ۲۲۹۴۳ از [illegible]) آپ نے جس عجیب و غریب واقعہ کا حال لکھا ہے۔ وہ بادی النظر میں ناقابل اعتبار معلوم ہوتا ہے۔ تاوقتیکہ اس مقام کے کچھ معززین اس کی تصدیق نہ کریں یہ سانحہ درج اخبار نہیں ہو سکتا۔

فہرست کتب (خریدار نمبر ۱۲۸۹۵) ہر اخبار کے ساتھ دفتر پیسہ اخبار کی جو فہرست کتب وقتاً فوقتاً مشتہر ہوتی رہتی ہے اس کے متعلق آپ لکھتے ہیں کہ اگر آپ اپنی فہرست کتب کے کسی صفحہ کی ایک چوتھائی کالم پر مختصر جنتری سنہ رواں یا آئندہ جس سے انگریزی عربی و ہندی وغیرہ کی تاریخیں معلوم ہو سکیں طبع کروا دیا کریں تو آپ کی یہ فہرست سال بھر تک مالک کے مطالعہ و ملاحظہ کے لئے ایک عمدہ گلدستہ بن جائیگی جن میں سے شائقین اچھی اچھی کتابوں کے پھول کر آپ کے کارخانہ سے منگوا کر اپنے گھروں کو رشک چمن بنائیں گے۔ یہ کب ممکن ہے کہ کوئی بشر سال بھر کسی شہر فیض بھر کے کوچہ و بازار کی سیر کرے اور کسی شے کی خریداری پر دل نہ بھر لے۔ اگر اس میں لطائف و ظرائف کا بھی مصالحہ لگا دیا جائے تو یہ فہرست اور بھی عزیز دلربا ہو جائیگی۔ انتہیٰ۔ آئندہ اشاعت فہرست کتب کے موقع پر آپ کی تجویز پر غور کیا جائیگا۔

حسن ظن بزرگانہ (خریدار نمبر ۲۲۳۲۱) ارقام فرماتے ہیں کہ آپ کا اخبار گوہر آبدار عرصہ تین سال سے چشمہ فیض کی مانند آتا ہے۔ حقیقت میں اس کے پڑھنے والوں کو ایک قسم کا کشف حاصل ہوتا ہے۔ اور اس کے سننے والے کانوں کو خوش آمد ترانہ کا لطف آتا ہے۔ اور ہر ایک مضمون تاوقتیکہ وہ ختم نہ ہو جائے اس کے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ الحمد للہ یہ اخبار ہندوستان میں مقدم سرکاری انگریزی اخبارات سے بھی سبقت لے گیا ہے۔ حکیم ابو محمد حامد حسین صاحب (اعظم گڑھ) سے تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار ملکی و قومی مضامین پر خامہ فرسائی کرنے کے علاوہ چند ایسی نئی باتوں کا مجموعہ ہوتا ہے جو طالبان فن کے لئے مفید ہیں۔ لہذا تہ دل سے دعا ہے کہ خداوند عالم اس کو روز افزوں ترقی کے ساتھ قائم رکھے۔

عاشقانہ غزلیں اور قصائد۔ اکثر شعرا روزمرہ [illegible] حضرات عاشقانہ غزلیں اور مدحیہ قصیدے پیسہ اخبار کے کالم شعر و سخن میں درج کرانے کو بھیجتے ہیں۔ غزلیات میں وہی گل و بلبل کے پرانے مضامین اور معشوق کے خط و خال اور سراپا کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملائے ہوتے ہیں اور قصائد میں بھی سوائے جھوٹی خوشامد [illegible] معلوم نہیں ہندوستان کے شعرا کب تک [illegible] باوجودیکہ مغربی علوم و فنون کے رواج سے ہندوستان کا ہر ایک گوشہ [illegible] اس میں شک نہیں کہ ہندوستان میں [illegible]

عاملانہ و منتظمانہ اختیارات کی علیحدگی

مشہور عنوان معاملہ [illegible] اودھ کی گورنمنٹ نے [illegible] فرمائی ہے اور جس کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ کرنے سے قبل اس نے مقتدر حکام اور قائم مقام حکام سے رائے طلب کی ہے [illegible] کہ اس پر مزید غور کرنے کے لئے زیادہ مدت درکار ہو [illegible] دوسرے ملکی مسئلہ ہے کہ قلت و ضرورت [illegible] مشکلات یا کسی دوسرے [illegible] بخوبی سمجھ کر مناسب رائے دینے میں [illegible] ان معاصرین سے اتفاق کرنے میں متامل ہیں [illegible] گورنمنٹ کے اس [illegible] نہیں تو [illegible] کی صورت [illegible]

[illegible]

تساہل و تکاہل کا نقص ہے

[illegible]

[illegible] پیش کرنے کے وقت [illegible] ریگولیشن کے نفاذ کا التوا [illegible] مسٹر سید محمود بالقابہم نے ایک تار لوکل گورنمنٹ کے پاس بھی مضمون ارسال کیا تھا۔ مگر وہ قرار داد بجماعت محافظین اردو کی جانب سے کیا گیا تھا اور [illegible] اس میں کمیٹی کی رائے ظاہر کرنے کے ارادہ سے گورنمنٹ کو مطلع کیا تھا۔ صرف اپنے آزادانہ خیالات کے [illegible] سے آگاہی دی گئی۔ اور وہ چاہتے ہیں کہ ملک کی خیر خواہی میں وفادار ہیں۔ لیکن ایک کثیر گروہ رعایا کے مقابلہ میں قابل ترجیح نہیں مانے جا سکتے۔ اِس لئے کوئی محل تعجب نہیں۔ اگر گورنمنٹ نے اُن کی جانب سے اغماض فرمایا۔ اور ہز ایکسیلنسی لارڈ کرزن بالقابہم جیسے بیدار مغز و معاملہ فہم و انسرائے نے زیادہ انتظار گوارا نہ فرما کر بطور خود ایک سال کی معاد منظور کر لی۔ اور اس طرح محافظین اردو کی رہی سہی امیدیں پامال ہو گئیں۔ غیرت تو جماعت مذکور کو تھا۔ اور اُن ہزاروں مسلمانوں کی نسبت تھا جو سالہا سال سے سستی و غفلت کے امراض میں مبتلا ہیں۔ نہ تو مرتے ہی ہیں کہ تیمارداروں کو رنج کاوش سے نجات ملے اور نہ سنورتے ہیں کہ خیر خواہوں کو اپنی کوشش کی کامیابی کے احساس سے مزید حوصلہ افزائی اور اظہار تفاخر کا موقع ملے تب تک اُدھر میں جھول رہے ہیں ؎

تیری دو دل ہو کے رہے نہ الی الذی نہ الی الذی

لیکن عام معاملات ملک بھی کچھ خوشگوار نہیں ہیں۔ برسوں سے [illegible] کہ انتظامی ضروریات نے انصاف کا سبا اس کر رکھا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ایک طرف تو ضلع کی پولیس کا افسر اعلیٰ ہونے کی حیثیت میں قیام امن کا ذمہ دار ہے اور دوسری جانب نہ فقط خود مجسٹریٹ ہے بلکہ ضلع بھر کے مجسٹریٹوں پر نگرانی کے اختیارات رکھتا ہے۔ گویا خود ہی مدعی اپنے ماتحت عمال پولیس کے الزامات فوجداری پر لوگوں کا چالان کرتا ہے اور خود ہی براہ راست یا معرفت اپنے زیر نگرانی مجسٹریٹوں کے اُن الزاموں کی تحقیقات کر کے فیصلہ دیتا ہے۔ پھر یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ ایک قسم کے اختیارات سے کام لیتے وقت اُسے دوسری ذمہ داری کی پرواہ نہ رہے۔ اور ہر ایک حیثیت میں وہ بلا مداخلت اپنے اختیارات کا استعمال کر سکے۔ میں یہ نہیں کہ سکتا کہ صاحبان ضلع عمداً اگر کسی ملزم رعایا کو انصاف پہنچا تو پھر اپنے مقصود نہیں بعض

بدنام کنندہ نکو نامے چند

کے علاوہ ہمارے افسران ضلع کا رویہ عموماً اچھا ہے۔ ان کی نیک نیتی ہے اور وہ فوجداری اختیارات سے اپنے انتظامی بندوبست کی ضروریات نامناسب طور پر پوری نہیں کرنی چاہتے مگر وہ بھی آخر انسان ہیں۔ بشریت اُن کی انسانی کمزوریں [illegible] نہیں [illegible] معلومات و خیالات ہیں وہ اپنی باتت [illegible] اول تو حضور کی مانند ہیں پھر وہ کیونکر ممکن ہے کہ جس شخص کی نسبت [illegible] میں اُنہ انداز اس [illegible] ہے سے وہ عدالت کی کرسی پر [illegible] قرار دے لینگے۔ اور اس کے

شر و فساد سے فوراً ہی خلائق کو مامون و مصئون کر دینے کے بجائے اُس موقع کا انتظار کرینگے کہ وہ کسی جرم کا واقعی مجرم ہو کے پیش دربار کے روبرو لایا جائے۔"

ہر ایک حکومت کے کنسٹیٹیوشن میں چاہیے ہر اصول ہی دنیا تر و محکمہ جات کیوں نہ ہوں مگر جب اُن کے فرائض منصبی کی اصلیت کا پتہ لگایا جائیگا۔ وہ دو اور صرف دو ہی عراض پر مشتمل پائے جائینگے یعنی "انصاف و انتظام"۔ اس طرح رئیس کلداری کے حسن تکمیل کی خاطر اِن دونوں کی درستی اشد ضروری ہے اور یہ باہم لازم و ملزوم مانے جاتے ہیں۔ اِس سے بڑھ کر قیام امن و دفع فساد کا مقصود اس طریق اور صرف اسی طریق پر [illegible] ممکن ہے کہ یہ دونوں

باہم دست و گریبان نہیں

اور ایک دوسرے سے ہرگز متاثر نہ ہونے پائیں۔ مولانا نسلام آلام نے اختلاف علمائے اُمت محمدیہ موجب رحمت فرمایا ہے۔ کیونکہ اس سے اصلیت پر پہنچ سکتے ہیں۔ اسی طرح ہر ایک گورنمنٹ اپنی رعایا کے لئے فقط اسی صورت میں موجب رحمت ہو سکتی ہے کہ داد خواہ خالص انصاف پا سکیں۔ اور خالص انصاف جبھی حاصل ہوگا کہ اُس کا صیغہ انصاف اپنی حیثیت میں مطلق العنان آزاد ہو۔ گویا دوسرے الفاظ میں انصاف بخشنے والی عدالتیں تمام و ہر قسم کے اثرات سے بالاتر ہو سکیں لوگوں کو اُن کی نسبت جنبہ داری کا شبہ نہ ہو سکے۔ اور اُن شکایت کا موقع نہ ملے ؎

تھے چاہتا کہ حاکم سے کروں گا فریاد
وہ بھی کمبخت تیرا چاہنے والا نکلا

جس ملک قوم اور زمانہ کی انتظامی تاریخ پر نظر ڈالی جائیگی خواہ اُس کا طریق سلطنت احکام دین پر مبنی ہو خواہ رسوم و رواجات پر خواہ قوانین مقننہ پر۔ مگر یہ دونوں محکمے بالکل الگ ہی الگ نکلینگے۔ مہذب ممالک یورپ و امریکہ کی یہی کیفیت ہے۔ حتی کہ سلطنت روس جو یورپ کی عیسائی سلطنتوں میں شخصی طرز حکومت کی اکیلی مثال ہے اور جس کے جابرو خود رائے ہونے کی عجیب عجیب دردناک حکایات آئے دن مشہور ہوتی رہتی ہیں اُس کے ہاں بھی انتظامی اختیارات کو عدالتی سے الگ رکھا گیا ہے۔ اور نہ فقط اُس کا اصلی علاقہ اس برکت سے مستفید ہے بلکہ اپنے

مقبوضات وسط ایشیا میں بھی اسی کا رواج دے رکھا ہے

حال میں سول سروس کے مسٹر سکرائن صاحب نے ترکستان وغیرہ کے علاقوں میں سیاحت کر کے جو وہاں کے روسی طرز حکومت کا حال لکھا ہے۔ اُس میں جوڈیشل و اگزیکٹو اختیارات کی علیحدگی پر بحث کرتے ہوئے ہندوستان کا اُن ممالک کی حالت پر مقابلہ فرمایا ہے اور بیان دونوں کا ایک ہی ڈپٹی کمشنر یا کلکٹر کو ذمہ وار بنانے کی غلطی دکھانے کے بعد بڑے تعریفانہ الفاظ میں جتایا ہے کہ روس کی عدالتوں کو نفاذوں کے انتظامی حکام سے کوئی واسطہ نہیں بلکہ اُن حکام کی بالادست آفسر [illegible] بھی اُن پر دسترس نہیں رکھتیں۔ وہ عدالتیں اپنے سلسلہ میں

صرف بغرض انصاف کو اپنی حرکات کی جوابدہ ہیں۔ اور وزیر موصوف سے فقط شہنشاہ روس بنفس نفیس اُس کی ذمہ داری کے متعلق سوالات کر سکتے ہیں۔ میری یہ مراد نہیں ہے کہ روسی علاقہ وسط ایشیا کے باشندوں کو امن و امان۔ آزادی۔ سوادخواہی وغیرہ کی برکتیں حقیقت میں بھی ہم باشندگان ہند سے زیادہ مل رہی ہیں۔ کیونکہ ممکن ہے کہ یہ انتظام اگرچہ جوڈیشل اختیارات کی علیحدگی کا محض ظاہری ہو یا اس سے بری طرح کام لیا جاتا ہو۔ اور بہتوں میں روسی مقبوضات کی رعایا ہندوستانیوں سے اچھی نہ رہتی ہو۔ بلکہ میرا مدعا صرف اصول دکھانے سے ہے اور چاہے موجودہ حالت میں اختیارات میں ہمیں کوئی نقصان نہ پہنچے۔ مگر اصولی غلطی کا معاف نہیں ہو سکی۔ اور جب تک یہ موجود ہے کوئی وجہ نہیں کہ انگریزی حکام کی نیت پر حملہ کیا جائے کیونکہ دوہری ذمہ داری کا بوجھ اُن پر ناقابل برداشت طور سے پڑا ہوا ہے اور وہ انسانی کمزوریوں کو اپنا سدراہ محسوس کرتے ہیں۔ وہ انصاف کی کرسی پر بیٹھ کر انتظامی ذمہ داریوں کی خاص ضروریات کو بھلا نہیں سکتے۔ اور نہ اگر کوئی اصحاب فرائض ادا کرتے وقت اُن کی جوڈیشل اختیارات سے قطع نظر ہو سکتی ہے۔ پس کیوں اُن کو دو عملی کے مخمصے میں ڈالا جائے۔ جب عدالتہائے دیوانی کی نسبت ہر قسم کے اثرات سے علیحدہ رکھے جانے کی ضرورت گورنمنٹ نے تسلیم کر لی ہے تو عدالتہائے فوجداری جنہیں عام لوگوں پر موثر ہونے والا مقدمات سے سابقہ پڑتا ہے کیوں اِس آزادی کے فائدے سے محروم رہیں؟

آخر میں اُن لوگوں سے میری یہ عرض ہے جنہیں گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی نے اِس بارہ میں اپنی رائے ظاہر کرنے کا ایما کیا ہے کہ وہ اِس مسئلہ پر مناسب و معقول رائے ظاہر کرنے میں قصبی امداد پانے کے لئے گزشتہ پچیس برس کے ملکی لٹریچر پر نظر ڈالیں۔ نیشنل کانگرس کے سالانہ اجلاسوں کی رپورٹوں کو دیکھیں اور سب سے زیادہ اُس تقریر کو پڑھیں جو آنریبل مسٹر سریندر ناتھ بنرجی نے بحیثیت پریسیڈنٹ مدراس کے کسی اجلاس میں فرمائی تھی۔ اور اِس معاملہ کے مختلف پہلوؤں پر کافی بحث کر کے ترمیم کی ضرورت گورنمنٹ کو جتائی تھی۔ اُن مصالحوں کے ہوتے ہم نہیں کہہ سکتے کہ لوکل گورنمنٹ کا استفسار مناسب وقت پر نہیں ہوا۔

رؤسائے ہند کی حالت

میں دیکھ رہا ہوں کہ امتداد زمانہ کے ساتھ ہی ساتھ رؤسائے ہند کے طرز معاشرت و درجہ اختیار میں تبدیلی ہوتی جاتی ہے۔ اور وہ زمانہ قریب تر ہو رہا ہے جبکہ یہ فقیر تبدیلی والیان ریاست کی حیثیت یورپ کے انہیں ہی لارڈوں کی موجودہ حالت کے مساوی بنا دے۔ گویا بالفاظ دیگر یا تو وہ مثل ممالک متحدہ برطانیہ والے لارڈوں کے اپنے علاقہ محروسہ کی پیدا شدہ سے فائدہ اٹھانے والے رہ جائیں۔ اور اختیارات فوجداری و دیوانی حکومت اعلیٰ کے ماتحت ہوں جو قابلیت و مناسبت کا لحاظ کر کے ایسے اختیارات کسی خاص حد و مدد میں اُن رؤسا کو عطا کر دیا کرے۔ جس کی ایک زبردست مثال اِس وقت بھی تعلقہ داران اودھ کی جماعت میں پائی جاتی ہے

دو سپریم کونسل کے طبقۂ اعلیٰ میں نشست فرما سکیں۔ اور اسی طرح قوانین ملک کے نفاذ میں عملی پارٹ لیں۔ علیٰ ہذا القیاس اور چند ایسی قیود کے امتیازات و تفوق انہیں عام رعایا پر حاصل ہوں۔ یا اگر دوسری صورت اختیار کی گئی تو یہ ہوگا کہ جرمنی کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کی طرح وہ بھی اپنے علاقوں کے مالک تسلیم کئے جائیں۔ مگر اس طرح کہ راجہ۔ مہاراجہ۔ نواب دیوان وغیرہ خطابات برقرار رہیں۔ اور چند رسوم و رواجات قدیم کی ادائیگی اُن کی ذات پر موقوف رہے۔ باقی سارا انتظام اِس پارلیمنٹ یا کمیٹی کے ہاتھ میں رہے جو رعایا میں سے منتخب کئے گئے ہوئے ممبروں پر مشتمل ہو۔ جس کمیٹی کی نگرانی انتظام و انصاف کے تمام چھوٹے بڑے صیغوں پر رہے۔ اور ریاست سے اخراجات ضروری کے واسطے ایک رقم معینہ ملے۔ دوسری صورت اوّل الذکر کی نسبت دل خوش کن ہے۔ اور حکومت کی نشان اُس میں باقی رہتی ہے مگر آمدنی و خرچ پر اُتنا قبضہ نہیں رہتا جتنا پہلی حیثیت میں رہیگا۔ اور جو کچھ رو بہ معاملات دنیا کے انصرام میں مجبور و اعظم ہو۔ سر سید سالار کے غمزاردار ایان ملک ابھی بھی اُمراء کی یہی حالت ہے۔ اس لئے کیا عجب جو ہم دونوں داغ تعبیر کا سہتا ہی ٹھہرے۔ ہیں خدانخواستہ ہندوستانی والیان ریاست کے اقتدار و اعتبار میں ایسی یا کسی اور قسم کی تبدیلی کا خواہشمند نہیں ہوں کیونکہ موجودہ حالت کے لوگ صدہا سال سے عادی ہو گئے ہیں اور جانے کچھ ہو پھر بھی اِس کی بدولت ہندوستان کے اکثر قدیم رواج صنعت و حرفت اور تہذیب زمانہ سے لاکھوں کو فائدہ پہنچتا ہے اور ان ریاستوں میں گویا بہتیرے مسلاشیان روزگار کا ٹھکانا ہے۔ ہزاروں خاندانوں کا گزارہ انہی پر منحصر ہے۔ اور یہ گویا قدیم و جدید طرز کے صاحب کمالوں کی اُمیدگاہ ہیں۔ ان کے نام سے ہندوستانیوں کو اپنی سابقہ عظمت و شوکت کی جھلک دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے۔ لیکن بعض باتیں رفتار معاملات کی خاص صورتوں کے ساتھ اسی طرح ناگزیر ہوا کرتی ہیں۔ جیسے سطح میں بعض نقطوں کے پیدا ہو جانے پر بہت "لاجرم" "لاجرم" یا "لازم" کہلاتی ہے اُن میں سے ایک یہ بھی ہے۔ اور اسی کی آمد کے آثار باریک بین دور اندیش اصحاب کو نظر آ جاتے ہیں۔ اگر وہ صرف اِسی تغیر پر عمیق نگاہ ڈالیں جو ریاستوں کی قوت و مقدار مسامّات پیر طرز حکومت میں اب تک ہوتی ہے۔ مصر کوئی نہیں۔ ان کا ٹالنا ممکن ہے اور اس کی یہی صورت ہے کہ ہمارے رئیس اپنی حالت میں اصلاح فرمائیں۔ اور اصلاح کا رجحان حکمران قوم کی جانب رکھیں۔ اپنی سستی انتظام کی۔ نااہلیت کا راز اقرار کرنا تو درکنار بالواسطہ بھی کوشش نہ ہونے دیں۔ اور یہ امر ایک ایسے خوش قسمت کے نزدیک جو ہزاروں مخلوق اور لاکھوں روپیہ کی سالانہ آمدنی پر اختیار رکھتا ہو چنداں دشوار نہیں کہ وہ نگرانی کار آمد و نیز اپنی قابلیت و لیاقت کا ثبوت بہم پہنچائے۔

ایجوکیشنل کانفرنس پنجاب کے ریزولیوشن کی منسوخی [illegible]

ایجوکیشنل کانفرنس پنجاب نے اپنے اجلاس منعقدہ اپریل سنہ ۱۹۰۱ء میں فارسی کو اینگلو ورنیکولر سکولوں کے پرائمری ڈیپارٹمنٹ سے خارج کرنے کے متعلق جو ریزولیوشن پاس کیا تھا۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ گورنمنٹ پنجاب نے اِس ریزولیوشن کو منظور نہیں کیا اِس مضر ریزولیوشن کے خلاف نہ صرف پیسہ اخبار نے متعدد آرٹیکل شائع کئے تھے بلکہ انجمن اسلامیہ پنجاب لاہور نے بھی گورنمنٹ کو ایک میموریل روانہ کیا تھا جس میں ریزولیوشن مذکور کے نقصانات کو مدلل طور پر ظاہر کیا گیا تھا نیز انجمن موصوف کی تحریک پر دیگر اضلاع پنجاب کی اسلامی انجمنوں نے بھی خلاف ریزولیوشن صدا اٹھائی حضور لفٹنٹ گورنر پنجاب کی خدمت میں بھیجیں۔ ہز آنر سر میکورتھ ینگ صاحب بہادر کی بیدار مغز گورنمنٹ نے اِس عام ناراضی کو فوراً محسوس کر لیا جو اِس ریزولیوشن سے تمام صوبے میں پھیل گئی تھی اور ہز آنر نے مسٹر آسٹن کو اس کو نامنظور فرما کر اہل پنجاب کو اپنا ممنون احسان بنا لیا۔ ایجوکیشنل کانفرنس کی کارروائیوں پر ہز آنر نے ۳۔ اگست ۱۹۰۱ء کو جو ریزولیوشن نافذ فرمایا اُس کے پانچویں پیراگراف کا خلاصہ یہ ہے۔

"لفٹنٹ گورنر کے خیال میں کانفرنس نے جو فیصلہ کیا ہے وہ اس بات پر مبنی نہیں کہ پرائمری جماعتوں میں فارسی زبان کی تعلیم نامناسب ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو وہ ورنیکولر مدارس سے بھی اِس کے اخراج کی تجویز کرتی بلکہ وہ تجویز اِس بات پر مبنی تھی۔ بلحاظ اس دقت کے جو انگریزی پرائمری کلاسوں میں دکھائی دیتی ہے اس دوسری غیر ملک کی زبان انگریزی کی تعلیم کیلئے کافی وقت نہیں ملتا تھا۔ اِس دقت کو دور کرنے کیلئے حال ہی میں اینگلو ورنیکولر سکولوں کی پرائمری کلاسوں میں تعلیم فارسی کا وقت بجائے پانچ گھنٹوں کے فی ہفتہ تین گھنٹے تک کم کر دیا گیا ہے۔ علاوہ بریں اِس مضمون (فارسی) کو اختیاری قرار دیا گیا ہے اِس لئے عملاً ممکن ہوا ہے کہ انگریزی تعلیم کے لئے زیادہ وقت نکالا جائے۔ لیکن اِس حد سے آگے بڑھنا مناسب نہیں۔ لوگوں کے دلوں میں فارسی عجیب طور سے جاگزیں ہو رہی ہے کانفرنس کی تجویز نے ایک رنج و ملال اور اسلامی کمیونٹی میں سخت مخالفت کا دروازہ کھول دیا ہے۔ ہز آنر نے بڑی احتیاط سے تمام مسئلہ کو وزن کیا ہے وہ وقعت جو کبھی پنجاب میں فارسی کو حاصل تھی نیز اس کی موجودہ حالت یعنی اپر پرائمری کلاسوں میں ہفتہ میں صرف تین گھنٹوں تک اس کی تعلیم کے محدود ہونے اور بمقابلہ اس کے انگریزی تعلیم کو ہفتہ میں بارہ گھنٹوں سے زیادہ وقت دئیے جانے پر خیال رکھ کے فارسی تعلیم کے جاری رکھنے پر جو اعتراض کئے جاتے ہیں وہ بہت مضبوط نہیں معلوم ہوتے بخلاف اس کے ایک ایسی زبان جو صوبہ کیلئے بالکل اجنبی نہیں اس کی تعلیم کسی قدر پہلے شروع کرنے اس سے اعلیٰ درجہ کی لیاقت کا قائل کرنا نمایاں فائدہ سے خالی نہیں۔ بہیئت مجموعی اور اِس امر کے لحاظ سے جو لوگوں کی ذہنی زندگی پر فارسی زبان کو حاصل ہے لفٹنٹ گورنر کانفرنس کی اس تجویز کو منظور نہیں کر سکتے۔"

* * *

ہز آنر انٹونی کی سپیچ بنارس میں

ہز آنر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی نے میونسپلٹی بنارس کے ایڈریس کے جواب میں تقریر کرتے ہوئے اِس امر کی زور سے تردید کی کہ وہ مسلمانوں کے مخالف ہیں۔ اور اِس امر کو ہز آنر نے اپنے عہد کے جدید ہندو مسلمان سرکاری ملازموں کے اعداد و شمار سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے حالانکہ مسلمانوں نے ہز آنر پر یہ الزام کبھی نہیں لگایا کہ وہ ہندوؤں کی رعایت کرتے ہیں۔ پس اِس قسم کی برئیت کا پیش کرنا "گوا ہی میں نکلے" کے مصداق ہے۔ ریزولیوشن ناگری کا جو اگر منصفانہ ظاہر کرنے میں ہز آنر مبالغہ کی انتہا کو پہنچ گئے چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ نصف مسلمان آبادی بجائے اُردو کے ہندی بولتی ہے۔ باوجودیکہ اِس ریزولیوشن کی نہ صرف اضلاع مغربی و شمالی و اودھ بلکہ پنجاب میں بھی عام طور پر مخالفت ہوئی ہے۔ اور اِس مخالفت میں مسلمانوں کے ساتھ بہت سے سمجھدار اہل ہنود بھی شامل تھے مزید برآں پائنیر کے استثنا سے جسے لوکل گورنمنٹ کی حمایت فرض تھی ہندوستان کے دیگر نامور اینگلو انڈین اخبارات نے بھی اِس ریزولیوشن کو پسندیدگی کی نگاہوں سے نہیں دیکھا۔ اِس عالمگیر ناراضی پر بھی ہز آنر ناگری ریزولیوشن کی مخالفت کو چند مسلمانوں ہی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اُردو ڈیفنس کمیٹی علیگڑھ سے کنور لطف علی خاں کی علیحدگی سے بھی آپ فائدہ اُٹھانے سے باز نہیں رہے اور یہ ظاہر کیا کہ "ایک نہایت معزز مسلمان زمیندار جو میرے دوست ہیں۔ ایک بڑے جلسے کے جو ہندی کی مخالفت میں ہوا تھا میر مجلس ہوئے۔ اُن کی یہ کارروائی اُس وقت تک میری سمجھ میں نہ آئی جب تک کہ اُنہوں نے مجھ سے یہ بیان کیا کہ بمقابلہ اصلی واقعات کے اِن کو مغالطہ دیا گیا تھا۔" بظاہر گورنمنٹ کا ریزولیوشن ایسا دقیق اور مشکل نہ تھا کہ جس کے سمجھنے کیلئے خاص عقل و فہم کی ضرورت ہوتی۔ علاوہ بریں کنور صاحب ایسے بچے نہ تھے کہ اُن کا مغالطہ میں آ جانا قرین قیاس سمجھا جائے بخلاف اِس کے کنور صاحب نے اُس جلسہ میں بہت کچھ انٹرسٹ لیا تھا۔ اِس کمیٹی کے ایک ریزولیوشنوں کے محرک و مؤید بھی وہی تھے۔ علاوہ بریں کنور صاحب نے اُردو ڈیفنس کمیٹی علیگڑھ سے کنارہ کشی کا اعلان دیتے ہوئے وہ وجوہات بیان نہیں کیں۔ جو اُن کی تبدیلی رائے کا باعث مغالطہ کا باعث ہوئیں۔ معلوم نہیں ہز آنر کا اِس سے کیا مطلب ہے کہ "اُن کی علیحدگی کا ذکر اخبارات میں اِس طرح شائع نہیں ہوا۔ جیسا کہ مخالفین ریزولیوشن کے تذکرے آسکتے شائع ہوتے رہتے ہیں" گو یہ کوئی ضروری اور اہم معاملہ نہ تھا مگر اس پر بھی اکثر اخبارات میں اُن کی علیحدگی کی خبر شائع ہو چکی ہے۔ ہندوستان کے مسلمانوں کے خیالات سے تعلق رکھنے والے [illegible] نہیں ہو سکے خواہ آن کی ذاتی رائے کچھ ہی کیوں نہ ہو [illegible] ہر وقت [illegible] جب کنور صاحب [illegible]

* * *

دو نمائش پیرس کے دلچسپ حالات با تصویر انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

[illegible] ہے کہ جیسے اس امر کی تحقیق کے وہ کس طرح اور کس قدر درستی میں ... گورنمنٹ سے ایک ایسی بے حقیقت بات کو ... جس میں اس قدر رعونت ... ہو یا ان بیہودہ باتوں سے ظاہر ہے کہ اس ... کی تائید میں مجبور ... معقول دلائل نہ ملنے کی وجہ سے ... اپنی بات کی پچ کرنے کے لئے مجبور تنکے کا سہارا ڈھونڈھنا پڑتا ہے ؀

اخبارات مراد آباد کے معذرت نامے | پیسہ اخبار کی کسی گزشتہ اشاعت میں لکھا جا چکا ہے کہ آجکل اخبارات مراد آباد میں ریاست رام پور کی مخالفت کا طوفان آیا ہوا ہے۔ اکثر سمجھداروں کے نزدیک ریاستوں کے متعلق اخبارات کی مخالفت یا موافقت پایہ اعتبار سے ساقط ہوتی ہے۔ اور ان کی یہ بدگمانی بیجا نہیں۔ یہی اخبارات جن کے صفحے والئی ریاست رام پور اور وہاں کے اہلکاروں کی تعریف سے پُر نظر آتے تھے دفعتہً انہی کی مخالفت میں سیاہ ہونے لگے۔ نیر اعظم اس مخالفت میں سب سے آگے تھا۔ اس نے اس مضمون کا اشتہار شائع کر دیا تھا کہ ۲۰ جون کی شب کو نواب صاحب رام پور نے پانچ آدمی ہمارے مار ڈالنے کے واسطے مقرر کئے ہیں۔ جن میں سے ایک غلام حضرت خاں بھی ہیں۔ نیر مالک اخبار مذکور صاحب کلکٹر مراد آباد سے بذریعہ عرضی حفاظت جان کی استدعا کی۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ان اخبارات کو مخالفت کی پالیسی راس نہیں آئی۔ چنانچہ دبدبہ سکندری رام پور مظہر ہے کہ مالک اخبار نیر اعظم۔ نظام الملک اور ریس الاخبار مراد آباد نے رام پور میں آ کر وزیر اعظم صاحب اور ہز ہائینس نواب صاحب بہادر سے بکمال عجز و الحاح معذرت مانگی اور معافی نامہ داخل کر دیئے۔ مگر نیر اعظم معافی نامہ داخل کرنے پر بھی اس مخالفت کے نتائج بدسے چھوٹتا نظر نہیں آتا۔ چنانچہ صاحب مجسٹریٹ مراد آباد نے مالک اخبار نیر اعظم سے اس درخواست کا ثبوت طلب کیا ہے جس میں انہوں نے حکام سے اپنی حفاظت جان کی درخواست کی تھی۔ اگر یہ اخبارات پہلے ہی عواقب اندیشی کو کام میں لاتے تو آج انہیں ایسی شرمناک معافیاں مانگنے اور عدالتوں میں خراب ہونے کی ضرورت نہ پڑتی ؏

چہ کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

انجمن اسلامیہ امرتسر نے خان بہادر خواجہ یوسف شاہ صاحب آنریری مجسٹریٹ کو اردو ڈیفنس ایسوسی ایشن کے اس جلسے میں شمولیت کے لئے اپنا ڈیلیگیٹ منتخب کیا ہے۔ جو ۲۸ جولائی کو لکھنؤ میں ہونے والا ہے۔ لاہور سے شیخ عبد القادر صاحب بی۔ اے ایڈیٹر مخزن بیرسٹر ایٹ لا اور اسسٹنٹ سکرٹری انجمن اسلامیہ پنجاب شمولیت جلسہ کے لئے گئے ہیں ؀

ایجوکیشنل کانفرنس پنجاب کے ریزولیوشن متعلق فارسی سکھی منسوخ کرنے کے لئے مسلمانان لاہور کا ایک عام جلسہ ۱۴ اگست کی شام کو ... زیر صدارت ... منعقد ہو

ہز ایکسیلنسی حضور وائسرائے بمبئی پریذیڈنسی کے شمالی محاذ کے دورے کے بعد گزشتہ چہار شنبہ کو ۳ بجے بخیر و عافیت مراجعت فرمائے شملہ ہوئے۔ حضور ممدوح کے اس دورہ کو کامیاب بیان کیا جاتا ہے ؀

گورنمنٹ ہند نے ریاست حیدر آباد دکن کو لکھا ہے کہ آئندہ یورپین اور امریکن رعایا کے مقدمات بذریعہ عیسائی مجسٹریٹ یا علاوہ انگریزی میں فیصل ہوا کریں۔ اور ان مجسٹریٹوں کا تقرر ریزیڈنٹ کی رائے پر ہو۔ نیز ریزیڈنٹ کو ان مقدمات کے لینے کا اختیار ہو گا۔ گورنمنٹ نظام ان پابندیوں کے خلاف ہے۔ فی الواقعہ اس طرح حیدر آباد کے دیسی مظلوموں کو ... انگلش مجرموں کے خلاف انصاف حاصل کرنے سے مایوس ہو جانا پڑیگا ؀

رائے بہادر ٹھاکر گنیش پرشاد سنگھ سابق کوتوال لکھنؤ نے اپیل میں بری ہوتے ہی ملازمت سے استعفا دے دیا۔ مگر وہ ابھی منظور نہیں ہوا۔ گورنمنٹ کی طرف سے ان کی بریت کے خلاف اپیل دائر کیا گیا ہے ؀

کہتے ہیں کہ امیر صاحب نے اپنے لڑکوں پرنس حبیب اللہ خاں و نصر اللہ خاں کو توپخانہ۔ رسالہ سیاہ اور رجمنٹوں کو از سر نو مرتب کرنے کا حکم دیا تھا۔ تاکہ لشکر کو فوراً حرکت میں لا سکیں۔ کابل میں افواہ ہے کہ امیر صاحب نئی سپاہ کا ہم سا ...

عام طور سے یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ یہ گھڑی اپنی قیمت کو گراں نہیں ہے

مضبوط لیور واچ نمبرا

اس گھڑی کی نہایت سچا ہے نہایت مضبوط ہیں اور ... یہ کہ لیور سے بارہ گھنٹہ ... تین روپیہ کی معلوم ہوتی ہے محصول پارسل وغیرہ سے آپکو کچھ غرض نہیں صرف دو روپیہ بارہ آنہ ڈاک والے کو دیکر پارسل گھڑی مع زنجیر کے وصول کر لیجئے۔

تہا توں کا خلاصہ تازہ

پیچو رام سردار رسالہ ... تحریر فرماتے ہیں ایک گھڑی ... سچائی حق ... بیشک کم قیمت بالا نشین ہے اب مہربانی کرکے دو عدد گھڑیاں عنایت کیجئے ایک کمپنی والی گھڑی ایک دوست کو دیدی

ڈاکٹر ایس ایم ... مقام ... ڈاکخانہ ... سے تحریر فرماتے ہیں پارسل پہونچا قیمت وصول ہو گئی گھڑی کو گرچہ بالا نشین کہنا چاہئے اب آپ مہربانی فرما کر دو عدد گھڑیاں اور بھیجدیجئے انشاء اللہ بعد ازیں اور منگایا جائیگا

ایس ... کلکتہ

... حصہ رہی سرحد پر بھیجنے والے ہیں۔ قندھار۔ جلال آباد اور خوست میں سرگرمی سے باربرداری کا انتظام ہو رہا ہے۔ افسران چھاؤنی جات کو چارہ جمع کرنے کا حکم ہوا ہے۔ سرحدی بازاروں میں بھی اسی قسم کی افواہیں بڑے زور و شور سے اڑ رہی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہی سرگرمی عنقریب جہاد کی صورت میں ظاہر ہونے والی ہے ؀

ریویو

فتح الاسلام (مرتبہ منشی محمد عبد الرزاق صاحب) اس میں ایک مذہبی مناظرہ کی کیفیت درج ہے۔ جو آگرہ میں مابین اہل اسلام و آریہ ... ہوا تھا۔ یہ رسالہ مطبع ہمدرد اسلام آگرہ سے مل سکتا ہے ؀

السر المخزون فی تحقیق الطاعون۔ اہل ہند کے فائدہ کے لئے ... مظفر حسین خاں صاحب لکھنوی نے ... مفصل و مشرح رسالہ لکھا ہے۔ جس میں ... تحفظ ما تقدم وغیرہ امور پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ... دفتر اخبار ریس لکھنؤ سے دستیاب ہو سکتا ہے ؀

سائنس اور اسلام۔ مولوی سید محمد حاتق علی صاحب مدرس مدرسہ جامع العلوم کانپور نے علامہ حسین آفندی طرابلسی کی کتاب حمیدیہ کا ترجمہ کرکے مندرجہ عنوان نام سے چھپوایا ہے۔ فہرست مضامین بارہ صفحوں میں آئی ہے صفحات قریباً تین سو۔ قیمت ... مہتمم ... اخبار ... کے نام درخواست ہونی چاہئے ؀

جنگ ٹرنسوال (مصنفہ سید ... حسین صاحب وکیل) ... ۲۲ دسمبر ۱۸۹۹ء کے حالات جنگ ٹرنسوال ایک عشقیہ فسانہ کے پیرایہ میں ظاہر کئے گئے ہیں۔ ضخامت ۱۲۰ صفحہ قیمت ایک روپیہ۔ سید محمد عبد اللہ صاحب علم ... سے طلب کی جا سکتی ہے ؀

طب نسائی۔ یہ کتاب ... حیدر صاحب ... کی تصنیف ہے جس میں عوارض زنان کی تشخیص علاج ایام حمل کی احتیاط۔ اسقاط وغیرہ مفید مضامین اور کثیر التعداد طبی ہدایات مندرج ہیں۔ ایسی سود مند کتابوں کا ہر ایک گھر میں موجود ہونا ضروری ہے۔ قیمت آٹھ آنے درخواست ہو۔ بنام مینیجر قیصر ہند پریس لودیانہ ؀

سادھارن دھرم (مصنفہ سری سوامی ... جی جوگی ... استرم۔ گجرات پنجاب) یہ کتاب روحانی اور اخلاقی مضامین سے مملو ہے۔ انسانی اوصاف اعمال کی نوعیت پر محققانہ بحث کرکے بعض مشہور مہاتماؤں کی کیفیت اور علم روحانی و عرفان ربانی کا دلکش منظر دکھلایا گیا ہے۔ اصل کتاب کی ضخامت ۱۳۶ صفحہ ہے اور تقریباً ایک سو صفحے کے ضمیمہ جات اس کے علاوہ ہیں قیمت دس آنے ؀

علمی رسالہ۔ فوائد علم پر جواب مضمون۔ از ... صاحب ... (دکن ... بنگلی) ؀

اگر آپ ایک ٹائم پیس بغیر کسی قیمت کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ تو ہم جولائی کا انتخاب جواب طلب منگا لیجئے

سیاحت یورپ

آٹھویں چٹھی

(از مرزا محبوب عالم صاحب از مقام پیرس ۵ جولائی)

میں نے پچھلے خط میں وعدہ کیا تھا کہ آئندہ خط میں پیرس کی عالمگیر نمائشگاہ کے کچھ حالات لکھونگا لیکن میں حیران ہوں کہ اس مجموعہ عجائبات کا کیا حال ایک خط میں لکھ سکتا ہوں۔ آج مجھے نمائشگاہ میں ہر روز جاتے آٹھ دس دن ہو گئے۔ دیکھتے دیکھتے گیارہ بارہ روز ہو گئے لیکن جب میں غور کرتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ ابھی بہت تھوڑا حصہ نمائش کا دیکھا ہے اور بہت کچھ دیکھنا باقی ہے۔ [illegible] جو کچھ دیکھا بھی ہے وہ بھی سرسری [illegible] اگر کوئی شخص ایسی وسیع اور بڑی نمائشگاہ کو کما حقہ دیکھنا چاہے تو اسے چھ ماہ [illegible] دیکھنے میں لگانے چاہئیں۔ [illegible] یورپ کے لوگ یہاں ایک ہفتہ اور تین [illegible] آتے ہیں اور چاروں طرف نمائشگاہ میں [illegible] لگا کہیں کہیں تماشے دیکھ اور کھانا کھا کر چل دیتے ہیں۔ اور دل کو اطمینان دے لیتے ہیں کہ انہوں نے پیرس کی سب سے بڑی اور سب سے آخری نمائشگاہ دیکھ لی بلکہ انگلستان کی بعض ٹورسٹ کمپنیوں نے عمر ستطیع اور معروف لوگوں کے لئے یہ اعلان کیا ہے کہ ہفتہ کی دوپہر کو انگلستان سے روانہ ہو کر۔ اتوار کو نمائش پیرس دیکھ۔ اتوار کی شام لنڈن کو روانہ ہو جائیں۔ جو لوگ اور کسی طرح نمائش دیکھنے سے بالکل محروم رہ جاتے ہیں۔ ان کے لئے یہ اچھا طریق ہے۔ بہرحال ہم اہل یورپ کے شوق دید نمائش کی تعریف کرنے پر مجبور ہیں۔ علاوہ یورپ کے ہر ملک اور امریکہ کے اکثر حصوں کے ہزاروں بلکہ لاکھوں لوگ نمائش دیکھنے کے شوق میں سرست صبح سے شام تک نمائش کی مختلف عالیشان عمارات میں پھرتے رہتے ہیں۔ ایسی ایسی بڑی اور اعلیٰ خیابانیں [illegible] بیدل راستہ چلنا گوارا نہ کریں۔ گھنٹوں نمائشگاہ میں پیدل پھرتے ہیں۔ تھک جاتے ہیں تو تھوڑی دیر سستانے کو بیٹھ جاتے ہیں۔ کیونکہ نمائشگاہ میں جابجا عمارات کے اندر اور باہر کرسیاں۔ بنچیں اور کائو چ [illegible] ہوئے ہیں۔

جنہیں تھک کر بیٹھ جانا ہو وہاں بیٹھ کر دم لے لیتے ہیں۔ نمائشگاہ کے احاطہ کے اندر کوئی گاڑی نہیں داخل ہو سکتی۔ اس لئے ایک قسم کی ہاتھ سے چلنے والی گاڑیاں جیسی کہ ہسپتالوں میں مریضوں کے پھرانے کے واسطے استعمال کیجاتی ہیں۔ بہت سے مزدور لئے پھرتے ہیں۔ اور ان پر بعض تھکی ہوئی لیڈیاں اور جنٹلمین کچھ مزدوری دے کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اور مزدور انہیں جابجا کمروں کے اندر اور باہر لئے پھرتے ہیں۔

پیرس کی موجودہ نمائشگاہ پیرس صرف (۲۷۰) ایکڑ اراضی میں محدود ہے٭ لیکن صرف دیکھنے ہی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ جگہ بہت بڑی ہے۔ کیونکہ اس میں تین تین چار چار منزلہ کی اکثر عمارات اسی نمائش کے لئے تعمیر کی گئی ہیں۔ یہ دریائے سین کے دونوں طرف شہر پیرس کے درمیان واقع ہے۔ اسپلانیڈ [illegible] شانڈی مارس اور ٹراکوڈیرو نامی تین مقامات اور دریائے سین کے کناروں پر پھیلی ہوئی ہے۔ چونکہ شہر کے اندر ایک جگہ اتنی بڑی نہیں مل سکتی تھی۔ اس لئے نمائش کو تین چار مختلف مقامات پر پھیلا دیا ہے۔ اور سب کو آپس میں ملا دیا ہے۔ ایسے طور پر کہ کہیں کہیں شہر کی سڑکیں نمائشگاہ کے بیچ سے گزر جاتی ہیں۔ لیکن نمائشگاہ والوں کے لئے لکڑی کے پل اوپر سے گزرنے کے لئے بنا دیئے گئے ہیں۔ اور دوسرے لوگوں کو اندر آنے سے روکنے کے لئے لکڑی کا جنگلا لگا دیا گیا ہے۔ ہر شخص ہر روز ایک فرانک (قریب سوا دس آنہ) کا ٹکٹ لے کر نمائش کے اندر داخل ہو سکتا ہے۔ البتہ صبح آٹھ سے دس بجے تک اور شام کو چھ سے دس بجے تک نمائشگاہ میں داخل ہونے کے لئے دو فرانک کے ٹکٹ لینے پڑتے ہیں۔ یہ ٹکٹ گو نام کو ایک فرانک کے ہیں لیکن در اصل آدھ فرانک کو بکتے ہیں۔ نمائشگاہ کے باہر سینکڑوں خریدار [illegible]

٭ کھیل کود اور دوڑ [illegible] اور ریلوں کے سامان [illegible] جنہوں کی نمائش شہر کے قریب ایک جنگل کے میدان میں کی گئی ہے۔ جو اس سے علیحدہ ہے۔ محبوب عالم

اور ہر شخص [illegible] ٹکٹ لے [illegible] کے سامنے [illegible] اور جو خریدار [illegible] ان ٹکٹوں سے بہت بڑی آمدنی نمائش کرنے والوں کو [illegible] خیال ہو بمقابلہ [illegible] اور بہت خسارہ رہیگا کیونکہ نمائش بہت بڑی بنائی گئی ہے۔ نمائشگاہ کے اندر ملکی اور ساز [illegible] ہیں جو لوگ یہ ٹکٹ لے کر نمائش کے احاطہ کے اندر داخل ہو جاتے ہیں وہ نمائشگاہ کے سارے مکانات اور اشیائے نمائش کے دیکھنے کا حق رکھتے ہیں لیکن بعض مکانات عجیب اور قابل دید تماشے [illegible] لوگوں نے نمائش کے اندر قائم کئے ہیں ان کے لئے الگ الگ ٹکٹ نصف فرانک یا دو فرانک یا اس سے کم و بیش قیمت کے لینے پڑتے ہیں۔ مثلاً اگر تم کوئی بازار [illegible] دیکھنا چاہو جو سب سے بڑی دوربین [illegible] یا زیر زمین کان میں جاؤ۔ یا ایفل ٹاور پر چڑھو تو تمہیں الگ ٹکٹ دام کے لینے ہونگے۔ یہ لوگ بھی لاکھوں روپے کما [illegible] ہیں۔ لیکن مجھے ایک اطالین جنٹلمین نے ذکر کیا کہ ایسی بڑی نمائش میں شراکت [illegible] بتلا یا کہ اکثر نمائش کرنے والے خسارہ اٹھا رہے ہیں۔ سوائے مدد [illegible] جس قدر لوگوں کے شریک نمائش ہونے کی توقع تھی اس قدر نہیں ہوئے خصوصاً انگلستان سے بہت کم لوگ آئے ہیں مشاہدہ اس لئے کہ بوجہ اخراجات جنگ ٹرانسوال بھی لوگ زیادہ خرچ نہیں کر سکتے مشاہدہ اس لئے کہ بہت لوگ جنوبی افریقہ کو گئے ہوئے ہیں مشاہدہ اس لئے کہ بہت سے لوگ افریقہ میں عزیزوں کے مارے جانے کی وجہ سے ماتم میں ہیں لیکن اصل وجہ پولیٹکل ہے یعنی ہمدردی فرانسیسی [illegible] کیونکہ فرانسیسی اخبارات نے جنگ ٹرانسوال کے متعلق [illegible] کے خلاف تحریرات شائع کی ہیں۔ اس لئے اہل انگلستان بہت کم نمائش میں شریک ہوئے ہیں یہی حال انگلستان کی اشیائے نمائش کا ہے گو جابجا انگلستان کی ساخت چیزیں ہیں اور کہیں نمائش کی گئی ہیں۔ [illegible]

پوری قیمت

بسلسلۂ فکر قیمت ادویات کی نصف قیمت کی میعاد [illegible] احباب کو ادویات منگوانے [illegible] پوری قیمتوں کا خیال [illegible]

[illegible] الحمدللہ [illegible]

المشتہر [illegible] حکیم محمد علی [illegible] ادویہ خانہ [illegible]

اگر آپ [illegible] بغیر کسی قیمت کے حاصل کرنا چاہتے ہیں [illegible]

فضول خرچیوں کا محافظ

[illegible] ہے یہ فضول خرچی ہوگا [illegible] ایک جرمن [illegible] ایک چیز [illegible] جب تک [illegible] بعض [illegible] چاہو [illegible] تجربوں کو [illegible] اگر سیون کی عقل [illegible] ملتی ہو تو یہ [illegible] عالم [illegible] آدمی کی [illegible] ضرورت [illegible]

[illegible] سلطنت ... کی وجہ سے اس مقصود میں جو بہت زیادہ خرچ کرنے کی ترقی کیلئے ہے اس وقت ممکن تھا۔ مقامات نمائش کو دیکھ کر جو بیش قیمت اسباب نمائش کے متعلق دکھائے گئے ہوں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ فرانس کی اشیاء نفاست و حرفت اور کلیں وغیرہ زیادہ ہیں۔ اور یہ مقابل باتسلیم ہے کہ فرانس کی چیزیں زیادہ جہاں جانے تیں ... جرمنی نے سرا پا شاید بڑھ کر قدم مارا ہے۔ مکانات تو نہایت شاندار بنائے ہیں۔ نمائش میں جس ... بھی ... زیادہ رکھی ہیں ... امریکہ کا ہے پھر آسٹریا ہنگری۔ انگلستان۔ اٹلی۔ روس۔ جاپان۔ بلجیم۔ ہالینڈ۔ سوئٹزرلینڈ۔ پرتگال۔ ایران وغیرہ کا ... یہ بات نہایت دلچسپ ہے کہ جاپان نے اس نمائش میں اکثر شعبوں میں خاص حصہ لیا ہے۔ یہ عمل ... ہے کہ ایک ایشیائی قوم یورپ میں ... صنعت و حرفت کی اشیاء کا مقابلہ کرتی ہے۔ افسوس ہے کہ سلطنت ترکی باوجود یورپ میں واقع ہونے کے اس نمائش میں کوئی حصہ نہیں لے سکی۔ البتہ اتراک کے ملک ... سلطنت عثمانیہ کا ایک عالیشان مکان مسلمانی طرز تعمیر کا تھا ... امید تھی کہ اس میں ... مسلمانوں کی صنعت ... ملکوں ... میں ... اس مکان کی ... ہوئی ... بعض کپڑے والے ... اور ... کے ... کی دوکانیں ... صرف ایک ہی شخص ... مسلمان کی ہے ... یہودی بھی زیادہ ... میں قسطنطنیہ کے ... مجھ کو ... دیکھ کر افسوس ہوا۔ یہ شخص ... دس سال انگلستان میں ... اس ... بھی انگریزی ... اس سے ... لوگوں کی ... وجہ یہ بھی ... اس ملک کے لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ یورپ میں آکر یہ ... ہو جاتے ... اس ... پسند کرتے ہیں۔ مجھ کو خیال ہوا کہ ابتدائے اسلام میں تو مسلمان ... ہندوستان ... ایک ... نہیں ہو سکتے۔ جبکہ راستہ ... میں طے ...

ہوتا تھا اور اب جبکہ راستہ دنوں میں طے ہو سکتا ہے اور ترک عام طور سے یورپ میں رہتے ہیں۔ قسطنطنیہ سے پیرس تک صرف دو شب و روز صرف ہوتے ہیں لیکن وہ بیدین ہو جانے کے ڈر سے گھر سے باہر نہیں نکلتے۔ دوسری طرف کمبخت ہندو پانچ ہزار میل گھر سے دور سینکڑوں پیرس میں ملتے ہیں۔ اور یورپ اور امریکہ کے ہر ایک شہر میں کسب فن اور تحصیل تعلیم کے لئے جاتے ہیں۔ مگر ایسی نامردی اور بے غیرتی کا نام اسلام ہے تو میرا اس کو سلام ہے ؎

گر مسلمانی ہمین است کہ حافظ دارد
وائے گر از پس امروز بود فردائے

؎ مال حرام و رشوت و غیبت ربا و کبر
این جملہ شد حلال بگر مے حرام شد

ترکی کے مکان سے مایوس ہو کر مجھے خیال ہوا کہ مصر اور الجیریا اور تیونس اور طرابلس کے مکانات بھی تو نمائش میں ہیں۔ وہاں مسلمان ضرور ملینگے۔ مگر ہر جگہ جا کر دیکھا کہ ہندو اور صرف یہودی ہر مکان میں ان ممالک کی اشیاء کی دوکانیں کر رہے ہیں۔ انھوں نے ترکی ٹوپیاں اور مصری عربی الجیریا اور ... جبّے اور عمامے پہنے ہوئے ہیں۔ اور صرف لباس کی بدولت یورپ میں روٹیاں کما رہے ہیں۔ الجیریا کے مکان نمائش میں مجھے دو تین مسلمان محافظ نمائش ملے اور تیونس یعنی طیونس کے مکان میں صرف ایک ... مسلمان تھے ... یہاں ... نہ ... اور اس سے مجھ کو بڑا آرام ملا ہے۔ بعض یہودی عورتیں بالکل گوری چٹی اور حسین ہوتی ہیں۔ اور یہ کمبخت عربی اور مسلمانی عورتوں کا لباس پہن کر ترکی۔ مصری۔ تیونس وغیرہ چاروں مقامات کے تھیٹروں میں ناچتی ہیں۔ ... کی رنڈیوں کا ناچ ان کے مقابلہ میں نہایت ... ہے۔ یہودیوں کا لباس اور ناچ خاص ... ہوتا ہے۔ ... یورپ ... سمجھتے ہیں کہ محمڈن عورتوں کا ناچ اور ... دیکھ رہے ہیں۔ مجھے یہ باتیں دیکھ کر افسوس ہوا لیکن اس کی تلافی کسی طرح سے نہیں ہو سکتی کہ ہزاروں مسلمان ... میں ... اپنے ... اور ... سے ایسا ... ان ممالک میں ... اس وقت ... میں ...

... کروڑ سے زیادہ مسلمان آباد ہیں۔ دنیا کی آبادی کا آٹھواں حصہ ہیں۔ بقول ڈگبی ۴۰ کروڑ سے کم مسلمان دنیا میں آباد نہیں۔ دنیا میں ہر چوتھا شخص شمار ہو سکتے ہیں مگر بڑی تلاش سے صرف چند شخص انگلیوں پر گننے کے لائق نظر آئے۔ اور وہ بھی بجز ایک ... کے ... نمائش سے ... ہیں اور ... اسباب نمائش لائے ہیں۔ بلکہ معمولی ... خدمات پر ملازم ہو کر آئے ہیں۔

یہ تو مسلمانوں کا حال تھا۔ عام طور پر اہل ہند کا حصہ ... ہندوستانی ہندو یا مسلمان یہاں مفقود ہیں۔ البتہ ... اللہ آباد کے ... ہندو و مسلمانوں کا بھلا ہو کہ انھوں نے یہاں کے تماشے اور کرتب یورپ میں دکھلانے کے لئے ایک کمپنی بنائی اور ساتھ کئی ہندوستانی ہندو و مسلمان ملازم رکھ کر ساتھ لائے۔ ان میں ہندوستان کے پہلوانوں کا فخر غلام پہلوان امرتسری اور اس کا بھائی کلو بھی مع ... لاہور اور ... کے پہلوانوں کے ہیں۔ ایک ... اور ... ایک ... اور ... اصلی ... کئی سارنگی۔ ستار وغیرہ ... ایک ... ایک ... کا کرتب کرنے والا۔ ... ایک ... ایک سپیرا۔ ایک کشمیری ... ایک حلوائی۔ ایک سات فٹ لمبا آدمی ... اور کیا ... کس کس رتب ملے ہیں۔ غلام پہلوان کے مقابلہ کیلئے پہلے خیال تھا کہ انگلستان کا نامور پہلوان سینڈو نامی نکلیگا۔ لیکن وہ اس قسم کی کشتی کرنے سے ... جس کا ہندوستان میں ... ہے ... بہت ... سکتا ہے لیکن کشتی نہیں کرتا۔ اب ایک ترک پہلوان ... افسوس ہے کہ ... یہ لوگ بیکار رہے ہیں۔ پہلے اس کمپنی میں کچھ فرانس کے لوگ بھی شریک تھے ... سے الگ ہو گئے۔ مقدمہ بازیاں ہوئیں۔ آخر ... کے سر پر تھا۔ بوجھ پڑ گیا ... پنڈت موتی لال جو اس کے بانی ہیں ... کام کے ذمہ دار ہیں ... اتر کر ان کا ... کر تیار ہوئے۔ اور انھوں نے دو تین روز سے کام شروع کیا ہے۔ لوگ ان کے تماشوں کو پسند کرتے ہیں۔ لیکن آج تک کام نہ شروع کر سکنے سے ان کا ... دو ڈھائی لاکھ روپیہ خرچ ہو گیا ہے۔ ... میں پنڈت موتی لال

نہ صرف مردوں کیلئے بلکہ مستورات کے لیئے بھی

... بیش بہا ... ہزاروں ... موجود ہیں۔ ... ایک ... بھیجنے ... نہایت ... اور ... نقلی ... ممکن ہے ...

... خاص ... کے لئے ... ہو سکتی ہیں۔ ...

اطلاع

چونکہ یہ نیاز مند بباعث موسم گرما کے ہمراہ سرکار والا مقام سری نگر (کشمیر) مقیم ہو لہٰذا تا اطلاع ثانی سری نگر کے پتہ پر میرے نام خط و کتابت ہونی چاہئیے

الملتمس حکیم محمد علی رجسٹرڈ فیض شفاخانہ (معالج خاندان شاہی) نزد امیرا کدل سری نگر (کشمیر)

۳۰۰۰۰

مذکورہ تعداد آتشک سوزاک کے ان مریضوں کی ہے جو ... ڈاکٹر ... کے علاج سے کامیاب ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر موصوف کی مجرب ادویہ ... دنیا کے ... ملکوں میں ... کتاب ... لیکن تمام دنیا کے اکثر ملکوں سے ... العلاج کر دیا ہے جو شخص ... سے آتشک سوزاک میں مبتلا ہو گیا ہے اس کا فرض ہے کہ ڈاکٹر موصوف کی دوائی منگا کر استعمال کرے ... ہندوستان ... ملنے کا پتہ ... امپیریل ایجنسی۔ انارکلی۔ لاہور ... سے ... ہو سکتی ہے

صاحب دوران کے کفر کاری کی بہت کی تعریف کرتا ہوں۔ اور ان کی کامیابی کا خواہاں ہوں۔ مجھے وہ ہندوستانی بہت پیارے معلوم ہوتے ہیں جو ہندوستان سے باہر جا کر کمائیں اور اگر ہو سکے تو اس کو ہندوستان میں لا کر کمائیں۔ اہل یورپ کروڑوں روپے ہندوستان سے کما کر یورپ میں لاتے ہیں۔ سو آئندہ ہندوستان کے سب سے بہتر فرزند وہ ہونگے جو یورپ میں آکر کسی نہ کسی طرح سے محنت مزدوری یا لیاقت سے کمائیں۔ ہرچند کہ میں نے بہت غور کیا ہے تو ہندوستانیوں کے یورپ میں آکر کمانے کے سب راستے تقریباً بند پائے ہیں تاہم مجھ کو یقین ہے کہ اگر ہندوستان کے کئی ہونہار نوجوان عزم کر لیں تو وہ یورپ میں آکر اپنے لئے راستے خود کھول سکتے ہیں کیا وہ چینیوں سے بھی گئے گزرے ہوئے۔ اگر اس کا نتیجہ کچھ اور نہ نکلیگا تو اس میں تو شک ہی نہیں کہ ہندوستانی یہاں کی طرح طرح کی مشینوں اور دوسرے کارخانوں سے سیکڑوں ہنر اور فن سیکھ جائینگے۔ اور اپنے ملک میں جا کر انہیں رواج دے سکینگے اب تو یہ وقت ہے کہ اگر کوئی ہندوستانی یورپ سے کوئی مشین بھی خریدتا ہے تو اکثر اوقات اس کے پرزے نہ جوڑ سکنے کی وجہ سے مشین کام میں نہیں لا سکتا۔ میں شاید کسی پچھلی چٹھی میں لکھ چکا ہوں کہ ایک جرمن لیڈی نے سنایا تھا کہ انہیں برلن میں نوکرانیوں سے سخت تکلیف ہے۔ اور اگر چند ہندوستانی نوجوان نوکری کے لئے یہاں آ جائیں۔ تو انہیں ضرور روزگار اچھا مل جائیگا۔ ہرچند کہ انگریز سو سال سے زیادہ سے ہندوستان میں حکومت کرتے ہیں۔ لیکن ان کے تعلق سے ہندوستانیوں پر یورپ کی اچھی باتوں کا اتنا اثر نہیں پڑا جتنا کہ دو ہزار ہندوستانیوں کے دو تین سال یورپ و امریکہ میں رہ کر واپس جانے سے پڑ سکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ ہندوستانی کچھ لکھے پڑھے ضرور ہوں۔ یہاں تو یہ دیکھا ہے کہ صرف گھوڑے اور بیل ہی لکھے پڑھے ہوئے نہیں ہیں۔ باقی انسان کی سب مخلوقات خواندہ ہے۔ بعض اوقات کسی میلے کپڑوں والے یا غریب شخص کی طرف دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ وہ پڑھا ہوا نہیں ہے۔ لیکن وہ کم و بیش اخبار دیکھتا ہے۔

بیننے واتھا۔ برلن اور پیرس نمائشگاہ میں بھی اس امر

جناب میر فضل علی صاحب گوالیاری (خریدار نمبر ۱۹۶۷۱) تحریر کرتے ہیں کہ میرے دوست (۶۸۲) چودھری [illegible] نام صاحب ویلدار (ہرتیہ) کے نام اخبار جاری کرکے انعامی کتاب بصیغہ وی پی قیمت سالانہ کے لئے بھیجدیں۔ جناب نرائن داس صاحب گوالیاری (خریدار نمبر ۱۴۸۶۹)۔ جو اس سے پہلے ایک نہ ایک مددگار بہم پہنچا چکے ہیں اب ایک اور خریدار کے نام [illegible] جاری کرکے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں اور عبد [illegible] صاحب کا نام (۳ ۷) عطا محمد صاحب (گوجرانوالہ) بھیجتے ہیں۔ جناب محمد یٰسین شریف صاحب (بھوگاڑہ۔ گشتنا) سے رقم کرتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۶۴۱) محمد غالب صاحب (جرجرم گنورم) جاری کرکے انعامی کتاب کے ذریعہ سے قیمت پیشگی وصول کریں۔ جناب احسان الحق صاحب سب انسپکٹر پولیس (دکرالہ) رقمطراز ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۵۰۷) فرزند علیخاں صاحب زمیندار (دکرالہ) جاری کرکے قیمت حسب معمول وصول کرلیں جناب غلام حسین خاں صاحب (خریدار نمبر ۲۱۱۶۲) لکھتے ہیں کہ اخبار (۴۸۹) ملک امام الدین صاحب گوالیاری [illegible] کے نام روانہ کرکے کتاب منصور بمع قیمت سالانہ پیشگی کے لئے بصیغہ وی پی بھیجدیں۔ جناب سردار علی صاحب (خریدار نمبر ۱۰۳۲۹) تحریر فرماتے ہیں کہ آپ پیسہ اخبار میرے دوست (۶۷۴) منشی عبد العزیز خاں صاحب فارسٹر (دمالکہ متوسطہ) کے نام جاری کرکے قیمت بذریعہ انعامی کتاب کے وصول کرلیں جناب منشی عبد اللطیف صاحب (خریدار نمبر ۱۹۴۳۶) لکھتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۶۶۸) منشی محمد کامل صاحب (گوبند پور) ارسال کرکے قیمت سالانہ کے لئے انعامی کتاب وی پی بھیجدیں۔ جناب پیرزادہ علی شاہ صاحب (خریدار نمبر ۱۶۱۰) ارقام فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار ہفتہ وار میرے چھوٹے بھائی (۶۹۸) حکیم پیر نظیر علی شاہ صاحب کے نام بمقام (دسارہ) جاری کرکے قیمت سالانہ کے لئے کتاب مسوح بصیغہ وی پی روانہ فرمائیں جناب منشی ولادحسین صاحب (خریدار نمبر ۱۹۱۲۶) رقمطراز ہیں کہ پیسہ اخبار کا ایک پرچہ میرے دوست (۶۸۰) ماسٹر راجہ ولٹ سبھال بہادر (راجپوتانہ) کے نام ارسال کرکے قیمت بذریعہ وی پی وصول کرلیں۔ جناب حکیم سید محمد عبد الکریم صاحب (خریدار نمبر [illegible] ناصری گنج) لکھتے ہیں کہ مجھکو ہمیشہ پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت کا خیال رہتا ہے۔ بالفعل ایک پرچہ بنام (۶۹۱) منشی بجو لعل صاحب (ضلع آرہ) جاری کرکے قیمت بذریعہ انعامی کتاب طلب فرمالیں۔

پیسہ اخبار کلب

میٹلن لاٹری (ایک خریدار پیسہ اخبار)۔ آپ اس لاٹری سے بدگمان نہیں ہونا چاہئے جیسا کہ اشتہار مندرجہ پیسہ اخبار اور اخبار ہذا کے معزز نامہ نگار مسٹر برکت اینڈ کو کی تصدیق ذیل سے معلوم ہوتا ہے اس لاٹری کا نتیجہ ۵ ستمبر ۱۹۰۰ء کو شائع کردیا جاویگا۔

"میٹلن صاحب کی جائداد (سہارنپور) کی چٹھیوں کی بابت جو لوگوں کو بباعث نہ برآمد ہونے چٹھیوں کے شک پیدا ہوا تھا۔ اس کی بابت ہمنے صاحب موصوف سے جو کل ہی کسولی سے آئے ہیں۔ دریافت کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ بلا شک وشبہ ۵ ستمبر ۱۹۰۰ء کو۔ خواہ ٹکٹوں کی تعداد پوری ہو یا نہ ہو چٹھیاں برآمد کرکے نتیجہ شائع کردینگے۔ اس معاملہ میں کسی قسم کی دھوکہ بازی یا بدنیتی ممکن ہی نہیں ہو۔ آپ کا نیازمند۔ حافظ عبد المجید مالک دوکان اے۔ برکت اینڈ کمپنی دہلی"۔

تصدیق طلب (ع۔ ن۔ ح۔ سہارنپور)۔ ایسے جوگی فقیر کی کرامت کا حال بکمال تشدد بار بار تحریر کرکے بھیجا ہوتا وقتیکہ سہارنپور کے معززین اس کی تصدیق نہ کریں۔ قابل اشاعت متصور نہیں ہوسکتا۔ گو زمانہ خاصان خدا سے خالی نہیں مگر ایسے نفوس قدسی ساد ہوتے ہیں اور دوکاندار زیادہ۔

اخبارات ورسالجات انگلستان (عبد الرشید صاحب از گجرات)۔ آپ مسٹر ولیم ڈاسن اینڈ سنز کینن ہوس بریمز بلڈنگز۔ ایجنٹ اخبارات لنڈن سے ولایت کے اخبارات و رسالوں کا حال دریافت کرسکتے ہیں۔ اور ایجنسی مذکورہ صرف لنڈن و انگلستان بلکہ تمام یورپ کے اخبارات ورسالے خریداروں کو بہم پہنچا سکتی ہے۔

انعامی کتاب (سنوالیا پرشاد کھیتری)۔ لکھتے ہیں کیا خریداران پیسہ اخبار مقررہ انعامی کتاب کے سوا کوئی دوسری کتاب حسب پسند مجلد کتب کارخانہ پیسہ اخبار جس کی قیمت انعامی کتاب کے مساوی ہو حاصل کرسکتے ہیں یا نہیں۔ انتہی۔ یہ امر مہتمم کارخانہ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر وہ مناسب سمجھیں تو کوئی اور مساوی قیمت کی کتاب درخواست پر بھیج سکتے ہیں۔ اگر منتخب کردہ کتاب کی قیمت کتاب انعامی سے زیادہ ہو تو کتاب کی قیمت مجرا کرکے جس قدر رقم باقی نکلیگی اسی قدر زیادہ رقم کا وی پی درخواست کنندہ کو روانہ کریگے۔

تجارتیں مفید (خریدار اخبار نمبر ۱۲۵۴۸۔ جی۔ بی۔ آئی۔ پی ریلوے، برہان پور) لکھتے ہیں کہ پانچ سو روپیہ کے سرمایہ سے صوبجات پنجاب بنگال شمال مغرب واودھ میں کس چیز کی تجارت کیجائے کہ معمولی خرچ خوراک وپوشاک کے بعد اندازاً پچیس تیس روپے ماہوار کی بچت ہو۔ اگر کوئی روشن خیال اور سمجھدار شخص اس قدر سرمایہ سے تجارت شروع کرے۔ تو وہ پچیس تیس روپے ماہوار آسانی سے منافع کما سکتا ہے اور ایسے شخص کے لئے کسی خاص مقام یا صوبہ کی تخصیص نہیں ہے جہاں وہ کام شروع کریگا اپنی لیاقت کے موافق مزید فائدہ اٹھائیگا۔

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۲۵۔ اگست ۱۹۰۰ء

جنگ چین

"بوکسرز" پہلوان یا مشت زن کو کہتے ہیں۔ ۱۸۹۵ء کے جنگ چین وجاپان کے بعد اہل چین کی طبائع میں عام طور پر جنگی ولولہ پیدا ہوگیا تھا۔ اور اس جوش وخروش کی خبر تمام ملک پر پھیلا ہوا تھا۔ ایک قسم کی بیقراری دلوں میں پیدا کردی تھی صوبہ شانٹنگ کی رعایا نے ۱۸۹۵ء میں درخواست کی کہ چونکہ وہ موافق جنگ پر اپنے ملک وقوم کی حمایت میں بطور والنٹیر حصہ لینے کی آرزومند ہے۔ اس لئے اس کو فوجی تعلیم پہلوانی اور فنون جنگ سیکھنے کی اجازت دیجائے۔ فغفور نے یہ التجا منظور کرلی۔ اِس مشت زن سوسائٹی کو رفتہ رفتہ ایسا عروج ہوا کہ اس کی شاخیں ملک کے اکثر حصص میں پھیل گئیں چونکہ یہ اپنی کارروائیں کو خفیہ طور پر انجام دیتے تھے۔ اس لئے ان کی مجلس نے

خفیہ سوسائٹی

کے نام سے شہرت پائی۔ اور تھوڑے ہی عرصے میں ایک ایسا طاقتور گروہ بن گیا کہ اس کا اثر سلطنت پر بھی پڑنے لگا یہی سنہ ۱۹۰۰ء میں انہوں نے بیدین اقوام اور اجنبیوں کو چین سے خارج کرنے کے لئے بیکن میں علم بغاوت بلند کیا جرمن سفیر کو قتل کرڈالا اور سفرائے دول کے سفارتخانوں کو گھیر لیا۔ پیرٹا کرا اور کنٹشن میں عام طور پر شورش برپا ہوگئی مفسدوں نے عیسائیوں کے گرجوں مکانات جلاکر اجنبیوں کے قتل کا بازار گرم کردیا۔ چونکہ انہوں نے اعلان کردیا تھا کہ حضرت الوطنی نے ان کو چین کو اغیار کے پنجہ سے آزاد کرنے کے لئے ہتھیار اٹھانے پر مجبور کیا ہے۔ اس لئے فرمانرواؤں نے ہمدردی ظاہر کی۔ چین کی فوج کا بھی کچھ حصہ ان کے ساتھ شامل ہوگیا۔ چین کی بادشاہ ملکہ لٹسی ہی تھی جس نے فغفور کوانگسو کو پہلے معزول اور پھر اس سے ایک سالہ بچہ کو ولیعہد منظور کروا کر اب تیسی تی سلطنت چین کی زمام سلطنت اپنے ہاتھوں میں لی ہے اس کا تہا اثر بھی عرصے سے بیٹھی ہی [illegible] ملی بھگتی بیٹھی تھی۔ باکسروں کی بغاوت نے اسے اپنے کینہ وعناد کے اظہار کا اچھا موقع دیدیا۔ چنانچہ اس نے [illegible] کو تو ڈکر حامیان باکسروں سے ایک نئی کیبنٹ مرتب کی۔ ملکہ کی سرپرستی سے باکسروں کو اور بھی تقویت حاصل ہوئی۔ اور چین کے بعض شہروں میں اجنبی باشندوں پادریوں مشنری لیڈیوں عام طور پر قتل کی جانے لگیں۔ ان کے مکانات اور گرجے آگ سے خاک سیاہ کردیئے گئے واقعات کا سلسلہ مسلسل ہے۔

لارڈ سالسبری کی نصیحت

گزشتہ ہفتہ ... انگلستان و ہندوستان کی مشنری سوسائٹیوں ... کی اشاعت ... وزیر اعظم انگلستان کی اس ہدایت ہے کہ ممالک غیر بالخصوص اسلامی سلطنتوں میں انجیل کی منادی کا کام نہایت ہوشیاری اور احتیاط کے انجام دینا چاہئے۔ تاکہ ان کی وجہ سے ان ملکوں اور یہاں جوش سے کوئی ایسا فساد کھڑا نہ ہو جائے۔ جس کا فرو کرنا بعد میں مشکل ہو۔ بہت کچھ اظہار رائے کیا ہے ... ہیں۔ لیکن ... کا مندرجہ بالا قول ان کے سالہا سال کے تجربے اور مشاہدے پر مبنی ہے اور اس کی صحت و درستی میں کلام نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ مشرق میں ایک مثل مشہور ہے کہ پہلے پادری کسی نئے ملک میں داخل ہوتے ہیں۔ ان کے بعد سفیر صاحب تشریف لاتے ہیں۔ اور سب سے آخر سپہ سالار آکر ملک کا الحاق کر لیتا ہے۔ کسی ملک سے سفارتانہ تعلقات پیدا کرنے میں یورپین سلطنتوں کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ جس طرح اور جہاں تک ممکن ہو۔ اس کے منفعت خیز قطعات اور تجارتی مرکز ہمارے قبضہ میں آ جائیں۔ اگر موقع ملے تو سلطنت کا ہی صفایا کر دیا جائے۔ اس قسم کی ... کارروائیوں اور دست درازیوں سے ملک میں ... بغاوت برپا ہو جاتی ہے اور اجنبی طاقت کو اس کے الحاق کا اچھا خاصا بہانہ مل جاتا ہے۔ چین اب یورپین طاقتوں کے رویہ کی نسبت جنرل گارڈن نے بہت عرصہ پہلے یہ لکھا تھا کہ "فرانس، روس اور انگلستان کا برتاؤ چین سے نہایت شرمناک ہے۔ اور یورپین طاقتوں کے ... کے مطالبوں سے گورنمنٹ چین کا قافیہ روز بروز تنگ ہوتا جاتا ہے"۔ اور اس مصری سپہ سالار نے ... میں یعنی بیس سال پیشتر اس فساد کی پیشینگوئی کر دی تھی۔ جو اب چین میں اجنبیوں کے خلاف برپا ہوا ہے۔ چنانچہ جنرل موصوف نے کہا تھا کہ جب چینیوں کو معلوم ہوگا کہ اجنبی طاقتوں کی دست درازیوں سے محفوظ رہنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے کہ فوج کو از سر نو مرتب کر کے اس کو جدید اسلحہ جنگ سے مسلح کیا جائے۔ تو تم یقین رکھو کہ وہ فوراً توپیں بندوقیں اور جنگی جہازات یورپ سے خرید لینگے۔ اور یورپین ماہرین جنگ کی امداد سے جو چین میں بکثرت مل سکتے ہیں۔ اپنی سپاہ کو قواعد سکھلا کر یورپین افواج کا مقابلہ کرنے کو ... ایک روز ... بالمقابل ایک خوفناک لشکر کو آمادہ پیکار پائینگے۔ نیز جنرل گارڈن نے یہ بھی کہا کہ ... کا یہ خیال کہ جہاں ہم جاتے ہیں ... نہیں

خوش آمدید

... ہوتے ہیں ... کی غلط فہمی پر دلالت کرتا ہے۔ مندرجہ بالا اقتباسات سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ اہل چین ... عزت و حقارت کی نگاہوں سے ... [illegible]

مفقود قتل کر دیئے گئے ہیں۔ کبھی یہ کہا گیا کہ وہ محل میں مقید ہیں۔ بالفرض اگر کوئی ایسا خطرہ ان کی زیست کو دھمکی دے رہا تھا۔ تو اس سے وہ بال بال بچ گئے ہیں۔ متحدہ افواج نے سخت نقصانات کے بعد ٹاکو اور تینتسن فتح کر لیا۔ اور خوشی کی بات ہے کہ ۱۵ اگست کو یہ فوج پیکن میں بھی داخل ہو گئی۔ اور سفرائے دول خارجہ اور میموں اور بچوں کو رہائی دلانے میں کامیاب ہوئی۔ ان یورپین مردوں بچوں اور عورتوں کی تعداد جو پیکن میں محصور تھیں۔ ایک ہزار سے زیادہ اندازہ کی جاتی ہے۔ ملکہ ۔ پرنس توان اور ولیعہد کا باپ ۱۴ اور ۱۵ اگست کو ... بھاگ گئے ہیں۔

جنگ ٹرنسوال میں جس طرح اہل ہند و دیسی والیان ریاست نے ... گورنمنٹ کو مدد دی ہے۔ پیسہ اخبار کی گزشتہ اشاعتوں میں ان کا وقتاً فوقتاً ذکر ہوتا رہا ہے گو ہنوز یہ لڑائی ختم نہیں ہوئی۔ مگر جنگ چین کے شروع ہوتے ہی ہندوستان والیان ریاست اور دیسی شرفا کی طرف سے حسب معمول مذہبی و دیگر اقسام کی امداد کی درخواستوں کا تانتا لگ گیا۔ راولپنڈی کے مسٹر دھنجی بھائی ... نے ٹرنسوال کے علاوہ چین میں بھی تانگے روانہ کئے۔ مہاراجہ صاحب گوالیار نے جہازی ہسپتال نذر کیا۔ لیکن یہ پہلا موقعہ نہیں کہ غیر ملک میں دیسی سپاہیوں کو انگریزی افواج کے پہلو بہ پہلو لڑنیکا موقعہ ملیگا۔ بلکہ ... قبل ازیں اس قسم کی کثیر التعداد لڑائیوں میں اپنی بہادری و شجاعت کے جوہر دکھلا چکے ہیں۔ سب سے پہلے ایسٹ انڈیا کمپنی نے یورپین طاقتوں کے خلاف ترقی اثر قائم رکھنے کے لئے ہندوستان سے دو رجمنٹیں فلپائن بھیجی تھیں۔ اس کے بعد مصر۔ سوڈان۔ چین۔ مشرقی مجمع الجزائر کی لڑائیوں میں ... اور ہندوستانی ... حصہ لیتی رہی ہیں۔ دیسی سپاہ کا چین بھیجا جانا ... ہی بات نہیں۔ البتہ ہندوستان کی تاریخ میں یہ اپنی قسم کی

پہلی مثال

متصور ہوگی۔ کہ دیسی ریاستوں کی سپاہ کو گورنمنٹ نے مہم چین میں بھیجنا منظور کیا ہے۔ اور نوجوان مہاراجہ صاحب بیکانیر اور سر مہاراجہ پرتاب سنگھ مدار المہام جودھپور اپنی اپنی فوج کے ساتھ چین جائینگے۔

ایک انگریزی اخبار نے باکسروں کی وجہ تسمیہ اور ان کے حالات ظاہر کئے ہیں۔ ان کا خلاصہ یہ ہے کہ چین کی کثیر التعداد مخفی سوسائٹیوں میں یہ ایک طاقتور انجمن ہے جس کی شاخیں تمام سلطنت میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اور برادرانہ مساوات اور باہمی اتفاق و اتحاد اور جائز حقوق اور آزادی کی حفاظت اس کے اغراض میں داخل ہیں۔ ... ایک ... کمیٹی ہے۔ اور ... چین میں باکسر سوسائٹیں جن کو بالفاظ دیگر

انجمن ...

... کے ممبروں کی تعداد ... ایک کروڑ تک پہنچ گئی ہے ... [illegible] ... ہر ایک مجلس کے ... عہدہ ممبر

بہم پہنچانے کا کام اس کے عہدہ اراکین کے سپرد ہوتا ہے جو اپنے فرائض کو انجام دینے کے لئے جائز و ناجائز ہر ایک ذریعہ سے کام لیتے ہیں۔ پہلے یہ فرقہ محض سوشل معاملات میں دلچسپی ظاہر کیا کرتا تھا۔ مگر اب چند سال سے اس نے پولیٹیکل دنیا میں قدم رکھا ہے۔ ہر ایک ضلع کی باکسر سوسائٹی ایک میر مجلس و نائب میر مجلسوں کے ماتحت ہوتی ہے۔ اور عہدہ داروں کو نہلسٹوں کے قواعد کے بموجب سزائے موت دی جاتی ہے۔

قواعد طاعون میں اصلاح

کمیشن طاعون کی رپورٹ پر گورنمنٹ ہند نے قواعد طاعون میں بہت کچھ نرمی اور تخفیف کر دی۔ چنانچہ حال ہی ریزولیوشن گورنمنٹ کے بموجب طاعونی لاشوں کے جابرانہ معائنہ اور پاسپورٹوں کے طریق کا قاعدہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ صرف وہی مریض ہسپتال کئے جائینگے جن کا کوئی خبر گیراں نہ ہو۔ ... بالقائم کے لئے ایسا کرنا ضروری متصور ہو۔ ... گورنمنٹ کے خیال میں اگر لوگ بلا جبر و اکراہ خوشی سے ہسپتال جانا پسند کریں تو بہتر ہوگا۔ شفا خانوں کی نسبت لوگوں کی بدگمانی دور کی جائے۔ ان میں مریض کی خدمت کے لئے کم سے کم رشتہ داروں کے رہنے کا بھی انتظام کیا جائے۔ مریضان طاعون کی علیحدگی کو غیر موثر اور تکلیف دہ بیان کیا گیا ہے۔ بڑے بڑے مقامات و مضافات کے لوگوں کو شہر و قصبہ کے خالی کرنے پر مجبور کر کے تنگ نہ کیا جائے لیکن گورنمنٹ کے خیال میں سوداگروں اور دستکاروں کو علیحدہ کر سکتے ہیں۔ تحلیل کی کوشش ایسی جگہ کیجائے۔ جہاں طاعون نیا نیا پیدا ہوا ہو۔ مسافرین ریلوے کا معائنہ گو مفید ثابت ہوا ہے۔ لیکن لوکل گورنمنٹوں سے درخواست کی گئی ہے جہاں تک ممکن ہو ریلوے معائنہ کے مقامات کم کر کے صرف وہی رکھ لئے جائیں جو نہایت ضروری ہوں۔ مسافروں کا اسباب ڈس انفکٹ نہ کیا جائیگا۔ اور نہ وہ کسی جگہ روکے جائینگے۔ طاعونی مقامات سے آنے والے مسافروں کا صرف سرسری طبی معائنہ کافی ہے۔ جب کسی جگہ ایسے اشخاص طاعون پھیلے۔ جو ... مقامات سے آئے ہوں۔ تو ان ... واردوں کو زیر نظر رکھا جائیگا۔ مندرجہ ذیل قواعد پر بھی گورنمنٹ شاذ و نادر عمل کیا جائے۔ مریضان طاعون کی تلاش کے لئے مکانات کا معائنہ مخبروں کو انعام دینا ... طاعون کی کامیابی کا زیادہ تر انحصار مقامی باشندوں کی ... تربیت اور افسر ضلع ... حضور وائسرائے جبر و سخت کارروائی ... کے مخالف ہیں۔ اور لوکل گورنمنٹوں کو بنا بر مزید سہولیت ان قواعد وغیرہ میں مناسب اصلاح و ترمیم کرنے کی ہدایت فرماتے ہیں۔

برٹش سفراء کا تغیر و تبدل

سر ... ڈرمنڈ برٹش سفیر طہران (ایران) میڈرڈ (ہسپانیہ) تبدیل کئے گئے ہیں ... جو ... سال کی عمر ... [illegible] ... سفارت کا ... گورنمنٹ

... پیرس کے دلچسپ عجائبات باتصویر انتخاب لاجواب ہیں سلسلہ ... ہیں۔

انگلستان کے سفرا کی حالت بالعموم غیر تسلی بخش ہے کیونکہ سفارت کے اعلیٰ عہدوں میں بہت سا تغیر و تبدل اور کنارہ کشیاں وقوع میں آ چکی ہیں یا آنے والی ہیں۔ ان سفارتوں کی قسمت کا فیصلہ موجودہ پارلیمنٹ کے ٹوٹنے اور جدید وزارت کے قائم ہونے سے پہلے نہیں ہو سکتا۔ سر ہوریس رمبولڈ سفیر ویانا (آسٹریا) کے کنارہ کش ہونے پر سر [illegible] سفیر بلجیم وہاں مامور ہوئے ہیں۔ اور بلجیم میں برٹش سفارت کا عہدہ ہنوز خالی پڑا ہوا ہے۔ چند ماہ کے بعد لارڈ پونسی فوٹ واشنگٹن (امریکہ) کی سفارت سے قطع تعلق کر دینگے۔ نئی وزارت کے مقرر ہونے پر غالباً لارڈ کرامر قاہرہ سے انگلستان طلب کر لئے جائینگے۔ کیونکہ ان کا کام قاہرہ میں ختم ہو چکا ہے۔ وہ انگلستان میں صیغہ جنگ کے پریسیڈنٹ مقرر کئے جائینگے۔ تاکہ وہ محکمہ مذکور میں ضروری اصلاحیں کر سکیں۔ بجائے سر مارٹیمر ڈورنڈ کے سر ہارڈنگ سفیر طہران مقرر کئے گئے ہیں۔ جو نہ صرف ایک نوجوان شخص ہیں بلکہ ناتجربہ کار بھی ہیں۔ گو قاہرہ اور زنجبار میں سفارت کا کام کر چکے ہیں۔ مگر سفارت طہران جیسے نازک اور ذمہ داری کے عہدہ کے فرائض کا انجام دینا ہر ایک سفیر کا کام نہیں ٭

ایک خوفناک سازش کا افشا | پریٹوریا کے بوئروں نے سازش کی تھی کہ ۱۵ اگست کی رات کو انگریزی جنگی ہیڈ کوارٹر میں جا بجا آگ لگا کر عین اس وقت۔ جبکہ عسکر انگریزی اپنی پریشانی میں مبتلا ہو۔ اس کے افسروں کو قتل کر ڈالیں۔ اور لارڈ رابرٹس اور [illegible] کو بھگا لیجائیں۔ خوش قسمتی سے یہ سازش ظاہر ہو گئی۔ اور اس کے دس سرغنے گرفتار اور بقیہ مشتبہ بوئر نگرانی میں رکھے گئے۔ اس سازش کی خبر نے سلطنت انگلستان کے ارکین کو چونکا دیا ہے۔ اور وہ بوئروں کی اس جرأت کو برٹش افسران پریٹوریا کے غیر معمولی حلم و نرمی کا نتیجہ تصور کرتے ہیں۔ اگر مخالفین اپنے ارادے میں کامیاب ہو جاتے تو ٹرانسوال کا تختہ پلٹ جاتا۔ اور جو فتح و نصرت انگلستان نے کروڑوں روپیہ خرچ کر کے اور ہزارہا بہادروں کا خون بہا کر حاصل کی تھی۔ اس کا نہایت درد انگیز طور پر خاتمہ ہوتا۔ بقول سنٹرل نیوز ایجنسی بوئروں کا ارادہ تھا کہ لارڈ رابرٹس کو بھی ساتھ لیجا کر قتل کر ڈالیں۔ اور اس کے بعد پریٹوریا۔ جوہانسبرگ اور بلوم فونٹین پر آسانی سے قبضہ کر لیں۔ فی الواقعہ یہ سازش نہایت دلیرانہ اور خوفناک تھی جس نے انگریزی سپاہ پریٹوریا کے دلوں میں [illegible] جوش پیدا کر دیا ہے۔ امید ہے کہ لارڈ رابرٹس اپنے ماتحت افسروں کے اس مرض غفلت کے [illegible] میں اپنی کوشش کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرینگے۔

ریزولیوشن اخراج فارسی کی منسوخی | انجمن اسلامیہ پنجاب لاہور کے علاوہ [illegible] انبالہ۔ ملتان [illegible] کی اسلامی مجالس نے بھی [illegible] کانفرنس کے [illegible]

اخراج فارسی کی [illegible] لفٹیننٹ گورنر پنجاب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ قبل ازیں ۱۸۹۹ء میں بھی کانفرنس مذکور نے فارسی زبان پر حملہ کیا تھا۔ مگر گورنمنٹ پنجاب کی بیدار مغزی سے اس کی بیخ کنی بے سود ثابت ہوئی تھی۔ اپریل ۱۹۰۰ء میں جب اس نے پھر فارسی کو ہدف مخالفت بنا کر اس کے خلاف ریزولیوشن چند ووٹوں کی کثرت سے پاس کر دیا۔ مسلمانوں سے قطع نظر بعض بے تعصب ہندو اخبارات نے بھی کانفرنس کی اس کارروائی کو پسندیدگی کی نگاہوں سے نہیں دیکھا۔ چونکہ الہ آباد یونیورسٹی اس سے پہلے ہی فارسی کو [illegible] سے نکال چکی تھی۔ اس لئے سخت اندیشہ تھا کہ کہیں پنجاب میں بھی اس سرمایہ علوم و فنون زبان کے اخراج کا وار نہ چل جائے۔ چند روز کے بعد ہمسایہ صوبے میں ناگری ریزولیوشن کے صادر ہونے نے ہوا خواہان فارسی کی ہمتوں کو اور بھی پست کر دیا۔ ایسی نازک حالت میں ہز آنر لفٹنٹ گورنر پنجاب کی روشن خیالی اور مآل اندیشی کا شکریہ ادا کرنے کے لئے کافی الفاظ نہیں ملتے۔ حضور نے اس مضر ریزولیوشن کی نامنظوری سے طلبائے پنجاب کی امیدوں کو از سر نو زندہ کر دیا۔ فارسی کے خلاف اِن [illegible] سے صاف ظاہر ہے کہ کانفرنس میں مسلمان ممبروں کی تعداد بہت کم ہے۔ جو تمام صوبہ کی تعلیم کی [illegible] کا فیصلہ اسی کانفرنس سے [illegible] ہوتا ہے۔ اس لئے اس قلت سے انہیں مدارس پنجاب کی تعلیم سے اپنے قومی و ملکی لٹریچر کے اخراج کا ہر وقت کھٹکا لگا رہتا ہے۔ پس امید ہے کہ گورنمنٹ پنجاب آئندہ کانفرنس کے سالانہ جلسوں میں مسلمان ممبروں کی کمی کو مناسب تعداد نامزد فرما کر رفع کریگی۔ اس میں شک نہیں کہ ڈسٹرکٹ و اسسٹنٹ انسپکٹران مدارس پنجاب جو عموماً اس کانفرنس کے ممبر ہوتے ہیں۔ ان میں مسلمان دو ایک سے زیادہ نہیں۔ مگر گورنمنٹ اس کمی کو اسلامی مجالس کے ممبر نامزد کر کے اور ڈیلیگیٹوں سے بوجہ احسن پوری کر سکتی ہے۔

اردو ڈیفنس کمیٹی | اس کمیٹی کا جلسہ ۱۸ ماہ حال کو ۸ بجے صبح کے بارہ دری قیصر باغ لکھنؤ میں بصدارت نواب محسن الملک مولوی سید مہدی علی خاں صاحب بہادر منعقد ہوا۔ پہلے رفاہ عام ہال کو اس جلسہ کے لئے تجویز کیا گیا تھا مگر لوگوں کی کثرت اور ہال مذکور کی قلت گنجائش کی وجہ سے بارہ دری قیصر باغ کو جلسہ گاہ قرار دیا گیا۔ ممالک مغربی و شمالی و اودھ کے تمام اضلاع کے معزز و تعلیم یافتہ اصحاب کے علاوہ صوبہ پنجاب کے اکثر مقامات مثلاً لاہور۔ امرتسر۔ لودیانہ۔ انبالہ۔ ملتان دہلی کی اسلامی انجمنوں کی طرف سے بھی ڈیلیگیٹ بھیجے گئے تھے۔ پہلے ارشاد علی خاں صاحب پریسیڈنٹ استقبالیہ کمیٹی نے ڈیلیگیٹوں کو خیر مقدم کہا۔ نواب وقار الملک مولوی مشتاق حسین صاحب کی تحریک سے نواب محسن الملک کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے۔ حضور [illegible] ہند کے لئے [illegible] ایڈریس قبل از وقت

[illegible] واقعہ یہ تھا کہ ایک [illegible] تھا کہ ہم [illegible] استدعا [illegible] کیا گیا [illegible] صنعت [illegible] ہند [illegible] کے بعد حسب ذیل مضمون کا ریزولیوشن [illegible] جلسہ [illegible] ریزولیوشن زبان ناگری کے خلاف اظہار ناراضی کے متعلق [illegible] مگر اس کے ساتھ ہی وہ اس خیال سے اتفاق نہیں کرتا کہ اس کے نفاذ کی یہ غرض ہے کہ ایک قوم کو نقصان پہنچا کر دوسری قوم کو [illegible] دیا جائے۔ بلکہ یہ جلسہ یقین کرتا ہے کہ سر انٹونی نے یہ ریزولیوشن بزعم خود محض ہندی و اردو کی سہولت کے لئے پاس کیا ہے۔ مگر اس بارے میں یہ جلسہ ہز آنر کا ہمصفیر نہیں کہ اس سے کسی قسم کی سہولت و آسانی انہیں حاصل ہوگی۔ نواب محسن الملک کی تائید سے یہ ریزولیوشن بالاتفاق پاس ہوا ٭

ناشتہ کے لئے مختصر سی رخصت کے بعد پھر جلسہ دوبارہ منعقد ہوا۔ جس میں حسب ذیل ریزولیوشن بھی بعد بحث پاس ہوئے کہ عدالتوں میں ناگری کا آزادانہ اور غیر محدود استعمال پبلک کی تکلیف کا باعث ہوگا۔ مسلمانوں کے علاوہ اردو [illegible] دیگر اقوام کے لوگ بھی نوشت و خواند کرتے ہیں۔ اردو کا استعمال کسی پہلو سے باعث تکلیف ثابت نہیں ہوا۔ اس لئے ناگری ریزولیوشن سے جو تغیر عظیم پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے وہ غیر ضروری ہے۔ ناگری کے عمل سے عام طور پر پریشانی اور بے چینی پیدا ہوگی اور آخرکار اردو لٹریچر نیست و نابود ہو جائیگا۔ ہندوستان کا لٹریچر بالعموم اور شمالی ہند کا بالخصوص اردو زبان میں ہے اور حاکم و محکوم کے باہمی اظہار خیالات کا بھی یہی ذریعہ ہے۔ ہندوستان میں بالعموم اور اس کے صوبوں میں بالخصوص اس کو قائم و برقرار رکھنا اور ترقی و استحکام دینا گورنمنٹ کا فرض ہے۔ گورنمنٹ نے اس امر کے [illegible] ہندی اور اردو بولنے والوں کے متعلق جو اعداد و شمار گذشتہ مردم شماری کے کاغذات سے اخذ کئے ہیں وہ درست نہیں اور واقعات کے خلاف ہیں [illegible] بالا ریزولیوشنوں کے مضامین کے مطابق سر انٹونی میکڈانل کی خدمت میں میموریل بھیجنے کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر ہوئی۔ یہ ریزولیوشن بھی پاس ہوا کہ سر انٹونی سے درخواست کیجائے کہ وہ اس جلسہ کے ڈیپوٹیشن کو میموریل پیش کرنے کا موقع دیں۔ نیز اردو کی حفاظت و ترقی کے لئے ایک مستقل ایسوسی ایشن قائم ہوئی۔ اس کے بعد تقریباً چھ بجے شام کے جلسہ برخاست ہوا ٭

نواب محسن الملک بہادر کی پریسیڈنشل سپیچ نہایت پر مغز اور مدلل تھی۔ ہز آنر نے [illegible] ہندو اور مسلمانوں کی ملازمت اور ناگری ریزولیوشن کے متعلق جو خیالات ظاہر کئے تھے۔ نیز لاٹ سپیکر کا [illegible] باز نہیں رہ سکا۔ آپ نے اس بات پر افسوس [illegible] کہ سر انٹونی مسلمانوں کو ملازمت عطا کرنے [illegible] نہیں تھے۔ اور اس بارے میں انہوں نے سر [illegible] کی خیال کی پیروی نہیں کی۔ مگر [illegible] اور کہا کہ [illegible]

[illegible] کے دلچسپ عجائبات باتصویر انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

[illegible] جن میں ہو ... تھے
بہ [illegible] کی ... سنہ ۱۸۸۶ء کے
علیحدہ مشتہر ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر لطف علی خاں صاحب نے
ہر آنرسے جو یہ کہا تھا کہ ... معاملہ میں مگر جلسہ مذکور میں
شامل کیا گیا تھا۔ نواب محسن الملک بہادر نے اس کی ندرسے
تردید کی اور اپنے بیان کے ثبوت میں اُن کے خطوط پیش
کئے۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ گورنمنٹ کو جہاں تک جلد ممکن ہو
اس اختلاف کا فیصلہ کر دینا چاہیے۔ جو لفظ پینشن کے
معنوں کی نسبت جوڈیشل کمشنر اودھ اور ہائیکورٹ الہ آباد
میں پیدا ہو گیا ہے۔

مرزا عبد اللہ حسرتی	ہر من مرتوما و آکش ہو تا تھا سہاگ سٹنٹ
پر مزید الزامات	سرجن سابق مرزا عبد اللہ حسرتی

کا نپور میں پانچ سال کی سزائے قید پانے کے بعد عدالت
مجسٹریٹ مراد آباد کی عدالت میں پیش ہوئے کیونکہ وہاں
کے ایک شخص کو بھی دھوکہ دے کر انہوں نے ۶ روپے اینٹھے
تھے ملزم انگریزی وضع میں بڑی دلیری سے عدالت میں
گفتگو کرتا رہا۔ گواہوں اور ملزم پر جس کو اس نے دھوکہ
دیا تھا خود جرح کی۔ دستاویزات پر دستخط کرنے سے منکر
ہوا۔ طلائی گھڑیوں کی نسبت کہا کہ چونکہ میں ڈاکٹر تھا اس
لئے مجھے ہدیہ اکثر ایسی چیزیں ملا کرتی تھیں چونکہ میرا
اسباب و کتاب یادداشت کا پیر ۔ الہ آباد میں ہے۔ اس
لئے میں نہیں بتا سکتا کہ کونسی چیز کہاں سے ملی تھی مجسٹریٹ
نے پوچھا کہ کیا تم اپنا سامان و کتاب یادداشت طلب
کروانا چاہتے ہو۔ تو اس نے نفی میں جواب دیا۔ اس نے
مسلمان ہونے سے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ میں ڈاکٹر
ہوں ۶-۷ سال ہوئے کہ میں نے اسسٹنٹ سرجنی کا
امتحان پاس کیا تھا۔ اس کی یہ بات کہ مسٹر انگلینڈ بھی
[illegible] کا لیکچرر میں سستی بہت بڑی جا پڑا ہے۔ اس کا
بیان ہے کہ بیماری کی وجہ سے حاضر عدالت سے معذرت کرتا ہے
اس سلسلہ کو ملتوی رکھا اور دیگر مقامات میں سزا پانے سے
انکار کیا۔ عدالت نے اس کی شناخت کے گواہ طلب کئے
ہیں۔ ملزم حوالات میں ہے۔

دریائے سندھ میں طغیانی آنے کی وجہ سے کستوری نامی نہر
واقع ... فانشیٹیوں کا پانی کنارے کو توڑ کر جھاڑیوں کی طرف
بہ نکلا جس سے جھاڑیوں کے کسی قدر حصہ میں سیلاب آگیا
پولیس لائن کے قریب ایک عارضی بند بنایا گیا تھا۔ اسکی

غال [illegible] ... کا غائب ہو گیا ...
دو ... فرمانے ... دو مال ... سوزہ ... بہت عمدہ
بافتات ... بہت سے ہماری دوکان سے
بیول ... حسب فرمائش مل سکتے ہیں۔
نوٹ ... کسی قسم کا مال مطلوب ہو تو
... پیسہ ... لکھا جاتا ہے
المشتہر محمد ... جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ
... پتی

درمیان سے جہلم دریائے جہلم سے ... باشندوں کو گھر
کو چھوڑنے پر تیار ہیں۔

دریائے راوی بھی اب ایسی طغیانی پر آیا ہے کہ لاہور
میں مسجد شاہی تک اس کا پانی پہنچ گیا ہے۔ نیز وزیر آباد
تک اس دریا کے قرب و جوار کی اراضی بھی کم و بیش پانی میں
ہے۔ چناب و جہلم بھی چڑھاؤ پر ہیں۔ دریائے سندھ نے
حیدر آباد سندھ کے قریب لائن کو توڑ ڈالا ہے۔ سلطان والا
اور لودہاں کے مابین بھی ریلوے لائن بہہ گئی ہے۔ نیز فیروزپور
کے قریب سے بھی لائن کے ٹوٹنے کی خبر پہنچی ہے۔

گورنمنٹ گزٹ پنجاب سے معلوم ہوتا ہے کہ ہز آنر لفٹنٹ
گورنر پنجاب نے باشندگان قصور ضلع لاہور کی بدچلنی کی
وجہ سے ایک سال کے لئے تعزیری پولیس مقرر کی ہے۔
پولیس مذکور میں ایک ڈپٹی انسپکٹر۔ دو دفعدار۔ ۱۱ و ۴۸
سولہ ہوں گے۔ اور اس کا ایک سال کا خرچ ۲۲ ہزار ۷ سو
۵۷ روپے ہوگا۔ جو باشندوں کو ادا کرنا پڑیگا۔

مسودہ انتقال اراضیات پنجاب کی نسبت سلکٹ کمیٹی
نے راجسٹرکل کونسل میں اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے۔ مسودہ
مذکور میں چند ترمیمیں کی گئی ہیں۔ آنریبل کنور ہرنام سنگھ
صاحب کے سوا تمام ممبران کمیٹی نے ترمیمات سے
اتفاق کیا۔ کنور صاحب و سرے ہی اس مسودہ قانون کے
خلاف تھے۔

الحمد للہ کہ بارش سے ہندوستان میں قحط کا ملیا
میٹ ہو گیا۔ مزدوروں کا ہجوم کم ہونا شروع ہو گیا۔ چنانچہ اس کی کل
تعداد ۳۵۷۰۰۰ ہزار کی ہو گئی ہے۔ اور احاطہ پنجاب کی انگریزی
علاقوں میں جہاں گزشتہ ہفتہ ۱۶۹۲۲۸ کے اب ۱۴۹۴۳۶ مزدور رہ گئے
ہیں۔ اور یہاں کی دیسی ریاستوں میں ان کی تعداد بھی
۸۹۶۲ کی کمی ہوئی۔

کسولی میں ۱۹ اگست کو پاسچر انسٹیٹیوٹ کے کھلتے ہی
دس مریض علاج کے واسطے آئے۔ چند روز کے بعد زیر علاج
مریضوں کی تعداد ۹۸ تک پہنچ گئی جن میں ۲ برٹش افسر
۴۰ انگریز سپاہی ۳۰ دیسی سپاہی ۲۰ یوریشین سویلین اور ۴ دیسی
سویلین تھے۔ قرائن بتا رہے ہیں کہ اس انسٹیٹیوٹ کو بہت
جلد فروغ حاصل ہوگا۔

ریویو

تحفۃ العاشقین مع تحفۃ العارفین۔ استاد
عبد الصمد صاحب قدس سرہٗ کی تصنیف سے اردو نظم و نثر
کے یہ دو رسالے یکجا شائع کئے گئے ہیں۔ ان میں مسائل تصوف
و اخلاق پر بڑی خوبی سے طبع آزمائی کی گئی ہے۔ مثلاً تصوف
کی حقیقت۔ مسلک بزرگان۔ طریقہ بیعت وغیرہ۔ تحفۃ العاشقین
نظم میں ہے اور تحفۃ العارفین نثر میں قیمت ۶ آنہ کتاب
محمد بشیر الدین صاحب سوداگر جوہری بازار آگرہ سے مل
سکتی ہے۔

دانش افزا مصنفہ ماسٹر سید محمد عبد الرحمن صاحب
کلرک چیف کمشنر آفس دہلی)۔ اس میں دلچسپ حسابی
چٹکلے وغیرہ درج ہیں اور ارباب شوق کے دیکھنے کے قابل
ہے قیمت مع محصول ۳ آنہ۔

جذب دل۔ منشی حسین صاحب قدوائی دگدیہ۔ بارہ بنکی
نے اس نام کا ایک ناول لکھا ہے۔ جو محمد یوسف مالک مطبع
فرنگی محل لکھنؤ سے مل سکتا ہے۔

اصلاح قوم۔ سید لعل صاحب عطا عرف عبارت
مسافر نوشہرہ ضلع پشاور نے ملک کے نا تجربہ کار نوجوانوں
کو نہایت موثر پیرایہ میں عیاشی کے متعلق و مدخنز فروشوں
کے ہتھکنڈوں اور دیگر مکروہات زمانہ سے آگاہ کیا ہے
اس کتاب کی ملک کو ضرورت تھی کہ کی جاتی ہے۔ اس کے خاتمہ
میں امراض جسمانی کے مجرب و مفید نسخہ جات اور علامات
مندرج ہیں۔ قیمت ۲ آنہ۔

اثبات الحق۔ مولوی سید محمد موید الدین صاحب
مرحوم سابق عہدہ دار سرکار نظام نے رد نصاریٰ میں عربی
زبان میں ایک کتاب الموسوم بہ خیر المقال تصنیف فرمائی
تھی۔ جس کا سید محمد محی الدین خاں صاحب جج ہائیکورٹ
حیدر آباد دکن۔ فرزند اصغر مصنف نے عربی سے اردو میں
ترجمہ کیا ہے۔ مذہبی مباحثہ کے شائقین طلب کر کے لطف اٹھا سکتے ہیں

STEARHS HEADACHE CURS

سٹیرنس صاحب کی سر درد کی دوائی

یہ دوائی نہایت معتبر۔ خوش ذائقہ اور زود اثر ہے۔ اس کے استعمال سے فوراً ہر قسم کا سر درد۔
درد نیم سر۔ اعصابی درد۔ معدہ سے متعلق سر درد اور تمام اقسام کا درد سر فوراً دور ہو جاتا ہے۔ نقلی
دوائی سے بچو۔ اور ہماری اصلی دوائی حاصل کرنے کے لئے ہوشیار رہو اور اصرار کرو۔

ملک کے تمام انگریزی دوائی فروشوں سے یہ دوا دستیاب ہو سکتی ہے

"نمائش پیرس کے عجیب عجائبات بالتصویر" انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

سیاحت یورپ

نویں چٹھی

(مرقومہ منشی محبوب عالم صاحب - از مقام پیرس ۲۳ اگست ۱۹۰۰ء)

نمائش پیرس

جیسے پچھلے خطوں میں نمائش پیرس کے دیباچہ کے طور پر کچھ حالات لکھے تھے - اور آئندہ خاص نمائش کے حالات لکھنے کا وعدہ کیا تھا - آج مجھے انیسواں روز پیرس میں ہے اور سوا ایک تین یا چار روز کے میں بلا ناغہ تماشگاہ میں جاتا رہا ہوں - اور اکثر اوقات صبح سے شام تک اشیائے نمائش کے دیکھنے میں مصروف رہا ہوں - اس لئے اتنے دنوں میں بہت کچھ دیکھ لیا ہے - ہر چند کہ اکثر حصے نہایت سرسری دیکھے ہیں کیونکہ جیسا کہ میں پہلے لکھ چکا ہوں اس نمائش کو بنظر غور و تامل سے دیکھنے کے لئے تو تین ماہ بھی کافی نہیں ہو سکتے - یورپ اور امریکہ کی تمام سائنس اور شائستگی نے انیسویں صدی عیسوی کے اس آخری سال تک جو کچھ بھی ترقی کی ہے - اس سب کا خلاصہ اور انتخاب یہاں پیش کیا گیا ہے - غرض دنیا کے ہر ایک صیغہ کی جدتیں عجیب نرالی - کار آمد اور عمدہ چیزیں یہاں پیش کی گئی ہیں - پھر اگر ان چیزوں کو دیکھنے میں بہت سا وقت صرف ہو جائے تو بالکل معمولی بات ہے - عمارات کہ جن میں یہ چیزیں رکھی گئی ہیں سجاوٹ کے طور پر بڑے بڑے قصر رفیع اور انواع و اقسام کی طرز تعمیر کے نمونے ہیں - میں تو جس چیز کی طرف دیکھتا ہوں اسے ہی اچھا دیکھتا ہوں جو تماشا سہ جاتا ہوں - اشیائے نمائش کا یہ عالم ہے ؎

زفرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم
کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا است

عمارات کی یہ حالت ہے ؎

بہ بیند باز نہ گردد نگاہ از دیوار

(فالباً عرفی کا شعر ہے - پہلا مصرعہ خیال میں نہیں آیا)

دستور ہے کہ صبح ۸ بجے نمائش کھلتی ہے - اور ۱۰ بجے تک دو فرانک کے ٹکٹ سے اندر داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے - لیکن یہ ٹکٹ اب نصف فرانک سے بھی کم قیمت پر مل سکتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ نمائش میں جس قدر لوگوں کے آنے کی توقع تھی نہیں آئے - گو میرے اندازہ میں تو اب بھی بہت آتے ہیں - ۱۰ بجے سے ۶ بجے شام تک ایک ٹکٹ داخلہ کے لئے کافی ہے - لیکن شام کے ۶ بجے سے ۱۱ بجے تک - جبکہ پیرس کے اکثر امرا اور رنگین مزاج شوقین خنکی کے وقت آتے ہیں - دو ٹکٹ داخلہ پر دینے پڑتے ہیں - ۳ اگست کے اخبار "پیرس" سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲ اگست کو حسب ذیل تعداد کے لوگ نمائش میں داخل ہوئے تھے ۱۰ - صبح سے ۱۰ بجے تک ۵۲۳۴ ۔ ۱۰ سے ۶ بجے شام تک ۸ ۱۰۸ ۶ - اور شام کے ۶ بجے کے بعد ۱۱۰۵۴ - سیزن ٹکٹ والے ۴۷ ۹ ۴ ۳ - ملازمت کے ٹکٹ والے (جن کی ملازمت نمائش کے اندر ہے) ۸۹۰۱ - مفت ۱۳ ۸ - کل ۱۶۵۰۸۷ - اور ایک حصہ تماشگاہ کے کھیلوں اور ریلوے سامان کی نمائش کا علیحدہ ہے - اس میں ۱۱۵۱۵ لوگ داخل ہوئے - میزان کل ۱۷۶۶۰۲ - لیکن اس روز تعطیل کا دن نہ تھا - اس لئے اتنے لوگ داخل نہیں ہوئے جتنے کہ ہر روز داخل ہوتے ہیں - ۳ لاکھ سے بھی کبھی زیادہ لوگ داخل ہوئے ہیں چونکہ یہ میلہ ایک دو روز کا نہیں بلکہ چھ ماہ کا ہے - اس لئے اتنے لوگوں کا ہر روز داخل ہونا بھی بڑی بات ہے ٭

تماشگاہ دراصل چار بڑے حصوں پر مشتمل ہے - اور اگر کھیلوں کے ضمیمہ کو الگ کر دیا جائے تو تین حصوں پر ہے - جو دریائے سین کے دونوں طرف شہر پیرس کے وسط میں واقع ہے اور دریا اُن تین حصوں کو جدا جدا کرتا ہے - میں سب سے پہلے نمائش کے بڑے دروازہ کی طرف سے آپ کو اس میں داخل کرنا چاہتا ہوں مگر داخل ہونے کے لئے کل ۳۶ دروازے ہیں - یہ دروازہ جو بڑا عالیشان بنایا گیا ہے تین ۳ - ۱۰۰ فیٹ کی محراب کا ایک مثلث ہے - ۴۲۹ گز زمین ہے اور اس میں ہزار آدمی کھڑے ہو سکتے ہیں - اس میں ۵۸ کمرے ٹکٹ کے شائقین کے ٹھہرنے کے لئے ہیں جن میں بسہولت فی منٹ ہزار آدمی ٹکٹ کے عوض گزر سکتے ہیں - دروازہ میں ایک استقبال کمرہ ہے جو بہت بڑا ہے ... ۔۔۔ اس میں ہیرے جیسی قسم کی لیمپ لگائے ہیں جو کئی مختلف رنگوں کی روشنی دیتے ہیں ... بلند مینار ہیں - رات کے وقت یہ عجیب نظارہ کا مقام ہوتا ہے ... جا کر ہم طرف بائیسکل یا الاسٹر میں خود بخود چلنے والی گاڑیاں ... نمائش پیرس میں بڑا رواج ہے ... ہی نہیں دیکھ کر بھی

جاتی ہیں - اور دونوں طرف پودوں اور پھولوں کی نمائش ہو جاتی ہے - جو کیاریوں میں انواع و اقسام کے پھول اور پودے ہیں - میں ان کا ذکر نہیں کرتا - لیکن جو شیشہ کے مکانات میں عجیب و غریب پودے اور پھول ہیں - وہ عجائبات علم نباتات کا انتخاب ہیں - میں نے یہاں کو کٹ ڈور پودے دیکھے جو پانی کے کئی نمونے دیکھے ہیں - اس کے پھولوں کے اندر مکھیاں اور چیونٹیاں داخل ہو جاتی ہیں - اور ایک طرح کے لیسدار چیپدار لعاب سے لپٹ جاتی ہیں اور پودہ انہیں ہضم کر لیتا ہے - اس کے علاوہ جاپان کے پست قامت درخت دیکھے - بڑے بڑے درخت مثل بلوط اور سرو اور شیشم کے جاپانی باغبان کسی طرح کے عمل سے بہت پست قامت بنا سکتے ہیں - چنانچہ میں نے بڑے بڑے درخت ایک ایک بالشت کے پودوں کی صورت میں دیکھے ہیں جن کے تنے ریشوں ... سوکھے اور سال خوردہ ہیں اور شاخیں ویسی ہی جو کئی سال میں بنتی ہیں - لیکن بہت چھوٹے - ان عجائبات کا ذکر کرنے کی یہاں گنجائش نہیں - یہاں تو صرف چند سرسری حالات ... بتا دینا کافی ہے - ہر چند کہ دریا کے دونوں طرف بالمقابل ... اور صنعت کی نمائش ہے - لیکن دائیں طرف کہ جدھر بڑا دروازہ ہے تین بڑے بڑے عظیم الشان شیشہ کی چھتوں اور دیواروں کے کمرے اس نمائش کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں - ان میں مختلف ممالک کے پھل پودے اور میوہ جات دکھلائے گئے ہیں - امریکہ تک کے میوہ جات سیب - انگور وغیرہ جو بذریعہ ... نمائش کے لئے لائے گئے ہیں - جو میوہ جات زیادہ دیر نہیں ٹھہر سکتے - ان کو ... کیا گیا ہے - یعنی مرتبا یا اچار کے طور سے ڈالا گیا کہ ان کی اصلی ہیئت میں فرق نہیں آیا - اگر یہ فن ہندوستان میں عمل میں لایا جاوے تو ہم بھی اپنے میوہ جات ہندوستان سے یورپ میں بھیج سکتے ہیں - ایک مکان میں تمام قسم کے پودوں اور ترکاریوں اور میوہ جات کے درختوں کے تخموں کے نمونے ہیں - جو دوکاندار ... نے رکھے ہوئے ہیں - یہیں باغبانی کے تمام آلات اور ... باغبانی کی تمام کتابیں اور رسالے جو اس ملک میں چھپے ہیں رکھے ہوئے ہیں - یہاں سے دریا کی طرف زینہ ... ایک ہال ہے - جہاں بہت سی کلیں صنعت کی رکھی ہیں - اور بعض کلیں چلا کر دکھلائی گئی ہیں - لیکن ان کلوں کا بہت کچھ ...

شاہ کمپلینک مستند شاہی طبیب ... امتحان کے بعد ... استعمال ... کیا ہے ... کامیابی کی ... دنیا میں کوئی ... دوائی ایجاد نہیں ہوئی جیسا ہمارا ایجاد کردہ ... گولیاں ... استعمال ... قیمت ... پتہ - حکیم ... سراج الدین متصل ... لاہور

شرطیہ علاج
[illegible]

نمائش پیرس کے دلچسپ عجائبات بالتصویر انتخاب الجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

شان دامار (Champ de Mars) کی ایک عمارت میں ہے۔ اس سے بھی نیچے زیر زمین دریا کی سطح سے کسی قدر نیچے شہر پیرس کا (Acquarium) یعنی پانی کے جانوروں کے دکھلانے کا عجائب خانہ ہے۔ یہاں علیحدہ ایک فرانگ داخلہ ہے جس میں موٹے موٹے شیشہ کے تختوں کے پیچھے دریائی پانی میں مچھلیوں کے مختلف نمونے جونکیں سطان اور دوسرے چھوٹے چھوٹے دریائی جانور مع سمندر کی تہ کی سیپیوں گھونگوں اور مونگے وغیرہ کے درختوں کے ٹھیک اصلی حالت میں دکھلائے گئے ہیں۔ ایک جگہ سمندر کی تہ میں غوطہ زن مع غوطہ زنی کے آلات و سامان کے دکھلایا جاتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ غوطہ زن سمندر کی تہ میں کس قسم کا لباس پہن کر اور تنفس کی ہوا کے لئے کیا انتظام کر کے نیچے جاتے ہیں۔

اس کے بعد دریا کے اسی طرف دو عالیشان عمارات تعمیر کی گئی ہیں جن کے کاریگروں نے اپنی لیاقت تعمیر سے بہت بڑا اعتبار حاصل کیا ہے۔ یہ دونوں عمارات بالمقابل واقع ہیں۔ ایک کا نام "فنون لطیفہ کا بڑا قصر" اور دوسری کا نام "فنون لطیفہ کا چھوٹا قصر" ہے۔ بڑے قصر میں فرانس اور یورپ کے تمام ممالک۔ امریکہ اور جاپان کے اعلیٰ مصوروں کی تصاویر آئل کلر اور واٹر کلر دکھلائی گئی ہیں۔ اُستادان فن سے ہو رہی ہیں گویا جان ڈال دی ہے۔ یورپ کے چھوٹے چھوٹے ممالک بلجیم اور ہالینڈ اور ریاستہائے بلقان کے الگ الگ کمرے ہیں۔ ایشیا میں سے جاپان نے پہلی دفعہ اس قسم کی نمائش کی ہے۔ عمارت کے وسط کے بڑے صحن میں اسی طرح یورپ کے تمام ممالک اور اضلاع متحدہ امریکہ کے صناعوں کے برنج اور سنگ مرمر کے بنائے ہوئے عجیب غریب بت رکھے ہوئے ہیں۔ جن میں سے بعض کے ذریعہ سے نہایت نازک خیالات اور انسانی جذبات کو ظاہر کیا ہے۔ گو اُن میں سے اہل یورپ جاہل اور ناقابل آموزش تہذیب قرار دیں لیکن مصر کے خیال میں ان تصاویر میں سے اکثر میں عورتوں کے ستر کو کھولنے [illegible] اور چھاتیاں وغیرہ مقامات بہت دکھلائے ہیں۔ مصوروں اور بت تراشوں نے وہ ذوق [illegible] وصل [illegible] ہندوستانی سے ذکر کیا کہ کیا اس سے تہذیب اور دنیا کے خیالات کو ترقی نہیں ہوتی تو انہوں نے کہا

کہ انہیں اسی نظر سے دیکھنا چاہئے کہ جس سے وہ بنائی گئی ہیں یعنی نیچر کی اپنی سادگی اور اصلی خوبصورتی کے اظہار کے لئے۔ چھوٹے محل میں پرانی چیزیں فنون لطیفہ سے متعلق دکھلائی گئی ہیں۔ اس میں لے پیسٹری (یعنی قدیم زمانے کے قالین کہ جن پر تصاویر بنائی جاتی تھیں) کے اعلیٰ نمونے دیواروں پر آویزاں ہیں۔ پیتل کے برتن شمعدان اور آرائش کے سامان۔ ایسے کے آرائش کے سامان۔ بعض اور عجیب و غریب میانیاں لکڑی کے پرانے عمدہ کام فرنیچر کی قسم سے۔ ہاتھی دانت اور پتھر کے عمدہ کام کے نمونے چینی اور مٹی کے پرانے ظروف [illegible] دوزی کا کام چمڑے کے کام۔ چاندی اور سونے کے زیور زیورات و سامان آرائش۔ پرانی گھڑیاں شیشہ اور ہر رنگ کے کام۔ پرانے سکے پرانی کتابیں اور مسودے۔ اس عجائب گاہ فنون میں صرف پرانی چیزیں جمع کر کے دکھلائی گئی ہیں جس سے معلوم ہو کہ اس میں زمانہ قدیم میں صنعت و کمال فن کی کیا حالت تھی۔ ان چیزوں کے صناعوں کے نام ملک میں مشہور ہیں ملک کے ہر شہر میں عجائب خانے اور تصویر خانے ہیں۔ ان سب کے لیے یہاں کے استادوں کے کار نمائش کو مستعار دی گئی ہیں مجھے خیال آیا کہ اگر ہندوستان میں یہ دولت استادان فن کے کمال کے نمونے تلاش کئے جائینگے تو نہیں ملینگے کیونکہ اہل یورپ یہاں سے سب چیزوں کو کھینچ کر لا رہے ہیں وہ مستعد ہیں اور دولتمند بھی ہیں اتنے دام دے سکتے ہیں کہ ہندوستانی نہیں دے سکتے۔ اور جو متمول ہندوستانی جن کے آبا و اجداد اسے وقت میں آسودہ تھے ایسی سب چیزیں فروخت کر رہے ہیں۔ گورنمنٹ ہند جا بجا ہندوستان کے عجائب خانوں میں رکھنے کے لئے اتنا روپیہ ان چیزوں پر خرچ نہ کریگی۔ جتنا روپیہ کہ یورپین شائقین خرچ کرتے ہیں اہل ملک یہ بات ہی نہیں سمجھتے کہ ملکی عجائب خانوں کیلئے چیزیں تحفہ بھی دیجاتی ہیں۔ یورپین ملکوں میں اکثر علم و فن کے قدردان اپنی محبت سے اپنے ملک کے عجائب گھروں کو نادر چیزیں تحفتہ دیا کرتے ہیں۔ نمائش سنہ ۱۹۰۰ء کیلئے جس قدر عمارات تعمیر ہوئی ہیں۔ نمائش کے بعد وہ سب گرا دی جاویگی مگر یہ دونوں عمارتیں فائن آرٹس کی قائم رہینگی اور عجائب گاہوں کے کام آئینگی۔ پہلے ہی پیرس میں دو تین درجن اعلیٰ سے اعلیٰ قسم اور اعلیٰ کے عجائب گاہ ہیں۔

یہاں سے فارغ ہو کر پل سے گزر کر دریا کے دوسرے کنارے پہلے جائے۔ یہ پل الگزنڈر سوم زار روس کے نام پر نامزد کیا گیا ہے۔ جو روس و فرانس کی پولیٹیکل دوستی کی یادگار ہے۔ اور اس نمائش کے لئے تعمیر کیا گیا ہے۔ پیرس کے دریائے سین کے سب پلوں سے عمدہ اور خوبصورت ہے۔ اس پر بہت سا کام بت بنانے اور تصاویر سنگین کی کھدائی کا کیا گیا ہے جس کے لئے نہایت قیمتی تعمیر [illegible] لوگ ایسی عمارات پر بعد ایسی صنعت سے بناتے ہیں جو واقعات تاریخ کو ظاہر کرتے ہیں اور انسانی خیالات اور حالات وقت کے اظہار کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ اس پل سے گزر کر سامنے "اسپلانا ڈ دے انوالیڈ" کا چوک آتا ہے

دو بڑی عالیشان تین تین چار چار منزل کی عمارات متقابل تعمیر کی گئی ہیں۔ اور بیچ میں ایک کھلا بازار چھوڑا ہے جس کے اخیر پر ہوٹل انوالیڈ ہے۔ ان عمارات میں فرانس کی اور تمام ممالک دنیا کی ساختہ اشیائے سجارت بطور نمونہ رکھی گئی ہیں۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کس ملک میں صنعت و حرفت کیسی ترقی پر ہے کس ملک میں کیا کیا چیز زیادہ بنتی ہے۔ اور کیسی بنتی ہے جتی الوسع ہر ملک کے کاریگروں اور کارخانہ داروں نے اپنی حرفت کے بہترین نمونے دکھلانے کی کوشش کی ہے مگر افسوس ہے کہ ان ملکوں میں ہندوستان کی ساختہ کسی چیز کا نام و نشان بھی نہیں یہ حصن کا ہے۔ البتہ جاپان کی بعض صنعت و دستکاری نے بہت سی جگہ گھیری ہوئی ہے۔ ہندوستان کی اشیا کی نمائش ایک الگ مکان میں سیلون کے ساتھ ہے جیسی کہ بعض دیگر ممالک مثل چین و مراکو وا [illegible] سوڈان۔ سینیگال و جاوا وغیرہ ممالک کی ہے۔ یہاں کوئی ایسی چیز پر رکھی ہی نہیں جو دیگر ممالک سے بہتر ہو [illegible] استعمال کے لئے کھنچی ہیں۔ بلکہ اہل ہند کی سوشل زندگی کے لئے جو سامان درکار ہیں [illegible] ہندوستان میں نہیں ہیں [illegible] ہندوستان [illegible] ساتھ اس مد میں رکھی گئی ہیں [illegible] دنیا کی صنعت و حرفت کی عجب غرض جیزوں [illegible] حیران کرنے والی کلوں [illegible] کاریگریوں کی [illegible] خطوط میں لکھونگا۔ اس سے اندازہ [illegible] دنیا میں کیا کر رہی ہیں اور وہ کس [illegible] ہیں۔ سب جہاں تک غور کرتا ہوں اور جہاں تک دیکھتا ہوں مجھے یورپ اور امریکہ کی ترقی کا باعث سوائے ان کی تعلیم کے اور کچھ نظر نہیں آتا۔ لیکن تعلیم سے میری غرض صرف اعلیٰ تعلیم پانے اور ڈگریاں حاصل کرنے کی نہیں ہے۔ اعلیٰ تعلیم بہت عمدہ بات ہے۔ لیکن ہر شخص کی قسمت اُس سے فائدہ اٹھانے کی نہیں ہوتی۔ اس لئے جو تعلیم دنیا میں زیادہ لوگ پاتے ہیں وہ ضروریات زندگی حاصل کرنے کے لائق بننے کی تعلیم ہے۔ ہندوستان میں کئی لوگ ہیں جنہوں نے کالجوں میں فزک اور کیمسٹری اور جیالوجی

فضول خرچوں کا محافظ

[illegible]

مطبع فیض پریس دہلی کی کتابیں

تاریخ آل امجاد میر سید صلی اللہ علیہ وسلم کی مفصل سوانحعمری حضرت [illegible] کے صحیح واقعات [illegible] کی سچی سرگزشت مع [illegible]
روضۃ الصدیق یعنی سوانحعمری خلیفہ اول [illegible] یعنی سوانحعمری خلیفہ دوم [illegible] عثمانی یعنی سوانحعمری خلیفہ سوم [illegible] حدیقۃ المرتضیٰ یعنی سوانحعمری خلیفہ چہارم
مجربات عجائب یہ وہ نادر اور بے لاجواب مجموعہ ہے [illegible] مستورات [illegible]
[illegible] اس کتاب کا ایک نسخہ [illegible] ضرور [illegible] قیمت [illegible]
طلسمی جلد۔ نہایت عجیب غریب ناول [illegible]
المشتہر۔ [illegible] شہر دہلی گلی قاسم جان [illegible]

نمائش پیرس کے دلچسپ حالات بالتصویر انتخاب لاجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

[illegible] ہے لیکن کسی نے بھی کوئی نیا مضمون یا بات نہیں کیا۔ کوئی نیا مرکب کیمیاوی ایجاد نہیں کیا۔ نہ کوئی کانہ ہی دریافت کی ہے۔ یہاں لوگ صرف کتابیں ہی نہیں پڑھتے بلکہ زیادہ لوگ صنعت دخواند سیکھ کر کارخانوں میں کام سیکھتے ہیں۔ فرانس کا سب سے بڑا علم جراثیم کا ماہر اور بیکٹیریالوجی کا استاد ایک دریافت کرانے والا پاسٹیر ہرگز کیمسٹ یا اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص نہیں تھا۔ صرف ایک عام کیمسٹ تھا۔ اس نے دھر توجہ کی اور آج بیکٹیریالوجی نے دنیا کے علوم صحت کی صورت بدل دی ہے۔ پاسٹیور کے سنگ دیوانہ کے علاج نے دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ فرانس نے بڑے ناز سے حفظان صحت کے سکشن میں پاسٹیور کا بت رکھا ہے۔ ایسی صدہا مثالیں ہیں۔ علم بہت ضروری ہے لیکن عمل اس سے ضروری ہے ؎

علم چنداں کہ بیشتر خوانی — چوں عمل در تو نیست نادانی
نہ محقق بود نہ دانشمند — چارپائے برو کتابے چند

عمل سے مراد یہی علم کے ذریعہ سے صنعت و حرفت کی تعلیم میں ترقی ہو سکتی ہے۔ یورپ میں یہی بڑی خوبی ہے کہ یہاں کے لوگ فوراً علم کو عمل کی کسوٹی پر کستے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ میرے خیال میں تو یہی راستہ منزل مقصود کا ہے زیادہ علم عذاب است ہے ؎

کس ندانست کہ منزل گہ مقصود کجاست — این قدر ہست کہ بانگ جرسے می آید

کیا فرض ہے کسی کو ملی ایک سا جواب لاؤ تو ہم بھی سمجھیں کوہ طور کی

مضبوط لیور واچ نمبر ۱

اس گھڑی کا کام نہایت اچھا ہے [illegible] مضبوط ہیں مضبوطی میں لاجواب [illegible] پر کر لیوے دیکھنے میں جس [illegible] ہے مضبوطی [illegible] سے انکو [illegible] نہیں صرف دو روپیہ بارہ آنہ [illegible] ٹکٹ [illegible] کے [illegible]

تازہ [illegible] لوگوں کا حال

میر [illegible] حسین [illegible] صاحب حیدرآباد دکن سے تحریر فرماتے ہیں تھوڑے دن ہوئے ہیں کہ میں نے دو عدد گھڑی جنکی قیمت فی عدد دو روپیہ بارہ آنہ ہے منگوائی تھی اب تکلیف دیتا ہوں اوسی قسم کی چھ عدد [illegible] ویلو حسب پتہ مندرجہ ذیل روانہ فرمایئے۔

علی رستم دیوان [illegible] تحریر فرماتے ہیں آپکی گھڑی بہت عمدہ [illegible] ہے [illegible] ایک [illegible] عنایت فرمایئے [illegible] کی گھڑی بذریعہ ویلو پی ایبل [illegible] مہربانی [illegible] فرمایئے [illegible]

[illegible] محمد [illegible] لاہور [illegible]

مراسلات
جنگ ٹنوال

[پیسہ اخبار کے خاص نامہ نگار سے]

جنگ مہل رلیف [illegible] کے بعد ایک ماہ کا کل فوج کو آرام ملا۔ ٹوٹا پھوٹا سامان درست ہوا۔ رسدی اور کپڑے وغیرہ سب ٹھیک کئے گئے۔ جنرل [illegible] صاحب کے کالم نے چڑھائی کی۔ ادہ [illegible] کیٹ پر دشمنوں سے دو ایک لڑائیاں ہوئیں جہاں پر دشمنوں نے شکست کھائی اور اپنے ملک کو واپس ہو گئے۔ دشمنوں کو دو طرف سے پامال کرنا پڑا جس سے یہ لوگ حوصلے ہار گئے اور بھاگتے گئے۔ شمال کی طرف سے بھاگتے ہوئے دشمن نے راستے میں [illegible] کو توڑ ڈالا۔ اسٹیشنوں کو ڈائنامیٹ سے اڑا دیا۔ [illegible] و دیگر کوال مائنز (Coal mines) کو خراب کر گئے۔ جس سے ہمارے کالم کو آؤ دوانس میں رکاوٹ ہوئی کیونکہ ساتھ ہی ساتھ سڑک بھی بنانی پڑی۔ دشمن لیڈی [illegible] سے جو بھاگے تو قریب ۱۰۰ میل کے فاصلے پر جا کر دم لیا۔ دیکھئے بھاگنے کا دم ہو تو ایسا ہو۔ جنرل [illegible] کا کالم [illegible] سے ہوتا ہوا نیو کاسل اور [illegible] بہار برمان کے تعاقب میں پہنچا۔ ادہر فیلڈ مارشل صاحب فیلڈ مارشل کرونسٹڈ۔ ٹنوال وغیرہ کو مجبور کرتے ہوئے [illegible] پہنچ گئے۔ مجوبہ پہاڑی پر بھی متعدد لڑائیاں ہوئیں جہاں [illegible] تاب مقابلہ نہ لا کر پیچھے ہٹ گئے۔ فیلڈ مارشل لارڈ رابرٹس صاحب بہت دنوں سے پریٹوریا پر قابض ہیں جہاں شاہی جھنڈا برٹش گورنمنٹ کا لہرا رہا ہے۔ مگر جنرل [illegible] صاحب کرمچرب کے پاس [illegible] اور [illegible] سٹر کرنے پڑے۔ بعد جنرل کلیری و جنرل ہارٹ کے بریگیڈ [illegible] میں ملے۔ اور جنرل ہلٹن صاحب کا بریگیڈ جنرل [illegible] صاحب کے کالم سے ملحق ہوا۔ اس طرح تمام افواج [illegible] کر کے ٹنوال اور [illegible] کو صاف کرتی ہوئی ٹنوال [illegible] لڑائی تو قریب قریب ختم ہو چکی ہے۔ اب صرف بغاوت کو [illegible] ہے۔ دشمن [illegible] سر [illegible] سرکش [illegible] سٹر [illegible] اب [illegible] دیکھئے کب تک خیریت [illegible] سٹر کر رہے ہیں [illegible] ایسے بھاگے کہ [illegible] خبر نہ لی۔ [illegible] چند [illegible] [illegible] آپ کو والا گورنمنٹ کر دیئے ہندوستانی [illegible] ہندوستان کو [illegible] ہیں انشاء اللہ تعالیٰ ہم بھی [illegible] آسکتے ہیں۔

نیو کاسل [illegible] ہسپتال ۲۲ [illegible] ستمبر ۱۳ [illegible] [illegible] نیو کاسل [illegible] ستمبر [illegible] شمال کا سرحدی مقام ہو [illegible] ہے شمال میں ایک ہمیشہ [illegible] [illegible] بہت سردی [illegible] تمام پانی جم جاتا ہے [illegible] صبح و شام [illegible]

[illegible] ہیں [illegible] کی [illegible] شکر [illegible] کی [illegible] ہیں [illegible] پر [illegible] کو [illegible] اس [illegible] نہ [illegible] کی [illegible] کے [illegible] سکول قابل [illegible]

[illegible] جنرل [illegible] صاحب [illegible] کی [illegible] نہیں [illegible] سے [illegible] کا نام [illegible] دفعہ [illegible] کا مل [illegible] نمایاں [illegible] ہیں [illegible] اور [illegible] سے [illegible] ہندوستانی [illegible] ہیں [illegible] اس [illegible] نمایاں [illegible] کے علاوہ [illegible] نمایاں [illegible] شمال [illegible] بھی [illegible]

نہ صرف مردوں کیلئے بلکہ مستورات کیلئے بھی

مفتی [illegible] قبل [illegible] ہندوستان [illegible] مفتی [illegible] جیسے [illegible] ہیں [illegible] جن [illegible] [illegible] سے ملنے ہو سکتے ہیں۔

المشتہر [illegible]
ملتان [illegible]

ہوا ہے ۔ یہاں کی سیر و سیاحت کا اچھا موقع ملا کہ ان کمالات چیدہ مختصر عرض کر چکا ہوں ۔ مگر اب کسی تفصیل سے عرض کرتا ہوں ۔

مسلمانان یہاں اگرچہ ایک متعصب مولانا مولوی فتح محمد صاحب اہل ہمان سو ۔ مولوی صاحب موصوف کی طفیل سے چند ایک ذی عزت مسلمانان قدیمی سے ملاقات نصیب ہوئی جنہوں نے مہمانی سے میری قدر نہیں بھی کیں یہیں خوش خلقی ۔ مہمان نوازی اور عزت سے معزز مسلمانان شیمن [illegible] پیش آتے رہے ہیں ۔ اس کا شمہ بھی بیان میں ہو سکتا ۔ مگر یہ اہل دل ہے کہ بھول جائے ۔ مگر میں ان کی عنایات کو ہرگز فراموش نہ کرونگا ۔

یہاں عموماً مسلمان تجار و سوداگر ذی عزت و صاحب مال و جاہ ہیں ۔ جو محض سوداگروں سے کسی بات میں کم نہیں ہیں ۔ اور دولت و حشمت میں ہمارے پنجاب کے مشہور سوداگروں سے بڑھ چڑھ کر ہیں ۔ علاوہ اس کے پابند صوم و صلوٰۃ ۔ مخیر ۔ سخی ۔ حامی دین اسلام ہیں ۔ سب سے مشہور جنٹلمین جن سے مجھے ملاقات کا شرف حاصل ہوا ہے یہ ہیں ۔ سیٹھ محمد قاسم صاحب اکلیا ۔ سیٹھ حاجی عبد اللہ صاحب متولی مسجد ۔ سیٹھ محمد قاسم قمر الدین ۔ سیٹھ عبد الحق صاحب ۔ سیٹھ احمد داؤد جی [illegible] ۔ سیٹھ سہاں احمد [illegible] ۔ سیٹھ مسٹر عثمان احمد صاحب ۔

ان صاحبان کی برکت و همت سے دین اسلام یہاں خوب رونق پر ہے ۔ ہمارے پنجابی بھائی یہاں تشریف لائیں غرض بہترین جنٹلمین اس کولونی میں ہے صاحب عزت و حشمت اور متمول ہے ۔ ہمارے پنجابیوں میں سے حکیم [illegible] صاحب جالندھری ہیں ۔ جو اپنے بھائیوں سے محبت و اخلاق سے پیش آتے ہیں ۔

مساجد [illegible] شہر میں چند مسجدیں ہیں ۔ ان میں سے ایک [illegible] مسجد [illegible] سے مشہور ہے اور دوسری بڑی جامع مسجد جس کے امام مولانا مولوی فتح محمد صاحب ہیں ۔ جس کا ذکر میں پہلے [illegible] ہوں ۔ دوسری مسجد سورتی ہے جو مسلمانان سورت سے آباد ہے ۔ جس میں بہت بڑی رونق رہتی ہے اور اس مسجد میں بجلی کی روشنی ہوتی ہے اور بہت سے جھاڑ فانوس لگے ہیں ۔ مسجدوں کا آراستہ کرنا بمبئی والوں کا خاصہ ہے ۔ فرش فروش عمدہ قیمتی بچھے ہیں ۔ اس مسجد کا خوشنما حوض پانی سے لبریز ہے ۔ غسل خانہ و بیت الخلاء موجود جس کی صفائی بذریعہ نلکوں کے ہوتی ہے ۔ غرض یہ مسجد ایک ایسی دلہن ہے جو ابھی سے چوٹی تک زیورات سے لدی ہوئی ہو ۔

اس مسجد کے امام جناب حافظ محمد سلیمان صاحب سورتی دریا لبری ہیں ۔ جن کا علم و فضل محتاج تعریف نہیں ۔ آپ ہندوستان کے تقریباً کل حصوں کی سیاحت کر چکے ہیں ۔ بہت ہی متین ۔ خوش خلق ۔ مہمان نواز ۔ عالم ۔ متقی و پرہیزگار ہیں ۔ ایسے نیک خیال آدمی دنیا میں کم نظر آتے ہیں ۔

[illegible] سال سے اس مسجد میں ایک اسلامیہ مدرسہ ہے جس میں مسلمانوں کے لڑکے اور لڑکیاں پڑھتی ہیں ۔ الحمد للہ یہ مدرسہ ترقی کرتا جاتا ہے ۔ ہم نے اس مدرسہ کو خود ملاحظہ کیا ۔ اور بہت سے لڑکوں اور لڑکیوں سے قرآن شریف سنا ۔ دو تین لڑکوں نے مصری لحن سے قراءت پڑھی جس سے دل نہایت محظوظ ہوا ۔

یہ مدرسہ اس برٹش کولونی میں نعمت غیر مترقبہ نہیں تو کیا ہے ۔ کیا یہ مدرسہ اسلام کا حامی نہیں ہے ؟ اسلام کے فرزند بمبئی و سورت کے مسلمان سوداگر جہاں جہاں جاتے ہیں وہاں اسلام کو ترقی دینے میں ذرا بھی غفلت نہیں کرتے اور اپنی اسلامی وضع و طرز کو ہرگز نہیں چھوڑتے ۔ اس مسجد کی ماہواری آمدنی تقریباً [illegible] جو ہندوستان کے ۹ سو روپے کے مساوی ہوتے ہیں ۔ یہ آمدنی دکانوں سے ہے جو مسجد کے متعلق ہیں ۔ یہ کل روپیہ مسجد ہی پر خرچ ہوتا ہے ۔ امام مسجد مولانا مولوی محمد سلیمان صاحب افندی کو متولیان مسجد ۵۰ پونڈ سالانہ دیتے ہیں ۔ خوراک و دیگر اقسام کی آمدنی اس کے علاوہ ہے ۔ یہ امام گویا صاحب دولوں کی طرف سے ہیں جیسے شاہی وقت میں ہوا کرتے تھے ۔ ان کی بہت عزت و حرمت ہے ۔ اسلام کی رونق اس جگہ معلوم ہوتی ہے ۔ بخلاف ہمارے پنجاب و ہندوستان کے علما کے جو تمام دن مسجدوں میں لڑکے پڑھاتے ہیں اور خدمت کرتے ہیں ۔ مگر بھیک بھی روٹیوں کے محتاج ہیں ۔ بع ۔ ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا ۔

علاوہ ان امام صاحبان کے ہر ایک مسجد میں الگ الگ موذن ہیں ۔ موذن جو صرف اذان دیتا ہے اور مسجد کو صاف رکھتا ہے اسے تین پونڈ سالانہ تنخواہ ملتی ہے ۔

ملاقسم ڈاکٹر حسین سیاح ۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— چونکہ موسم چین کے لئے طبی افسروں کی اشد ضرورت ہے اس لئے پنشنر ڈاکٹروں سے عارضی طور پر دوبارہ ملازمت اختیار کرنے کی استدعا کی جائیگی ۔

— فنڈ کمیٹی کلکتہ کو پنشن ہوس لنٹین سے ایک لاکھ اور لنکا شائر سے سوا لاکھ روپیہ کی مزید اقساط وصول ہوئی ہیں ۔ جس سے اس فنڈ کی میزان ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے تک پہنچ گئی ہے ۔ اس میں سے ایک کروڑ [illegible] لاکھ روپیہ حسب تفصیل ذیل تقسیم ہو چکا ہے ۔ بمبئی ۲۴ لاکھ ۔ ممالک متوسط ۲۲ لاکھ ۔ راجپوتانہ ۲۴ لاکھ ۔ پنجاب ۱۰ لاکھ اور بہار ۹ لاکھ روپیہ ۔ ابھی سنٹرل کمیٹی کے پاس تقریباً چند لاکھ روپیہ موجود ہے ۔ جو عنقریب تقسیم کر دیا جائیگا ۔

— گورنمنٹ اضلاع مغربی و شمالی و اودھ نے فیصلہ کیا ہے سہارنپور تک اور بروت سے میرٹھ تک ۔ جو علی الترتیب ایک مقام سے دوسرے مقام تک ۵۹ و ۳۱ میل کی مسافت رکھتی ہیں ۔ سڑکیں ریلوے لائنیں بنانے کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں ۔

اشتہار

مفت راحت

انجمن راحت فنڈ چشمہ فیض ہندوستان

انجمن ہذا الّی مدد پہنچانے کے لئے یکم ستمبر ۱۹۱۴ء سے عمل میں آگئی ہے جو اپنے ممبروں کو بعد ماہ برق تقریب امداد دیگی ۔ جس انجمن کا عرصہ قلیل کے عرصہ بادشہ [illegible] مضمون ہر [illegible] [illegible] آٹھ آنہ مشتمل ہے جن صاحبان کو اس انجمن کے ممبر ہونے کا شوق ہو ۱۹۱۴ء کا نکٹ رسالہ فرما کر طلب فرماویں ۔

المشتہر نواب زادہ فاضل [illegible] انجمن چشمہ فیض ہدایت [illegible] کرنال

پوری قیمت

بسلسلہ شکر صحت ادویات کی نصف قیمت کی میعاد اور شیشیوں کی تعداد ختم ہوگئی ۔ اب جن احباب کو ادویات منگوانی مطلوب ہوں وہ پوری قیمتوں کا خیال ملحوظ فرما کر درخواستیں بھیجیں ۔

ورنہ عدم تعمیل کے لئے شفاخانہ کو معاف رکھا جاوے اور انتظار جواب کیا جاوے ۔

المشتہر حکیم محمد علی پروپرائٹر خاص شفاخانہ ۔ معالج خاندان شاہی ریاست [illegible]

[illegible] نمائش [illegible] عجیب عجائبات باتصویر آنکھ کا لیمپ بھی سلسلہ [illegible] میں آگئے ہیں

لارڈ ولنگڈن نے مسٹر اسقتھ کو اس مضمون کا تار بھیجا ہے کہ میں یہ سن کر خوش ہوا ہوں کہ آپ نے کمال قابلیت سے پٹینن سے قریب بستانگا کامیاب حملوں سے دشمنوں کو پسپا کر دیا اور ان کے تمام مورچے چھین لئے سپاہ جنوبی افریقہ دل سے اپنے ہندوستانی رفقا کو اس فتح و نصرت پر مبارکباد دیتی ہے۔

کرنل خلیل جو آجکل سخت بیمار ہیں ... [illegible]

... [illegible] ... تعلق کئے گئے ہیں۔

... [illegible] ... مسٹر ... کونسل کی ممبری کے لئے منتخب کیا ہے۔

صوبہ سندھ میں عمدہ اور کافی بارش ہو گئی ہے۔

جو شخص ... بمبئی سے ۱۲ ماہ گزشتہ ... ایک جعلی چک کے ... ہزار روپیہ لے گیا تھا۔ مدراس پولیس اسے گرفتار کر کے بمبئی لائی ہے۔ اس کا نام ... ہے ... ۲۲ ہزار روپیہ ... ایک عورت ... کے پاس سے برآمد ہوئے ہیں۔

ہز ہائینس مہاراجہ ... ۱۵ لاکھ ... [illegible]

[illegible]

اطلاع

چونکہ سنہ ۱۹۱۵ء بباعث موسم گرما کے ہمراہ سری سرکار دولت الاعلام سری نگر (کشمیر) مقیم ہیں۔ لہذا تا اطلاع ثانی سری نگر کے پتہ پر میرے نام خط و کتابت ہونی چاہئے۔

المشتہر حکیم محمد علی پریزیڈنٹ ... شفاخانہ متعلق خاندان شاہی ریاست جموں و کشمیر سری نگر

[illegible]

[illegible]

ـــ تا نحوں سے معلوم ہوتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

ـــ [illegible] جنرل [illegible] کے پاس [illegible]

ـــ جنرل [illegible] اور لفٹیننٹ [illegible] کو قید کر لیا - اور دشمنوں کی [illegible] توپیں ان کے ہاتھ آئیں ۔

[illegible]

اشتہار فروخت

جائیداد [illegible] واقع لاہور [illegible] کوٹھیات و مکانات [illegible] فروخت کے لئے [illegible] خریداران کو [illegible] خط و کتابت کرنی چاہئے ۔

المشتہر [illegible] لال [illegible] لاہور

[illegible]

پاپولر میڈیسن

ہیئر گرون [illegible] عکسی [illegible] التاثیر دوائی

اس سے مریض کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے اور [illegible]

[illegible] چند منٹ میں [illegible] ہو جاتے ہیں

[illegible] کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہے

قیمت [illegible] فی شیشی ۔

فادر گل میڈیکل [illegible] جملہ امراض جگر [illegible]

گردہ معدہ وغیرہ کے لئے نسخہ اکسیر ہے چاہے

کیسی ہی کہنہ اور دیرپا بیماری ہو اس دوائی کر

جاتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی - اور اسی طرح یہ

ہے کہ خالص بوٹیوں سے تیار کی گئی - اور

اس میں مطلق کوئی شے ایسی نہیں ہے جو

مذہبی طور پر ممنوع ہو - ہر ایک شخص کو استعمال

کرنی چاہئے تاکہ تندرستی قائم رہے - قیمت

فی [illegible]

المشتہر [illegible] اینڈ کو [illegible] لاہور

[illegible]

Chamberlain's Colic Cholera & Diarrhoea Remedy

[illegible]

[illegible] کے عجائبات بالتصویر انتخاب اخبار میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

عجیب علوم کی عجیب اور نایاب کتابیں ـ ان کا نہ دیکھنا دنیا کی بڑی نعمت سے محروم رہنا ہے

[illegible]

جام جم ـ انسان کی عمر بڑی عجیب مجموعہ اسرار ہے اس کے خواص و عادات انکی ہی ہوتی ہیں ـ علم [illegible] کے ذریعہ انسان عقل اور علم کا آدمی بھی ہر انسان کے خواص اور عادات کو کتاب کی طرح پڑھ سکتا ہے [illegible] ـ غصہ ور آدمی حلیم ـ سرد ـ تنگ المزاج ـ [illegible] ـ اور دوست [illegible] ـ یہ علوم [illegible] ـ ان علم آسانی سے آ جاتا [illegible] [illegible]

[illegible]

تمام قسم کی خط و کتابت بنام نرائن سنگھ اینڈ سنز سوداگر ادویات و جیب گھڑیاں ... امرتسر

شاپٹو صاحب کا ماریول

یعنے

مچھلی کے تیل کا جوہر مفید جو شاپٹو صاحب کے نسخے کے مطابق کارخانہ گریالٹ اینڈ کمپنی واقع شہر پارس ملک فرانس مین تیار کیا جاتا ہے

فرانس کی ایکاڈمی آف میڈیسین مین یہ بات متواتر تجربے کی بعد ثابت کی گئی ہے کہ [illegible] اور جتنے مرکبات اسکے قایم مقام ہونیکے لیے تجویز کیے گئے اُن سب مین ناکامیابی ہوئی۔ [illegible] صورت مین پیش [illegible] شاپٹو صاحب نے ماریول کی ایجاد سے دکھلایا ہے ماریول مین مچھلی کے تیل کا صرف جوہر مفید ہے [illegible] نقصان [illegible] وہ اسمین بالکل نہین ہے چھوٹی سی گولی آسانی سے نگلی جا سکتی ہے۔ [illegible] فائدہ دیتی ہے۔ ماریول کے استعمال سے امراض صدر ہر قسم کی کھانسی، دمہ، رات کو پسینے [illegible] کے بعد نیند بخوبی آنے لگتی ہے اور [illegible]

وہ بچے جنکو بھوک نہین لگتی ہے جنکے رنگ زرد پڑجاتے ہین۔ جنکے دانت [illegible] یا اس قسم کے عارضے ناک اور گردن پر ہوتے ہین۔ اور جنکو [illegible] آرام وہ خواص جو ان امراض کے رفع کرنیکے لیے ضروری ہین بہت جلد [illegible] اس دوا کے عجیب غریب خواص کا کامل ثبوت ملتا ہے۔

خوراک۔ پرہیز کچھ نہین صرف دیر ہضم غذا نہ کھاو۔ دن مین تین مرتبہ ایک یا دو گولیان کھانی چاہئین۔ [illegible] کیواسطے ایک زمانہ تک اس کا استعمال کرنا ہوگا۔ امراض صدر کے مریضون کو معلوم رہے کہ اگر ماریول کے ہمراہ گریالٹ صاحب کا [illegible] بھی پیا جائے تو دونون دوائین ملکر کیسی ہی پرانی بیماری ہو دور کرنیکے لیے کافی ہین۔ ایک سے مرض دور ہوکر بدن مین فربہی آئے گی اور دوسری سے سبب مرض یعنے بیماری کی جڑ جاتی رہے گی۔ ایک شیشی مین سو گولیان قیمت فی شیشی [illegible] علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ برکت اینڈ کو سوداگران دہلی سے منگالو یا ایم بشیر احمد وزیر احمد سوداگران دہلی سے طلب کرو!

نصف قیمت ادویات کی میعاد اور شیشیوں کی تعداد ختم ہو گئی۔ اب تمام ادویات پوری قیمت پر دی جاوینگی

روح جیون بوٹی

روح جیون بوٹی

یہ وہ جوہر ہے کہ جس کے استعمال سے مایوس سے گھر والوں اور نامرادوں کی مرادیں بفضلہ تعالیٰ حاصل ہو گئیں اور جن کی باہمت کے اجڑے ہوئے گھر آباد ہوئے اور جو ایسے ذی علم و صاحب لئے صاحب صرف طاقت رجولیت کے سلب ہونے کی وجہ سے ایک گونہ مایوسی اور دیوانگی کی حالت میں آ گئے تھے اس کی بدولت دوبارہ دنیا میں آ گئے۔

روح جیون بوٹی کو خاص مناسل قوتوں کے پیدا کرنے اور انہیں کے بحال رکھنے کے لئے ایجاد کیا گیا ہے۔ اس کا اثر خاص جو ہر دماغ پر پڑتا ہے جو تمام بدن کی حس و حرکت کا منبع ہے اور جس کی صحت پر بقائے نسل انسان کا مدار ہے۔ اس کے استعمال سے تمام بدن کے رگ پٹھے جو ناجائز قبیح عادات یا کسی اور بے جا فعلی سے بالکل بیکار اور نکمے پڑ گئے ہیں۔ ہنوز اپنی اصلی حالت اور طبعی طاقت پا جاتے ہیں۔

روح جیون بوٹی کا امتحان جن امیروں اور رئیسوں نے ایک دفعہ معلوم نا بالش یعنی استعمال کیا وہ ہمیشہ کے لئے اس کے عاشق ہو گئے۔ ان سیکڑوں روپیوں کے صرف سے جو وہ ہمیشہ بے سود میں بے سود قیمتوں اور مقوی معجونوں اور مفرح ماء اللحم پر برباد کیا کرتے تھے بچ گئے۔ لیکن ان سیکڑوں روپیوں کے خرچ کرنے سے بھی وہ لطف انہیں حاصل نہ ہوا جو اس قلیل القیمت اور کثیر المنفعت روح سے ہونے لگا۔ اور یہ دوائی بالخصوص ان اصحاب کے لئے نعمت ہے جو دماغ کے ضعف سے سال بسال نڈھال ہوتے تھے یا ان مجسٹریٹوں اور صاحب عدالت لوگوں اور وکلاء کے جن کو دماغ سے زیادہ کام لینا پڑتا ہے طلباء اور سکول ماسٹروں کے لئے بھی تریاق ہے۔

روح جیون بوٹی خاص کر بڈھوں اور ان نوجوانوں کے لئے ہے جو عین عالم شباب میں کسی وجہ سے قبل از وقت بڈھے ہو گئے ہیں اور منہ کو میرے نے کو قیمت خیال کرتے ہیں۔

اس کی ایک شیشی ہی کے استعمال سے صرف ایک مہینے میں تین سیر خون صالح بدن انسان میں پیدا ہو جاتا ہے۔ بدن وزن کرو اور آزماؤ۔

روح جیون بوٹی و طلاء اکسیر

وہ لوگ جو بچپن کی غلط کاریوں اور جوانی کی بے اعتدالیوں کثرت شراب۔ چانڈو اور افیون کی مضرتوں یا عرصہ دراز تک شادی نہ کرنے کے سبب سے قوت مہیہ مادہ تولید سے بالکل ہاتھ دھو بیٹھے ہوں اور مایوسی کے باعث زندہ درگور ہو کے ضعف شمار کرتے ہوں اور شادی کرنے سے بوجہ ندامت خانہ بدوش پھرتے ہوں۔ یا ڈاکٹروں اور حکیموں کی مہنگی سالہا سال کی سعی سے تنگ آ گئے ہوں اور مفید بالکل تکلیف۔ دیسی اور ولایتی ادویات کے ہرگز کبھی نہ جلتے ہوں۔ اور پوشیدہ طور پر بلا کسی تکلیف کے دائمی اور اصلی قوت باہ حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ وہ بہت جلد اس مجلی علاج کو منگوا کر استعمال کریں۔

قیمت فی بکس کلاں جس میں دو شیشی روح جیون بوٹی اور ایک شیشی طلاء اکسیر کی ہوتی ہے ۱۳ روپیہ

قیمت بکس خورد جس میں ایک شیشی روح جیون بوٹی اور ایک شیشی طلاء اکسیر کی ہوتی ہے ۔ لعہ

محصول ڈاک وغیرہ بذمہ خریدار ہوگا۔

وہ جسم کا کام دیتا ہے۔ تناسلی قوتوں کو ایسا درست کرتا ہے کہ نمایاں طور پر جلد ہی گوشت پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ چہرہ زرد اور بلند پر سرخی و بدن پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔

روح جیون بوٹی کے استعمال سے چانڈو افیون اور شراب نوشی وغیرہ کی قبیح عادات بالکل چھوٹ جاتی ہیں۔ اور یہ خاصیت ہے کہ جو لوگ ان عادات کے استعمال سے بدن انسان بالکل سوکھتا چلا جاتا ہے اور آخیر میں رگ پٹھے بالکل بیکار اور سست پڑ جاتے ہیں۔ مگر اس روح کے استعمال سے وہ بدن سرخ اور تر و تازہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور حوصلہ و طاقت کی فراوانی انسان کا دل خود بخود اچھلنے پر ہر وقت آمادہ رکھتی ہے۔ دائم المریض لاغر۔ دق و سل کے مریض جو شب و روز کی عیاشی کے باعث علم کی کثرت سے سیر ہو جاتے ہیں۔ اس کے استعمال سے خشک غذا کا ترکیا ذکر۔ بلکہ دودھ اور گھی جس قدر کھاتے چلے جاؤ ہضم ہو کر جزو بدن بنتا چلا جاتا ہے۔

روح جیون بوٹی یرقان۔ زردی چہرہ۔ خشکی ہیرونقی بدن۔ کم خوابی۔ وسواس۔ مالیخولیا۔ پراگندہ خیالات۔ سوداوی و دوران سر۔ اعضا شکنی۔ درد مفاصل وغیرہ کو بتدریج رفع کر کے انسان کو ایک طاقتور نوجوان بنا دیتا ہے۔ تاپ تلی اور بد اسیر سے اس کا استعمال کرنے والا ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔ گندہ خون کو صاف کرتا ہے۔ قوت باصرہ۔ حافظہ۔ سامعہ۔ ہاضمہ کو اعلیٰ درجہ کی طاقت بخشتا ہے۔ لاگ پانی اور مضر تاثیرات آب و ہوا سے محفوظ رکھتا ہے۔

الغرض مرض نامردی۔ جملہ فساد خون کو دور کرنا اور بدن کو خوب چست و چالاک بنانا فقط روح جیون بوٹی کا کام ہے۔ جو اقسام مقوی۔ کشتہ جات۔ معجون وغیرہ ہرگز اس روح کی برابری نہیں کر سکتے۔ الحمدللہ کہ خوشبو کی طرح مشہور ہے جس کے نمونہ کی ملک بھر میں شہرت اور تعریف ہو رہی ہے۔

روح جیون بوٹی ہر ایک موسم میں قابل استعمال ہے۔

المشتہر حکیم محمد علی پروپرائٹر فیاضی شفاخانہ جامو موجد روح جیون بوٹی معالج خاندان شاہی ریاست جموں

مفت راحت کفت!

رسالہ مشکل کشا جس میں ہر ایک بیماری کی تجویز معہ ہدایات جوانی کی غلط کاریوں کے بد نتائج صحبت بد کا اثر ۔ قانون صحت اور مفصل فہرست ادویات شفا خانہ عام لاہور بمعہ سرٹیفکیٹ درج ہیں اور جنتری ۱۹ ۔ جو کارآمد معلومات کا ذخیرہ ہے محصول کے لئے آدھ آنہ کا ٹکٹ آنے پر مفت نذر۔

خریداروں سے شرط

شفا خانہ ہی ادویات ... کے بعد ... اور اعتبار خواہ تجربہ ... شرط ... کرتا ہے کہ ... بیماری ادویات کے استعمال سے ... شکایت باقی ... جلد ... کے واسطے اور دوائی بلا قیمت مفت ... + اس شفا خانہ میں ہر ایک بیماری کا علاج ٹھیکہ پر بھی کیا جاتا ہے +

مردمی کا بکس

تصدیق کردہ نامہ ...

قیمت آٹھ روپے

ہر ایک موسم میں قابل استعمال ہے

مرض نامردی جو بچپن کی خرابیوں جوانی کی بے اعتدالیوں یا ضعف جگر معدہ وغیرہ سے ہو کر جو لوگ دنیا کے کل علاجوں سے مایوس ہو چکے ہوں وہ مردمی کا بکس استعمال کریں ۔ اس بکس میں ادویہ ذیل داخلی و خارجی علاج کی ہونگی: (۱) روح حیات دو بوتل پانچ روپے (صہ) (۲) روغن واقعہ سستی ایک شیشی (للعہ) ۔ مادر زاد نامردی کے سوا خواہ کسی قسم کی رگوں پٹھوں کی کمزوری وغیرہ کیوں نہ ہو مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے دور ہونے کے علاوہ عالم شباب کی کثرت یا پیرانہ سالی سے جو ضعف قوت انسان کو گوشہ مفارقت میں بٹھا دیتا ہے یہ مسیحا صفت ادویات اپنی طلسم اثر طاقت سے فی الفور زائل شدہ طاقتوں کو واپس لاتی ہیں ۔ رگوں پٹھوں کی کمزوری وغیرہ ہمکادر شرطاً دور ہو جاتی ہے +

روح حیات

جناب ڈاکٹر ... جناب ... میڈیکل ... لندن ...

بچپن کے زمانہ یا جوانی کی بے پروائی حالت میں بیاعث بے اعتدالیوں وغیرہ سے امراض کمزوری اعصاب پیدا ہو کر جو لوگ حظ زندگانی سے محروم ہو بیٹھتے ہیں انکو چاہئے کہ اس مقوی مسیحی روح کا استعمال کریں ۔ دو یوم میں ہی قوت سوئیت کو بڑھانا شروع کر دیتا ہے ۔ دیگر امراض جو کثرت فواحشات اور طفولیت کی بدکاریوں سے لاحق ہو گئی ہوں انکے دفعیہ میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔ نامردی ۔ دردکمر ۔ ذیابیطس ۔ ضعف مثانہ ۔ جریان ۔ ضعف دماغ ۔ ضعف معدہ ۔ ضعف جگر اور اختلاج قلب کے واسطے بمنزلہ تریاق ہے ۔ سارے جسم کی کمزوری ۔ لاغری ۔ بے رونقی اور زردی چہرہ کے لئے اگر تمام مقوی دواؤں پر ترجیح دیجائے تو بجا ہے ۔ علاوہ ازیں اسکا اثر خاص اعصاب پر پڑتا ہے جو ساری جان کی حس و حرکت کا منبع ہے ۔ بیشمار لوگ اسکے مقوی ہونے کے قائل اور خوبی کے مداح ہیں ۔ مکمل بالا امراض کے واسطے یونیورسٹی انگلینڈ کے سند یافتہ ڈاکٹروں و دیگر معززین نے اسکی تصدیق فرمائی ہے ۔ استعمال سے دو گھنٹہ بعد اسکے فوائد کے سرٹیفکیٹ دیکھ سکتے ہیں +

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ (عہ)

علاوہ ازیں صد ہا اسنادات موجود ہیں جگہ نہیں

المشتہر حکیم محمد شریف ایم ڈاکٹر پروپرائٹر شفا خانہ عام لاہور متصل چوک وزیر خاں

مطبوعہ ... باہتمام منشی محمد عبد العزیز مہتمم کے چھپا اور شائع ہوا

اگر
بینا
ہے تو دیکھو
اور اگر
شنوا
ہے تو سنو کہ
نورانی سرمہ
سے بہتر سرمہ موجود نہیں ہے ہزارہا ماہرین اسکو آزما چکے ہیں اور اسکی تعریف کر چکے ہیں

ممیری کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامینر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز ڈاکٹر صاحبان میڈیکل کالج کے پروفیسران میڈیکل ڈاکٹروں والیان ریاست و ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یونانی ڈاکٹروں نے بھی اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لئے اکسیر ہے ضعف بصارت تاریکی چشم دھند جالا پڑوال غبار سبل [illegible] آنکھ سے پانی جانا خارش وغیرہ وغیرہ معزز ڈاکٹر اور حکیم صاحبان اور ادویہ آنکھوں کے مریضوں پر اب اس سرمہ کو استعمال کرتے ہیں اس کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے عینک کی حاجت نہیں رہتی بچے سے لیکر بڈھے تک کو یہ سرمہ یکساں مفید ہے قیمت بھی کم ہے کہ عام لوگ اس سرمہ سے فائدہ اٹھائیں قیمت فی تولہ اجمال [illegible] کے لئے کافی ہے مبلغ دو روپے (عہ) ممیرہ کا سفید سرمہ فی تولہ مبلغ تین روپے (عہ) خالص ممیری فی ماشہ مبلغ بیس روپے (عہ) مصری سرمہ فی تولہ (۴ر) خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔ وقت خط لکھنے کے اخبار کا حوالہ ضرور دیں۔ نقلی و جعلی ممیرہ کے سرمہ کے اشتہاروں سے بچنا چاہیئے۔

المشتہر پروفیسر میتا سنگھ آہلو والیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور پنجاب

اسناد	ان سے بڑھ کر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے	اسناد

[illegible]

THE PAISA AKHBAR
LAHORE

پیسہ اخبار

نمبر ۳

[illegible]

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

[illegible]

نادر تصاویر مشہور بادشاہوں نامور اور مشہور آدمیوں کی تصاویر کا سلسلہ

ان تصاویر میں تصویر سینہ تک کی ۲۶ انچ طول اور ۲۰ انچ عرض کی تقطیع پر نہایت خوبصورت چھپی ہیں

اور ہر ایک تصویر کے لئے اصل فوٹو حاصل کر کے سب سے آخری اور تازہ ترین تصویر لی گئی ہے

جو لوگ اپنے محل اور بیہودہ تصاویر مکانوں کی آرائش کے لئے جمع کرتے ہیں ان بیش قیمت تاریخی تصویروں کو طلب کریں

نمبر شمار	نام تصویر	قیمت	محصول
۱	حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند و ملکہ انگلستان	چار آنے	دس آنے
۲	حضور پرنس آف ویلز ولیعہد انگلستان	چار آنے	دس آنے
۳	سلطان عبد الحمید خان ثانی شہنشاہ ترکی	چار آنے	بارہ آنے
۴	امیر عبد الرحمن خان والئی افغانستان	چار آنے	دس آنے
۵	شاہ مظفر الدین شہنشاہ ایران	چار آنے	دس آنے
۶	عباس حلمی پاشا خدیو مصر	چار آنے	آٹھ آنے
۷	[illegible] غازی عثمان پاشا مرحوم [illegible]	چار آنے	[illegible]
۸	[illegible] غازی [illegible]	[illegible]	[illegible]

نمبر شمار	نام تصویر	قیمت	محصول
۹	[illegible] زاہد حسن	[illegible]	چار آنے
۱۰	جنرل [illegible]	[illegible]	چار آنے
۱۱	جنرل غلام حیدر خان سابق سپہ سالار افغانستان	[illegible]	چار آنے
۱۲	[illegible] سر سید احمد خان مرحوم	[illegible]	[illegible]
۱۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مینیجر [illegible]

حب خیری

حبوب خیری یا فیروزنر وین ٹانک پلز انسان کی صحت
کی بحالی اور محافظ دوائی ہے جسکو قریباً تمام ملک نے مفید
مانا ہوا ہے اس دوائی نے میڈیکل افسران اعلیٰ سے اعلیٰ ڈاکٹران
و حکیمان اور سرکار انگلش مشیران ریاست کمانڈران
اور عام پبلک جاگیرداران وغیرہ سے بڑی بھاری تصدیق
حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری کو دور کرنے اور بدن کو مضبوط
و طاقتور بنانے کے لیے یہ ہی ایک بے نظیر دوائی ہے۔
نامردی ضعف باہ ضعف اعصاب۔ جریان۔ سرعت۔
رقت۔ کثرت احتلام۔ لقوہ۔ ضعف دماغ۔ ضعف معدہ۔
ضعف سلم وغیرہ کے لیے عجیب و غریب دوا ہے۔ حبوب خیری
خصوصیت کے ساتھ بلا مبالغہ بے نظیر اثر کے ساتھ جوانی اور
بچپن کی غلط کاریوں کے نقائص دور کر کے گمشدہ
طاقت بحال کرنیوالی دوائی ہے۔ ادھیڑ لوگوں کو دوبارہ
عالم شباب دکھاتی ہے جنکو کثرت مجامعت (یا ۰)
نے بالکل نکما کر دیا ہو۔ دماغی محنت کے کام لینے والے
اصحاب کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے + حبوب خیری
پہلی مجلس کا ایک خوراک ہوتا ہے جو بالکل گمشدہ طاقت
کو واپس لاتا ہے مگر معمولی کمزوری صرف دو تین روز
میں دور ہونے لگتی ہے۔ قیمت فی بکس ۱۲ گولی عہ

تو پاک باش برادر مدار از کس باک (سعدی)

پیسہ اخبار

نمبر ۳۴۳ | یوم شنبہ ۔ ۸ ستمبر سنہ ۱۹۰۰ء مطابق ۱۳ جمادی الاول ۱۳۱۸ ہجری موافق ۲۴ بھادوں سمت ۱۹۵۷ بکرمی | جلد ۱۱

واقفیت عامہ کے لئے شمار و اعداد

براعظم ایشیا کی ریلیں :۔ براعظم ایشیا کی ریلوں کی لمبائی ۰۰۰ میل ہے جسکی دو تہائی برٹش ہندوستان میں ہے۔ کیسپین اور سائبیریا میں ریلیں بھی جاری ہو گئی ہیں جنکا طول ۳۰۰۰ میل ہے۔ جنہوں نے ابتدا میں ریلوں کی اجرا کی سخت مخالفت کی تھی۔ تاہم آہستہ آہستہ انہوں نے اس تحریک کو قبول کرنا شروع کر دیا۔ اس وقت چین میں جو ریلوے ہے اُسکا طول ۲۰۰ میل ہے اور اس سے گورنمنٹ چین کو بہت منافع ہوتا ہے۔ ایک دو یورپین کمپنیوں نے گورنمنٹ چین سے ۳۰۰ میل لمبی ریلوے لائن تعمیر کرنے کی اجازت حاصل کی ہے۔ لیکن ابھی اس کام کے تکمیل تک پہنچنے میں دیر ہو جائیگی۔ ہندوستان کے غربی مقبوضات میں ۱۲۰۰ میل ریلوے ہے اور امید ہے کہ کوچین چائنا۔ انام اور ٹانکین کے فرنچ مقبوضات میں بہت جلد ۲۰۰۰ میل ریلوے ہو جائیگی۔ جاپان میں ۲۰۰۰ میل ریلوے ہے۔ اور جزیرہ جاوا میں ۱۰۰۰۔ ایشیائی روم میں ۱۵۰۰ میل ریلوے تیار ہے جس پر باربرداری کا کام ہو سکتا ہے۔ اور مزید ۶۰۰ میل کی منظوری آ چکی ہے جسکی جلد تعمیل کیجائیگی۔

لوکوموٹو انجن برطانیہ کلاں میں تخمینہ کیا گیا ہے کہ گذشتہ سال برطانیہ کلاں اور آئرلینڈ کے لوکوموٹو انجن تعداد میں ۱۹۰۸۵ تھے۔ بیشک یہ تعداد انگریزی قوم کی بڑی نمایاں ترقی پر دلالت کرتی ہے۔ کیونکہ سنہ ۱۸۶۰ء میں ان انجنوں کی تعداد صرف ۵۸۰۱ تھی۔ اگر ہر ایک انجن کی قیمت ۳۰۰۰ پونڈ فرض کیجائے جو کم از کم لاگت ہے۔ تو بھی کہہ سکتے ہیں کہ انگریزی قوم نے ۶۰۰۰۰۰۰۰ پونڈ یا تقریباً ایک ارب روپیہ انجنوں پر صرف کر دیا ہے۔ لنڈن کی نارتھ ویسٹرن کمپنی کے قبضہ میں ۳۰۰۰ انجن ہیں جنکی لاگت ۹۰۰۰۰۰۰ پونڈ سے ہرگز کم نہ ہوگی۔

کوئلہ کا خرچ :۔ پچیس سال ہوئے دنیا میں کوئلہ کا سالانہ خرچ ۲۶۰۰۰۰۰۰ ٹن تھا جسکا تقریباً نصف حصہ برطانیہ کلاں سے آتا تھا۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ سٹیم انجن کی ایجاد و ترقی سے کوئلہ کا سالانہ خرچ ۵۶۰۰۰۰۰۰ ٹن ہو گیا ہے جسمیں سے ۴۰۰۰۰۰۰ ٹن کوئلہ برطانیہ کلاں اور اضلاع متحدہ (امریکہ) مہیا کرتے ہیں۔ انگلستان کا جس حصہ میں کوئلہ پیدا ہوتا ہے اسکا رقبہ ۹۰۰۰ مربع میل ہے اور اضلاع متحدہ امریکہ کے کوئلہ پیدا ہونے والے حصہ کا رقبہ ۱۹۲۰۰ مربع میل ہے۔

مذاق

اگر دلمیں سمجھو کہ تمہارے بچے تمام دنیا کے بچوں سے خوبصورت اور پیارے ہیں۔ تو ہم اسکے لئے تمہیں معاف کر سکتے ہیں۔ لیکن ہم ہرگز تمہیں اجازت نہیں دینگے۔ کہ تم اپنے بچوں پر فخر کرو۔

مریض۔ (ڈاکٹر سے) "ڈاکٹر صاحب۔ آپ بڑی متضاد باتیں کرتے ہیں کل آپ نے مجھے مشورہ دیا تھا۔ کہ فکر نہ کرنا۔ اور ابھی آپ نے ایک طول طویل بل بھیجدیا ہے۔"

بڈھا آدمی۔ "نوجوان شخص۔ اس وقت میں اسی سال کا ہوں۔ لیکن مجھے یاد نہیں پڑتا۔ کہ میں نے کبھی ایک ہی جھوٹ کہا ہو"۔
نوجوان۔ "بیشک اس عمر میں حافظہ پر اعتبار کرنا سخت غلطی ہے"۔

بیوی۔ (رنج کے ساتھ) "معلوم ہوتا ہے تم اچھے میرے طرح بہ ترقی کر رہے ہو۔ لیکن تمہیں یاد ہے جب ہماری شادی نہیں ہوئی تھی۔ اور میں اور تم اکٹھے ناچتے تھے۔ تو تم میرے کپڑے پھاڑ دیا کرتے تھے"۔
خاوند (مسکرا کر) "بے شک۔ اس وقت میں اسکے لئے دام نہیں دیتا تھا"۔

جج نے خیال کیا کہ گواہ جھوٹ بول رہا ہے۔ اسلئے اُسنے خفگی کے لہجہ میں پوچھا۔ "کیوں میاں۔ تمکو جھوٹی گواہی دینے سے کسقدر روپیہ ملا ہے"۔
گواہ نے جواب دیا "اندازہ تو یہ ہے لیکن جناب کی نسبت بہت کم"۔

مدرس۔ "کیا تم خیال کرتے ہو۔ وہ اس عورت پر عاشق ہے"۔
ولیم۔ "معلوم تو ایسا ہی ہوتا ہے کیونکہ کل اس نے اُسکی بائیسکل صاف کی تھی"۔

جج۔ "بیگم صاحبہ۔ تمہاری کیا عمر ہے"؟
لیڈی۔ "جناب میں۔ میں۔ میں"۔
جج۔ "جلدی کرو کیا تمہیں معلوم نہیں۔ کہ ایک ایک لمحہ تمہاری عمر کو بڑھا رہا ہے"۔

عجیب عجیب باتیں

چوہے گاتے ہیں :۔ انگلستان کے اخبارات کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ دنیا بھر کی عجیب و غریب خبروں سے ناظرین کو محظوظ کیا کرتے ہیں چنانچہ مذکورہ بالا عجیب عنوان ہی ایک ولایتی رسالہ کا ہے جو دعوے کرتا ہے کہ دنیا میں ایسے چوہے بھی پائے جاتے ہیں۔ جو گاتے ہیں۔ کیونکہ گانا صرف انسان کے لئے ہی مخصوص نہیں کیا گیا۔

اس رسالہ کا نام پیرسنز میگزین ہے اور وہ مذکورہ بالا عنوان سے حسب ذیل عجیب سطور لکھتا ہے:۔

"گذشتہ موسم سرما کا ذکر ہے کہ جنوبی فرانس میں ایک دن لوگوں نے ایک مکان کے اندر سے نہایت سریلی آواز سنی جب تحقیقات کیگئی تو انہوں نے نہایت حیرانگی سے معلوم کیا کہ اس مکان میں کوئی انسان ایسا نہیں تھا جو وہ گیت گا رہا ہو جب اور زیادہ تحقیقات کیگئی تو معلوم ہوا کہ گانے والا گیت کوئی انسان نہیں ہے بلکہ ایک چھوٹا سا چوہا ہے اسی وقت اُسے گرفتار کر کے ایک پنجرہ میں بند کیا گیا۔ ایک مدت تک تو بیچارہ چوہا ڈرتا رہا۔ اور وہ گانا تمام سے بھی گاتا تھا۔ لیکن آہستہ آہستہ اُسکا خوف دور ہو گیا۔ اور اس نے تماشائیوں کے سامنے بھی گانا شروع کر دیا اس موسیقی دان چوہے کی بڑی خوبی کی بات یہ تھی کہ وہ جب گاتا تھا تو ساتھ ہی ساتھ بہت عمدہ تان بھی لگاتا تھا گویا کہ ہارمونیم یا ستار بجا رہا ہے۔ اور محظوظ ہو کر سر ہلاتا ہے لیکن اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ صرف ایک ہی چوہا ایسا ہے جو گا سکتا ہے۔ بلکہ ایسے موسیقی دان چوہے تمام ملکوں میں پائے جاتے ہیں بشرطیکہ انکی پرورش کا خیال رکھا جائے۔ مثلاً کشتی امریکہ کے کپتان جے ریف کیلن مشہور آر۔ سی۔ یاٹ۔ یورگ کے نام سے خوب تعارف رکھتے ہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ جہاز انہماک کے کپتان ہیں اس وقت انکے پاس بھی ایک گانے والا چوہا ہے۔ یہ چوہا انکے جہاز سے پکڑا گیا تھا۔ کپتان کیلن صاحب کہتے ہیں کہ وہ ایسا عمدہ گاتا ہے کہ انہوں نے اسے اپنے پاس رہنا منظور کیا۔ اور اب اُسکی پرورش کرتے ہیں

زیادہ عرصہ نہیں ہوا ہے کہ ایک موسیقی دان چوہا لنڈن میں مسٹر سنتا رہ کے پاس بھی تھا۔ صاحب موصوف [illegible] اور یہ موسیقی دان چوہا گویا اُنکا کلب کا [illegible] لیکن ایسا ہی کیا [illegible] پنجرے سے باہر نکال کر چھوڑ دیا تھا۔ [illegible]

حفظ صحت

استفسار

۹۵- عورتوں کا مرض- ایک عورت کے اندام نہانی سے سفید رطوبت سی عرصہ ایک سال سے نکلتی ہے۔ (راقم خریدار اخبار)

۹۶- سدر د- موسم گرما و برسات میں میری ایڑیوں اور پاؤں میں ایسا درد ہوتا ہے جیسا کہ کوئی چھری مارتا ہو۔ مریضہ چالیس سال ہے- (خریدار نمبر ۲۲۰۰۴)

۹۷- چنبل- میرے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر تین سال سے خارش ہوتی ہے پہلے بمقدار ایک روپیہ کی جگہ پر خارش ہوتی تھی- اب کل ہتھیلی پر پھیل گئی ہے بلکہ دوسرے ہاتھ کی ہتھیلی پر بھی خارش ہو گئی ہے- دن بدن یہ مرض بڑھتا جاتا ہے- اس میں سے پانی وغیرہ نہیں نکلتا- ہر چند علاج کیا گیا کچھ فائدہ نہیں ہوا- (خریدار نمبر ۳۰۶۲ ج س ب)

۹۸- خارش- تین ماہ سے جسم پر دانے نکلتے ہیں جنکو پنجابی میں چھپاکی کہتے ہیں- انسے سخت خارش اور تکلیف ہوتی ہے (خریدار پیسہ اخبار نمبر ۲۱۰۱۶)

علاج

۱۱۴- داد- ڈبل پیسے میں سوراخ کر کے گلے میں ڈال لیا جاوے اور جس قدر داد میں سوزش ہو جاتی ہے اسی پیسے سے کھجایا جاوے چند روز کے استعمال سے اگر کیسا ہی سخت داد ہو انشاء اللہ تعالیٰ بھی نہ ملیگا میرے امتحان میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے- (راقم محمد علی)

۱۱۵- ضعف معدہ- دونوں وقت کھانے کے بعد چھوہارا یا الائچی یا ترلہ جیسا موقع ہو اسکو ہمراہ پانی کے پھانک لیا کریں- انشاء اللہ دو تین روز میں ہی نفع معلوم ہو جاویگا- سونف- شکر تمام- مداند الائچی تینوں ہموزن لیکر کوٹ چھانکر سفوف بنالیں اور جو مقدار اپنے تجربہ ہوئی ہے یا جو مناسب ہو اسی مقدار پر استعمال کریں- (راقم محمد علی مالک اخبار ضیر اعظم مراد آباد)

۱۱۶- سر کے ہاتھ پاؤں کا لعوہ- (بجواب استفسار نمبر ۸) یعنی بال چر- روغن چال گڑ کا ایک حصہ سیرشت کا نیم ناپید ہے حصہ- پھر دونوں کو خوب ملا کر داغ پر تیلا سا طلا کریں- بعدہ دو تین گھنٹے کے گندھک ایک حصہ- ہڑتال ایک حصہ- مکھن ۲ حصہ خوب [illegible] ورس بنا دیں اور اس مرہم کا لیپ کریں تین دن [illegible] نکل آویگی- اگر کچھ حصہ باقی رہ جاوے تو ایک [illegible] روغن بنا لگا ہٹا اور مرہم لگا دے- اسی سے سینکڑوں آدمیوں کو آرام ہو گیا ہے- (نبی بخش حکیم)

[illegible]

گمنام و نشان عزیز

۹۵- ۳۳ اپریل ۱۹۰۹ء کو میرا چھوٹا بھائی کا ساکن گم ہو گیا تھا چنانچہ اسکی تلاش کے واسطے بطور سیر و سیاحت بہت کوشش کی اور حلیہ وغیرہ مشتہر کیا گیا مگر کچھ پتہ نہ لگا احتمال تھا کہ کوئی فقیر وغیرہ نہ ورغلا کر لے گیا- چنانچہ بنارس وگیا وغیرہ جہاں پر فقیر زیادہ ہیں خفیہ تلاش کیگئی- مگر نہ ملا- اسکا حلیہ یہ ہے- کانگلی رام مشہور ہے لعل ولد چمن لال برہمن قوم کاشتکار ساکن فیروز پور ضلع فرخ آباد عمر وقت گمشدگی دس سال رنگ گندمی قد میانہ- فراخ پیشانی- ایک داغ ایک روپیہ برابر جلنے کا دست راست کی کلائی پر ہے- (لچھمی نرائن پوسٹ ماسٹر خریدار نمبر ۲۲۸۴۲)

۹۶- بیلی رام ولد گوبند رام قوم بانیہ ساکن ڈیورہ ڈاکخانہ گومل ضلع جالندھر عرصہ ایک سال سے اپنی ماں و باپ سے ناراض ہو کر کہیں چلا گیا ہے- حلیہ ذیل لاغری- ناک بنگالی میں بال سنگھ ٹھیکہ دار امرتسری کے پاس ملازم تھا- عمر ۱۸ سال لکھا پڑھا نہیں- (خریدار پیسہ اخبار نمبر ۲۲۹۰۹)

علم

سوال

۹۹- قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ- میرا ایک لائق دوست سوائے سیل صاحب کے "انگریزی ترجمہ قرآن مجید" کے کوئی دوسرا انگریزی ترجمہ قرآن مجید کا تلاش کرتے ہیں- اگر کسی مسلمان نے انگریزی میں ترجمہ کیا ہو تو وہ زیادہ مستند ہوگا- ناظرین پیسہ اخبار میں سے جن صاحب کو سیل صاحب کے سوا دیگر تراجم کی کیفیت معلوم ہو- انسے بذریعہ مہربانی بذریعہ پیسہ اخبار اطلاع دیں- (محمد عبد الصمد انصاری اسسٹنٹ سکرٹری ۔۔۔)

۱۰۰- پروانہ راہداری:- (۱) اگر کوئی ہندوستانی کسی غیر ملک کا سفر بطور سیر و سیاحت کرنا چاہے تو اسکو کن کن قواعد و ضوابط سرکاری کی پابندی لازم ہوگی کیا ایسے شخص کا بھی معائنہ ڈاکٹری و ترشیدہ وغیرہ مثل مسافران جہاز کے ہونا ضروری ہے اور کیا اسی بندر سے سفر بحری شروع کیا جا سکتا ہے یا مسافر کو اختیار ہے کہ جس بندرگاہ چاہے جہاز پر سوار ہو- (۲) پاسپورٹ کی ضرورت کن ملکوں میں پڑتی ہے- اور کیا ہر جگہ مل سکتا ہے- (خریدار اخبار نمبر ۲۱۴۰۶)

جواب

۹۰- خلفائے حضرت نظام الدین محبوب الٰہی (بجواب سوال نمبر ۹۰) آپ کے خلفاء بے شمار ہیں- لیکن چند حضرات نہایت ہی باعظمت اور صاحب کمال گذرے ہیں جنکا کچھ حال درج ہے- حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین حضرت محبوب الٰہی مدفون ہیں- [illegible] کا بل الاف عربی میں ۔۔۔ [illegible] مخدوم کی علاج ۔۔۔ رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔ چراغ دہلی ۔۔۔ [illegible] کیفیت دفعات کی تعداد ۔۔۔ حضرت سلطان المشائخ [illegible]

شعر و سخن

عورتوں کی تعلیم

تیغ دو دم اٹھاؤ نہ ظالم کو عام کرو بیچاریوں کے شوق پہ تم مت ظلم کرو
ورنہ خدا کے واسطے انپر رحم کرو جاہل نہ انکو رکھو نہ اتنا ستم کرو

ثابت ہے صاف ہمیں جہل سے اک تمل ہے
بعلم گو شکیل ہو پھر بھی رذیل ہے

بیعلمی ہی تو مخزن ہر اک گناہ ہے یہ ہی ہے جسکے باعث زنوں تباہ ہے
چھا سکو نہ مرد و کیا فیصلے ہوا ہے کرتوت سے تمہاری صدا کی سیاہ ہے

کچھ سوچ سمجھو اور خدا سے ذرا ڈرو
کیا کر رہے ہو عقل کی باتیں ذرا کرو

اے مرد تم ہی تاج ہو عورت ہی مول ہے عورت ہی لوگو آپکا پہلا سکول ہے
عورت نہ ہو تو خانہ خانہ فضول ہے اور گھر میں خاک ہے ہول بکا نر کا پھول ہے

اولاد بد تمیز کا دربے حصول ہے
ماؤں کا دھیان بچوں ہی پر نا قبول ہے

ہے مرد گر مکان تو عورت مکین ہے ہے مرد آسمان تو عورت زمین ہے
حاتم اگر ہے مرد تو عورت نگین ہے مونس ہے غمگسار ہے اور ہمنشین ہے

قدرت نے ایک سانچہ میں دونوں کو ڈھالا ہے
گر یہ نہ ہو تو دل میں یکجا کا لالا ہے

تم بادشاہ اگر ہو تو عورت وزیر ہے تم ہو اگر گلال تو عورت عبیر ہے
تم آفتاب ہو تو وہ ماہ منیر ہے عالیہ بزم تم تو وہ روشن ضمیر ہے

ہم سنگ ہر طرح وہ ستودہ صفات ہے
تم ڈال ڈال گر ہو تو وہ پات پات ہے

عورت ہے تاج مرد اگر تاجدار ہے ہے مرد اگر گلاب تو عورت ہزار ہے
گلشن اگر ہے مرد تو عورت بہار ہے قمری ہے وہ یہ سرو لب جوئبار ہے

عورت ضیا ہے مرد گل آفتاب ہے
یہ گنج ہے زمین و آسمان شباب ہے

مہر النساء جہان میں نور جہاں ہوئی اور چاند بی بی رونق شیرازہ ہوئی
وکٹوریہ سی دوسری پیدا کہاں ہوئی رضیہ بھلا کہاں ہوئی ہو و نہ ہو حکمران ہوئی

سب ہی کی ہیں عبرت اہل فرنگ ہے
وکٹوریہ ہے مرد نکی ہے عقل دنگ ہے

بیعلم بیوی گھر میں جو شوہر کے آئی ہے پہنچ کے اپنی آتے ہی بکو دکھائی ہے
جب ساس نے جو چھیڑ کے سر کو کھپائی ہے بجلی بنت ایک کی سو کو سنائی ہے

دیور سے ہے لڑائی تو نند کا بیر ہے
اے مرد دیکھو کیسی جہالت کی سیر ہے

بیعلم عورتوں کے کرشمے عجب ہیں نخرے نرالے ناز نہایت غریب ہیں
ڈرتا ہوں یاد کرکے ہماہت نصیب ہیں جو تمہی ہیں پھر ہی تو بد نصیب ہیں

بیوی سمجھتی ہے کہ وہ عمر دو کہانی ہے
شوہر سمجھتا ہے کہ بلا سر پہ آئی ہے

لازم ہے تمکو عورت بیاہ کر تم شایاں ہے یہ ہمکو کہ گر کر خدا تم
شائستگی جو سیکھ لیں اسکو پڑھاؤ تم عورت کو جو اب ذیلہ دو نہ بلاؤ تم

[illegible] از تمہارے سر نیچی ہیں
ہم ہیں ۔۔۔ [illegible]

توسیع اشاعت پیسہ اخبار

پیسہ اخبار کو خوش قسمتی سے جیسے مہربان ناظرین ملے ہیں ہندوستان کی اخبارات میں تو اسکی نظیر نہیں ملسکتی جو محبت خاص وہ حسبی پیسہ اخبار کی خریداری کی توسیع اشاعت کی فکر میں رہتے ہیں اسکے لیئے کسی شہادت کی ضرورت نہیں۔ چنانچہ ہر ہفتہ اس کا ثبوت اس امر کی تصدیق کرتا رہتا ہے۔ جناب حاکم خانصاحب بلوچ سارجنٹ (خریدار نمبر ۱۵۴) تحریر فرماتے ہیں کہ براہ مہربانی (۸۰۰) محمد امداد علیخان صاحب سارجنٹ رسالہ نمبر ۱۰ گونڈل کے نام اخبار جاری کر کے قیمت حسب معمول بذریعہ وی پی وصول کریں۔ جناب بابو عبدالرحمن صاحب ہیڈ کلرک (ضلع ڈیرہ دون) رقمطراز ہیں کہ (۸۰۱) پیسہ اخبار بنام بابو محمد علیخان صاحب معرفت لفٹنٹ لیوس صاحب (ضلع ڈیرہ) جاری کر کے کوئی ناول بقیمت سالانہ کیلیئے وی پی بھیجدیں۔ جناب محمد شفیق احمد صاحب گماشتہ (خریدار نمبر ۱۹۹) بڑی مہربانی دو جدید خریداران کے نام پیسہ اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کرنیکی اجازت دیتے ہیں۔ ان اصحاب کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ (۸۰۲) جناب مولوی محمد باقر صاحب محرر افیون (فرخ آباد) (۸۰۳) جناب سید اظہار الدین صاحب محرر افیون (فرخ آباد)۔ جناب سراج الدین محمد صاحب (خریدار نمبر ۱۲۱۲) ارقام فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار (۸۰۴) میاں اقبال حسین صاحب بھوپال کے نام جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کر لیجیئے۔ جناب صوبیدار خیر سنگھ صاحب (خریدار نمبر ۲۲۲۱) لکھتے ہیں کہ پیسہ اخبار بنام (۸۰۵) جمعدار فیض محمد خاں صاحب (رجمنٹ) جاری کر کے انعامی کتاب قیمت سالانہ کے لیئے وی پی بھیجدیں۔ جناب تاور بیگ صاحب لدکر بیگ صاحب (خریدار نمبر ۱۹۰۸) تحریر کرتے ہیں کہ (۸۰۶) پیسہ اخبار بنام جناب صمد علی بیگ صاحب (رنبئی پول) جاری کر کے انعامی کتاب بذریعہ وی پی بھیجکر قیمت سالانہ وصول کریں۔ جناب بلدیو پرشاد صاحب (خریدار پیسہ اخبار از رہنگم) لکھتے ہیں کہ (۸۰۷) میرے کرم مولوی محمد علی صاحب مظفر پور) آپکے اخبار کے نہایت شایق ہیں۔ اخبار جاری کر کے قیمت کے لیئے انعامی کتاب وی پی بھیجدیں۔ جناب سید مقبول حسین صاحب (خریدار نمبر ۲۱۴۸) تحریر کرتے ہیں کہ (۸۰۸) پیسہ اخبار جناب منشی ریاست علیشاہ صاحب تحصیلدار (رگھو اپیار) جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کر لیجیئے۔ جناب مظفر عیش صاحب (جودھپور مارواڑ) ارقام فرماتے ہیں کہ (۸۰۹) شاہ لوہن راج صاحب (جودھپور مارواڑ) کے نام اخبار جاری کر کے قیمت کے لیئے حسب قاعدہ انعامی کتاب بھیجدیں۔ جناب سید میر احمد شاہ صاحب جاگیردار (خریدار نمبر ۲۲۰۸) تحریر کرتے ہیں کہ (۸۱۰) سید باغ علیشاہ صاحب (کیمبل پور) کے نام پیسہ اخبار جاری کر کے بذریعہ انعامی کتاب قیمت وصول کریں۔

پیسہ اخبار کلب

نادر جنتری۔ (بغرض اطلاع مستفسران) اس نام کی جنتری کئی سال تک دفتر پیسہ اخبار لاہور سے شائع ہوتی رہی ہے۔ اگرچہ گذشتہ تین سال سے بوجہ عدیم الفرصتی و مشاغل پیسہ اخبار و انتخاب لاجواب اس طرف توجہ کرنیکا موقع نہیں ملا۔ تاہم اس جنتری کے عام پسند اور مقبول طبایع ہونے کا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ اسکی طلب میں اطراف و اکناف ہند سے بہت سی درخواستیں موصول ہوتی رہتی ہیں۔ باوجودیکہ سال حال کے ختم ہونے میں ہنوز چار ماہ باقی ہیں۔ مگر ابھی سے جنتری کے بارہ میں شائقین کے خطوط دفتر میں پہنچنے شروع ہو گئے ہیں جنمیں پوچھا گیا ہے کہ آیا سنہ ۱۹۰۱ء کی جنتری بھی شائع کیجائیگی یا نہیں؟ کثیر التعداد قدردانوں اور احباب کے اصرار سے مجبور ہو کر منیجر صاحب پیسہ اخبار نے یہ ارادہ کیا ہے جناب منشی محبوب عالم صاحب مالک و ایڈیٹر اخبار ہذا کے استصواب کے بعد اس جنتری کی تالیف اور اسکے چھاپنے کا کام شروع کر دیا جائے۔ چنانچہ اس بارہ میں جناب منشی صاحب ممدوح سے استصواب کیا گیا ہے اور اسکے ساتھ ہی جنتری سنہ آیندہ کے لیئے دلچسپ حیرت انگیز اور مفید مضامین کا مواد فراہم کرنا شروع کر دیا گیا ہے۔ انشاء اللہ امید ہے کہ اگر یہ جنتری تیار ہوئی تو بلحاظ عمدگی و خوبی مضامین حسن اہتمام سنین گذشتہ کی تمام جنتریوں پر فوق لیجائیگی۔ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ء تک ناظرین پیسہ اخبار کو مطلع کیا جائیگا کہ آیا سنہ ۱۹۰۱ء کی نادر جنتری شائع ہوگی یا نہیں۔ اس وقت تک انہیں منتظر رہنا چاہیئے۔

سفرنامہ یورپ۔ سید محمد عبدالرحمن صاحب کلرک چیف کمشنر آفس (خریدار نمبر ۱۵) لکھتے ہیں کہ جناب منشی محبوب عالم صاحب کی ولایتی چٹھیوں کی ایسی قدر ہوئی ہے کہ لوگ اخبار میں سے اوراق مندرجہ سفرنامہ کو پھاڑ کر باحتیاط اپنے پاس رکھتے ہیں تاکہ ایک کتاب بن جائے۔ مناسب ہے کہ صفحات سفرنامہ کے نیچے آیندہ اشتہارات درج نہ کیئے جایا کریں۔ انتہی۔ صاحب موصوف کی آگاہی کے لیئے لکھا جاتا ہے کہ یہ تمام چٹھیاں جو ہر ہفتہ اخبار میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ اخیر میں جناب منشی محبوب عالم صاحب کی نظر ثانی و مناسب ترمیم و اضافہ مضامین و نقشہ جات وغیرہ کے بعد ایک کتاب کی صورت میں چھاپی جائینگی تاکہ شائقین کو اس مکمل و مسلسل سفرنامہ کے مطالعہ سے مستفید ہونیکا موقعہ ملسکے۔ پس موجودہ حالت میں اخبار میں سے ان اوراق کو پھاڑ کر کتاب بنانے اور ہفتہ وار اوراق کی مجلد کرنے کی تکلیف اٹھانیکی چنداں ضرورت نہیں۔

لیکن یہ جناب منشی محبوب عالم صاحب مالک پیسہ اخبار لاہور نے یورپ میں جن ... تعلق سفر یورپ ... ایک ... حالات کا ذکر کیا ... نسبت ... خطوط جن ... احباب کی ... توجہ کا ... دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم سہ شنبہ ۴ ستمبر سنہ ۱۹۰۰ء

ہندوستانی والیان ریاست اور سیاحت یورپ

فی زمانہ جو امن و آسایش اور اطمینان و بیفکری ہندوستان میں والیان ریاست کو حاصل ہے وہ انکے بزرگوں کے کبھی وہم و گمان میں بھی نہ گذری تھی۔ بلکہ اگر یوں کہا جائے کہ برٹش گورنمنٹ کی سرپرستی کی وجہ سے موجودہ والیان ریاست دنیا کے تمام حکمرانوں میں سب سے زیادہ اندرونی و بیرونی مخالفوں سے مطمئن و بیفکر ہیں تو بیجا نہ ہوگا۔ لیکن اسکے کہ وہ گورنمنٹ قیصری کے ظل عاطفت میں اس عہد معدلت مہد کے امن و امان سے فایدہ اٹھا کر اپنے حالات و اطوار کی اصلاح اور رعایا و ریاست کی بہبودی کی طرف زیادہ سرگرمی سے متوجہ ہوں۔ وہ اور بھی آرام طلب و تفریح کے متلاشی اور عیش پسند ہو جاتے ہیں۔ مگر ابھی تک غرض کا اس سے زیادہ اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ ہندوستان کے بعض والیان ریاست اس حد تک پہنچ چکے ہیں کہ یورپ کا طواف کرنے جاتے ہیں کہ ہندوستان میں انکی صحت خراب ہو جاتی ہے حالانکہ غور ہے کہ جس ملک میں پیدا ہوئے جہاں انہوں نے نشو و نما پائی عنان حکومت ہاتھ میں لیتے ہی جہاں ایک مرتبہ یورپ کی دلفریبیاں نظر آئیں پھر ہندوستان کی آب و ہوا انکے حق میں سم قاتل ہو جاتی ہے ... بہت تجربہ و معلومات نوجوان ہندوستانی والیان ریاست کے لیئے سیاحت یورپ کو مفید خیال کرتی تھی مگر ... بڑودہ۔ ہز ہائینس نواب صاحب رامپور۔ ٹھاکر صاحب گونڈل۔ مہاراجہ صاحب کوچ بہار۔ مہاراجہ راجگان مہاراجہ کپورتھلہ کے متواتر سفر یورپ نے بتا دیا کہ علی العموم یورپ کی سیر و سیاحت سے کسی والی ریاست کو فایدہ پہنچنے کی توقع فضول ہے۔ بلکہ یہ وہاں جا کر عشرت میں منہمک ہو کر فرائض منصبی و ضرور ریاست و رعایا کی طرف سے غافل ہو جاتے ہیں اور جب عرصہ دراز کے بعد ہندوستان لوٹتے ہیں تو انکی حالت اس سے مختلف ہوتی ہے جو یہاں سے گئے تھے۔ کیونکہ وہ مغربی مذاق و بیہودہ فیشن کے ایسے دلدادہ ہو جاتے ہیں کہ انہیں ہندوستانی سوسائٹی سخت مکروہ معلوم ہوتی ہے۔ یورپ کی باتوں میں اہل مغرب کی تقلید کی طرف انکا ذہن منتقل نہیں ہوتا اور وہ علوم و فنون سے انہیں ترقی ریاست کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ بلکہ وہ یورپ کی تمام ... کر لیتے ہیں فضول خرچی ... اور ... میں رعایا کی گاڑھی کمائی کا روپیہ بیدریغ ...

بجواب عرض ہے کہ خدا کے فضل و کرم سے اب جناب منشی صاحب ممدوح کو ہمیشہ جو آرام ہے۔

وصول کریں۔

باز ہوائے چشم آرزو ست

[illegible] یورپ کا ہوّا دماغ میں سمجھا جاتا ہے [illegible] نہیں جیسا ان یورپ [illegible] [illegible] آپ [illegible] سیاحی [illegible] بلکی [illegible] وہاں جا پہنچتے ہیں۔

ہر کیف [illegible] صاحب [illegible] یورپ [illegible] سے [illegible] آرام طلب بادشاہ [illegible] بلکہ خود [illegible] حق میں یہی بہتر [illegible] نہیں ہیں [illegible] عموماً [illegible] گورنمنٹ [illegible] سیاحت یورپ کی اجازت دیدیا کرتی تھیں۔ لیکن گورنمنٹ ہند نے [illegible] زیادہ [illegible] کرنے [illegible] سمجھا [illegible] آیندہ کوئی [illegible] بغیر سیاحت یورپ [illegible]

[illegible]

آف انڈیا کی منظوری [illegible] لکھ کر [illegible] گورنمنٹ [illegible] بارہ میں [illegible] ہی [illegible] کا اس امر سیاحت کے متعلق کوئی خاص [illegible] اعلے گورنمنٹ سے [illegible] مشتہر [illegible] اس وقت اس سے متعلق گورنمنٹ ہند سے منسوب کیا جاتا ہے کہ [illegible] جنرل [illegible] اجلاس [illegible] کوئی [illegible] کہا ہے ہی امر نہ ہندوستان سے بعض حصوں میں [illegible] طریقوں سے عملد [illegible] کیا جائے [illegible] یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایسی سیاحت کے متعلق گورنمنٹ ہند کی اجازت کو محض باقاعدہ کارروائی [illegible] کیا جاوے کہ [illegible] وقت میں جبکہ [illegible] موقع ہی نہ ملے کسی والی ریاست کی سیاحت کی اطلاع بھیجکر قاعدہ کی پابندی کر دیجائے بلکہ خلاف اسکے [illegible] سیاحت [illegible] متعلقہ گورنمنٹ ہند کی منظوری کے لئے بھیجے جانے چاہئیں [illegible] غور کرکے آزادانہ رائے قایم کرسکے [illegible] سکرٹری آف سٹیٹ [illegible] اسلئے آئندہ [illegible] کے بعد سے آئندہ تمام [illegible] والیان ریاست [illegible] کی سیاحت ممالک غیر کے [illegible] حصول اجازت کی درخواستیں خواہ اس سیر و سیاحت کی غرض وغایت کچھ ہی کیوں نہ ہو معقول ہو۔ [illegible] گورنمنٹ ہند کے پاس بھیجی جانی چاہئیں [illegible] سفر کی وجوہ و اغراض بشرح وبسط بیان [illegible] جائیں [illegible] لوکل گورنمنٹوں کو بھی اپنی اپنے مخالف یا موافق رائے

[illegible] کرتی [illegible] لیکن لوکل گورنمنٹ [illegible] یا پوری اجازت [illegible] نہیں اور [illegible] [illegible] گورنمنٹ [illegible] طرح [illegible] ویسی [illegible] سیاحت [illegible] کی نسبت [illegible] عائد [illegible]

[illegible] سیاحت یورپ [illegible] کی بہت [illegible] ہوا [illegible] ہو رہے [illegible]

[illegible]

[illegible] آمدنی [illegible] بعض [illegible] سکتے [illegible] پرائیویٹ [illegible] [illegible] ملک [illegible] اگر اس [illegible] صحیح ہیں [illegible] کوئی [illegible] مہذب [illegible] [illegible] سکتی کہ [illegible] پرائیویٹ [illegible] کو جس [illegible] اور [illegible] اعتراض نہیں ہوسکتا گورنمنٹ [illegible] چاہتی ہے کہ والیان ریاست [illegible] ہند کی [illegible] اور انہیں [illegible] سمجھا جائیگا [illegible] کو سیاحت یورپ کا [illegible] جائیگا جسکی نسبت [illegible] کا خیال ہو کہ انکی سیاحت سے ملک کو فائدہ پہونچیگا“

[illegible] میں ہیں بچیاں جنکی [illegible] بن آئے

[illegible] اُن بادشاہ جسکی عمر [illegible] سال کی [illegible] میڈم [illegible] معقول [illegible] میڈم [illegible] عاشق [illegible] [illegible] شادی [illegible]

[illegible]

[illegible] اطلاعات [illegible] تصور کیا [illegible] ریاست [illegible] مکانات وغیرہ [illegible] ہزار [illegible] اس امر کو [illegible] نہیں کہ کسی ہندوستانی ریاست کا وکیل کسی صورت سے [illegible] میں رہے [illegible] امیر عبدالرحمن خاں بہادر کابل کو بھی وہاں سفیر رکھنے کی اجازت نہیں دیگئی [illegible] جبکہ سیاحت یورپ کی متعلق گورنمنٹ ہند نے تازہ

میں والیان ریاست کی کل پرائیویٹ آمدنیوں کو بھی اپنے زیر نگرانی رکھنا ضروری سمجھا ہے کہ وہ اُسے بیجا ریخ نہ کرنے پائیں۔ تو پھر معلوم نہیں کیوں ریاست بہاولپور کو دھن رو کیل رکھنے اور اپنی قحط زدہ رعایا کا پیٹ کاٹ کر تقریباً ستائس ہزار روپیہ سالانہ اس طرح فضول طور پر خرچ کرنے کی اجازت دیگئی ہے۔

سید پیر مہر علیشاہ صاحب گولڑوی اور غلام احمد صاحب قادیانی

پیسہ اخبار کی گذشتہ اشاعت میں سید پیر مہر علیشاہ صاحب کی لوگوں کو تحریر تفسیر لاہور آنے اور مرزا صاحب قادیانی کے متعلق ایک مختصر سا نوٹ شایع ہوا تھا کہ پیر صاحب [illegible] صاحب کی نام یکشنبہ ۲۵ اگست شرائط مطبوعہ [illegible] نہیں [illegible] چاہتے تھے کہ تحریر تفسیر سے پہلے مرزا صاحب سے عقائد کی نسبت [illegible] مباحثہ بھی ہو [illegible] اور یہ کہ [illegible]

[illegible]

[illegible] نہیں بعینہ خط ح سے پیش کی ہیں منظور [illegible] نہیں جیلنج کرتے ہیں کہ تم مقررہ تاریخ یعنی ۲۵ اگست کو مقام [illegible] میں آجاؤ [illegible] دیئے ہوا گر اب بھی تم ۲۵ اگست کو میدان میں نہ آئے اور [illegible] اخبار کی [illegible] ضرور ہے کہ تم ایسا ہی کرو گے تو [illegible] سمجھا جائیگا۔

ایک دیسی اخبار مشکلات میں

لاہور میں ہنوز اخبار عام کے مقدمہ کا فیصلہ نہ ہوا تھا کہ شمالمغرب اودھ کے ایک اور دیسی اخبار پر بھی ہتک عزت کا مقدمہ گورنمنٹ دائر ہو گیا ہے چنانچہ پائنیر سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۸ اگست ۱۹۰۰ء کو مسٹر [illegible] ایڈیٹر [illegible] کی جانب سے دسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] کی عدالت میں [illegible]

اکل مرہٹی اخبار الموسومہ بہ کالپار [illegible] پر وہاں کے ایڈیٹر اور پبلیشر پر بموجب دفعہ ۱۰۸ ضابطہ فوجداری مصدرہ ۱۸۹۸ء استغاثہ دائر کیا۔ یہ استغاثہ ان مضامین کی نسبت دائر ہوا ہے جو اخبار مذکور کی ۹ و ۳۰ جون کی اشاعتوں میں شایع ہوئے تھے۔ ان مضامین سے ہر مجسٹی کی رعایا کے مختلف فرقوں کے مابین نفاق و فساد کے مشتعل ہونیکا اندیشہ تھا۔ مسٹر مذکور نے عدالت سے درخواست کی کہ مندرجہ بالا اشخاص سے انکے آئندہ رویہ کے متعلق ضمانتیں لیجائیں ۲۹ اگست کو مجسٹریٹ نے ان قابل اعتراض مضامین کا انگریزی ترجمہ سنا۔ اُسکے بعد حکم دیا کہ اخبار کالپا اس کا ایڈیٹر اور پبلیشر ۱۰ ستمبر کو عدالت میں حاضر ہو کر وجہ بتائیں کہ کیوں ان سے ضمانت نہ لیجائے۔

حضرت سلطان المعظم کی نقرئی جوبلی

ناظرین کو معلوم ہوگا کہ یکم ستمبر ۱۹۰۰ء کو ٹرکی میں حضرت سلطان المعظم کی پچیس سالہ حکومت کی نقرئی جوبلی ہونیوالی تھی۔ اسمیں تو کچھ شک نہیں کہ قلمرو عثمانیہ میں یہ مبارک تقریب بڑی شان و شوکت سے انجام کو پہنچی ہوگی لیکن ہندوستان کے بعض حصوں کے مسلمانوں نے بھی اس تقریب پر اظہار مسرت میں کوئی کوتاہی نہیں کی چنانچہ تاریخ مذکور پر اہل اسلام بمبئی نے اسکے اظہار میں خوشی ظاہر کی ۱۰ ستمبر میں مختلف مقامات پر جلسے ہوئے اور رات کو مسلمانوں نے چراغان سے اپنے گھروں کو بقعہ نور بنایا مدراس میں ٹرکی سے اس تقریب پر ایک گارڈن پارٹی دی جسمیں معزز و متقدر لوکل رؤسا و شرفا مدعو کیئے گئے تھے۔ سلطان کی درازی عمر و اقبالمندی کے واسطے دعا مانگی گئیں سیفر و دیگر معزز مسلمانوں نے جامع مسجد میں موزون تقریریں کیں اور سلطان المعظم کی خدمت میں ایڈریس مبارکباد بھیجنے کی تجویز قرار پائی۔

انگلستان کی کمانڈر انچیفی کا عہدہ

ڈیلی نیوز لکھتا ہے کہ لارڈ ولزلی کے کناره کش ہونے پر لارڈ رابرٹس افواج انگلستان کے کمانڈر انچیف تسلیم کیئے جائینگے۔ لارڈ رابرٹس کی ترقی عہدہ پر سے اہل ہند بھی خوشی سے پھولے نہیں سماتے کیونکہ اس فاتح قندھار نے اپنی زندگی کا بہت حصہ ہندوستان میں بسر کیا ہے اور وہ یہاں کی افواج کا کمانڈر انچیف رہچکا ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ لارڈ ولزلی کی طرح لارڈ رابرٹس کی عمر بھی ۵۰ سال سے زاید ہے۔ گوکہ لارڈ رابرٹس فیلڈ مارشل کا عہدہ رکھتے ہیں۔ لیکن وہ عمر وسیدہ کے عہدہ سے مستعفی ہیں ۔ اکتوبر تک لارڈ رابرٹس جنگ جنوبی افریقہ سے فراغت پاکر واپس انگلستان نہ ہوئے تو اس عہدہ کے فرائض [illegible] پاس وقت کوئی اور افسر انجام دیگا جبتک کہ لارڈ رابرٹس انگلستان آکر عہدہ مذکور کا چارج لیں۔

ہندوستان کا قحط

بدقسمت ملک جس بے بہا استقلال سے ایک عرصہ دراز سے قحط و طاعون اور ہیضہ کی تکالیف برداشت کر رہا ہے اسکی حالت بعض سربرآوردہ اخبارات برطانیہ انگلستان کو یہ کہنے سے باز نہیں رکھ سکی گو پارلیمنٹ نے خود انگلستان سے ہندوستان کو امداد دینے کی تجویز کو بدستور نامنظور کیا مگر دوران مباحثہ میں یہ معلوم ہو گیا کہ ممبران پارلیمنٹ کی معقول تعداد مصائب ہندوستان سے دلی ہمدردی رکھتی ہے۔ لنڈن ٹائمز و دیگر معزز اخبارات نے بزور الفاظ میں پارلیمنٹ کو امداد مذکور کی طرف توجہ دلائی اور انکی اس ہمدردی کا اہل ہند کو مشکور ہونا واجب ہے۔ ہندوستان میں تازہ بارشوں سے قحط کی کاموں پر مزدوروں کی تعداد کم ہونی شروع ہو گئی ہے گو اس قدر نہیں جیسی کہ توقع کی گئی تھی۔ ولایت کے منشن ہوس نے اور ایک لاکھ روپیہ سنٹرل قحط کمیٹی کلکتہ کو بھیجا ہے۔ منشن ہوس فنڈ کی میزان ایک کروڑ تیس لاکھ تک پہنچ گیا ہے۔ نئال نے بھی باوجود یکہ وہ آجکل مصائب جنگ میں مبتلا ہے مگر کمشنر جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کی وفاداری کو دیکھکر ڈیڑھ ہزار پونڈ امداد دینا ہے جو [illegible] میں پہنچنے والا ہے۔ اور مزید رقوم کے آنے کی بھی توقع کیجاتی ہے۔ علاوہ بریں آسٹریلیا اور نیوزیلینڈ کی نوآبادیاں بھی اب تک اس فنڈ میں ساڑھے چھ لاکھ روپیہ عطا کر چکی ہیں جب ان بستیوں نے دیکھ لیا کہ نازک وقت آنے پر ہندوستان سینہ سپر ہونے میں ذرا بھی تامل نہیں کرتے تو انہوں نے بھی اپنا فرض سمجھا کہ مصیبت کے وقت اسے ہمدردی ظاہر کریں۔

بہادر علی صاحب ایم اے ایل ایل بی اطلاع دیتے ہیں کہ گذشتہ تعلیم علیگڈھ کے پرانے طالبعلموں کا سالانہ ڈنر ۲۳ اکتوبر یوم جمعہ (تعطیلات دسہرہ) کو ہوگا۔ اور اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کا اجلاس بھی اسی تاریخ کو شروع ہوگا۔ سوسائٹی کے تمام پرانے طالبعلموں سے درخواست کیگئی ہے کہ وہ اس ڈنر میں شرکت کی کوشش کریں۔ اور اپنے ارادہ شمولیت سے صاحب پرنسپل یا سکرٹری ایسوسی ایشن مذکور کو مطلع کریں۔

ٹرسٹیان مدرسۃ العلوم علیگڈھ کا جو جلسہ بجٹ کالج پاس کرنے کے لیئے ۲۹ اگست کو منعقد ہوا تھا۔ اسمیں نواب محسن الملک بہادر نے اطلاع دی کہ وہ بوجہ نادرستی صحت ۱۵ اکتوبر سے کالج کے سکرٹری شپ سے مستعفی ہو جائیں گے۔ اسمیں کچھ شک نہیں کہ نواب صاحب کی علیحدگی سے کالج کو سخت نقصان پہنچیگا امید ہے کہ انپر زور ڈالا جائیگا کہ وہ اپنا استعفا واپس لے لیں۔ نیز اس جلسہ میں تجویز ہوئی کہ مسٹر بیک کو انکی [illegible] کی پانچ سالہ خدمات کے صلہ میں دس ہزار روپیہ سالانہ قسطوں میں دیا جائے۔

[illegible]

سیاحت یورپ

گیارہویں چٹھی

(مرقومہ منشی محبوب عالم صاحب مالک پیسہ اخبار از مقام لندن ۱۷۔ اگست ۱۹۰۰ء)

پہلی دو تین چٹھیوں میں پیرس کی عالمگیر نمائش کے حالات لکھے ہیں۔ لیکن بہت تھوڑا حصہ نمائش کا ناظرین پیسہ اخبار کی خدمت میں پیش کر چکا ہوں۔ چونکہ پیرس اور لنڈن کے دیگر حالات بھی آپ صاحبان کی خدمت میں پیش ہونے کے منتظر ہیں۔ اس لئے میں نمائش پیرس کی باقی کیفیت ان حالات کے ساتھ نوبت بہ نوبت لکھا کرونگا۔

انگلینڈ کی دونوں عالیشان اسباب صنعت و حرفت کی عمارات دیکھ چکنے کے بعد ہمیں دریائے سین کے طرف لوٹ کے بائیں کنارہ پر چلنا چاہئے جہاں اقوام یورپ و امریکہ کی قومی عمارات ہیں۔ انمیں سب سے پہلے اطالیہ کی قومی عمارت نہایت عالیشان ہے۔ ان عمارات کی تعمیر میں خصوصیت سے اس امر کو مد نظر رکھا گیا ہے کہ جس قوم یا ملک کی عمارت ہے اُسی ملک کے خاص طرز تعمیر کے اعلیٰ نمونوں سے یہاں نقل کیا گیا ہے۔ اسلئے یہ حصہ نمائش کا۔ اور ایک دوسرا حصہ جسمیں فرانس و انگلستان کی نوآبادیوں یا ممالک مشرق کی تعمیرات ہیں نہایت دلچسپ ہیں۔ کیونکہ انمیں مختلف ممالک کے طرز تعمیر ملاحظہ پہلو بہ پہلو نظر پر نہایت عمدہ اثر پیدا کرتی ہے۔ اور بعض عمارات تو ایسی خوبصورت اور عالیشان اور نرالی طرز کی ہیں کہ انکے دیکھنے سے جی نہیں بھرتا۔ اٹلی کی عمارت وینس کے مشہور گرجا سینٹ مارک کے نمونہ پر بنائی گئی ہے کہ جسکی کیفیت میں سیر وینس کے حالات میں لکھ چکا ہوں۔ ظاہرا یہ عمارت ایسی خوبصورت اور عالیشان معلوم ہوتی ہے۔ اور اسپر فن مصوری و نقاشی کہ جسمیں اطالین یورپ بھر میں اُستاد سمجھے جاتے ہیں اسقدر خرچ کیا گیا ہے کہ اس خیال پر تعجب ہوتا ہے کہ عنقریب یہ ختم نمائش کے بعد اسے گرا دیا جائیگا۔ اسکا گنبد طلائی ہے۔ اُسکی دو منزلوں میں اطالین حرفت کے نمونے مصوری اور آرٹ کے نمونے لگائے گئے ہیں۔

اسکے بعد ٹرکی کی قومی عمارت ہے۔ یہ عربی اور رومی شامی طرز تعمیر سے مرکب ہے۔ قسطنطنیہ کی چند بڑی بڑی پبلک عمارات کے حصے اور خصوصاً عجائب گاہ جان نثاران کا (جینی سری) کے نمونہ پر بنائی گئی ہے۔ اسمیں تین منزلیں ہیں۔ پہلی پر پھول بوٹے زیورات رومال اور دوسری میں برتن اور نقالینوں کی قسم کی چیزیں۔ چھوٹی چھوٹی دوکانوں میں یہودی زن و مرد بیچ رہے ہیں۔ جیسا کہ قسطنطنیہ کے بازاروں کا حال ہے۔ دوسری منزل میں قہوہ خانہ ہے اور ایک قہوہ خانہ اور سلطان احمد کے فوارہ کے نمونہ پر ہے اور تھیٹر بھی ہے جسمیں یہودی اور یہودنیں عرب اور مسلمانوں کے سوانگ بھر کر اور عربی گیت گا کر اور ناچ کر مسلمانوں کو بدنام کرتے ہیں۔ مصر الجیریا ٹیونس مراکو اور ٹرکی کے مکانات کے ساتھ تھیٹر بھی لگائے گئے ہیں۔ ان سب ملکوں میں عورتوں کے ناچنے کی طرز نرالی ہے جسمیں چھاتیاں اور کندھے پھڑکائے جاتے ہیں۔ اور ناف کے حصہ کو تمام جسم سے الگ عجیب طور سے حرکت دیکاتی ہے جسمیں ان عورتوں کو خاص مہارت ہوتی ہے۔ ہندوستان کی رنڈیوں کا ناچ اسکے مقابلہ میں عین تہذیب کا نمونہ ہے۔ ناچنے والی عورتیں اور انکے مرد سب یہودی ہیں۔ مگر یقیناً یورپ کے ناواقف لوگ انہیں مسلمان سمجھتے ہیں۔ اور کبھی کبھی جبکہ یہ بدوؤں کا لباس پہنکر رجز خوانی کرتے ہیں اور بدوؤں کے شادی بیاہ کی رسمیں اور عنترہ کی زندگی کے ایک واقعہ کی نقل کرتے ہیں تو کوئی شخص بھی انمیں اور مسلمانوں میں بمشکل تمیز کر سکتا ہوگا۔ ٹرکی کے مکان میں صرف ایک شخص محمد جنید شاہ مسلمان مجھے ملا جو مدت تک انگلستان میں متوطن رہا ہے۔ اور یہیں کی ایک عورت سے شادی بھی کی ہے۔ اُسنے کہا گورنمنٹ ٹرکی نے نمائش میں خاص حصہ لینا پسند نہیں کیا۔ اور نہ کسی مسلمان نے یہاں آنا پسند کیا ہے۔ مسلمان نوجوان یورپ میں آکر اہل یورپ کی بیحیا لڑکیوں کو دیکھکر فریفتہ ہو جاتے ہیں اور مسلمان نہیں رہتے۔ مجھے یہ سنکر نہایت افسوس ہوا کہ ترک اتنے احمق ہیں کہ باوجود کئی صدیوں سے یورپ میں رہنے کے انہیں اتنی عقل نہیں آئی کہ اسلام (بقول بعض اہل سوفسطائی) ایسا کچا دھاگا نہیں جو ٹوٹ جائے۔ نہ یہ کسی خاص ملک اور قوم اور آب و ہوا سے مخصوص مذہب ہے۔ اور بالفرض اگر یورپ میں جاکر یہ اہل یہود کے مذہب کی طرح خراب ہو جاتا ہے۔ تو انہیں کی حرمت یہ اسپٹ کرنے سے پھر سالم بھی ہو جاتا ہوگا۔ افسوس ہے کہ اسلام کے معنی کیسے غلط سمجھے گئے ہیں ؎

زنہار ازاں قوم نباشی کہ فریبند

حق را بسجودے و نبی را بدرودے

مگر اسکے بعد مجھے ایک معزز ٹرکیش لیڈی سے یہ سنکر نہایت اطمینان ہوا کہ جس مدرسہ میں اُنکی جوان لڑکی پڑھتی ہے اُسمیں چند ترک نوجوان خاتونیں بھی تعلیم پاتی ہیں جو قسطنطنیہ سے صرف پڑھنے کیلئے آئی ہوئی ہیں۔ اور مسیو مصطفیٰ خلیل آفندی صاحب (جنہوں نے سال گذشتہ انجمن حمایت اسلام لاہور کے مدرسہ میں لیکچر بھی دیا تھا اور اب پیرس میں ہیں) معلوم ہوا کہ پیرس کے مختلف مدرسوں اور کالجوں میں کئی ترک نوجوان تعلیم پاتے ہیں۔ گو یہ اس کثرت سے نہیں جتنے کہ جاپانی نوجوان ہیں جو سات سمندر طے کرکے یورپ اور امریکہ میں ہنر سیکھنے آتے ہیں۔ مگر میں نمائش پیرس سے کتنا دور نکل آیا ہوں ؎

ٹرکی کے بعد اضلاع متحدہ امریکہ کا مکان واشنگٹن کے کیپی ٹول کی نقل بنایا گیا ہے۔ اس مکان کی پہلی منزل خالی ہے جسمیں اہل امریکہ کی آسایش کیلئے تار نامہ اور اطلاعات وغیرہ کے دفتر ہیں۔ مکان کے سامنے جارج واشنگٹن کا بت گھوڑے پر سوار ہے جسنے امریکہ کو آزاد کرایا تھا۔ مکان کی پیشانی پر آزادی کا فرضی بت ترقی کی گاڑی میں سوار دکھلایا گیا ہے۔ مکان کے بیچ میں بڑا ہال ہے اطراف کے کمرے اضلاع متحدہ میں سے ہر ایک ضلع کے نام کے الگ الگ ہیں۔ اوپر جانے کے لئے دو لفٹ ہیں۔ اور رات کو برقی روشنی ہوتی ہے۔ اس مکان میں کوئی سامان نمائش نہیں۔ کیونکہ امریکہ کے سامان سے نمائش گاہ کے مختلف عمارتیں بھری پڑی ہیں۔

ڈنمارک کا مکان ڈنمارک کے خاص طرز تعمیر میں بڑا دلچسپ معلوم ہوتا ہے اُسکے اندر اس ملک کی ساخت کی چیزیں سجائی گئی ہیں۔

اسکے بعد آسٹریا کا قومی مکان دو منزلہ بڑا عالیشان ہے۔ اسمیں نیچے دو تین کمرے صرف اعلیٰ درجہ کے فرنیچر سے سجا کر دکھانے کے لئے مخصوص ہیں۔ دوسری منزل میں کچھ اسباب مالیت برتی کلوں۔ تصاویر و تواں کی قسم سے ہے۔ ایک کمرہ میں یہاں کے کل اخبارات و رسالوں کے سرورق چسپاں ہیں جو کہ بہت دلچسپ نظارہ ہے۔ اور نمونے اخبارات کے بھی موجود ہیں۔ نمائش گاہ میں آسٹریا یا ہنگری کا جہاں جہاں سامان رکھا ہوا ہے وہیں شہنشاہ فرانسس جوزف کا ایک بت بھی رکھا ہوا ہے جو روشن معلوم ہوتا ہے۔

کیا ضرور ہے کہ سب کو دے ایک سا جواب

آؤ تو ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

مضبوط لیور واچ نمبر ۱

اس گھڑی کا ٹائم نہایت سچا ہے اور یہ نہایت مضبوط ہیں مضبوطی میں لاجواب ہے اور سپر طرہ یہ کہ لیور ٹائم بارہ گھنٹہ دیکھے بیس روپیہ کی معلوم ہوتی ہے گارنٹی ایک سال محصول ڈاک وغیرہ سے آپکو کچھ غرض نہیں صرف دو روپیہ بارہ آنہ ڈاک ہوں کو دیکر ہو ایک ایسی گھڑی کا پارسل وصول کیجئے

تازہ شہادتوں کا خلاصہ

عالیجناب محمد یعقوب صاحب انسپکٹر ڈاکخانہ بازار سیتاپور ضلع سلطانپور سے تحریر فرماتے ہیں۔ بعد سلام مسنون آنکہ کم از کم ۴۵ پینتالیس عدد گھڑیاں کے میں آپکے کارخانہ سے حضر اپنے دوستوں اور احباب کی فرمایش سے منگوا منگوا کر دیں ہیں اب تک وہ گھڑیاں بدستور ٹائم دے رہی ہیں لہذا ایک عدد مضبوط لیور واچ نمبر ۱ قیمتی ۲۱ موجودین جو آپ دیتے ہیں روانہ فرما۔ ۹ جولائی

آپکا خادم ایس۔ اے۔ بی بخشی اینڈ کو محلہ گرجا تالاب ڈاکخانہ بڑا بازار کلکتہ

پرتگال کا مکان سادہ ہے۔ لیکن اپنی خاص مشرقی نما طرز کا ہے۔

روسیا اور سرویا گو دنیا کو بھی صبر نہیں آیا کہ نمائش پیرس میں حصّہ نہ لیں۔ اسمیں ایک طرف عربی طرز کے ستون لگا دیئے ہیں اور محراب ایسے طور پر بنائے ہیں کہ ایک عالیشان مسجد معلوم ہوتی ہے۔ اور ان ممالک سے ٹرکی کا تعلق یاد آجاتا ہے۔ مگر جہاں ٹرکی کے مکان میں دستیار ساختہ کی کوئی نمائش نہیں۔ یہاں کی اشیائے ساختہ کی خاصی دلچسپ نمائش اس مکان کے اندر موجود ہے۔

اسکے آگے ملک پیرو کی عمارت ہے جو جنوبی امریکہ کی ایک جمہوری ریاست ہی۔ طرز تعمیر ہسپانیہ کی عمارات کی ہے۔ کیونکہ اس ملک میں پہلے ہسپانیہ کا ہی قبض ودخل تھا۔ اوپر دو مینا کاری کے مینار ہیں۔ دو منزلہ عمارت ہے جسمیں پیرو کی ساختہ چیزیں اور معدنی پیداوار موجود ہے۔ بعض چیزیں یورپ کی اچھائی ساختہ سے لگا کھاتی تہیں۔ ۳۸۰ مربع گز زمین پر مکان تعمیر ہے۔

ہنگری ہر چند کہ سلطنت آسٹریا کا حصّہ ہے لیکن اس قوم نے بجا نمائش میں آسٹریا سے علیحدہ حصّہ لیا ہے۔ چنانچہ اسکا مکان بھی آسٹریا کے مکان سے علیحدہ ہے۔ جو فن تعمیر کا عجوبہ شمار ہونے کے قابل ہے گیارہویں صدی سے ہنگری قوم جتنی طرزیں تعمیر میں استعمال کرتی ہے وہ سب اس عمارت میں جمع ہیں اور جیسی باہر سے خوبصورت ہے ویسی ہی اندر سے ہنگری کی فوجوں کی وردیوں۔ تاریخی یادگاروں۔ اور خانگی زندگی کے سامانوں کے نمونوں اور تصویروں سے مکان نہایت دلچسپ بنایا گیا ہے۔ افسوس ہے کہ یہ چند فقرات اس اثر کا کوئی حصّہ بھی پیدا نہیں کر سکتے جو دیکھنے سے حاصل ہوتا ہے۔

اسکے آگے برطانیہ عظمےٰ کا مکان ہے۔ نمائش کی تیاری کے ابتدائی زمانہ میں جو رائل کمیشن انگلستان نے نمائش پیرس میں حصّہ لینے کے لیئے مقرر کی تھی حضور پرنس آف ویلز اسکے سرپرست قرار پائے تھے لیکن اسکے بعد بوجوہات فرانس و انگلستان کے تعلقات ایسے دوستانہ نہ رہے جس سے انگلستان نے اتنی دلچسپی نمائش پیرس میں نہیں لی جتنی کہ اُسے لینی چاہیئے تہی تاہم بہت کچھ حصّہ لیا ہے۔ انگلستان کی قومی عمارت ایک نمونہ انگریزی مکان کنگسٹن ہوس کے تعمیر کیجئے نمائش کے طور پر اسمیں بہت سا قیمتی اسباب سجایا گیا ہے۔ مثل نمونہ جات کے فنون لطیفہ۔ جواہرات۔ زیورات اسلحہ وغیرہ جو انگریزی ساخت کا خاصہ عجائب گاہ ہے کئی کمرے انگلستان کے مکان سجانے دہنے کا زمانوں سے بہتے و بیچے سجائے ہوئے ہیں۔ داخلہ کے سامنے ہال میں خوبصورت ٹپسٹریاں (قالین تصویردار) دیواروں پر سجائے گئے ہیں۔ دوسری منزل پر ایک سلبی گیلری میں انگلستان کے ۱۸ ویں صدی کے مصوروں کے کمال کے نمونے لٹکے ہیں۔ اور چینی کمرہ میں انگریزی ساخت کا بہترین سامان موجود ہے۔

اسکے پہلی طرف ایران براجمان ہے عمارت کو دیکھکر بے ساختہ ماننا پڑتا ہے کہ آپ ایران کے کسی کوچہ میں تشریف لے آئے ہیں۔ اس عمارت میں اصفہان کے مدرسہ نادرشاہی کا خاکہ اتارا گیا ہے۔ دونوں طرف یہ دو مکانات دو منزلہ ہیں جنمیں شیشے ایسی طرز سے لگائے گئے ہیں کہ دن کو آفتاب اور رات کو بجلی روشنی بہت اچھا اثر پیدا کرتی ہے۔ نمائش کے کمروں میں کرمان اور خراسان کے ایرانی قالین۔ خلیج فارس کے بڑے بڑے موتی اور کچھ چینی کے قسم کے برتن ہیں۔ شیراز کا عطر گلاب اور کچھ قدیم ایرانی اسلحہ اور دستکاری کے نمونے ہیں۔ اسکے علاوہ بیش قیمت زیورات جو شاہی خاندان کے سوا ایران میں کسیکو دیکھنے نصیب نہیں ہو سکتے موجود تہے۔ عمارت کی تینوں طرف کچھ نظم خوش خط فارسی نستعلیق میں مندہ تہی۔ اسمیں سے بعض یہ شعر نقل کرلئے۔ جو ایرانیوں کے خیالات کا خاصہ نمونہ ہیں ؎

نگشن سپر درباغ معرفت پارس
فکند ادب اطوار منبع وسیت اکبر
زمانہ پرورش فضل ہے دہر پرور
درخت علم کلوں بیشتر گرفتہ ثمر
ہمیشہ تا بجہان نام علم [illegible]
ازیں دیار ہمی نشر کردہ در دیگر
زہر دیار زہر ملک خاصۂ ایران
کہ دولت است ہنر پیشہ و ہنر پرور
علی الخصوص بعہد خدیو صاحب جاہ
مظفر الدین شہنشاہ با بلند اختر

اور بڑے دروازہ پر یہ شعر تہے ؎

این طرفہ بنا کہ رونق شاہان است
در عرض ہنر ز دولت ایران است
تا ہست جہان با مظفر منصور
شاہنشہ با موید یزدان است

واضح رہے کہ نمائش گاہ کی اور کسی عمارت پر کوئی نظم نہیں دیکھے گئے۔ البتہ اٹلی کی عمارت پر کچھ نا سمجھ عبارت تہی۔

بلجیم کا مکان اس ملک کے ایک مشہور مکان ٹاؤن ہال ڈاؤڈنل کا نمونہ ہے جو سولہویں صدی کا بنا ہوا ہے اور جو کہ اس ملک میں "لیس" مشہور بنتی ہے۔ اسلیئے اسکی گیلری۔ ستون۔ محراب۔ اور ایک گنبد پر لیس ایسی خوبصورتی سے تعمیر میں دکھلائی گئی ہے کہ فن تعمیر کی بڑی قابلیت ظاہر کرتی ہے نیچے کے کمروں میں بلجیم کے مختلف شہروں کے اسباب کی نمائش ہے۔ اوپر ایک کمرہ وہاں کے اخبارات اور مطابع کے لیئے مخصوص کیا گیا ہے۔ دوسری منزل پر پلیٹ روم اور دوسرے کمرے ہیں۔ لکسمبرگ کی گرینڈ ڈچی کے بھی ان قواعد کے محلات میں اپنا گھر بنائے بغیر رہا نہیں گیا جسمیں اس چھوٹے علاقہ کی پیداوار اور ساخت کے نمونے ہیں۔

ناروے کا مکان بالکل لکڑی کا بنا کر سرخ سفید اور سبز رنگا گیا ہے۔ جیساکہ ناروے کے دیہات کے مکانات ہوتے ہیں۔

چونکہ ناروے کا سمندر کا کنارہ بوجہ دندانہ دار ہونے کے بہت بڑا ہے اور اندرون ملک میں بھی پانی بہت ہے اسلئے ماہی گیری اس ملک کا پیشہ ہے۔ اس عمارت میں بیان کی ماہی گیری کے قدیم [illegible] حال تک [illegible] کا ایک عجائب گاہ موجود ہے [illegible]

[illegible]

[illegible]

STEARNS' KOLAVIN

سٹیرنس صاحب کا کولاوین

یہ ایک لطیف مقوّی غذا ہے۔ اعصاب کو طاقت دینے کے لیئے نہایت مفید ہے۔ جسم میں قوت اور مضبوطی لانے کے لیئے خاص طاقت رکھتی ہے۔ اس کا ذائقہ نہایت لذیذ ہے اور بڑے اطمینان سے اس کا استعمال کیا جاسکتا ہے ۔

دنیا کے تمام انگریزی دوائی فروشوں سے یہ دوا دستیاب ہو سکتی ہے

ہی کہہ سکتا ہے کہ وہاں ... زندگی کھلائی گئی ہے ایک بڑے چٹان ... سوپر ... سے بھرے ہوئے دکھلائے گئے ہیں جو بڑا دلچسپ نظارہ ہے۔ ناکنگر نانسن جس جہاز میں ... قطب شمالی کی تحقیقات کے لیے گیا تھا اسکا نمونہ اور سامان سفر دکھلایا ہے لیکن ... دیگر اشیا کے نادر ... کے نمونے ... اور انکے ... تیسری ... صدی تک ... کی زندگی کا نقشہ ... کے سامنے کھینچ دیتے ہیں۔

جرمنی کا مکان ایک جرمنی ... کے طرز تعمیر کے گرجا کے نمونہ پر بنایا گیا ہے جسکا مینار (...) فیٹ بلند چلا گیا ہے نیچے کی منزل میں جرمنی میں ... کی نمایش بالتفصیل دکھلائی ہے۔ بیچ کے بڑے کمرہ میں جو پچاس فٹ بلند ہے جرمنی کے استادان ... کی چھت کے آرایش کے نمونے ہیں اور جرمنی کی کتابیں چھاپنے اور فوٹوگرافی کے فن کے نمونے بھی یہاں دکھلائے گئے ہیں۔ باقی نیچے اور اوپر کے کمروں میں ... اعظم سابق شہنشاہ جرمنی کا بیش قیمت مجموعہ عجائبات سامان آرایش ... محلات ... قصر شہنشاہ جال ... کا بیش قیمت ... کے نمونوں سے دکھلایا گیا ہے لیکن جرمنی کی موجودہ دستکاری اور حرفت کے نمونے نمایش گاہ کی عمارت میں ... فرانس کے باقی سب ملکوں سے زیادہ ہیں۔

بلجیم کی عمارت میں داخلہ کا دروازہ صرف ... طرز تعمیر کا ہے جو دو بلند مربع ستونوں پر قائم ہے باقی عمارت ... کی طرز کی ہے۔

لارڈ کرزن اور انگلستان کا صیغہ خارجہ — رائٹر نے پچھلے دنوں یہ خبر بھیجی تھی کہ انگلستان کے پولیٹیکل حلقوں میں یہ تحریک پیش ہے کہ لارڈ کرزن گورنر جنرل و وائسرائے ہند کو انگلستان کے وزیر صیغہ خارجہ کے عہدہ پر طلب کیا جائے۔ مگر ہندوستان کے لئے ان کا سا لائق قائم مقام بہم نہ پہنچنے کی وجہ سے اس بارہ میں پس و پیش ہو رہا ہے۔ ہندوستان ... صدمات سے ہنوز سنبھلنے نہیں پایا۔ اس کے لئے یہ کم بدقسمتی کی بات نہ ہوگی کہ ایک ایسا ... مستقل مزاج ... سلطنت ... لیا جائے ... سلطنت کا تمام کام ...

ہوتے تھے۔ لارڈ کرزن تہ دل سے ہندوستان کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں۔ اور ملک کے ہر طبقہ و ہر قوم میں انہوں نے کامل اعتبار و وقار پیدا کرلیا ہے۔ ایسے لائق محسن اور ہر دلعزیز افسر لاٹ کی میعاد عہدہ میں اگر اضافہ کیا جائے تو اہل ہند کے تشکر و سپاس کی کوئی انتہا نہ رہیگی ۔

شورش چین ۔ مسٹر سفیر کونٹ ہٹر فیلڈ اور لارڈ سالسبری نے ۱۶ ۔ اکتوبر کو ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس کا مضمون یہ ہے کہ چینی بندرگاہ تمام ممالک کی تجارت کے لئے آزاد رہنگے۔ اور دونوں معاہد گورنمنٹس موجودہ بحث کے ذریعہ سے فائدہ اٹھا کر چین کے کسی قطعہ ملک پر قبضہ کرنے کی کوشش نہ کرینگی۔ بلکہ وہ سلطنت چین کو قائم برقرار رکھنے میں ساعی رہینگی۔ اگر کوئی سلطنت موجودہ بکھیڑوں کی بنا پر کسی طرح سلطنت چین کا کوئی حصہ دبانے کا ارادہ کریگی تو دونوں گورنمنٹس جہاں تک ممکن ہوگا اپنے فوائد کی حفاظت کے لئے کارروائی کرنے کی مجاز ہونگی" [illegible] دیگر سلطنتوں کو بھی اس معاہدے میں شامل ہونے کی تحریک کی گئی ہے۔ انگلستان میں خیال کیا گیا ہے کہ امریکہ اس معاہدے میں جو انگلستان و جرمنی کے مابین ہوا ہے شامل ہونے پر آمادہ ہے۔ برلن کا اخبار "ٹیمس" اس اینگلو جرمن عہد نامہ کی آخری دفعہ کو روس کے خلاف تصور کرتا ہے۔ جہاں تک اس کی رائے میں معاہدہ [illegible] صرف اس امن و امان قائم کرنے اور مسئلہ چین کے تصفیہ کے لئے کیا گیا ہے۔ ٹائمز کا نامہ نگار شنگھائی سے لکھتا ہے کہ روس اور اس کے رفقاء ہنوز اپنے عہدوں پر موجود ہیں۔ مسٹر سیر [illegible] روانہ ہو گئے اور انگلستان کا جدید سفیر سر ای۔ سٹو پیکن پہنچ گیا ہے۔ صوبہ چین میں بغاوت روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ مگر مشنریوں اور پادریوں کو بھی سلامت وطن پہنچا دیا گیا جو صحیح و سالم تھے۔ ہانگ کانگ کو اور عیسوی رجمنٹ واپس جا رہی ہے۔ افواج متحدہ کے سپہ سالار فیلڈ مارشل والڈرسی کے خیال میں جنگ ختم ہو چکی ہے اور امید ہے کہ انہیں بہت جلد واپس طلب کر لیا جائیگا ۔

ریلوے سٹیشن لاہور کی عمارت میں تکلیف دہ اضافہ ۔ لاہور ریلوے سٹیشن کی عمارت میں حال میں جو اضافہ کیا گیا ہے وہ عام مسافروں کے لئے نہایت تکلیف دہ ہے۔ یہ سٹیشن نارتھ ویسٹرن ریلوے کا عظیم الشان وسطی جنکشن ہے۔ اس لئے اسے ہر قسم کے نقص سے پاک اور مسافروں کے پورے آرام و آسائش کا باعث ہونا چاہئے۔ سٹیشن کے صحن میں ایک جدید پلیٹ فارم اور [illegible] دائیں بائیں [illegible] بنائے گئے ہیں موجودہ انتظام کے مطابق [illegible] مسافروں کے سوا درمیانہ اور تھرڈ کلاس کے مسافروں کو ناقابل برداشت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حالانکہ انہیں درجوں کے مسافروں سے [illegible] زیادہ آمدنی ہوتی ہے پھر تعجب ہے کہ ان بیچاروں کے معمولی آرام و آسائش کا ذرہ بھی خیال نہیں رکھا جاتا۔ جن کمروں میں پہلے دہلی و ملتان کے میل اور درمیانہ درجہ کے مسافر ٹھہر کر گاڑیوں کا انتظار کیا

کرتے تھے۔ ان کو جدید پلیٹ فارم میں داخل کر لیا گیا ہے اور ان کے ٹھہرنے کے لئے سٹیشن سے کچھ فاصلے پر ایک غیر محفوظ مقام جو صرف ٹین سے چھتا ہوا ہے تجویز کیا گیا ہے۔ اسی کے ایک گوشے میں بکنگ آفس ہے۔ جہاں سے مسافروں کو ٹکٹ لینا پڑتا ہے۔ معمولی مسافروں کو اس قیامگاہ اور سٹیشن کا درمیانی راستہ طے کرکے طول طویل پل پر سے گزر کر گاڑی تک پہنچنے میں کم سے کم دس منٹ صرف ہوتے ہیں۔ علاوہ یہ کہ ٹکٹ گاڑی کی روانگی سے صرف تھوڑی دیر پہلے ملنے شروع ہوتے ہیں۔ ایک تو ٹکٹ بڑی دقت سے ہاتھ آتے ہیں پھر گاڑی تک پہنچنے میں بھی مدت کا ضائع ہونا مسافروں بالخصوص پردہ نشین عورتوں کے لئے اور بھی سخت ہے۔ موسم سرما شروع ہو گیا ہے۔ ان مسافروں کو جن کو رات بھر یا صبح کو اس چاروں طرف سے کھلے ہوئے قیامگاہ میں ٹھہرنا پڑیگا۔ بلا انتہا سخت تکلیف ہوگی۔ اور بارش کے دنوں میں ان کی مصیبت کا پیالہ اور بھی لبریز ہو جائیگا ۔

عام شکایتوں کے بلند ہونے پر سنا گیا ہے کہ مسٹر الیس۔ [illegible] نارتھ ویسٹرن ریلوے اسسٹنٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ [illegible] صاحب کے ساتھ اس جدید قیامگاہ کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ امید ہے کہ انہوں نے ان نقائص کو بچشم خود ملاحظہ کرکے ان کے انسداد کو ضروری تصور کیا ہوگا ۔

عدالت و پبلشر کالی داس کی ضمانتیں ۔ اخبار کالی داس لکھنؤ کے مقدمہ سڈیشن میں حکم سنانے کی تاریخ ۵ اکتوبر مقرر کرکے عدالت نے دوسرے روز ۴ بجے کے بعد حکم سنایا۔ کہتے ہیں کہ ۱۶۔ اکتوبر کے روز کا زیادہ تر حصہ عدالت نے فیصلہ لکھنے میں صرف کیا۔ اس لئے ۴ بجے کے بعد حکم سنایا گیا جس میں کالیداس کے مالک و پبلشر کو مجرم قرار دیکر اول الذکر کو تین ہزار کا مچلکا اور پانچ پانچ ہزار روپے کی دو ضمانتیں اور پبلشر کو ایک ہزار کا مچلکہ اور پانچ پانچ سو کی دو ضمانتیں بہم پہنچانے کا حکم دیا۔ ایڈیٹر بری کیا گیا۔ گویا پروپرائیٹر سے ۱۳ ہزار اور پبلشر سے ۲ ہزار کی ضمانت مانگی گئی ہے۔ اگر وہ یہ ضمانتیں پیش نہ کرسکیں تو ایک ایک سال قید محض کی سزا ہوگی۔ مسٹر کار [illegible] نے پبلشر کی طرف سے ایک ہزار روپے کے پرامیسری نوٹ عدالت میں پیش کئے جسے عدالت نے منظور کیا اور بقیہ ضمانت بہم پہنچانے کے لئے اسے ۵ روز کی مہلت دی لیکن مالک اخبار کی درخواست مہلت بغرض انتظام ضمانت عدالت نے نامنظور کی جس پر وہ جیل میں بھیجا گیا ۔

مسٹر [illegible] جو بنگال کے ایک لائق سشن جج تھے۔ ایک پیر عہدہ دار کو ہائیکورٹ کی جج کی ترقی پانے پر بگڑ کر اور اسی حق تلفی کی برداشت نہ کرکے ملازمت سے استعفا دے دیا ہے ۔

کلمبو سے ایک جدید انگریزی اسلامی اخبار بنام سیلون محمڈن نکلنا شروع ہوا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سیلون کے مسلمان بھی مغربی تعلیم میں دلچسپی لینے لگے ہیں ۔

انجمن اسلامیہ پنجاب لاہور کے گزشتہ جلسہ میں تجویز ہوئی کہ محمڈن ہال کی بنیاد چند سال ہوئے انجمن نے رکھی ہو۔ اسے درجہ تکمیل پر پہنچایا جائے لاہور جیسے شہر میں جو صوبہ پنجاب کا دارالسلطنت ہو۔ اسلامی جلسوں کے لئے وسط شہر میں ایک محمڈن ہال بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ اس کی بقیہ تعمیر کے اخراجات کا تخمینہ پانچ ہزار روپیہ لگایا گیا ہے۔ جو بذریعہ چندہ ممبران سے جمع کیا جاویگا ۔

راجہ صاحب جیند نے بھی ایک یورپین لڑکی سے شادی کرلی ہے۔ لڑکی کا نام جسونت کور رکھا گیا ہے ۔

امداد قحط میں اب تک ڈیڑھ کروڑ روپیہ چندہ جمع ہو چکا ہے جس میں سے ایک کروڑ ۹ ۲ لاکھ سنٹرل اگزیکٹو کمیٹی اور بقیہ صوبجات کی کمیٹیوں کو موصول ہوا۔ سنٹرل اگزیکٹو کمیٹی اب تک ایک کروڑ ۴ ۳ لاکھ روپیہ تقسیم کر چکی ہے ۵ لاکھ روپیہ ابھی اس کے پاس موجود ہے ۔

ریویو

تحفہ حمیدیہ ۔ ان تمام عربی فارسی اور اردو تہنیت ناموں اور سپاسناموں کو۔ جو بمبئی کے مسلمانوں کی طرف سے بتقریب سلور جوبلی سلطان المعظم کی خدمت میں بھیجے گئے ہیں۔ مولوی عبدالدین عبداللہ نور صاحب نے نہایت ہی خوشنما کاغذ پر چھپوا کر مسمیٰ بعنوان کتاب کی صورت میں شائع کیا ہے۔ مولوی صاحب کی یہ ملت پرستی درحقیقت تعریف اور قدر کے قابل ہے کہ انہوں نے بغیر کسی صلہ کی توقع کے محض عقیدتمندی کے ساتھ سو صفحہ کی کتاب چھپوا کر اپنے ہمقوموں کی ہندی بمبئی میں جس شان و شوکت سے تقریب جوبلی منائی گئی ہے اس کی کیفیت تحفہ حمیدیہ سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہے یہاں کے جلسہ تہنیت کو جیسے معزز و فقتدر مسلمان نے ساختہ آنریبل جسٹس بدرالدین طیب جی وغیرہ نے بھی اپنی شرکت سے محروم نہیں رکھا ۔

ناگری خط۔ جیسا کہ ناظرین کو معلوم ہوگا گورنمنٹ ممالک مغربی شمالی و اودھ نے عدالت کچہری کے لئے بموجب ریزولیوشن ۱۸ اپریل ۱۹۰۰ء ہندی حروف کا سیکھنا لازمی قرار دیا ہے۔ اس وقت اور مشکل کو آسان کرنے کے لئے۔ جو ہندی کی وجہ سے موجودہ یا آئندہ ملازموں کو پیش آئیگی مرزا عرفان علی بیگ صاحب ڈپٹی کلکٹر ضلع نے حال میں بعنوان کتاب مرتب کی ہے کا غذ [illegible] چھپائی بہت عمدہ ہے۔ اردو اور ہندی کے حروف مقابلتاً لکھے گئے ہیں مصنف کا دعویٰ ہے کہ اگر مبتدی ہدایات کے مطابق پورا عمل کریگا تو ایک ہفتہ میں ناگری خط پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جائیگا [illegible] مرزا عرفان علی بیگ صاحب [illegible] کھنیا اعظم خاں سے یہ کتاب دستیاب ہو سکتی ہے ۔

[illegible] پلاٹ عمدہ [illegible] بہت اچھا ہے [illegible] تمام مالک مطبع [illegible] چند کمپنی لاہور ۔

مدنمائش پیرس کے دلچسپ حالات باتصویر انتخاب الجواب میں سلسلہ وار شائع ہو رہے ہیں

سیاحتِ یورپ

[سولھویں چٹھی]

(مرقومہ منشی محبوب عالم صاحب ... از مقام قسطنطنیہ۔ ۸ ستمبر ۱۹۰۰ء)

میں نے پچھلے خط میں قسطنطنیہ کے بعض عام حالات لکھے تھے اس کے بعد میں نے شہر کو بہت زیادہ دیکھا ہے۔ اور یہاں کی اکثر مساجد۔ مقابر۔ سرکاری عمارات۔ مدارس۔ عجائب خانے۔ عجائبات اور قدیم زمانہ کے آثار کو بھی ملاحظہ کیا ہے۔ یہاں کے اخبارات اور اخبار نویسوں کو بھی دیکھا ہے۔ اور کئی ترکوں۔ عربوں اور ہندوستانیوں سے ملاقات کر کے مختلف حالات معلوم کئے ہیں۔ مگر دانا کہتے ہیں کسی ایسے عظیم الشان مقام کے تمام و کمال حالات کا معلوم ہو سکنا محال ہے۔ تاہم میں بعض امور کے کہ جنہیں سمجھنے اور آنہیں جاری ہونے کے لئے مدت درکار ہے۔ میں یہاں کی اکثر باتوں کی نسبت اب کہہ سکتا ہوں کہ صحیح تصویر کے پردہ ... جس عدہ باتیں میں اپنے گرد و پیش ہر روز دیکھتا ہوں۔ ان کا ایک حصہ اہل وطن کی واقفیت کے لئے ذیل میں عرض کرتا ہوں۔

قسطنطنیہ جس کو یہاں کے لوگ عموماً استنبول کہ کر پکارتے ہیں۔ اور ترکی اخبارات دار السعادت ملکہ اور در سعادت سا "آستانہ علیہ" لکھتے ہیں۔ ایک قدیم شہر ہے جس وقت یہ شہر دنیا میں نہایت مشہور۔ پُر رونق اور مرجع خلائق تھا۔ اس وقت زمانہ حال کے نامور اور عظیم شہروں مثل لنڈن۔ پیرس۔ برلن اور ویانا اور نیویارک وغیرہ کی ابھی بنیاد بھی نہیں پڑی تھی۔ یہ شہر حضرت مسیح سے ساڑھے چھ سو سال پہلے آباد ہوا۔ جیسا کہ اس نے زمانہ کے کئی عجیب انقلاب دیکھے ہیں۔ کیا ہی بات تعجب ہے کہ اس کے جن معبدوں کو پہلے اصنام کی پرستش کے لئے تعمیر کیا گیا تھا۔ اُن میں بعد تثلیث اور پھر اب توحید کا غلغلہ بلند ہو رہا ہے۔ یہ حال ایا صوفیہ اور کئی دیگر مساجد کا ہے ہر چند کہ بلحاظ عام عمارات کے قسطنطنیہ بلاد یورپ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ باوجودیکہ یہاں بھی شاہی محلات اور بعض دیگر محکمات سرکاری بڑے عالیشان ہیں۔ مگر یہاں کی مساجد مقابر اور آثار قدیمہ ایسے بیش قیمت ہیں کہ سوائے روم اور ایتھنز کے کسی دوسرے شہر میں یورپ میں موجود نہ ہونگے۔ یہاں کی سڑکیں اچھی نہیں ہیں اکثر پتھروں سے فرش ہیں ... بعض جگہ جن میں پتھر لگائے گئے ہیں اکثر خراب ... ہیں)۔ شہر کی گلیوں اور بازاروں میں اس قدر فراز و نشیب ہیں کہ کئی مقامات میں بازاروں میں دو دو چار چار منزل کے برابر سیڑھیاں بنی ہوئی ہیں۔ جیسی کہ پہاڑی مقامات میں ہوتی ہیں۔ کیونکہ استنبول سات پہاڑیوں پر واقع ہے مگر یہ سب کیاں صرف اس لئے عجیب قدرتی منظر کی وجہ سے نظرانداز کر دینے کے قابل ہیں۔ جو قدرت نے اس مقام کو بخشا ہے۔ شہر کے تینوں حصوں یعنی پیرا و غلاطہ۔ استنبول اور سقوطری یعنی اسکدار کے درمیان میلکون سمندر کی شاخ کا موجود ہونا۔ اور اس کے گرد کناروں کے نشیب سے لیکر بلندی تک مکانات کا نیچے اوپر چلا جانا کیا دن کو اور کیا رات کو عجب نظارہ پیدا کرتا ہے۔ خصوصاً رات کو جبکہ تمام شہر میں چراغ روشن ہوتے ہیں اور ان کی روشنی پانی میں منعکس ہوتی ہے۔ پُر فلاطہ کے بُرج یا کسی اور مناسب مقام سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا کسی جادو کے شہر میں موجود ہیں۔ تاہم اس قدرتی خوبصورتی کے ساتھ۔ جو اس مقام کو حاصل ہے اور اس پولیٹیکل اہمیت کے ساتھ۔ جو اس موقع میں موجود ہے اگر یہاں کے میونسپل انتظام میں اور بھی اصلاح کی جائے کہ جسکی گنجائش ہے اور جو کہ یقین ہے کہ حضرت سلطان حال کی بیدار مغزی سے ضرور کی جائیگی۔ تو یہ مقام بلحاظ اپنی خوبصورتی کے دنیا کے شہروں کا بادشاہ کہلانے کا مستحق ہے۔ چونکہ سڑکیں اکثر خراب ہیں۔ اور کوچہ اور بازار بھی سوائے چند کے بہت تنگ اور پیچ در پیچ ہیں۔ اس لئے گاڑیوں کا یہاں کم رواج ہے۔ تاہم دو تین سو گاڑیاں شہر میں موجود ہونگی جو سب دو اسپہ ہیں۔ غلاطہ پیرا اور استنبول میں چند میل ٹریم بھی موجود ہے۔ مگر وہ اتنے بڑے شہر کے لئے بہت کم ہے۔ پل غلاطہ کے قریب سے غلاطہ کے بڑے بازار تک چونکہ بہت سی چڑھائی چڑھنی پڑتی ہے۔ جو دس بیس منزلہ مکان سے بھی زیادہ ہوگی۔ اس لئے اس مقام پر ایک تل کھود دیا گیا ہے جس میں ایک ریلوے چلتی ہے۔ اور بعض لوگ سیڑھیاں چڑھنے سے بچنے کے لئے اس تل کی ریل سے بلندی کی طرف چلے جاتے ہیں۔ ادھر سڑکوں کی تنگی اور ڈھلوان کے علاوہ گاڑیوں کے یہاں کے اکثر ساہراہوں پر کسانے گھوڑے کثرت اوقات کرایہ پر لئے جاتے ہیں۔ جہاں گاڑیاں یا ٹریم سے نہیں پہنچ سکتیں وہاں گھوڑے استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ گھوڑے بہت عمدہ ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ سائیس سوار کے ہمراہ دوڑتے جاتے ہیں۔ اور کرایہ ان کا بھی گاڑی سے کم ہوتا ہے۔

ٹریم کے ... عورتیں بھی سوار ہوتی ہیں۔ لیکن ہر گاڑی میں ان کے لئے ایک علیحدہ خانہ پردہ دار بنا دیا گیا ہے۔ حمام (حلقوم) یعنی سمندر میں جو جہاز چلتے ہیں ان میں بھی عورتوں کے لئے الگ جگہ خالی کی گئی ہے۔ گو عورتیں اکثر اوقات بازاروں میں پھرتی نظر آتی ہیں۔ مگر میرے کئی آدمیوں نے کہا ہے کہ جو عورتیں بازاروں میں پھرتی ہیں وہ مسلمان کم ہوتی ہیں۔ بلکہ عیسائی یا یہودی ہوتی ہیں۔ گو ان کا منہ بھی اسی اچھی طرح ڈھپا ہوا ہوتا ہے کہ سوائے ہاتھ کے کوئی جگہ برہنہ نہیں ہوتی۔ اور منہ پر بھی ایک باریک جالی پڑی ہوتی ہے جس سے صحیح صحیح صورت نظر نہیں آتی ہے۔ علاوہ منہ کے باقی جسم پر ایک چادر اسی طرح لپیٹی جاتی ہے کہ جس سے بہتر پردہ شرع سے کبھی نہیں ہو سکتا۔ مسلمانوں کے ... عیسائیوں پر بھی اس کا اثر پڑا ہے کہ معزز ... عیسائی عورتیں منہ ننگا کر کے بھی چلتی ہیں۔ وہ بھی سر کا کپڑا تھوڑی سے نیچے اسی اچھی طرح لپیٹی ہوتی ہیں کہ سوائے ابرو اور ... کے کوئی حصہ جسم نظر نہیں آتا۔ یہاں عورتوں میں پوشش کا معیار بہت اعلیٰ ہے۔ عموماً بیرونی لباس ریشم کا ہوتا ہے۔ علاوہ عیسائی عورتوں کے ترک عورتیں بھی آج کل عام طور پر لکھنے پڑھنے سے واقف ہیں۔ سلطنت کی طرف سے تعلیم نسواں کی سکولیں کثرت سے جاری ہیں۔ اور لڑکیوں کو خصوصاً سینے پرونے اور کشیدہ کاری کی بہت اچھی تعلیم دی جاتی ہے۔ میں نے ایک دوست کی لڑکی کے ہاتھ کا کام دیکھا ہے جو کسی عجائب خانہ میں رکھے جانے کے قابل شمار ہو سکتا ہے۔ جب تک میں نے قسطنطنیہ نہیں دیکھا تھا میرا خیال تھا کہ اکثر ترکوں نے یورپین عورتوں سے شادی کی ہوئی ہوگی۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ بہت ہی کم ترکوں کی یورپین بیویاں ہیں۔ اور جن معدودے چند کی ہیں۔ انہوں نے انہیں ... ڈال لیا ہے۔ ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر بازاروں میں نہیں چلتی۔ یورپین عورتیں یہاں بہت ارزاں ہیں۔ لیکن ترک لیڈیاں جو کہ حسن و لیاقت میں ان سے کم نہیں۔ اس لئے بھی ترکوں نے عیسائی عورتوں سے کم تعلق پیدا کیا ہے۔ یہاں بہت سے یونانی۔ ارمنی اور دیگر عیسائی جو آباد ہیں۔ اُن میں سے بعض قدیم سے اسی سرزمین کے باشندے ہیں وہ رومی کہلاتے ہیں۔ ان لوگوں کے رنگ بہت گورے نہیں۔ بلکہ ترکوں کے رنگ بطور قاعدہ کلیہ کے ان سے صاف ہیں۔

ترکوں نے یورپ کے ڈریس کو پورے طور پر اختیار کر لیا ہے۔ اگر سرخ ٹوپی کو یورپین ٹوپ سے بدل دیں تو اُن میں اور دیگر ...

STEARNS' WINE OF COD LIVER OIL

سٹیرنس صاحب کا تیار کردہ مچھلی کے تیل کا نفیس مرکب

یہ خوش ذائقہ لطیف اور طاقت بخش ہے۔ جسم کا وزن بڑھاتا ہے۔ اس سے کھٹے ڈکار نہیں آتے۔ اور معدہ میں جاتے ہی ہضم ہو جاتا ہے کاڈ لیور آئل کا یہ نہایت معتبر اور مجرب مرکب ہے۔

دنیا کے تمام انگریزی دوا فروشوں سے یہ دوا دستیاب ہو سکتی ہے

انعام! انعام!! انعام!!! ... [illegible]

... کے عجیب عجائبات بالتصویر "انتخاب لاجواب" میں مسلسل شائع ہو رہے ہیں

یورپین اقوام میں وہ تفاوت نظر آتے تھے ترک لنڈن یا پیرس میں ڈاڑھی رکھتے ہونگے لیکن نئی ترک ڈاڑھی منڈا نظر آتے ہیں اگر سچ پوچھیں تو کہتا ہوں کہ یہی ڈاڑھی منڈے مسجدوں میں بھی نماز کے وقت موجود ہوتے ہیں۔ ان کی تیاری ... معمولی سی جو نماز پڑھتے ہیں درج نہیں ہوئی۔ انہوں نے ... نماز پڑھے اور فرش کو پاک و صاف رکھنے کے لئے ... یہ تو ایسی دلیل ہے ... جو ... آثار دینے سے اندر نے جوتے میں ... نماز پڑھ سکتے ہیں اور کئی اماموں کو اسی کے ساتھ نماز پڑھاتے دیکھا ہے۔ یہاں مسجدیں بہت آباد ہیں۔ بعض مسجدیں ایسی عالیشان۔ ایسی خوبصورت اور مضبوط ہیں کہ ان سے ... کوئی نہیں ... تھا۔ جامع ایا صوفیہ۔ جامع بی والدہ۔ جامع سلطان بایزید۔ جامع سلطان احمد۔ جامع سلطان محمود فاتح۔ جامع سلطان سلیم وغیرہ ایسی عالیشان مساجد ہیں کہ ... کبھی ... ہوا ہوگا۔ لاہور کی مسجد شاہی یا دہلی کی مسجد جامع کی طرح صرف ... لمبی سقف کے ... نہیں بلکہ احمد آباد کی مشہور ستونوں والی مسجد کی طرح ان سب ستونوں کی بھرمار ہے۔ گو وہ تمام مسجدیں بھی اپنی جگہ بے نظیر ہیں۔ لیکن یہاں کی مساجد میں دو یا چار ستون بہت بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ مثلاً جامع سلطان احمد میں چار ستون سنگ مرمر کے ہیں۔ ان میں سے ایک ستون کا گھیرا ... قدم تھا۔ مگر چوڑی اور چار گز بلند مرمر کی سلوں سے بنا ہوا تھا۔ ان ستونوں کے بیچ میں بڑا گنبد اور گرد نصف گنبد ہوتے ہیں اور یہ بہت چوڑی جگہ مسجد ہو جاتی ہے کہ جس میں ہزار ہا آدمی

ایک وقت نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اس مسقف جگہ کے گرد ایک غلام گردش ہوتی ہے۔ عموماً محراب کی بائیں جانب بقدر ایک منزل کے بلند مکان مستورات کی نماز کے لئے الگ کیا جاتا ہے۔ محراب کی دائیں جانب منبر ایک منزل سے بھی بلند ہوتا ہے جس پر سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں۔ ایک اونچی جگہ وسط کے ... چبوترہ بنائی جاتی ہے جس پر مکبر بیٹھتا ہے اور امام تکبیریں کہتا ہے ... جس کی آواز مسجد میں ہر جگہ پہنچتی ہے۔ محراب کے دونوں طرف موم کی بہت موٹی موٹی بتیاں عموماً ایک گز محیط کی رکھی رہتی ہیں۔ لیکن جامع ایا صوفیہ میں تو دو گز کے قریب محیط کی موم بتیاں ہونگی۔ جو محراب کے گرد دو بالکل سفید ستون معلوم ہوتے ہیں۔ ہر چند کہ جامع ایا صوفیہ جو پہلے ... کی گرجا تھی ... ترکوں نے قسطنطنیہ کی فتح کے بعد اس کو مسجد بنا لیا اور سلطان محمد فاتح نے حکم سے ۱۴۵۳ء کو بروز جمعہ یہاں پہلی نماز ... ادا کی۔ تمام مساجد میں زیادہ عالیشان ہے کہ جس کی عظمت ... اور ... دیکھ کر کوئی شخص تعجب کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ تاہم جب دوسری مساجد میں جامع ایا صوفیہ ... مشکل معلوم ہوتا ہے۔ جیسے یورپ میں گرجوں میں دیکھا ہے کہ بہت قیمتی پتھر، گلکاری اور رنگین شیشوں سے ... لگا ہے میں کوئی چیز اچھا نہیں کہا گیا۔ مگر ان کے مقابلے میں یہ نعمت یہاں کی مساجد بھی کسی طرح کم نہیں۔ سلطان احمد کی مسجد کے اندر تمام چینی کا بے نظیر کام ہے ... اور دروں اور محرابوں پر بہت سی جو خط آیات کلام مجید لکھی ہیں۔ سلطان بایزید کی مسجد ... پتھروں میں ... لگے ہیں جن میں مختلف رنگوں سے ... بنایا گیا ہے۔ اور ... ہو سکتا

بیش قیمت چیز شمار ہوتے ہیں۔ جن کو مسجد سلطان احمد کے ... کام سے بھی یوروپین سیاح بیش قیمت سمجھتے ہیں۔ ایا صوفیہ کے صحن میں گرد کی ستون یا پیلپایہ نہیں رہا ایک عالی گنبد اور دو نصف پہلوؤں کے بڑے بڑے گنبدوں سے مسقف ہے لیکن شمالی جنوبی نصف گنبدوں کو چار عالیشان سنگ خارا کے ستونوں نے الگ کر دیا ہے کہا جاتا ہے کہ آج دنیا میں ان سائز کے ستون موجود نہیں۔ سنگ سماق کے بڑے بڑے ستون یہاں کی کئی مساجد میں موجود ہیں۔ ایا صوفیہ کے بڑے گنبد میں جو روشنی کے لئے آہنی جھاڑ لٹکا ہوا ہے جس میں گلوب آویزاں ہیں۔ اس کا قطر دس گیارہ قدم ہے یعنی اس سے آدھی جگہ میں دنیا میں کئی مسجدیں تعمیر ہوئی ہونگی۔ یہاں دستور ہے کہ جس قدر زمین مسجد کے زیر سقف ہوتی ہے اتنی ہی صحن ہوتا ہے جس کے وسط میں ایک پانی کا حوض یا چشمہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ اور اس صحن میں لوگ جوتے سمیت آتے ہیں۔ مگر شام اور ہندوستان کی مسلم ... صحن میں بھی جوتہ لانے کا رواج نہیں۔ یہاں تسبیح کی رسم مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں قوموں میں ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اکثر لوگ نقش یا نمائش کے خیال سے ایسے استعمال کرتے ہیں کیونکہ راہ چلتے باتیں کرتے جاتے ہیں اور تسبیح بھی ... جاتے ہیں۔ کئی لوگ دفاتر میں کام کرتے ہیں اور تسبیح ساتھ ہے ... کام چھوڑا اور تسبیح اٹھالی۔ تمام سرکاری دفاتر میں ایک کمرہ نماز پڑھنے کے لئے مسجد قرار دیا گیا ہے۔ اور اس میں ... کی طرح فرش و فروش اور آرائش ہوتی ہے۔

مسجدوں کے ساتھ ہی یہ بتلا دینا بھی مناسب ہے کہ یہاں کی بعض مساجد کے ساتھ مدرسے متعلق ہیں۔ ان مدارس میں درس قرآن و حدیث اب تک بہت کثرت سے ہوتا ہے چنانچہ اس وقت قسطنطنیہ میں ۲۰ ہزار کے قریب ایسے طالب العلم ہیں جو دینی تعلیم ان مساجد سے متعلق حاصل کرتے ہیں۔ یہ لوگ روس، ایران، افغانستان اور ایشیا کے ہر حصہ سے یہاں آتے ہیں۔ ان کی شناخت ان کا لباس کافی ہے۔ ان کی عبا لمبی اور سروں پر سرخ ٹوپی کے گرد چھوٹی سی سفید پگڑی ... کی طرح لپیٹی ہوئی ہوتی ہے ... کے زمانہ میں انگریزی اخبارات نے لکھا تھا کہ قسطنطنیہ میں سوفسطائی طالب العلموں کا بڑا ... جو ... پھیلا سکتے ہیں۔ وہ انہیں لڑکوں کی طرف اشارہ تھا حقیقت میں یہ بڑی زبردست جماعت نوجوانوں کی ہے۔ شیخ عبداللطیف صاحب آفندی البانوی سے جو ایک بہت ... عالم اور ... ایک ایسے مدرسہ میں معلوم ہوا کہ قسطنطنیہ میں ... ہیں جن میں ۲۰ ہزار کے قریب طلبا ترکی تعلیم پاتے ہیں۔ ان میں سے ... طالب العلم ... مدرسہ صرف جامع سلطان فاتح میں تعلیم پاتے ہیں ... جامع بایزید، سلیمانیہ، جامع سلطان احمد، ایا صوفیہ ... ابو ایوب انصاری میں ترتیب کم و بیش تعلیم ... مساجد کے متعلق بڑی بڑی جائدادیں ... ہو ... مساجد کے ... [illegible] ... طالب العلموں کا ... مدرسین ... کر صرف ... یہاں روزانہ ... کی جاتی ہے۔ ... صاحب استطاعت ... ہیں ...

روح جیون بوٹی

اسکی ایک ہی شیشی کے استعمال سے صرف ایک مہینے میں تین سیر خون صالح تازہ بدن انسان میں پیدا ہو جاتا ہے۔ بےجان کو جان کرو۔ اور آزمائیے کے فوائد اور سرٹیفکیٹ ملاحظہ فرمائیے اور ایک دفعہ منگا کر ضرور تجربہ کیجئے

قیمت فی شیشی چار روپے محصول ڈاک بذمہ خریدار

روح جیون بوٹی وطلاء استمنا

وہ لوگ جو بچپن کی غلطی کا یوری جوانی کی اعتدالیوں یا کثرت شراب جانڈو افیون کی مضرتوں وغیرہ ... شادی کرنے کے سبب ... باکل ... ہو چکے ہوں جوانی یا پیری کو باعث ... شمار کرتے ہوں اور شادی کر لینے سے بوجہ ندامت کے خانہ بدوش پھرتے ہوں یا ڈاکٹروں اور حکیموں کی ضرر رساں ... ہو ... مجرب مفید اور بالکل تکلیف دینے والی ادویات کے نزدیک ہی نہ جاتے ہوں اور پوشیدہ طور پر بلا کسی قسم کی تکلیف کے دائمی اور اصلی قوت باہ حاصل کرنا چاہتے ہوں بہت جلد اس داخلی و خارجی علاج کو منگوا کر استعمال کریں۔ قیمت مکمل کورس ... روح جیون بوٹی و ... طلاء استمنا کی ... ہے۔ قیمو ... روپے (...)

... روح جیون بوٹی ... طلاء استمنا ...

المشتہر حکیم محمد علی ... پرائیویٹ فارماسسٹ ... دواخانہ شاہی ملت ...

ایک ریال یعنی شعبان و رمضان میں خرچ ہے یا ہر جا کر کچھ نقدی جمع کر سکتے ہیں اور آئندہ سال بھر علاوہ مدد لی کے خرچ اُس سے چلاتے ہیں۔ رمضان میں بارگاہ سلطانی سے بھی انہیں پانچ پانچ مجیدی ملتے ہیں۔ جن لنگروں سے رمضان میں طالبعلموں کو روٹیاں ملتی ہیں انہیں سے بعض لنگا اہل و مسکین و محتاجوں کو بھی روزانہ روٹیاں سرکار تقسیم کرتی ہے۔ اور اس قسم کی بہت سی خیرات جاری ہے۔ دولت عثمانیہ کے ساتھ اس قدر زمین وقف ہے کہ اس کی آمدنی کے انتظام کیلئے گورنمنٹ عثمانیہ نے ایک خاص محکمہ اوقاف قائم کیا ہوا ہے جس میں سب سررشتوں سے زیادہ روپیہ موجود رہتا ہے۔ شیخ الاسلام۔ اُن کے متعلق علماء اور بعض دیگر ملازمان سررشتہ دین کو تنخواہ خزانہ عامرہ سے ملتی ہے۔ اور فوجوں کے اماموں اور مفتیوں کو صیغہ عسکریہ سے مگر ممالک دنیا کی دیگر سلطنتوں کے گو سلطنت عثمانیہ کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ لیکن عیسائی بطریقوں کو بھی سلطنت کے خزانہ سے مدد ملتی ہے۔ اور سلطنت اُن کو سرکاری عہدہ دار شمار کرتی ہے اور نہ صرف ایک عیسائی فرقہ کو بلکہ جملہ سات کو جداجدا مذاہب سلطنت نے تسلیم کیا ہوا ہے۔ یہ عیسائی مذہبی اور روحانی سرغنہ جو کچھ مدت پیشتر تک مقتنیوں کے ذبادی حاکم بھی تھے اب سلطنت عثمانیہ کے اُن عیسائی فرقوں کو زیادہ حقوق دیے جانے کے باعث درمیان ما تالی اور اپنے مقتدیوں کے ایک اعلیٰ سرکاری افسر کے طور رہ گئے ہیں۔ اس مسئلہ کو زیادہ تفصیل سے دوسری چٹھی میں درج کرونگا۔

ماہ حال کی یکم تاریخ کو حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی کی حکومت کے پچیس سال کے تخیر و طولی ختم ہونے کی خوشی میں یہاں سلور جوبلی رجب کو یہاں کے اخبارات (سعید المفتی جشن کہتے ہیں) کا جشن تھا۔ گو اس موقع پر ترمیں یہاں نہیں تھا لیکن اسی ہفتہ میں یہاں پہنچ گیا ہوں لیکن اس کے متعلق بہت حالات سنے ہیں۔ اور اب مجھے بھی بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ اس تقریب سعید کی مانند میں کچھ اکھڑ حقیقت میں اعلیٰحضرت سلطان عبدالحمید خان کے عہد سلطنت میں سلطنت ٹرکی نے جو ترقی کی ہے وہ ہر طرح سزاوار اس تحسین و آفرین کے ہے کہ اس کی خوشی میں ایک نہیں ایسے دس جشن ہوتے ٹھیک ہے۔ اس پچیس سال کے عرصہ میں گورنمنٹ ٹرکی نے کیا بلحاظ مال۔ کیا بلحاظ امن کیا بلحاظ بہبود رعایا و ترقی لشکر و مشاغل علم و اخلاق بہت ترقی کی ہے اور اس ساری ترقی و کامیابی کا سہرا حضرت سلطان المعظم کے سر ہے۔ ممکن ہو کہ کسی آئندہ موقع پر ان سب صیغوں کی ترقی کا حال تشریح اعداد و تفصیل لکھوں مگر بالفعل اختصار پر اکتفا کرتا ہوں۔ اور صرف

سلطان المعظم کی ذاتی خیرات کا ذکر کرتا ہوں جو گزستہ پچیس سال میں تخت نشینی کی مدت میں آپ کے ہاتھوں سے عمل میں آئی ہے۔

مقدار خرچ	قسم خیرات	عدد
۱۲۶۱۸۶۴۳۶	مساجد تعمیر کیں	۱۴۴۲
۱۵۳۰۶۶۸	مدارس	۱۲۴
۲۱۰۳۶۲۱	تکیے اور زاویے	۱۳۶
۴۶۶۶۲۳۶	دیگر عمارات خیراتی	۱۲۶
۹۸۴۶۹۶	تربت و قبرستان	۱۹۷
۳۵۵۶۶۶	چشمے اور سبیلیں	۹۰
۱۶۷۹ ۹	کتب خانے	۲۹
۸۱۲۲۶۹۸	آبرسانی کے سامان	۴۹۱
۴۰۴۹۵	گھنٹہ گھر	۳۷
۵۷۸۷۱۷	مکاتب	۱۶۷
۷۴۵۷۵۸	عمارات وقف کیں	۱۰۸
۴۶۹۴۵۴	مکانات دار اصباحین (؟)	۹۷
۳۸۲۵۰	ہسپتال	۳
۲۴۹۷ ۹	متعدد اور خیراتیں گئیں کل	۹۹۵

میزان کل ۴۴۰۴ قسم کے خیرات پچیس سال میں ایک ۳ کروڑ ۱۰ لاکھ ۴۹ ہزار ۳۳۴ روپیہ خاص جیب خاص سے صرف کئے۔ سلطنت ٹرکی میں آمدنی کے ہر راستہ میں ترقی ہوئی ہے۔ تعلیم بہت بڑھائی گئی ہے۔ زراعت کو خصوصیت سے ترقی ہو رہی ہے۔ بعض ہنر کار ملنے صنعت و حرفت کے خود سلطنت کی طرف سے جاری کئے گئے ہیں۔ صنعت و حرفت

مدرسہ بھی جاری کئے گئے ہیں۔ ٹرکی کا قرضہ بھی بمقابلہ اکثر دیگر دول یورپ زیادہ نہیں ہے۔

سلطان المعظم کے جشن فضی کی یادگار میں بھی چند بڑے بڑے کام اصلاح کے اسپار کو گئے ہیں۔ جن میں سے دمشق و حجاز ریلوے ہر چند کہ بہت بڑا ہو مسلمانوں کے سرمایہ سے شروع ہوا ہے اور جس کے لئے روپیہ ہمیشہ سے جمع ہو رہا ہے۔ لیکن میرے نزدیک قسطنطنیہ کے ترکی اخبارات کا دوبارہ کا ٹکٹ معروف کر دیا اس سے بھی زیادہ مفید کام ہے تا کہ صرف غیر زبانوں کے اخبارات پر ٹکٹ لگیں۔ مطالعہ کا مجھے سب سے پہلے حسیان ہوا کہ یکا جو اس سر زمین میں شائع ہوتے۔ لیکن ترکی و عربی زبان کے اخبارات کو اس حکم سے جشن کی یادگار میں ری کر دیا گیا ہے اور زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ اس وقف بلا تحریک احدی محض سلطان نے خود اصلاح فرمائی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ماتحت کے تمام اخبار و رسائل کو محل سیاہی میں نکال کر حوصلہ دی۔ اور ان عام دستے دیا کہ جو کچھ دیکھنا چاہیں محل میں دیکھیں مجھے یہاں کے ایک تعلیم اخبار نویس نے کہا کہ آج اب میں سلطنت کے اندر ضرورت سمجھا جاتا تھا لیکن سلطان المعظم نے خود میں بعض ہماری حسرت دلی کا تعین ہو گیا ہے۔ اب امید ہے کہ یہاں کی اخبار نویسی بہت ترقی کر جائیگی۔

ایک دوسری بعض عام کی بات جو اس تقریب جشن میں قابل یادگار ہے۔ یہاں کا مدرسہ مکتب صناعت و علوم عالیہ ہے۔ اس میں دو سو یتیم آہنگری اور نجاری کی ہر ساحہ اور حرفت سے عیاں ہے اور بعض دیگر سے ہنروں کا کام سیکھتے ہیں۔ یہ لڑکے رہتے اور کھانے پینے بھی یہیں ہیں۔ علاوہ روٹی کپڑے کے ہر لڑکے کو کچھ نقد ماہوار ملتا ہے۔ جو منتظم اس کے لئے جمع رکھتے ہیں۔ جب یہ لڑکا تین چار سال کی معیاد تعلیم کے بعد کام سیکھ کر نکلیگا تو اسے یہ نقدی جو جمع کی گئی ہے دی جائیگی۔ تا کہ وہ اس کے ذریعے سے جو بہت مفید ہو سکتی ہے۔ اپنی دوکان جاری کر سکے۔ یہ ہر طرح فیض عام کا کام ہے۔ مدرسہ کے منصرم عبداللطیف آفندی (دو اعلیٰ مدبر معاونہ) اور دو دوسرے استاد جن کے نام محمد معلم زادہ اور محمد سعید معلم طرز معماری عرب و رسم نے مجھے کارخانہ اور مدرسہ کے سب صیغے دکھلائے لکڑی میں صدف اور ہاتھی دانت مرصع کرنے و لکڑی میں بیل بوٹے بنانے کا کام سیکھنے کیلئے دو معلم قسطنطنیہ سے مصر میں بھیجے گئے تھے۔ جو وہاں سے یہ قدیم عربی صنعت سیکھ کر لے

فرینک گوڈاس | جنٹلمین کمفارٹ ایبل سوٹ | جیزوں کا سوٹ

ناظرین اسند جو اس جیزوں کا سوٹ جس کا نقشہ آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں یہ جیزیں آپکو موسم سرما میں بہت آرام دینگی یعنی آپکی تکلیف رفع کرنے کیلئے یہ سوٹ کارخانہ نے مہیا کیا ہے تاکہ امیر غریب ہر ایک شخص اس سوٹ کو خرید کر موسم سرما میں آرام حاصل کر سکیں شوقین صاحبوں کیلئے عمدہ اور خوبصورت نفیس وضع کی نئی ساخت نئی چال کی جو لائی گئی ہے قیمت ایسی کم رکھی ہے کہ آپ کو تعجب ہوگا کس طرح اس قدر کم قیمت پر یہ سوٹ ہم فروخت کرتے ہیں اور جو شہر کے دوکاندار ہیں چار روپیہ کو یہ سوٹ بیچتے ہیں پہلے ایک سوٹ منگا کر ملاحظہ فرمائیے اسکے بعد اگر جنٹلمین سوٹ پسند آئے تو پھر منگائیے مکمل سوٹ کی قیمت صرف ... ہر روز ... سال کا اشتہار ... جیزوں کا سوٹ ... ملنے کا پتہ ...

... اشتہار ملاحظہ فرمائیے ... اکلکتہ

کتاب گلدستہ تمیز طبع دوم گلدستہ فلاح ۲
... صفحات ... اس کتاب میں انسان کی زندگی میں جن جن باتوں کی ضرورت ہے ہر ایک کی تمیز لکھی ہے ... یعنی دین میں ... ایسا مجرب اور ... سے ایک ضروری ہے۔ اس کتاب کے مضامین پر عمل کرنے سے ہر شخص عقلمند ہو سکتا ہے ... مسائل ... جو معقول ہیں ... علاوہ علم اخلاق ... پیسہ اخبار ... ایسی مستند کتاب ہر ایک کے ... قیمت ... محصول ...
المشتہر ایم شہاب الدین ساہوکار گوجرانوالہ کوچہ گنڈیگراں

اشتہار
مفت رائیگفت
انجمن راحت فنڈ چشمہ فیض ہندوستان
انجمن ہذا ماہ ... ۱۹۰۸ء سے کھولی گئی ہے جو لیسے منظور ممبروں کو بعد ... تقریباً امداد دیگی۔ اس انجمن کا مستقل کرنے کا مضمون ہے ... کے لئے ... اسٹامپ آنہ کا ... حن صاحبان کو اس انجمن کے قواعد و ضوابط کا شوق ہو ۔ آدھ آنہ کا ٹکٹ ارسال فرما کر طلب فرمائیں۔ المشتہر نواب زادہ حامد علی خاں سیکرٹری انجمن چشمہ فیض و راحت فنڈ ... ضلع کرنال

ہیں جو بہت خوشنما ہیں۔ لکڑی کے انواع و اقسام کے کام کے علاوہ وہ لوہے کے شکنجے مذ سامت کے آہنی شل بڑی اور چھوٹی مشینوں اور کاریگروں کے اوزار بھی بنانے جاتے ہیں۔ ایک چھوٹا سا انجن بھی مجھ کو دکھلایا گیا جو یہاں کے طالبعلموں نے بنایا ہے اور چلتا ہے۔ مدرسہ کی عمارت بڑی عالیشان ہے۔ اور ابھی عمارت اضافہ ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ بغداد میں بھی ایک صنعت و حرفت کا مدرسہ ہے اور ممالکت کے بعض دیگر مقامات میں چھوٹے چھوٹے مدرسے ہیں۔ جب میں مدرسہ دیکھنے گیا تو دربان نے اندر جانے سے روکا۔ ایک شخص میں ایک نوجوان مدرسے سے باہر جا رہا تھا۔ اس نے میرے ہمراہی شیخ علی محمد صاحب اعرابی شیخ تکیہ قادریہ سکر سکی دستیع صاحب کا میں نہایت مشکور ہوں کہ انہوں نے ساتھ چل کر مجھے سب قابل دید مقامات دکھلائے) سے وجہ دریافت کی۔ انہوں نے میرا پتہ بتلایا۔ تو وہ بڑے شوق سے ملا اور خوشی سے اندر لے گیا۔ وجہ یہ ہوئی کہ ایک روز پہلے یہاں کے چند اخبارات میں میری نسبت کچھ تعریفی جملے چھپ چکے تھے۔ جو اس نے پڑھے تھے۔ جب اخبارات میں کچھ میری کیفیت چھپی تو کئی شخص مجھے پوچھنے لگے کہ تم ہی فلاں شخص ہو۔ مجملہ دوسرے صاحبوں کے اسی شام کو بیروت کے ایک اخبار روضۃ المعارف کے ایڈیٹر صاحب جو یہاں کسی کام پر آئے ہوئے ہیں۔ مجھ سے ملنے آئے۔ اور دوسرے روز سید عبد الغنی صاحب کنتری جو یہاں کے معززین سے ایک ہیں تشریف لائے۔ یہاں اخبارات ہندوستان کے اخبارات سے بہت آگے ہیں۔ شہر میں کئی ترکی

روزانہ اخبار چھپتے ہیں جن میں اقدام بلحاظ اشاعت سب سے اول ہے اور دس ہزار کاپی روزانہ کی اشاعت رکھتا ہے۔ یا طنین سلطانی جو ہفتہ وار بھی چھپتا ہے۔ اس کے مالک و چیف ایڈیٹر احمد جودت صاحب جو قابل اور خلیق جوان ہیں۔ ایران کے صبح و ثروت و ترجمان حقیقت۔ سعادت۔ معلومات۔ ثروت فنون میں لکھ جو صاحب ہیں دیر تک مجھ سے اسی بارہ میں گفتگو کرتے رہے۔ ہندوستان کے اردو اخبارات جب تک آپ کے حروف استعمال نہ کرینگے تب تک مستقل نہیں ہو سکتے اور نہ ترقی کر سکتے ہیں۔ بات کل معقول ہے۔ اس کا کیا جواب ہو سکتا ہے۔ سلطانی جوبلی کی تقریب پر انہوں نے ایک لغات ترکی کا ایک حصہ چھاپ کر خدمت سلطانی میں پیش کیا تھا۔ انہیں اس کے صلہ میں تمغہ ملا ہے۔ طاہر بے صاحب مالک معلومات و ثروت وغیرہ نے ایک کتاب نبرکیات تلی چھاپ کر پیش کی تھی۔ انہیں بھی ایک تمغہ دیا گیا ہے۔ اہل اخبارات کو بھی یہاں تمغے ملتے رہتے ہیں۔ ورنہ ملک اور ملٹری ملازموں کو بھی یہ شہر جوں ملا۔ بہت نیر ہے۔ یہاں ہزاروں شخص دن بھر ایسے ملینگے جو خوبصورت وردی میں ملبس ہیں۔ کہاں وردی پر طلائی دستوں بھی ہیں۔ اور کمر سے شمشیر لٹک رہی ہے۔ جس کو ایک ہاتھ سے اس شخص نے پکڑا ہوا ہے۔ سینہ پر کم از کم ایک دو تمغے تو ہیں۔ اگر یہ اس کا افسر یا سپاہی کسی عدالت یا محکمے کے سامنے پہرہ پر بھی ہے۔ تو اس کے بھی دو ایک خوبصورت تمغے آویزاں ہیں۔ تمغے یہاں سال کے ہر زمانہ میں مستحقین کو تقسیم ہوتے رہتے ہیں۔ بخلاف ہندوستان کے کہ جہاں سال کے معین اوقات میں خطاب اور تمغے تقسیم ہوتے ہیں ✦

حضرت سلطان کی ذات والا کے متعلقات سے بہت کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ قسطنطنیہ میں قانون ہے کہ جو شخص کوئی امر خواہ وہ کیسا ہی ہو سلطان المعظم کی خدمت میں بھیجے وہ ضرور سلطان کی خدمت میں پہنچایا جاتا ہے۔ بلکہ ایک دفتر مابین کا اس شہر میں خاص اس غرض سے قائم ہے کہ وہاں سے حضور ممدوح کی خدمت میں اہل حاجات کی عرضیاں پہنچ سکیں۔ جو ان کا حکم ہے کہ ضرور ان کی خدمت میں پہنچنی چاہئیں۔ لیکن مابین ہمایون کے عہدہ دار اکثر یا ان کو پیش نہیں کرتے یا ایسے طور پر پیش کرتے ہیں کہ وہ بار آور نہیں ہوتیں بلکہ یہ اول سائلوں کو طلب کر کے ان کی حاجت پہلے دریافت کر لیتے ہیں۔ مگر یہاں مشہور ہے کہ جس کی خبر اعلیحضرت کے کانوں تک پہنچ جاتی ہے وہ محروم نہیں رہتا۔ اعلیحضرت سلطان المعظم خود بنفس نفیس سوائے صلوٰۃ الجمعہ کے مسجد حمیدیہ میں ادا کرنے کے کبھی باہر نہیں نکلتے۔ اس وقت قریب پچیس تیس ہزار کے فوج سوار و پیدل حفاظت کے لئے موجود ہوتی ہے۔ سلاملک کی کیفیت انشاء اللہ آئندہ ہفتہ میں لکھونگا۔ صدر اعظم اور سرعسکر یعنی کمانڈر انچیف افواج عثمانیہ کو میں نے کئی مرتبہ بازاروں میں بگھی میں بیٹھ کر گزرتے دیکھا۔ ان کے پیچھے تین تین سوار مسلح چلتے ہیں۔ میں جس ہوٹل کے قریب ٹھہرا ہوں ایک روز ہز ایکسلینسی صدر اعظم اپنی گاڑی ٹھہرا کر گاڑی ہی میں ایک انگریزوں کی دوکان پر ایک خوبصورت چینی کا سودا کر رہے تھے ✦

سلطنت عثمانیہ کی تجارت و صنعت و حرفت کی حالت بہت ردی ہے اور یہاں کے بعض اہل الرائے اصحاب سے میں نے اس کے متعلق گفتگو بھی کی ہے جیسا کہ میں پچھلے خط میں لکھ چکا تھا۔ بازار یورپ کی ساخت

انعام نمبر اول عنّہ انعام نمبر دوم عہ انعام نمبر سوم ہ

تھوڑی سی کوشش کیجئے اور مذکورہ بالا تین انعام میں سے کوئی ایک لیجئے۔ آپ صرف ذیل میں جو چھ مصرع لکھے ہوئے ہیں ان میں سے ہر ایک کا مصرع ثانی لکھئے۔ جو صرف درکار ہے۔ انعام آپ کا ہی ہے۔ شرائط انعام کے حاصل کرنے کی یہ ہیں:-

(۱) ایک جلد بیتہرا منڈیکا اردو مصنفہ ڈاکٹر کیسری لعل صاحب۔ جس کی قیمت صرف چار روپے علاوہ محصول ڈاک ہے خریدیئے اور ہر ایک مصرع کا مصرع ثانی صاف صاف لکھئے ✦

(۲) قیمت خواہ پیشگی بذریعہ منی آرڈر بھیجئے۔ خواہ وی۔ پی منگائیے ✦

(۳) اگر آپ کل مصرع صحیح لکھینگے۔ تو آپ انعام اول یعنی عنّہ کے مستحق ہونگے اگر پانچ صحیح لکھ کر روانہ فرمائینگا۔ تو انعام دوم یعنی عہ لیجئے۔ اور اگر صرف چار صحیح ہونگے۔ تو انعام سوم یعنی ہ آپ کو ملینگے ✦

(۴) جو صاحب چار سے کم صحیح لکھیں گے وہ کسی انعام کے مستحق نہ ہونگے ✦

(۵) اگر دو یا زیادہ اصحاب ایک انعام کے مستحق سمجھے جاوینگے۔ تو برابر حصہ تقسیم کیا جاویگا۔ (۶) کتاب مذکور جو بہت آسان ہے فوراً بھیجی جاویگی اور جو صاحب انعاموں کے مستحق ہونگے ان کے پاس زر انعام بذریعہ منی آرڈر روانہ کیا جاویگا۔ اور نتیجہ انعام ۳۰ نومبر کے پیسہ اخبار میں شائع کیا جاویگا۔ (۷) جو صاحب کتاب مذکور نہ طلب کرینگے۔ ان کی تحریر پر کوئی خیال نہیں کیا جاویگا۔ (۸) جن اصحاب کے خطوط ۱۵ نومبر کے بعد آوینگے وہ انعام کے مستحق ہرگز نہ ہونگے۔ بھیجئے اب دیر کیا ہے آپ کو کیا چاہیئے۔ مفت میں ڈاکٹر بن جایئے۔ اور اگر آپ کو کچھ طبابت میں دخل ہے۔ تو پورے ڈاکٹر ہو گئے۔ خوب سوچ سمجھ لیجئے۔ انعام تو مفت جیب میں رکھئے۔ کتاب مذکور کے اوصاف پیسہ اخبار ۱۴۔ اپریل ۱۹۰۲ء۔ اکتوبر میں دیکھئے۔ صرف ہم اس قدر کہتے ہیں کہ اس کی شہرت آپ ہی زیادہ ہو جاوے ✦

(۱) کون سی شکل ہے دیکھا نہیں نقشا تیرا ✦
(۲) دل کے آئینے میں ہے تصویر یار ✦
(۳) ساقیا برخیز و در دہ جام را ✦
(۴) اگر آں ترک شیرازی بدست آرد دل ما را ✦
(۵) ہوا صبا جو گذری برسر کوے تو پری ✦
(۶) دل کی کوئی خبر آتا نہیں ✦

المشتہر سراج الحق کلرکبے۔ خلف ڈاکٹر کرپا شنکر صاحب۔ مالک مخزن الممالک کپلی دوا

ضمائم دیویں کے دلچسپ عجائبات اور تصویریں اگلے پرچہ میں بسلسلہ وار شائع ہوتے رہیں ✦

اشیاء تیار ہوتی ہیں۔ اور ترکی کی کوئی ایسی چیز باستثنائے آمد کے عام طور پر نہیں بنتی جو غیر ممالک کو بھی جاسکے یا اس ملک میں ہی عام طور پر صرف ہو۔ وہ مشتی چیزیں ہم گنتا سکتے ہیں جو دنیا بھر میں مشہور ہیں اور جن کی نقل آج تک اہل یورپ امریکہ نہیں کر سکے۔ یہ ودر لاکھ پیرو (پونڈ) عثمانی کی تجارت ہے۔ کسی قدر ریشم خام بھی اس مملکت میں پیدا ہوتا ہے۔ لیکن روئی اور دوسری خام پیداوار کی اشیاء کی طرح یہ بھی یورپ کے کارخانوں میں جاتا ہے اور وہاں سے تیار ہو کر آتا ہے۔ یہاں تک کہ دو سو گوٹ جو کو نمونہ سکتے ہیں اور جو خاص ترکی کی ایجاد ہے اور یہاں کی صنعت کی چیز ہے وہ بھی اکثر یورپ سے بن کر آتے ہیں۔ جو یہاں کی ساخت ہوتے بکتے ہیں۔ ایک صاحب نے مجھے بتلایا کہ یہاں کی صنعت و حرفت کا یورپ کی صنعت و حرفت کے کارخانوں نے ستیاناس کر دیا ہے۔ کوئی دو سو سال پہلے سلاطین عثمانیہ نے دول یورپ کو بطور رعایت اجازت دی تھی کہ وہ اپنی اشیائے تجارت یہاں لا کر فروخت کریں اور اس مطلب کے عہد نامے لکھے گئے تھے۔ اس وقت ترکی نے مال کی قیمت پر صرف پانچ فیصدی شرح محصول درآمد یعنی چونگی مقرر کی تھی۔ اس فیصدی کے بعد ہی یہاں کی صنعت و حرفت کے کارخانوں میں زوال آیا اور اب یورپ یہاں زیادہ اشیا تیار کر سکتے ہیں۔ مجھے ایک دوست نے ایک چھوٹی سی پیالی دکھلا کر کہا کہ یہ ترکی کی قسطنطنیہ کے بازاروں میں اعلیٰ درجہ کی چینی کی کہہ کر بیچی جاتی ہے مگر یہ یورپ میں بن کر آتی ہے۔ حالانکہ خود سلطنت ترکی میں چینی کے برتن بنانے کے کارخانے تھے مگر بدقسمتی اب ان میں تیار نہیں کئے جاتے بلکہ ان کے یہاں کارخانوں کی ترقی یافتہ مشینیں استعمال نہیں ہوتیں۔ اس لئے وہ سب بند ہو گئے ہیں۔ صرف ایک قصبہ کوتاہیہ تمام ترکی میں چینی برتن بنانے میں مصروف رہتا تھا۔ مگر اب یہاں ایک کم اس صنعت کا ہے۔ اگرچہ کشمیری شال کی تجارت کو ہندوستان میں بہت نقصان پہنچا ہے۔ میں نے یہاں کے عجائب خانے میں چینی کے نمونے دیکھے ہیں جو کہتے ہیں کہ وہ چینی کی بنی ہوئی چیزیں ترکی میں بنتی تھیں جو یورپ کی ساخت اشیاء سے عمدہ ہیں مگر چونکہ ان سے مقابلہ نہیں ہو سکا ان کا بازار سرد ہو گیا ہے۔ میں نے ان صاحب سے دریافت کیا کہ اس کا کیا نتیجہ ہے کہ ترکی میں صنعت و حرفت کو کبھی ترقی نہ ہوگی تو انہوں نے کہا جب تک ممالک غیر کی اشیا کی درآمد بھاری ڈیوٹی لگا کر بند نہ کی جائیگی۔ ترکی کی ساختہ اشیا کو ترقی نہیں ہو سکتی۔ مگر دول یورپ ڈیوٹی بڑھانے نہیں دیتیں۔ جیسا کہ حال میں معلوم ...

... نے نیفیس نوادر تیار کرنے کی اصلاح دی گئی تھی۔ مگر بوجہ ان کی مخالفت کے رہ گئی۔ بجائے اس کے بعض اشیاء پر جالیس فیصدی قیمت کے برابر بھی محصول دیا جاتا ہے۔

مجھ کو یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت سلطان المعظم نے کئی کارخانے سرکاری اور پبلک میں سے بعض اشیاء صنعت کی ساخت کے لئے جاری کر رکھے ہیں۔ مگر ان میں جو چیزیں تیار ہوتی ہیں وہ یورپ کی ساختہ اشیا سے گراں پڑتی ہیں۔ مثلاً ایک اسر ہدوق جو یورپ سے تیار ہو کر یہیں ایک سو پیسہ قرش میں ملتی ہے یہاں ایک سو ساٹھ قرش میں تیار ہوتی ہے۔ سلطانی کارخانہ میں ریشم اور ریشم کے بہت عمدہ کپڑے تیار ہوتے ہیں اور ترکی ٹوپیاں تیار ہوتی ہیں۔ چینی اور شیشہ بھی بنایا جاتا ہے۔ اس کی فروخت کے لئے شہر میں کئی دکانیں ہیں جن پر لکھا ہوا ہوتا ہے "فابریقہ ہمایوں سلطانی معمولات" یعنی اشیا جو ساختہ کارخانہ خاص حضرت سلطان ہیں اور یہ ہمائے نفیس قسم کی چیزیں ہیں۔ مثلاً جو جاجم یا ترکی ٹوپیاں اس کارخانہ میں بنتی ہیں وہ یہاں بکتی ہیں مگر ان کی قیمتیں بمقابلہ بازار کے زیادہ ہیں۔ ان ترکی ٹوپیوں کے استعمال سے ہر حرف میں معلوم ہوتا ہے کہ سلطانی کارخانہ کی ساختہ ہیں چونکہ یہ بہت ملائم اور عمدہ مال ہوتا ہے ایک دو چیزیں ان کی لاہور میں ساتھ لاؤنگا۔ اس کارخانہ کے علاوہ جتنی مشہور یا معتبر کے لئے جو سرکاری کارخانے سلطان المعظم کے عہد میں یہاں قائم ہوئے ہیں۔ ایک ترکی اشاعت نے ان کی تفصیل حال میں حسب ذیل لکھی ہے:-

(۱) ہمکتل ترسخانہ فابریقہ (کارخانہ)۔ (۲) ہمتی ترسخانہ فابریقہ (۳) چلیک دنر (دھار) فابریقہ سی (۴) دیگر چلیک سنا فابریقہ (۵) قزغان دباغلر (؟) حا۔ فابریقہ (۶) تمور خانہ ناکہ وآہن جاکی کی تنصیب اور کل کا ... (کار خانے)۔ (۷) بخار زقزمان لریہ بورسی فابریقہ۔ (۸) ماہوت فابریقہ (۹) رفت (رال) فابریقہ (۱۰) سفائن نسا۔ علویلریہ مخصوص حربہ وتوزان فابریقہ (دخانی کشتی کی تیاری کا کارخانہ) (۱۱) زنجیر۔ سریح ... فابریقہ (۱۲) کیبر چلیبج (؟) فابریقہ (۱۳) ... (۱۴) دخانی مطبع او فوتوگراف خانہ (۱۵) ... فابریقہ اور کئی دوسرے کاموں کے کارخانے۔

مگر افسوس ہے کہ ملک کی عام تجارت پر ان کا اثر ابھی نہیں پڑ سکتا کہ کچھ لوگ ان سے کام سیکھ کر اپنے اپنے کارخانے جاری کریں۔ ان لوگوں کو جو یہاں کام کرتے ہیں۔ کچھ کام سیکھ جانے کے بعد معقول تنخواہ مل جاتی ہے۔

یہاں کا عجائب خانہ نیا ہی ہے۔ تاہم آثار جدیدہ و اینٹیک Antique سے بہت سی عمدہ چیزیں یہاں موجود ہیں۔ خاص سکندر اعظم کا سنگ مرمر کا تابوت یہاں رکھا ہے جو صیدا کے قریب زمین کھودتے ملا ہے۔ اور ... یہ بزعم سکندر اعظم کا ہے اور اس عظیم الشان فاتح کی تصویر بھی یہاں ایک الماری میں رکھی ہوئی ہے۔ میں دیر تک اس تصویر اور اس کے ساتھ گزشتہ روپ کے پیکروں کو نظر عجب دیکھتا رہا۔ ... اور سکندر ... کتنوں آپ جیسوں ... اس تابوت کے گرد ... سکندر اور دارا کے کئی بت کھڑے ہوئے ہیں جن میں ہر ایک مختلف صورتوں میں سکندر دارا کو ... محمدی بک صاحب "مدیر موزہ ہمایون" (مہتمم عجائب خانہ قسطنطنیہ) نے صیدا سے کھود کر نکالا ہے۔ ایک اور عجائب خانہ قدیم ... کے بتوں اور پوشاکوں کا ہے۔ اس میں ترکی کی ہر ... کی زمانہ کی پوشاک پہنائی ہے۔ ... سر ... کم ... ہو گئے ... دونوں عجائب گاہوں میں ایک ... اگر ... معاف ہو تو ... کم ہو جائے ... لوگوں کو ان کے دیکھنے کا موقع ملے۔

بال اڑانے کا پوڈر

ہم کنگھی کی آرسی کیلئے اس بال اڑانے کے پوڈر کو اس قدر شہرت حاصل ہوئی ہے کہ اب اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ ... گرم پانی میں گھول کر لگا دیجئے بال فوراً صاف ہو جائیں گے ...
قیمت فی ڈبیہ ... تین ... نصف ...
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا

اشتہار ... کا تصدیق کردہ ... اصلی ...
مردمی ... کا منجن قیمت آٹھ ...

رسالہ فوٹوگرافی

... تصویر کھینچنے کی ایک مکمل ... کتاب ہے ... فوٹوگرافی ...
... علیگڈھ

... سیر کے دلچسپ عجائبات ... ہیں

علاوہ اس کے بہت سی بیش قیمت اشیا ریاست چمبا کی ملکیت کے متعلق مختلف مقامات اور خزینہ اکبر شہنشاہی میں موجود ہیں۔ ان میں سے بھی بعض یہاں لائی جاسکتی ہیں۔ جن کے دیکھنے سے اہل ملک کو فائدہ ہوگا۔ شمالی ہند کے حصہ میں بعض اب بھی بیش قیمت تاریخی چیزیں زیر تحریر ہیں۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

—— حیدرآباد کی ریاست کے نواب محسن الملک بہادر سیکرٹری محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ نے ریاستوں اور عام مسلمانوں کی خواہش کے مطابق علیگڑھ کالج کی سکرٹری شپ سے اپنا استعفا واپس لے لیا ہے۔

—— ۱۵۔ اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ضلع کراچی میں ۱۲ وارداتیں طاعون کی ہوئیں۔ اور ۱۲ اموات ہوئیں۔ ۷ اکتوبر کو ۱۹ مبتلا اور ۵ فوت ہوئے۔ ۸ اکتوبر کو ان کی تعداد علی الترتیب ۲۵ و ۱۳ تھی۔

—— کرنل گاڈ فرے سائیڈنگ [illegible] بنگال لانسرز ولایت میں بیمار ہو کر ہندوستان آ گئے ہیں۔

—— کپتان ویلنٹائن بلیک [illegible] حضور ویسرائے لارڈ کرزن گورنر جنرل مدراس کے فوجی سکرٹری مقرر ہوئے ہیں۔

—— مسٹر آربتھنٹ [illegible] ممبر کونسل ہند کے [illegible] کا پروگرام یہ ہے۔ ۲۹۔ اکتوبر کو کلکتہ سے روانہ ہو کر دہلی کو پہنچیں گے۔ [illegible] پرائیویٹ طور پر ڈوہری جائیں گے۔ [illegible] کو سفر کریں گے اور ۵ نومبر تک وہیں رہیں گے۔ [illegible] نومبر کو ٹھٹہ [illegible] روانہ ہو کر ۸ کو [illegible] پہنچیں گے اور [illegible]

(۱) میں بڑی خوشی سے تحریر کرتا ہوں کہ سرمہ کے فائدہ بخش اثر کی نسبت شہادت دیتا ہوں کہ جو سردار دیال سنگھ آہلووالیہ نے تیار کیا ہے۔ میں اس کا تجربہ ابھی ایک زیر علاج مریضہ مسماۃ [illegible] پر کر رہا ہوں جس کی عمر ۵۲ سال سکنہ لاہور ہے۔ مریضہ مذکورہ کی آنکھوں کی پلکوں میں [illegible] دانے نکلے ہوئے تھے اور پڑوال پڑتے تھے۔ اس کی آنکھیں عرصہ سے سرخ اور دکھتی تھیں۔ ان میں سے کثرت سے مواد نکلتا تھا۔ اس کی بینائی میں اس قدر فرق آ گیا تھا کہ وہ ان اشیاء کو جو اس سے تین گز کے فاصلے پر رکھی جاتی تھیں صفائی سے دیکھ نہیں سکتی تھی۔ مریضہ کو میں نے تین روز تک سرمہ کا استعمال کرایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے امراض مذکورہ سے کلی صحت پائی۔

خان بہادر ڈاکٹر محمد حسین خان۔ ایل۔ ایم۔ ایس
اسسٹنٹ سرجن نیکلسن و آنریری مجسٹریٹ لاہور۔
سابق پروفیسر میڈیکل کالج لاہور۔

(۲) میں اس امر کی بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہوں کہ یہ جو گا سرمہ جو کہ سردار دیال سنگھ آہلووالیہ نے تیار کیا ہے۔ اپنے زیر علاج کئی ایک قسم کے مریضوں پر استعمال کیا۔ میری رائے میں بینائی قائم رکھنے اور آنکھوں کی بیماریوں سے بچنے کے لیے سب کے لیے سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے۔

خان بہادر سید امیر شاہ ایل۔ ایم۔ ایس۔ اسسٹنٹ سرجن۔ پروفیسر میڈیکل کالج لاہور۔

مفصل اشتہار اخبار ہذا میں ملاحظہ فرمائیے

—— بنگال میں کاشت اراضی محکمہ زراعت شمالی کی فصل بیسویں ۱۴۔ آنہ تخمینہ کی جاتی ہے۔ چاول کا زیر کاشت رقبہ سال گزشتہ سے سات فی صدی کم ہے۔

—— کھنہ کے تصادم ریلوے کے متعلق جوان [illegible] اسٹیشن ماسٹر کو قید کی سزا ہوئی تھی ابھی اپیل میں بھی بحال رہی۔ اسے مزاحمت کرانی پڑیگی۔

—— لارڈ کرزن ۳ نومبر کو علی گڑھ میں مشتمل کالج کا معائنہ کرینگے۔

—— سکھ لوکی کا نہ [illegible] کے معائنہ میں نوجوان مہاراجہ میسور ہزایکسیلنسی لارڈ کرزن کے ہمراہ ہونگے۔

—— امروہہ کے حکیم فاضل اور ولی جان بزرگ مولوی حکیم احمد علی صاحب رحلت فرما گئے عالم بقا ہوئے۔ یہ ۲۴ سال تک ڈپٹی کلکٹر رہ چکے تھے۔ لکھنؤ کے نامور بیرسٹر مسٹر نا علی ان کے صاحبزادے ہیں۔

—— انجینئرنگ کالج رڑکی میں بجلی کی روشنی کی جاتی ہے۔

—— اسر صاحب [illegible] کی سو برس عمری ہز [illegible] کی سرگزشت لکھی جا رہی ہے۔ جو غالباً سال آئندہ میں شائع ہوگی۔

—— ہز ایکسیلنسی وائسرائے سکرٹری آف سٹیٹ کو لکھا ہے کہ جو سرکاری ملازم ۴۰ سال کی ملازمت سے پہلے بوجہ کمزوری پنشن لیتا ہے تو اس کو سالہ خدمات کو اُن کے حق پنشن کے لئے کافی سمجھا جائے۔

—— میونسپلٹی کا ہور [illegible] ٹاؤن ہال بنانا چاہتی ہے۔

—— ترانکور میں بوجہ وفات ولیعہد سخت ماتم چھایا ہوا ہے اس لئے حضور ویسرائے کے وہاں عہدہ رسمی منعقد نہ ہوسکے۔

—— اب اس امر کا فیصلہ ہو گیا ہے کہ دیسی فوج کے صرف ایک آدمی ایک تقریب کے لئے دسمبر میں سینٹ جیمس جلسے۔

—— تازہ اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] ۱۸ لاکھ آدمی ہندوستان میں قحط کے کاموں پر ہیں بمقابلہ ہفتہ گزشتہ ان کی تعداد میں نصف ملین کی تفصیل ذیل کمی ہوئی۔ ممالک متوسط [illegible]

۲۲۶۰۰ بمبئی ۱۴۸۰۰۰ حیدرآباد ۳۰۰ برار ۰۰۰ ۴۳ اور اجپوتانہ ۳۰۰

—— جنرل کاڈ نکل کارنوال کی ڈسٹرکٹ اسٹاف ماہ نومبر میں سیلون جائیگی۔ اور کنگس رائل رائفلز سیالکوٹ میں متعین ہوگی۔

—— مسٹر گارڈن ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ طولی فرلو سے واپس آ کر انبالہ میں تعینات کئے جائینگے۔

—— گورنمنٹ ہند نے باقاعدہ طور پر مجسٹریٹوں کو محصور کر لینے کی تجویز منظور کر لی ہے۔

—— مسٹر جسٹس رانا ڈے جج ہائیکورٹ بمبئی نے ایک سال کی فرلو لی ہے اس کے بعد وہ پنشن لے کر تصنیف و تالیف میں مشغول رہینگے۔

—— ارل ہوپٹن گورنر جنرل فیڈرل آسٹریلیا معہ کونسل ۱۹۔ اکتوبر کو وارد بمبئی ہوئے مگر سرکاری طور پر استقبال نہیں ہوا۔ گرلارڈ ناتھ کوٹ گورنر بمبئی کے پرائیویٹ سکرٹری جہاز پر ان کے لینے کے لئے گئے تھے۔ دوران قیام بمبئی میں وہ [illegible] گورنمنٹ ہوس میں سکونت پذیر رہے۔ ارل ہوپٹن دہلی آگرہ کی سیر کو تشریف لیجائیں گے۔ پھر بمبئی واپس آ کر [illegible] کو ولایت روانہ ہونگے۔ [illegible] عہدہ مدراس [illegible] ٹرانکور ہوتے ہوئے کلکتہ تشریف لیجائینگے۔ ہندوستان میں ان کا قیام ایک ماہ سے کچھ زیادہ ہوگا۔

—— جنرل شکال انشری وائس کے ساتھ [illegible]

—— دی گئی ہے مسٹر کیمپبل [illegible] مشن سے علیحدہ ہوئے ہیں۔ ان کا [illegible] جانے کا حکم دیا گیا ہے۔

—— ہندوستان میں ۳۳،۴۴،۰۹،۸ روپیہ کا سونا [illegible]

—— اکتوبر تک افیون کی آمدنی تخمینہ کے ساتھ اکتالیس لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوا ہے۔

—— مدراس میں جس قدر رقبہ پر چاول بوئے گئے ہیں اگر بمقابلہ سال گزشتہ کے زائد ہے۔

[لوکل و پراونشل]

—— ۱۹۔ اکتوبر کو پہلی مرتبہ سرینگر میں ہیضہ کا کوئی کیس نہیں ہوا۔

—— انتقال اراضیات پنجاب کا مسودہ کونسل واضع قوانین ہند میں پاس ہوگیا۔

—— ۸ نومبر کو سوم کمپنی بنگال سفر مینا کے چترال سے واپس ہو کر پہنچے گی جہلم رینگی روانہ ہوگی۔ اور اس کا ورڈی سامان [illegible] بعد میں بھیجا جائیگا۔

—— مسٹر پیلی کمشنر مردم شماری ہندوستان ۱۰ نومبر میں شملہ سے لوٹ کر روانہ ہونگے۔

—— کرنل مبین انسپکٹر جنرل میڈیکل سروس [illegible] شملہ سے دورہ پر جائینگے۔ وسط نومبر میں یہاں کے بیسویں پہنچنے کی توقع کی جاتی ہے۔

—— ضلع جالندھر میں طاعون کا ایک مشتبہ کیس ہوا تھا۔ وہ ایک یکسالہ لڑکی کا تھا۔ غالباً اس لڑکی کو طاعون شک نہیں لگا یا گیا تھا۔ اس کے سوا وہ مذکورہ میں کوئی واقعہ کیس نہیں ہوا۔

—— ہم دیکھتے ہیں کہ آپ ہمیشہ وقت دیسی ہیل دستہ پیدا و طلب کر لیا گیا ہے۔

—— شملہ و اسٹبرز کو پہاڑ [illegible] کی کھانا انعامات لیڈی پارسنے ٹاؤن ہال میں ۲۴۔ اکتوبر کو تقسیم کئے۔

—— ۱۷ اکتوبر کو جنرل سلیف [illegible] تبدیل ہوئی۔

نوٹس

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے پاس ہندو ماتر کی دو مشین ہیں۔ وسطی فروخت کے جن کی تفصیل یہ ہے ایک مدد مشین دو گھوڑا شیر سنگھ کی ہے جس کے ساتھ ایک ہیولیٹ سلنڈر بھی [illegible] لمبی ہے۔ یہ پ دو انڈی سے [illegible] اور بارہ کی گھنٹے کی ہوتی ہے۔ اور دو آدمی ان کو نکال سکتے ہیں۔ ایک انجن ہے جو ایک شمار دوجن انجن چل سکتا ہے نئیں اصل میں ہے صرف ایک سال [illegible] چلی ہے۔ [illegible] ولایت سے منگایا گیا تھا۔ [illegible] اور دوسری ایک [illegible] ترتیب [illegible] حسب منشا [illegible] بہت [illegible] لیجا سکتے ہیں۔ یہ بھی بالکل نئی ہے۔ [illegible] مفصل حال دریافت کرنا ہو تو [illegible] حال ہم سے [illegible] معرفت [illegible] دریافت کریں۔

سپہ [illegible] لقمان جی [illegible]

مرتب [illegible]

وطائف پیرس کے دلچسپ عجائبات با تصویر انتخاب جواب میں مسلسلہ وار شائع ہونگے

—— پنجاب میں تمباکو نوشی کی ممانعت کا حکم جاری ہوا ہے۔ گزشتہ ہفتہ ۔۔۔ مدراس میں ان کی تعداد ۔۔۔ اسی کی تعداد اور بجائے ۔۔۔ ۱۲۹۹ تک ہو گئی ہے۔

—— آنریبل ۔۔۔ صاحب بہادر ۔۔۔ فرنٹیئر و افغانستان کی سیاحت کر کے ۔۔۔ لاہور پہنچ گئے۔

—— موضع ۔۔۔ صاحب ڈپٹی کمشنر ۔۔۔ میں ۳ ہزار کا نقصان آتش زدگی سے ہو گیا تھا۔

—— ۔۔۔ کے رئیس اعظم سردار ۔۔۔ سنگھ کو گورنمنٹ کی طرف سے ڈھائی ہزار روپیہ کا خلعت۔ ایک کرسی طلائی گھڑی اور ایک معطل ۔۔۔ عطا ہوئی ہے کیونکہ سردار صاحب موصوف علمی کاموں میں ایک لاکھ روپیہ کے قریب صرف کر چکے ہیں۔

—— نیشنل کانگریس کے اجلاس لاہور کے پریذیڈنٹ آنریبل پنڈت بشمبر ناتھ ہوں گے۔

—— دیوان ۔۔۔ صاحب سیاحت یورپ ۱۲ نومبر کو لاہور واپس پہنچیں گے اور ڈپٹی کمشنری کا چارج لیں گے۔

—— کوہستان ۔۔۔ میں برفباری شروع ہو گئی ہے۔

—— بتقریب ۔۔۔ جالندھر میں گھوڑدوڑ اور مویشیوں کی نمائش میں کامیابی ہوئی۔

—— لاہور میں ایام دیوالی میں قمار بازی کا بڑا زور شور رہا۔

—— آئندہ اجلاس نیشنل کانگریس لاہور کے متعلق ۔۔۔ ہاتھ میں ہی ۱۳ ۔۔۔ اضلاع پنجاب میں دورہ کر کے لیکچر دیں گے۔

—— کپتان ۔۔۔ جو مہتمم آبادی ہر جناب ۔۔۔ ریاست پٹیالہ میں افسر بندوبست مقرر ہو گئے۔

—— ضلع حصار کے ایک گاؤں میں ایک ۔۔۔ شہنشاہ اکبر کے وقت کا ایک دفینہ ۔۔۔ روپیہ کا ملا۔ ۔۔۔ اکبر کا سکہ ہے۔

—— ریاست ۔۔۔ اور ۔۔۔ تک ریلوے شاخ نکلوانا چاہتی ہے۔

—— ۔۔۔ میں ۔۔۔ بارش جاری ہے کہ ۔۔۔ زیر غور ہے۔

—— ایک ۔۔۔ میں ڈاکٹروں کے قول کے بموجب ۔۔۔ ۲۵ کروڑ ۔۔۔ سمائے ہوتے ہیں۔

—— انبالہ ۔۔۔ جالندھر اور لکھنؤ میں ۔۔۔ پیل ۔۔۔ کی ۔۔۔ ۱۸۹۳ ۔۔۔ منظور کی گئی ہے۔

—— جہلم میں ایک ۔۔۔ مکان کی چھت سے دریا میں گر پڑا۔ مگر زندہ نکال لیا گیا۔

—— ۔۔۔ مہاراجہ جموں و کشمیر سری نگر سے ۔۔۔ گئے۔ جہاں اہل ہنود نے آپ کا نہایت ۔۔۔ خیر مقدم کیا۔

—— میں محمد بخش صاحب ۔۔۔ پیرس سے واپس ۔۔۔ پنجاب سینو موٹو گراف ۔۔۔ نام سے ایک کمپنی قائم کر کے پیرس ۔۔۔ ۔۔۔ کو نمائش پیرس ۔۔۔ کی قابل دید ۔۔۔ کے دلچسپ منظر رات کو لائٹ میں دکھانے شروع کئے ہیں۔ ان میں سے اکثر تصویریں متحرک ہو کر ناظرین کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتی ہیں۔ مثلاً پریذیڈنٹ کا مع خدم وحشم افتتاح نمائش کے لئے جانا۔ تھیٹر میں ۔۔۔ لباس بدلنا وغیرہ۔ ان کے علاوہ قصر الحمرا ۔۔۔ ایفل ٹاور ۔۔۔ کے سین بھی نہایت دلچسپ ہیں۔ ۔۔۔ ریاست اور پبلک سے امید ہے کہ اس کمپنی کی ہنر و قدر کریگی۔ تاوقتیکہ کوئی شخص بچشم خود ان نظاروں کو نہ دیکھے اُس کو یہ سمجھانا مشکل ہے کہ سینو موٹو گراف کیا ہوتا ہے۔

ممالک غیر

—— لارڈ ۔۔۔ گورنر ۔۔۔ نے ۔۔۔ کا الحاق کر لیا۔

—— سیباسٹوپول کے ۔۔۔ تار ۔۔۔ ڈیلی ٹیلیگراف بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں۔ ۔۔۔ کہ ہلسنگفرس کی ۔۔۔ کی تھی۔ کہ جب زار روس کریمیا جائیں تو اُن کی ٹرین سرنگ میں بارود سے اُڑا دی جائے۔ سازش ۔۔۔ کے متعلق ماسکو اور جنوبی روس میں بہت سے مشتبہ اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔

—— پرنس ہوہنلوہ وزیر اعظم جرمنی نے اپنے عہدہ سے استعفا دے دیا ہے۔ بجائے اس کے کونٹ ۔۔۔ بیولو چانسلر اور وزیر اعظم مقرر ہوئے ہیں۔

—— پیرس کی نمائش ۵ نومبر کو ختم ہو گی۔ اس نمائش میں فرانس کو سخت نقصان ہوا۔

—— ٹرکی میں امداد قحط زدگان ہند کے واسطے ۴ لاکھ ۔۔۔ چندہ جمع ہو چکا ہے۔

—— تبت کی سفارت جو آجکل روس میں ہے۔ انگلستان بھی آئیگی۔ اور براہ ہند تبت واپس جانے کی اجازت حاصل کریگی۔

—— بحیرۂ قلزم میں کوئلہ بارکرنے کا سٹیشن بنانے کے لئے سلطان المعظم نے ۹۹ سال کے لئے جزیرہ ۔۔۔ جرمنی کو دے دیا ہے۔

—— ۔۔۔ میں بھی طاعون پھوٹ نکلا ہے۔

[جنگ ٹرنسوال]

—— لارڈ رابرٹس کے جنوب مغرب میں ۱۲ میل کے فاصلے پر ڈیڑھ سو بوئروں کی چند جماعتیں لوٹ مار کر رہی ہیں۔ اور امن پسند لوگ شہروں میں پناہ گزیں ہوئے ہیں۔ سڑک کے کنارے پر کئی جگہ بوئروں نے کیمپ قائم کئے ہیں۔

—— جنرل بلر کے ۔۔۔ کیسل نامی جہاز میں ۔۔۔ ولایت روانہ ہوتے وقت سپاہ نے بڑے جوش سے اُن کو الوداع کہا۔

—— جس ۔۔۔ جہاز میں مسٹر کروگر ۔۔۔ گورنمنٹ ۔۔۔ کا ہے۔ اس کا نام ۔۔۔ ہے۔

—— جنرل ۔۔۔ کی ۔۔۔ حفاظت کرتے پھر رہے ہیں۔

—— فرنٹیئر کے اخبارات کے خیال میں مسٹر کروگر کا ۔۔۔ دھوم سے استقبال کرنا مناسب نہیں۔

—— دریائے ۔۔۔ کی آبادی جو بوئروں کی ۔۔۔ مستعدی اور اُن کی امداد کی طرف سے تعلق اشخاص کے روز افزوں میلان کو روکنے کے لئے فوجی حکام نے مفسدوں اور اُن کے حامیوں کو سخت سزائیں دینے کا ارادہ کر لیا ہے۔

—— سر الفرڈ ملنر کا گورنر کیپ مقرر ہونا یقینی ہے۔

—— لارڈ میتھوئن ایک سخت و پُر صعوبت سفر کے بعد ۔۔۔ کی گاڑیاں اور سپاہی گرفتار کر کے ریسٹن برگ پہنچ گئے ہیں۔

—— ڈلاری اور لیمر کو دوران سفر میں لارڈ میتھوئن نے شکست دے کر بھگا دیا۔

—— کرانسٹڈ کی ماؤنٹڈ انفنٹری نے بوئروں کو مورچوں سے نکال دیا۔

—— ۔۔۔ کی سپاہ نے ۱۹ اکتوبر کو بوئروں کو شکست دی۔

—— جنرل برٹس نے ۔۔۔ پر دشمنوں کو سخت نقصان پہنچا کر پسپا کر دیا۔

[شورش چین]

—— مسیحی حکام ہانگ کانگ کے متصل شاہی فوج کی شکست کو تسلیم کرتے ہیں۔

—— لنڈن میں بیان کیا گیا ہے کہ انگلستان و جرمنی کے عہد نامہ کو منظور کرنے سے پہلے پریذیڈنٹ امریکہ دفعہ سوم کے مطلب و وسعت کو تحقیق کریگا۔ اخبارات اس معاہدہ کی منفعت کو تسلیم کرتے ہیں۔

—— ڈیلی ٹیلیگراف بیان کرتا ہے۔ عہد نامہ برلن کے بعد انگلستان کی سب سے عظیم الشان سفارتانہ کامیابی ہے۔

—— پاؤ ۔۔۔ قبل از وقت فرانس کے ۔۔۔ کر لینے سے جرمنی و انگلستان ناراض ہیں۔

—— ۔۔۔ انگلستان و جرمنی کے معاہدہ پر ۔۔۔ کے ۔۔۔ چھوڑ رہے ہیں ۔۔۔ خیال کرتے ہیں کہ انگلستان اس تجویز میں روس کی بے اعتباری ثابت کرنا چاہتا ہے۔ اور یہ کہ اس معاہدہ میں ایک ایسے اصول کی حفاظت کا بیڑا اٹھایا گیا ہے جس کی حفاظت کی چنداں ضرورت نہیں کیونکہ تمام طاقتوں کی پالیسی کی اصل غائی بھی وہی ہے۔

Chamberlain's Cough Remedy

یہ واقعہ دوائی فروش کی دوکان میں ہوا

۔۔۔ (نیویارک) کے مسٹر ۔۔۔ لکھتے ہیں کہ "ایک دن ایک عورت جس کو کھانسی کی شکایت تھی۔ میری دوکان پر آئی۔ میں نے اُس کے سامنے چیمبرلین کی کھانسی کی دوائی کی تعریف کی اور وعدہ کیا کہ ایک بوتل لیجاؤ۔ اگر دوائی مفید ثابت نہ ہوئی تو میں قیمت واپس دے دونگا۔ چند روز کے بعد وہ عورت پھر واپس آئی۔ ۔۔۔ مریض تھا ۔۔۔ عورت نے اس مریض کے سامنے چیمبرلین کی کھانسی کی دوائی کی تعریف کی ۔۔۔ ایک بوتل خریدنے کی صلاح دی۔ میں بھی عام لوگوں میں اس دوائی کی سفارش کرتا ہوں"۔

قیمت چھوٹی بوتل ایک روپیہ۔ بڑی بوتل دو روپیہ

شیخ ۔۔۔ [illegible]

مال کا ۔۔۔ حاجی کریم بخش کے کارخانہ کے تیار شدہ ۔۔۔ ۔۔۔ قمیص۔ رومال۔ موزہ ۔۔۔ ہماری دوکان سے ۔۔۔ مل سکتے ہیں۔ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ مسجد بمبئی

پیرس کے عجیب عجائبات با تصویر انتخاب الجواب میں مسلسل شائع ہو رہے ہیں

سرمۂ نور بصر

میری رمکی کا بہت بڑا حصہ [illegible] اور [illegible]
[illegible]

خضاب [illegible]
[illegible]

المشتہر کنور [illegible] روسرفروش [illegible]

زباق [illegible]

[illegible] ہمیشہ کا رد
[illegible] اگر گولیات کا
[illegible] کسر کا تعلم رکھتا ہے۔
اگر [illegible] استعمال [illegible]
الکل [illegible] ایک روپیہ
[illegible] (پنجاب)

مفت

بلکہ [illegible] نصف [illegible] سے لگاکر [illegible] ۱۹ [illegible]
[illegible]
